Provincial Assembly of West Pakistan Debates

25th June, 1968.

28th Rabi-ul-Awwal, 1388 A.H.

Vol. VII—No. 41

OFFICIAL REPORT

Assembly of the LIBRARY 4-8-72

PROVINCIAL ASSEMBLY WEST PAKISTAN

CONTENTS

Tuesday, the 25th June, 1968 Page

Recitation from the Holy Qur'an 9941

Starred Questions and Answers. 9942

The West Pakistan General Budget for the year 1968-69—

Discussion on Demands for Grants for Expenditure other than New Expenditure (General Budget) 9986

Price Rs. 4.20

Printed by Western Printers, Lahore

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SEVENTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 25th June, 1968.

سہ شنبہ - ۲۸ ربیع الاول ۱۳۸۸ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, H. K., in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ۝ وَلَوْ اَنَّ مَا فِی
الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَۃٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّہٗ مِنْۢ بَعْدِہٖ سَبْعَۃُ اَبْحُرٍ مَّا
نَفِدَتْ کَلِمٰتُ اللّٰہِ ۚ اِنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۝ مَا خَلْقُکُمْ وَلَا بَعْثُکُمْ
اِلَّا کَنَفْسٍ وَّاحِدَۃٍ ۚ اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یُوْلِجُ الَّیْلَ
فِی النَّھَارِ وَیُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۚ کُلٌّ یَّجْرِیْ
اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی وَّاَنَّ اللّٰہَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ۝ ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْحَقُّ
وَاَنَّ مَا یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِہِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْعَلِیُّ الْکَبِیْرُ ۝

پ ۲۱ - ع ۱۲ - آیات ۲۶ تا ۳۰ (س ۲۱)

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے بیشک اللہ بے پرواہ اور سزاوار حمد و ثنا ہے۔ اگر ایسا ہو کہ زمین پر جتنے درخت ہیں سب کے سب قلم ہوں اور سمندر کا تمام پانی سیاہی ہو اور اسکے بعد سات سمندر اور سیاہی ہو جائیں تو اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے اللہ کو تمہارا سب کا پیدا کرنا اور دوبارہ اٹھانا ایک شخص کے پیدا کرنے اور جلا اٹھانے کیطرح ہے۔ بلاشبہ اللہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو تمہارے لئے مسخر کر دیا ہے۔ یہ ایک ایک وقت مقررہ تک گردش کرتا ہے اور اسی نے تمہارے تمام اعمال سے خبردار ہے۔ یہ اسلئے کہ اللہ کی ذات برحق ہے اور جنکو یہ لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ باطل ہیں۔ اور یہ کہ اللہ ہی عالی رتبہ کبریائی قدر ہے۔ وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Chaudhri Muhammad Idrees.

CANAL IRRIGATED AREA

***11078. Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Minister for Revenue be pleased to state : –

(a) the canal irrigated area in the Province during *Kharif* 1967 and *Rabi* 1968, separately ;

(b) the amount of water rate assessed to be recovered during each of the said periods ;

(c) the amount of water rate recovered during each of the said periods ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : (a)

		Acres
(i) Kharif 1967	...	14,413,.61
(ii) Rabi 1968	...	14,160,310

(b) Amount assessed for Kharif 1967 is Rs. 11,44,99,187. The demand of Rabi 1968 has not so far been created.

(c) Amount recovered for Kharif 1967 is Rs 9,54,84,507. Recovery of Rabi 1968 is due in July.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ ۱۱ کروڑ کی رقم میں سے ۹ کروڑ کی رقم وصول ہوئی ہے ۔ ۲۰ فیصد بقایا جات ہیں ۔ میں وزیر مال صاحب سے معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ وصولی کی رفتار اتنی سست کیوں ہے ؟

وزیر مال (خان غلام سرور خان) ۔ اس لحاظ سے وصولی کی رفتار سست

تو ہے ۔ بہر حال کمشنروں کو کہا گیا ہے کہ بقایا جات جس قدر جلدی ہو سکے وصول کریں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ وزیر مال صاحب کے نقطہ نگاہ سے مالیہ کی وصولی کی سست رفتار ان کی اپنی تشریح اور تعریف کے مطابق کسے کہتے ہیں ؟

وزیر مال ۔ میں اس رفتار کو fair کہوں گا ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں محترم وزیر مال صاحب کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ اگر بقایا جات ۱۰ فیصد سے زیادہ ہوں تو ان افسران کے خلاف جن کے حلقہ سے ۱۰ فیصد بقایا جات ہوں serious action لیا جاتا ہے ۔ کیا یہ بات صحیح ہے ؟

وزیر مال ۔ ۱۰ فیصد بقایا جات سے متعلق مجھے اس وقت علم نہیں ہے ۔ ممبر صاحب لیا سوال دے دیں ۔ میں اس کے متعلق بتا دوں گا ۔

ALLOTMENT OF REGAL CINEMA LYALLPUR

*11556. Chaudhri Muhammad Idrees : Will the Minister for Rehabilitation be pleased to state :—

(a) the names of the allottees of Regal Cinema, Lyallpur alongwith the amounts of their verified claims under Schedule F and III, separately ?

(b) the names of applicants who had applied for the transfer of the said cinema ;

(c) whether it is a fact that one Umar Daraz Khan had also applied for the transfer of the said cinema but his application was not considered at the time of transfer of this property ; if so, reasons therefor ;

(d) whether it is a fact that the Assistant Settlement Commissioner concerned had recorded a note on 17th October 1959 in the matter of transfer of the said cinema but the same has been tampered with by erasing certain words; if so, whether any action was taken in this respect ;

(e) whether it is a fact that the Enforcement Directorate had recommended to the Claims Commissioner that the claims of Azim Bakhsh, one of the transferees of the said cinema, be cancelled as it was a bogus claim; if so, the action taken on this report and if no action has been taken so far, reasons therefor and a copy of the report of the Enforcement Directorate be laid on the Table of the House ;

(f) whether it is a fact that a report was called by the Rehabilitation and Works Division, Government of Pakistan, in respect of transfer of Regal Cinema, Lyallpur from the Chief Settlement Commissioner, Lahore, in the month of September, 1957 ; if so, (i) the date on which the said report was submitted and (ii) reasons of delay in the submission of the report, if any ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : As mentioned in part (f) of the Question, the question of the disposal of Regal Cinema, Lyallpur is at present under consideration of the Central Government to whom a report in the matter has already been submitted. Since the Central Government are seized of the matter, I am not in a position to furnish detailed replies to the question.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ آپکو معلوم ہو گا کہ پہلی مرتبہ جب میں نے یہ سوال پوچھا تھا تو اس دن آپ نے حکم دیا تھا کہ یہ سوال repeat کیا جائے کیونکہ میں نے request کی تھی کہ فائل محکمہ کے پاس موجود ہے اور اسکا جواب نہیں دیا گیا ۔ بلکہ جناب وزیر مال صاحب

نے یقین دلایا تھا کہ وہ انکوائری کرنے کے بعد اس ہاؤس کو مطلع کریں گے کہ فائل اس وقت کہاں ہے ؟ اگر مرکزی حکومت کو بھیجی گئی ہے تو کس تاریخ کو بھیجی گئی ہے ؟ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ جس روز اسمبلی سیکرٹریٹ کو جواب دیا گیا ہے اس روز یہ فائل آپکے پاس موجود تھی ؟

وزیر بحالیات (خان غلام سرور خان) ۔ جناب والا ۔ اگر اس سوال کا جواب بغور دیکھا جائے تو ساری بات واضح ہو جاتی ہے اس کا جواب یہ ہے :-

"As mentioned in part (f) of the Question, the question of the disposal of Regal Cinema, Lyallpur, is at present under consideration of the Central Government to whom a report in the matter has already been submitted."

رپورٹ بھیجی گئی تھی ۔ پھر آگے یہ ہے کہ :-

"Since the Central Government are seized of the matter, I am not in a position to furnish detailed replies to the question."

بعد میں معلوم ہوا کہ پہلے فائل دفتر میں تھی لیکن ٦ تاریخ کو بھیج دی گئی تھی یعنی جس تاریخ کو میں نے جواب دیا تھا اس روز فائل ہمارے پاس نہ تھی ۔

مسٹر سپیکر ۔ کس تاریخ کو جواب دیا گیا تھا ؟

وزیر بحالیات ۔ ٧ تاریخ کو جواب دیا گیا تھا ۔ اس سے ایک روز پہلے ٦ تاریخ کو فائل بھیج دی گئی تھی ۔ میں نے عرض کیا تھا کہ فائل

ہمارے پاس نہ تھی حقیقتاً ہمارے پاس فائل نہ تھی ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ پوزیشن یہ ہے کہ ۷ تاریخ کو یہ سوال ہاؤس میں پیش ہوا تھا اور اس سوال کا جواب سوالات کی کاپی میں چھپا ہوا تھا ۔ ظاہر ہے اسمبلی سیکرٹریٹ کو یہ جواب ۷ تاریخ سے پہلے پہنچا ہو گا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب آپ نے یہ چھوٹا سا جواب اسمبلی سیکرٹریٹ کو بھیجا تھا اس وقت آپ کے پاس فائل موجود تھی آپ نے اسکا اس وقت صحیح جواب کیوں نہیں دیا ؟ آپ نے فرمایا ہے کہ ۷ تاریخ کو جب ہم نے جواب دیا تھا اس وقت ہمارے پاس فائل نہ تھی اس لئے ہم یہ جواب نہیں دے سکتے تھے ۔ اسکو آپ کس طرح reconcile کرتے ہیں ؟

وزیر بحالیات ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ مرکزی حکومت نے رپورٹ مانگی تھی اور مرکزی حکومت کو رپورٹ بھیج دی گئی تھی ۔ انہوں نے فائل نہیں مانگی تھی اس لئے فائل نہیں بھیجی گئی تھی ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب جہاں تک مجھے یاد ہے اس روز غالباً چودھری ادریس صاحب نے کہا تھا کہ فائل موجود ہے اور آپ نے فرمایا تھا کہ میں اس کے متعلق انکوائری کروں گا ۔ پہلے آپ نے فرمایا تھا کہ فائل ہمارے پاس نہیں ہے اس لئے ہم جواب نہیں دے سکتے ۔ دوبارہ یہ الزام لگانے پر آپ نے کہا تھا کہ میں اسکے متعلق تحقیقات کروں گا ۔

وزیر بحالیات ۔ جناب والا ۔ میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔

یہ کہا گیا تھا کہ انہوں نے فائل مانگی ہے ۔ اگر آپ سوال کو دیکھیں تو اس سے ظاہر ہوگا کہ انہوں نے رپورٹ مانگی تھی :۔

"(f) Whether it is a fact that a report was called by the Rehabilitation and Works Division, Government of Pakistan, in respect of transfer of Regal Cinema, Lyallpur from the Chief Settlement Commissioner, Lahore, in the month of September 1967 ; if so, (i) the date on which the said report was submitted and (ii) reasons of delay in the submission of the report, if any ?"

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب ۔ آپ نے غالباً ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ فائل چونکہ نہیں ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر بحالیات ۔ مجھے علم نہیں تھا اس لئے عرض کیا تھا کہ بعد میں پتہ لگا کر جواب دوں گا ۔ اب جواب یہ ہے کہ ۶ تاریخ کو فائل بھیجی تھی ۔ جو میں نے اسی روز جواب دیا تھا کہ فائل ہمارے پاس موجود نہیں تھی وہ صحیح ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں دو ٹیلیگرام آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں ۔ ۴ ۔ ۶ ۔ ۱۹۶۸ء تک ان کے محکمہ کی طرف سے اسمبلی سیکرٹریٹ کو جواب آ چکا تھا ۔ ۷ ۔ تاریخ کو ہاؤس میں سوال پیش ہوا ۴ تاریخ کو جواب چھپ چکا تھا ۔ میں نے ۴ تاریخ کو Ministry of Rehabilitation اسلام آباد کو ٹیلیگرام دیا تھا :۔

"I want to inspect Regal Cinema Lyallpur file.
Kindly confir n its receipt by you from Lahore."

۴ تاریخ کو ٹیلیگرام میں نے دیا تھا ۔ ۵ تاریخ کو میں نے ٹیلیفون پر سیکشن آفیسر سے confirm کیا کہ کیا ان کے پاس فائل پہنچ چکی ہے ۔

انہوں نے یہ فرمایا کہ فائل ان کے پاس نہیں پہنچی ہے ۔ میں definite ہوں کہ ۷ تاریخ کو فائل یہاں موجود تھی ۔ جب ہاؤس میں ہم نے اسکے متعلق assert کیا کہ فائل یہاں ہے تو اسکے بعد انہوں نے ہی ۔ آئی ۔ اسے کی flight سے فائل بھیجی تھی ۔ اب بھی جو ٹیلیگرام مجھے وزارت بحالیات کی طرف سے ملا ہے اس میں یہ ہے کہ :-

"Approach Settlement Commissioner for inspection of Settlement record."

جس روز اس ہاؤس میں جواب آیا ہے یا جس روز وزیر صاحب نے جواب دیا ہے کہ یہ فائل ان کے پاس نہیں ہے اس لئے وہ ہمیں انفارمیشن نہیں دے سکتے ۔ اس روز definitely فائل ان کے پاس تھی اور اگر نہیں بھی تھی تو جس دن انہوں نے اس سوال کا جواب اسمبلی سیکرٹریٹ کو بھیجا ہے اس دن تو لازمی طور پر یہ فائل ان کے پاس تھی ۔ ان کے کہنے کے مطابق انہوں نے یہ فائل چھ تاریخ کو بھیجی ہے ۔ تو میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ جب چھ تاریخ کو فائل ان کے پاس تھی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے رپورٹ بھی نہیں بھیجی تھی ۔

چودھری محمد ادریس ۔ رپورٹ تو انہوں نے بھیجی تھی ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ نے رپورٹ کے متعلق دریافت کیا تھا اور ان کا جواب بھی رپورٹ ہی کے متعلق تھا اور چونکہ آپ نے فائل کے متعلق سوال ہی نہیں پوچھا تھا اس لئے ان کا جواب بھی فائل

کے متعلق نہیں تھا کیونکہ مجھے یاد ہے کہ خانصاحب نے ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہا تھا کہ یہ فائل چلی گئی ہے اور آپ نے کہا تھا کہ یہیں ہے اور اسی بناء پر اس سوال کو repeat کیا گیا تھا ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اب جو stand جناب وزیر مال صاحب نے لیا ہے کہ انہوں نے چھ تاریخ کو فائل بھیجی ہے تو میں ان کے اس stand کو accept کرتے ہوئے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ جب چھ تاریخ کو فائل ان کے پاس موجود تھی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے کونسی تاریخ بتائی تھی ؟ کیونکہ انہوں نے پہلے تو یہ نہیں فرمایا تھا ۔

چودھری محمد ادریس ۔ نہیں جناب انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ انہوں نے رپورٹ کے ساتھ یہ فائل بھیج دی ہے ۔ ۱۳ اپریل کو انہوں نے فائل بھیجی ہے ۔

وزیر بحالیات ۔ میں نے یہ نہیں کہا ہے بلاوجہ ایک چھوٹی سی بات کو اتنی زیادہ اور غیر ضروری اہمیت دی جا رہی ہے آپ نے فائل کے متعلق اطلاع مانگی ہے جو ہم نے دیدی ہے ۔ جو کچھ ہمارے پاس موجود تھا اس کے بارے میں ہم نے آپ کو صحیح اطلاع دیدی ہے ۔ اب اس بارے میں تو میرا خیال ہے کہ کسی stand لینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ یہ کوئی اتنی بڑی بات نہیں ہے کہ جس کے متعلق کوئی stand لیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب ۔ لیکن جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ فائل موجود ہو اور محکمے کی طرف سے یہ اطلاع دی جائے کہ فائل موجود نہیں ہے ۔

Then this House will take a serious view of that.

وزیر بحالیات ۔ جناب والا ۔ میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ میں نے اس سوال کے سلسلے میں اپنے محکمے کا ناطقہ بند کر رکھا ہے ۔ اور آپ یقین کریں کہ آج بھی میں نے اس کے Head کو اس سلسلے میں بلایا ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ یہ فائل پی ۔ آئی ۔ اے ۔ کے ذریعے کیوں بھیجی گئی اور اسے عام ڈاک میں کیوں نہ بھیجا گیا ؟

وزیر بحالیات ۔ اب اس کے متعلق میں کیا عرض کروں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی اتنا اہم مسئلہ نہیں ہے ۔ وہ فائل پی آئی اے کے ذریعے بھی بھیج سکتے ہیں اور عام ڈاک کے ذریعے بھی بھیج سکتے ہیں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ اسکی اہمیت اور ضرورت کا احساس بھی اسی وقت ہو سکے گا کہ جب یہ معلوم ہو سکے کہ آیا اس سوال کے بعد انہوں نے پی آئی اے کے ذریعے یہ فائل بھیجی ہے ورنہ تو یہ ایک معمولی بات ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ چونکہ یہ معاملہ اب طول پکڑ گیا ہے تو میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آیا مرکزی حکومت نے اس

رپورٹ کے ساتھ فائل بھی مانگی تھی اور آپ نے انکو صرف رپورٹ بھیج دی تھی ؟ اگر مرکزی حکومت نے فائل بھی مانگی تھی تو آپ نے فائل تاخیر سے کیوں بھیجی ؟

وزیر بحالیات ۔ جناب والا ۔ ادریس صاحب جو کچھ معلوم کرنا چاہتے ہیں اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ آپ جواب کے حصہ (ج) کو ملاحظہ فرمائیں تو اس میں بھی یہ درج کیا گیا ہے کہ ایک شخص عمر دراز نامی نے ایک درخواست دے رکھی تھی جس پر تحقیقات ہو رہی تھیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن جدون صاحب نے یہ دریافت کیا تھا کہ کیا یہ فائل مرکزی حکومت نے مانگی تھی ؟

وزیر بحالیات ۔ جناب والا ۔ یہ فائل کچھ عرصہ کے بعد مانگی گئی تھی لیکن وہ اس لئے رک گئی تھی کہ اس مذکورہ عمر دراز نے درخواست دی ہوئی تھی اور اسی لئے تاخیر سے یہ فائل بھیجی گئی ۔

BOGUS ALLOTMENT OF LAND IN THATTA

***11954. Mr. Zain Noorani : Will the Minister for Revenue please refer to the answer to my starred question No. 100067 given on the floor of the House on 1st May, 1968 and state :—**

(a) what is the total acreage of land allotted fictitiously in Thatta by the officers and employees of the Revenue Department against whom cases have been initiated by the Anti-Corruption Establishment ;

(b) whether fictitious allotment was made through one allotment order or more ;

(c) the names and addresses of person or persons to whom the said land was allotted alongwith the acreage in each case ;

(d) what is the total amount of fictitious *taccavi* loan sanctioned by the officials mentioned in (a) above alongwith the names of persons to whom sanctioned and the amount so sanctioned in each case ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : (a) 5536 acres.

(b) The fictitious allotments were made to 173 persons under individual allotment orders and not through one allotment order.

(c) List is placed on the table of the House.*

(d) Rs. 62,000/-

List of persons with the amount of Taccavi Loan advanced to each is placed on the table of the House.*

LAND OF MST. ULFAT IN CHAK NO. 48/N3, TEHSIL SARGODHA

*1I967. **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister for Rehabilitation be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that agricultural land was allotted to Mst. Ulfat in Chak No. 48/NB, Tehsil and District Sargodha about 11 years ago against her claim ; if so, the date of final confirmation of this allotment ;

(b) whether it is a fact that about 10 months ago, an appeal was filed in the court of Khan Saifullah Khan, RA/DSC Sargodha by one Ijaz Hussain which is pending in his court for decision ;

**Please see Appendix I at the end.*

(c) if answer to (b) above be in the affirmative, (i) the date of filing the appeal, (ii) the number of adjournments in this appeal alongwith reasons of adjournments and (iii) the summary of the orders be placed on the Table of the House ;

(d) date on which the *Patwari* of the Circle attended the court with the record in the said case ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : (a) Yes, the land was allotted on 3.4.1957.

(b) Yes.

(c) (i) 2.3.1967.

(ii) 31.

(d) 21.12.1967.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں محترم وزیر بحالیات کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ بعض افسران دس سال سے مہاجرین کے ساتھ یہ سلوک کر رہے ہیں کہ دس سال کے بعد بھی ایک اپیل کا فیصلہ نہیں ہوتا ۔ تو کیا آپ ان افسران کو اس قسم کی ہدایات جاری کریں گے کہ وہ دس سال کے بعد ہی سہی لیکن مقدمات کا فیصلہ تو کر دیا کریں ؟ کیونکہ جواب کے حصہ (ج) میں بتایا گیا ہے کہ اکتیس تاریخیں لگنے کے بعد بھی اس اپیل کا ابھی تک فیصلہ نہیں ہو سکا ۔

وزیر بحالیات (خان غلام سرور خان) ۔ جناب والا ۔ یہ درست ہے کہ اس میں اکتیس تاریخیں لگی ہیں ۔ اور اب تو فیصلہ ہو چکا ہے ۔ لیکن میں اس کی تحقیقات کروں گا کہ اگر اس پر فیصلہ نہیں ہو سکا تو میں اس تاخیر کے

لئے ذمہ دار اشخاص کے خلاف کارروائی کروں گا ۔ اور یہ بھی معلوم کروں گا کہ یہ اکتیس adjournments کیوں کی گئی تھیں ۔

IRRIGATED AND UNIRRIGATED GOVERNMENT LAND

*12633. **Chaudhri Saifullah Khan Tarar** : Will the Minister for Revenue be pleased to state the tehsil-wise total area of the irrigated and unirrigated Government land in the District of Sargodha, Sahiwal, Multan, Sheikhupura, Jhang and Lyallpur ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : The requisite information is being collected from the local officers and reply will be given as soon as it is received.

Mr. Speaker : Is this reply expected during this session ? If the session is over, the answer to this question may be supplied to the Member concerned, or to the Assembly Secretariat for onward transmission to the Member concerned.

Minister of Revenue (Khan Ghulam Sarwar Khan) : Alright Sir.

EVACUEE AGRICULTURAL LAND IN FEROZEWALA AND SHEIKHUPURA TEHSILS

*12634. **Chaudhri Saifullah Khan Tarar** : Will the Minister for Rehabilitation be pleased to state the area of the evacuee agricultural land in each village of Ferozewala and Sheikhupura Tehsils of Sheikhupura District not allotted to any displaced person so far alongwith its classification ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : A statementshowing the information in respect of Rakh Branch, Tehsil and District Sheikhupura is laid on the Table.* The information with regard to

---

**Please see Appendix II at the end.*

remaining villages is still awaited from District Authorities and will be laid on the table of the House in due course.

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ اسمبلی کا اجلاس ختم ہو جائے گا تو پھر یہ مطلوبہ فہرست کس ایوان کے میز پر رکھیں گے ؟ اس لئے بہتر ہو گا کہ یہ بھی متعلقہ رکن کو پہنچا دی جائے ۔

وزیر بحالیات (خان غلام سرور خان) ۔ جناب والا ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ ہر گاؤں کے متعلق اس میں اطلاعات مانگی گئی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ جب اس کی اطلاعات مکمل ہو جائیں گی تو متعلقہ رکن کو بھیج دی جائیں گی ۔

EVACUEE AGRICULTURAL LAND IN TEHSIL GUJRANWALA

*12635. **Chaudhri Saifullah Khan Tarar** : Will the Minister for Rehabilitation be pleased to state the area of the evacuee agricultural land in each village of Tehsil Gujranwala of District Gujranwala not allotted to any displaced person so far alongwith its classification ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : A statement is laid on the table.

STATEMENT

Sr. No.	Name of village	Un-allotted area of evacuee agricultural land in tehsil Gujranwala (in acres).						
		Chabi	Nehri	Barani	Banjar Jadid	Banjar Qadim	Ghair Mumkin	Total
1	2	3	4	5	6	7	8	9
1.	Chak Joya.	—	—	—	—	1	2	3
2.	Noinke.	32	40	3	—	—	13	88

3. Rajewala.	—	1	—	—	—	4	5
4. Kot Lachman Dass.	1	—	—	—	—	—	1
5. Kotli Wahga.	1	—	—	—	—	—	1
6. Kotli Nagra.	10	—	—	—	—	—	10
7. Sheeniwala.	3	—	—	—	—	—	3
8. Thatha Manak.	—	1	—	—	—	—	1
9. Gobindpura.	—	—	—	—	3	—	3
10. Babu Chak.	1	—	—	1	1	—	3
11. Lambanwali.	3	—	—	—	—	—	3
12. Mandiala Warriach.	—	1	—	1	2	1	5
13. Gagewali.	2	4	—	—	—	—	6
14. Butranwali.	—	—	—	—	—	2	2
15. Kotli Sahib Singh.	5	—	—	—	—	—	5
16. Battoki.	1	—	—	—	—	—	1
17. Kot Bhano Shah.	1	—	—	—	—	—	1
18. Eminabad.	260	143	—	17	201	16	637
19. Ghameer.	—	—	—	2	16	2	20
20. Sanatpura.	—	1	—	—	11	—	12
21. Ghhanian.	—	—	1	—	7	—	8
22. Nangal Duna Singh.	—	2	1	—	—	—	3
23. Ghoman.	1	—	—	—	1	—	2
Total :—	321	193	5	21	243	40	823

NAIB-TEHSILDARS OF PESHAWAR AND DERA ISMAIL KHAN DIVISIONS

*12762. **Syed Abdul Khaliq** : Will the Minister for Revenue be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that many posts of Naib-tehsildars are lying vacant in Peshawar and Dera Ismail Khan Divisions ;

(b) whether it is a fact that persons whose names are not borne on the approved list have been appointed on *ad hoc* basis against these posts ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, reasons for not filling these vacant posts on regular basis ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : (a) No.

(b) Some of the persons whose names are not borne on the approved list of Naib-tehsildar Candidates are reported to have been appointed as officiating Naib-tehsildars.

(c) Proposal for increasing the sanctioned strength of Naib-tehsildar Candidates in Peshawar and D.I. Khan Divisions made by the Commissioners are under examination in the Board of Revenue and will be finalized as soon as confirmation of officiating Tehsildars of those Divisions have been notified after necessary vetting by the Comptroller.

سید عبدالخالق ۔ جناب والا ۔ انہوں نے سوال کے حصہ (ج) کا یہ جواب فراہم کیا ہے کہ بورڈ آف ریونیو اس پر غور کر رہا ہے میں وزیر مال صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ غور کب تک ہوتا رہے گا ؟ آخر اس کے لئے کوئی وقت کا تعین بھی کیا جا سکتا ہے ۔

وزیر مال (خان غلام سرور خان) ۔ جناب والا ۔ جواب کے حصہ (ج) کے آخر میں اس کے متعلق بتایا گیا ہے کہ جس وقت تحصیل داروں کی منتقلی کے سلسلے میں، فیصلہ ہو جائے گا اور جب ان کی substantive تقرریاں ہو جائیں گی تو اس کے بعد اور لوگ لئے جائیں گے ۔

APPOINTMENT OF READERS IN BOARD OF REVENUE

*12997. **Mr. Hamza :** Will the Minister for Revenue please refer to the answer to my starred question No. 10578 given on the floor of the House on 1st May 1968 and state :—

(a) whether it is a fact that Messrs Ahsan Farooqi and Muhammad Shafi were not holding the posts of Assistants in Urdu office of the Board of Revenue, West Pakistan at the time of their promotion as Readers as required by clause (ii) of the Appendix to Rules 3, 5 (3) and 7 (i) of the West Pakistan Board of Revenue Ministerial Service Rules, 1962 ;

(b) whether it is a fact that Mr. Anzar Hussain Zaidi was not even an accepted Naib Tehsildar candidate at the time of his promotion to the rank of Reader whereas according to clause (i) of the Appendix to the afore-mentioned Rules vacancy of Reader can only be filled from amongst suitable Tehsildars, Mukhtiarkars and Naib Tehsildars ;

(c) whether it is a fact that Rana Muhammad Sharif served as Reader for eleven months and his appointment was notified,—*vide* Gazette Notification No. 14636-67/4016-Adm, dated 16th September 1967, though he was also not considered eligible for appointment as such ; if so, why his name was not included under item (b) of the answer to my question referred to above ;

(d) whether it is a fact that Mirza Abdul Qadeer, T.K., Tehsildar, Mr. Shamshad and many other eligible persons who were affected by the said promotions submitted a large number of petitions representations but could not succeed ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : (a) Yes.

(b) Mr. Anzar Hussain Zaidi was holding the post of Consolidation Officer (Non-Gazetted) at the time of his appointment as Reader, which is treated at par with the post of Naib Tehsildar.

(c) Rana Muhammad Sharif was not eligible for the post of Reader. In the absence of the Reader to MBR (LU&Con) who had been deputed on Revenue Training and his successor having been posted out as Tehsildar, the then Member (LU&Con), Board of Revenue, decided to try his Stenographer Rana Muhammad Sharif as Reader temporarily as a purely stop-gap arrangement. He worked on the post of Reader for the period from 18th December 1965 to 20th October 1966 but drew his own pay as Stenographer. On relinquishing the charge of Reader on 21st October 1966 he was again posted to his original post of Stenographer and has been working as such since then. Though ineligible for the post of Reader he continued making representations for re-appointment as such. His case was placed before the Board of Revenue and in order to save him from financial loss the Full Board ultimately granted *ex-post-facto* sanction on 16th September, 1967 on compassionate grounds, to his appointment as Reader only for the period mentioned above. As he did not hold a regular appointment the question of inclusion of his name in item (b) of the answer to the previous Assembly question did not arise.

(d) Mirza Abdul Qadeer, T. K., Mr. Shamshad Ahmad, nor any body else made any representation against the appointment of Rana Muhammad Sharif, because it was not a regular appointment, but only a stop-gap arrangement and the rights of any other official were not at all adversely affected.

مسٹر حمزہ۔ جناب وزیر مال یہ تسلیم کرتے ہیں کہ مسٹر احسن فاروقی اور مرزا محمد شفیع کو جس وقت ریڈر کے عہدہ پر ترقی دی گئی اس

وقت وہ بورڈ آف ریونیو کے اردو دفتر میں اسسٹنٹ کی اسامی پر مامور نہیں تھے - لیکن ۱۹۶۲ء کے قواعد نمبر ۳ اور ۷ (I) میں یہ واضح طور پر دیا گیا ہے - کہ جن لوگوں کو ریڈر کے عہدے پر ترقی دی جائے گی ان کے لئے لازمی ہو گا کہ وہ اس عہدے پر تعینات رہے ہوں - پھر آپ نے ان اشخاص کو ترقی کیوں دی ؟

وزیر مال (خان غلام سرور خان) - آپ نے ترقی کا سوال تو کیا ہی نہیں ہے - آپ نے صرف یہ پوچھا ہے کہ جب مسٹر احسن فاروقی اور مرزا محمد شفیع کو ترقی دی گئی تو کیا وہ اسسٹنٹ کی اسامی پر مامور تھے ؟ یہ ٹھیک ہے کہ وہ اردو دفتر میں اسسٹنٹ کی job پر نہیں لگے ہوئے تھے - جب ان کو ریڈر promote کیا گیا تھا -

مسٹر حمزہ - میں نے یہ سوال کیا ہے - کہ آپ نے پچھلے سوال کے جواب میں تسلیم کیا تھا کہ اسے ریڈر کے عہدے پر ترقی دی گئی ہے - میں نے پوچھا ہے کہ بورڈ آف ریونیو نے جو رولز مرتب کئے ہیں (جن کا میں حوالہ دے چکا ہوں) - ان میں یہ لازمی قرار دیا گیا ہے کہ وہ اردو دفتر میں اسسٹنٹ کے عہدہ پر یا - - - -

Minister for Revenue: He has not asked this question. Let him give a fresh notice. If he had asked why he was promoted against the spirit of the instructions, then I would have replied. However, for his satisfaction it has been given here that it is correct that M/S Ahsan Farooqi and Muhammad Shafi were not holding the posts of Assistants at the time of their appointment as Readers but when the existing provisions of the rules were examined it was observed that it would be anomalous to interpret the rules too strictly because if an Assistant having worked as Assistant for years in the Judicial Office was transferred a day before

the occurrence of the vacancy he could not be treated to have become ineligible. It was, therefore, considered that if a person was eligible for transfer to the Judicial Office he should be treated eligible even for appointment as Reader.

مسٹر حمزہ ۔ وزیر مال نے بہت کرم کیا ۔ مہربانی کی کہ انہوں نے یہ تسلیم کیا ہے کہ جب انہیں ترقی دی تھی ۔ تو یہ حکم بھی جاری کیا گیا تھا ۔ کہ ان رولز پر سختی سے عمل درآمد نہیں کرنا چاہئے ۔ تو کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ یہ رولز پھر کس لئے ہیں ؟

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ رولز میں لچک ہوا کرتی ہے ۔ جس چیز کے متعلق یہ پوچھ رہے ہیں ۔ وہ ایک تیسرے فرد رانا محمد فرید ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں تیسرے فرد کے متعلق نہیں کہہ رہا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر مال ۔ یہ کوئی قرآن کے الفاظ نہیں یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ جس میں رولز کے خلاف کچھ کہا گیا ہو ذرہ بھر بھی نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ تھوڑی بہت لچک کا سوال نہیں ۔ واضح طور پر اگر رولز میں اس امر کی گنجائش رکھی گئی ہے کہ ان میں تھوڑی بہت لچک ہونی چاہئے تو پھر آپ یہ تمام چیز کو بورڈ آف ریونیو کے ممبران کی صوابدید پر کیوں نہیں چھوڑ دیتے ۔

وزیر مال ۔ میں نے اس کا جواب دے دیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے اس سوال کے جواب میں یہ فرمایا ہے ۔ کہ مسٹر الذار حسین زیدی کو جس وقت ریڈر کے عہدے پر ترقی دی گئی اس وقت

وہ افسر اشتمال کے عہدے پر مامور تھے ۔ اگر آپ کو میں یہ ثابت کر دوں ۔ کہ وہ صاحب officiating قانون گو تھے تو کیا آپ اس سلسلے میں کوئی کارروائی کریں گے ؟

وزیر مال ۔ قانون گو کا status نائب تحصیلدار کے برابر ہوتا ہے ۔

Assistant Consolidation Officer in the Consolidation Department is almost equal to Naib Tehsildar.

مسٹر حمزہ ۔ نائب افسر اشتمال یا افسر اشتمال کا سوال نہیں ۔ میں نے آپ سے عرض کیا تھا ۔ کہ وہ محض officiating قانون گو تھے ۔ کیا اس حقیقت کے پیش نظر آپ اس معاملہ پر دوبارہ غور کریں گے ؟

Minister for Revenue : Assistant Consolidation Officer is treated at par with the Naib Tehsildar.

LAND GRANTED UNDER TRACTOR SCHEME IN TAPA JHIRK N DISTRICT THATTA

***13065. Mr. Hamza :** Will the Minister for Revenue be pleased to state :—

(a) the acreage of land granted under Tractor Scheme in Tapa Jhirk in District Thatta during 1966 and 1967 alongwith (i) the names of grantees of such land (ii) the date on which the land was granted to each of them and (iii) a copy of the said scheme be placed on the Table of the House ;

(b) the special qualifications of the persons if any for the allotment of the said land be given ;

(c) whether it is a fact that only uncultivated land can be given under the said scheme ;

(d) if answer to (b) above be in the affirmative, whether it is a fact that some of the land mentioned in (a) above had remained under cultivation for a pretty long time; if so, its duration ;

(e) the names of person or persons who were cultivating the said land at the time of allotment alongwith the period for which they cultivated the said land ;

(f) reasons for the cancellation of allotment of the cultivators ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) :

Year	*Area allotted*	*Name of grantee*	*Date of allotment*
(a) (i) (ii) 1966	Nil ...	Nil ...	Nil.
1967	249·19 acres ...	(1) Mr. Nabi Bux M. Uquaili	15-4-67
	251·19 acres ...	(2) Mrs. Nabi Bux M. Uquaili	Do.
	500·38 acres ...		

(iii) A copy of the Scheme at Annexure 'A' is placed on the Table of the House.*

(b) None.

(c) No.

(d) No.

(e) List is placed on the Table of the House.*

(f) Since seasonal leases were sanctioned in respect of the area in favour of the persons mentioned under (e) above, without any right to claim the area on permanent/quasi permanent leases.

---

*Please see Appendix III at the end.

مسٹر حمزہ ۔ وزیر مال نے میرے سوال کے حصہ (ب) کا جواب دیتے ہوئے یہ بتایا ہے ۔ کہ جن افراد کو یا جس فرد کو آپ نے تقریباً ۲۰ مربعے اراضی دی ہے ۔ ان میں کوئی خصوصی خوبیاں نہیں تھیں ۔ تو ان ۱۵ یا ۱۶ کنبوں کو جن کی فہرست آپ نے مجھے دی ہے جو اس اراضی کو پہلے کاشت کرتے تھے کیوں علیحدہ کر دیا ؟

وزیر مال (خان غلام سرور خان) ۔ جناب والا ۔ حصہ (ب) میں جواب دیا گیا ہے ۔ "جی نہیں" کیونکہ اس مقصد کے لئے special qualification کی ضرورت نہیں تھی ۔ اگر special qualification کی ضرورت ہوتی ۔ تو ہم یہاں لکھ دیتے "جی ہاں" چونکہ special qualification کی ضرورت نہ تھی ان لوگوں کو اس لئے نہیں دی گئی کیونکہ ان کو ایک سال کے لئے دی گئی تھی اور ان کا مستقل لینے کا حق تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ زرعی اصلاحات کے نفاذ کے بعد حکومت کی یہ واضح پالیسی ہے کہ غیر حاضر مالکان کی حوصلہ شکنی کی جائے ؟ کیا آپ مجھے بتائیں گے ۔ کہ جب حکومت غیر حاضر مالکان کی حوصلہ شکنی کرتی ہے ۔ تو مسٹر عقیلی اور بیگم عقیلی کو ۲۰ مربعے زمین کیوں دی گئی ؟

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah): They belong to Thatta.

مسٹر حمزہ ۔ میں غیر حاضر مالکان کی بات کر رہا ہوں جو اراضی کو مزارعوں سے کاشت کروانے ہیں ۔ آپ میری بات سمجھ تو لیں ۔

وزیر مال ۔ آپ کی بات سمجھ لی ہے ۔ یہ زمین ٹریکٹر سکیم کے تحت

دی گئی ہے اگر حمزہ صاحب یہ کہیں کہ وہ خود ٹریکٹر پر بیٹھ کر اسے چلائیں تو یہ کچھ زیادتی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ حصہ (د) کا جواب 'No' ہے ۔ اور حصہ (ہ) کے جواب میں کاشتکاروں کے ناموں کی لسٹ ایوان کے میز پر رکھ دی گئی ہے ۔ میرے خیال میں دونوں جواب ایک دوسرے کے متضاد ہیں ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : In (b), it is asked :

> " special qualifications of the persons if any for the allotment of the said land be given; "

and in part (d)

> "if answer to (b) above be in the affirmative whether it is a fact that some of the land mentioned in (a) above had remained under cultivation for a pretty long time; if so, its duration ; "

Malik Muhammad Aslam Khan : And Sir, in (e) Hamza Sahib has asked :

> "(e) the names of person or persons who were cultivating the said land at the time of allotment alongwith the period for which they cultivated the said land ; "

Minister for Revenue : Please read the question again and you will follow it then. The answer of part (d) is 'No', i e. they were not cultivating the land for a long time.

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں ۔ کہ جو رقبہ الاٹ کیا گیا ہے اور جس کے اعداد و شمار مجھے مہیا کئے گئے ہیں ۔ اس میں بیگم عقیلی کو ۲۵۱۰۱۹ ایکڑ ۔ اور مسٹر عقیلی کو ۲۴۹۰۱۹ ایکڑ اراضی دی گئی ہے ۔

بیگم عقیلی کو دو ایکڑ زائد کیوں دی گئی ہے ؟

Mr. Speaker : This is a trivial question.

وزیر مال ۔ جناب یہ سوال حمزہ صاحب ہی کر سکتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جو شرائط عائد کی گئی ہیں ان میں نمبر ۴ پر یہ بتایا گیا ہے :-

"The grantee shall pay the occupancy price of the land granted to him at the rate fixed by the Government from time to time."

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آپ نے کیا قیمت مقرر کی تھی ؟

وزیر مال ۔ آپ اس سکیم کو پھر پڑھ لیں ۔ اس میں جواب دے دیا گیا ہے ۔ Please go through the scheme دراصل اس کے لئے fresh notice دینا چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اس کے رولز میں price نہیں ہے ؟

مسٹر حمزہ ۔ یہ ان کی صوابدید پر ہے ۔ اگر اس میں واضح شرح ہوتی تو سوال پوچھنے کی ضرورت نہ ہوتی اور میں ان کو جواب دینے کی زحمت نہ دیتا ۔

وزیر مال ۔ یہ کس کے متعلق ہے ؟

مسٹر حمزہ ۔ مسٹر عقیلی کو ۲۰ مربعہ زمین کس شرح پر دی گئی ہے ؟

وزیر مال ۔ آپ سوال کا جواب پڑھ لیں اس میں دیا گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے پڑھ لیا ہے ۔

PROPERTY NO. 180 SHAHRAH RAZA SHAH PEHLVI, RAWALPINDI

*13095. Mr. Hamza : Will the Minister for Rehabilitation be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that property No. 180, Shahrah Raza Shah Pehlvi, Rawalpindi, belonged to one Attar Chand Madan Lal, son of Amir Shah Jain, who is an evacuee ;

(b) whether the said property has been declared as an evacuee property ;

(c) whether the said property has been transferred to any person ; if so, his name and the amount assessed as its value ;

(d) whether it is a fact that one Sher Bahadur, Vice-President, Islamabad Muslim League, is in illegal possession of the said property and one Maulvi Muhammad Farooq of Rawalpindi brought this matter to the notice of the settlement authorities concerned through an application dated 2nd May 1968 ;

(e) whether it is a fact that the said application was forwarded to the Additional Settlement Commissioner, Rawalpindi for necessary action on 22th May 1968 ;

(f) if answer to (d) and (e) above be in the affirmative, whether it is a fact that the Deputy Settlement Commissioner, Rawalpindi issued a notice to the said illegal occupant of the said property requiring him to stop further construction on the said house forthwith and appear before him on 22nd May 1968 ;

(g) whether the said Sher Bahadur has stopped the said construction; if not, what action the authorities concerned have taken in this behalf?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani): (a) Yes.

(b) The occupant of the property has been claiming it to be non-evacuee property. The matter is, however, under investigation.

(c) The property has not been transferred to any person as it has not yet been finally determined whether or not it is evacuee property. Its evaluation price as evacuee property would be Rs. 5760/-.

(d) Yes.

(e) Yes.

(f) Yes.

(g) The construction has not been stopped by Sher Bahadur on the plea that the property was not evacuee property having been purchased by him from a Muslim owner. The matter is sub-judice to determine the status of the property and is fixed for hearing of the parties on 3-7-68, in the court of the Addl. Settlement Commissioner, Rawalpindi.

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ جب پاکستان کو بنے ہوئے ۲۱ سال گذر گئے ہیں اور اس جائداد کے بارے میں ڈپٹی سیٹلمنٹ کمشنر نے فیصلہ نہیں کیا کہ آیا یہ متروکہ جائداد ہے یا غیر متروکہ ۔ اس کے باوجود بھی آج تک اسے بے دخل نہیں کیا گیا اور وہ مزید تعمیر کر رہا ہے ۔ آپ نے اسے ایسا کرنے سے کیوں نہیں روکا ؟

وزیر بحالیات (خان غلام سرور خان) ۔ اس کا جواب (جی) میں دیا ہوا ہے ۔

"The construction has not been stopped by Sher Bahadur on the plea that the property was not evacuee property having been purchased by him from a Muslim owner....."

اس کا یہ دعویٰ ہے کہ یہ جائداد اس کی ہے ۔ اس کے پاس registered deed ہے ۔ اور یہ جائداد اس نے ہندوؤں سے خریدی ہوئی ہے ۔ اس کے پاس کسٹوڈین کے محکمہ کا آرڈر بھی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ تو یہی کہے گا کہ یہ زمین میری ہے ۔ اگر یہ کسی اور شخص کی نہ ہوتی تو یہ سوال پیش نہ کیا جاتا ۔ آپ قومی دولت کے محافظ ہیں ۔ جو جائداد ہندو سکھ یہاں چھوڑ گئے یا جو متروکہ ہے ۔ آپ نے ابھی تک یہ فیصلہ نہیں کیا کہ یہ جائداد متروکہ ہے یا غیر متروکہ ۔ جب فیصلہ ہی نہیں ہوا تو نئی تعمیر کو آپ نے کیوں نہیں روکا ؟

وزیر بحالیات ۔ یہ case ابھی چل رہا ہے ۔ اس کا فیصلہ جلدی ہو جائے گا اور دیکھا جائے گا کہ اس کا claim جائز ہے یا نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا یہ بہتر نہیں تھا کہ جب یہ معاملہ subjudice ہے ۔ اور جہاں آپ پر یہ پابندی ہے کہ آپ دوسرے شخص کو منتقل نہیں کر سکتے ۔ تو جو شخص قابض ہے کیا آپ اسے اس جگہ پر عمارت تعمیر کرنے سے نہیں روک سکتے تھے ۔ اگر روک سکتے تھے تو وہ راستہ کیوں اختیار نہیں کیا ؟

وزیر بحالیات ۔ کونسا راستہ ۔

مسٹر حمزہ ۔ جب آپ نے فرمایا ہے کہ وہ تعمیر کر رہا ہے تو اسے تعمیر کرنے سے کیوں نہیں روکا ؟

وزیر بحالیات ۔ اس سلسلہ میں اس زمین پر اسے تعمیر کرنے سے روکا ہوا ہے ۔ اسی لئے تو یہ معاملہ subjudice ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے جواب کے حصہ (جی) میں لکھا ہے :۔

"The construction has not been stopped by Sher Bahadur....."

یہ شیر بہادر اسلام آباد مسلم لیگ کا نائب صدر ہے ۔ یہ مسماۃ مسلم لیگ ہی ہے جس کی وجہ سے وہ تعمیر کر رہا ہے ۔

وزیر بحالیات ۔ مسلم لیگ مسماۃ نہیں ہے بلکہ بالکل نر ہے ۔

اس نے نہیں روکا بلکہ ڈیپارٹمنٹ نے کہا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ محکمہ نے روک دیا ہے ۔ آپ تسلیم کرتے ہیں کہ وہ رکتا نہیں آپ کہتے ہیں کہ آپ کا محکمہ نر ہے ۔ پھر یہ کارروائی کیوں نہیں کی گئی ۔

وزیر بحالیات ۔ مسلم لیگ نر ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ بھی تو مسلم لیگی ہیں ۔

Mr. Speaker : No discussion about Muslim League please. The Member may put his supplementary question.

مسٹر حمزہ ۔ آپ وزیر مال بھی ہیں اور وزیر بحالیات بھی ۔ کیا آپ

بتائیں گے کہ آپ کو جو اختیارات حاصل ہیں آپ نے ان کے تحت جب حکم دیا اور اس نے تعمیل نہ کی تو آپ نے ان اختیارات کو استعمال کیوں نہیں کیا ؟

وزیر بحالیات ۔ قانون کے مطابق اگر اسے displace کرنا ہو گا تو ضرور کریں گے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ کیا محترم وزیر بحالیات بتائیں گے کہ ایڈیشنل سیٹلمنٹ کمشنر کسی پراپرٹی کی nature کے متعلق کہ آیا وہ متروکہ ہے یا نہیں فیصلہ دینے کا مجاز ہے ۔ اگر نہیں تو پھر یہ معاملہ آپ نے ایڈیشنل سیٹلمنٹ کمشنر کے پاس کیوں رکھا ہوا ہے کسٹوڈین کے پاس کیوں نہیں بھیجا ۔

وزیر بحالیات ۔ اس نے کہا ہے کہ اس نے ہندوؤں سے خریدا ہوا ہے ۔ ایک پوائنٹ یہ ہے کہ ایسی رپورٹ بھی ہے کہ یہ پراپرٹی زرعی زمین میں واقع ہے ۔ اس لئے یہ معلوم کیا جائے گا کہ یہ زرعی زمین کس کی ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ کسی پراپرٹی کے متعلق کسی کو سوائے کسٹوڈین کے فیصلہ کرنے کا اختیار نہیں کہ وہ متروکہ ہے یا نہیں جب یہ dispute arise ہو گیا ہے تو پھر سیٹلمنٹ کمشنر نے اسے کیوں اپنے پاس رکھا ہوا ہے ۔ کسٹوڈین کے پاس کیوں نہیں بھیجا ۔

مسٹر سپیکر ۔ سوال یہ ہے ۔ اگر اس کے پاس ڈیکلریشن بھی ہے اور

registered deed بھی ہے -

Then why this inquiry ?

وزیر بحالیات - حمزہ صاحب اس کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اس لئے انکوائری ہوئی ہے -

Mr. Speaker : If he has got the certificate from the Custodian as well as the Registered Deed, then there should be no hitch.

وزیر بحالیات - جناب ہمارے دوست اس کے پیچھے لگے ہوئے ہیں -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - معاملہ تو وزیر بحالیات کے محکمہ کے روبرو پیش ہے اور پیچھے ان کے میں لگا ہوا ہوں - یہ عجیب بات ہے عرض یہ ہے کہ تمام دستاویزات جعلی ہیں اور یہ شخص وہی ہے کہ جب جنرل محمد موسیٰ نواب کالا باغ کے بعد گورنری کے عہدہ پر متمکن ہوئے ہیں - - - -

Mr. Speaker : No discussion about that please seek an information.

مسٹر حمزہ - تو اس کو ہتھکڑیاں لگا کر بازاروں میں پھرایا گیا تھا یہ شیر بہادر اسلام آباد والا شیر بہادر ہے -

---

PARKASH CINEMA, RAWALPINDI

*13096. Mr. Hamza : Will the Minister for Rehabilitation be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Parkash Cinema, Rawalpindi (now Khurshid Cinema) evacuee property, was auctioned in 1959 for Rs. 12,10,000 ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the name of the person who purchased the said cinema ;

(c) whether the purchaser of the said cinema has paid the total auction money ; if not, the amount paid by him and the amount still outstanding against him, alongwith the conditions of the said auction ;

(d) whether it is a fact that the Settlement Organization issued notice to the said purchaser on 21st March 1968 to the effect that the payment of the balance Rs. 5,29,079.81 should be made within 30 days otherwise the said cinema would be sealed ;

(e) whether it is a fact that the said cinema was sealed in default of the said payment on 30th April 1968 ;

(f) whether it is a fact that the said purchaser broke open the seals on the very day and the matter was reported to the local Settlement Authorities ; if so, the action taken against the illegal possession of the said cinema ;

(g) whether the said cinema has been sealed again ; if not, why and if so, the date on which it was resealed ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : (a) The Parkash Cinema, Rawalpindi, now Khurshid Cinema is an evacuee property and it was auctioned on 28.12.59, for Rs 12,11,000/-.

(b) S. M. Saeed.

(c) The total payment made by the auction purchaser (including certain adjustments allowed by the Chief Settlement Commissioner) amounts to Rs. 7,54,183.80. The Compensation Books tendered by him for payment of the auction price are, however, under scrutiny. The balance outstanding against him is Rs. 4,56,816.20. A Printed Book-let containing the Terms and Conditions of the auction is laid on the table of the House.*

**Placed in the Assembly Library under L.T. No. 6/68.*

(d) Yes. But on further scrutiny, however, the amount outstanding against him was found to be Rs. 4,56,816.20.

(e) Yes.

(f) Yes. The matter was immediately reported to the local Police and a case has been registered with them. A Police Guard was also posted at the premises. The cinema has not been functioning since then.

(g) The re-sealing of the cinema was postponed as the entire record of the case had been called for by the Central Government, on receipt of certain representations from the auction purchaser. It has recently been received back from them and further necessary action is being taken.

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ جب ۱۹۵۹ء میں سینما نیلام کیا گیا کیا نیلام کی یہ شرائط نہیں تھیں کہ مقررہ میعاد کے اندر اگر یہ رقومات ادا نہیں کی جائیں گی تو یہ سینما بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا اگر یہ شرائط تھیں تو ان پر آپ نے کیوں عمل نہیں کیا ؟

وزیر بحالیات (خان غلام سرور خان) ۔ رول کا interpretation سختی سے نہیں کیا جاتا ہے ہمیشہ محکمہ کی طرف سے اس کو توسیع دی جاتی رہی ہے اور موقع دیا جاتا رہا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے میرے سوال کے حصہ (ای) میں فرمایا ہے کہ یہ حقیقت ہے کہ اس کو seal کیا گیا تھا اور جو شخص قابض ہے اس نے seal کو توڑ ڈالا تھا ۔ میں آپ سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ آپ نے محض پولیس کو اطلاع دی سینما کو آج تک آپ نے دوبارہ seal کیوں نہیں

کیا ۔ میں نے پوچھا تھا whether it is a fact that the cinema was sealed in default of the said payment on 30th April 1968. آپ فرماتے ہیں کہ "ہاں" seal کیا تھا ۔ پھر میں نے یہ پوچھا ہے کہ کیا یہ حقیقت ہے کہ seal توڑ دی گئی تھی آپ نے فرمایا تھا کہ "ہاں" کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ سینما اس شخص کے قبضہ میں ہے اور اگر ہے تو بتائیے کہ آپ نے اس کو دوبارہ seal کیوں نہیں کیا اور ساتھ ہی جب ایک شخص کے ذمہ ۴ ۔ لاکھ ۵۶ ۔ ہزار ۸ ۔ سو ۱۶ ۔ روپیہ ہے تو کیا یہ حکومت اور قومی مفاد میں ہے کہ یہ جائداد اسے بحال کی جائے ؟

وزیر بحالیات ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ یہ سینما seal ہوا ہے اور seal ٹوٹنے کے باوجود یہ function نہیں کر رہا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب آپ نے (جی) میں فرمایا ہے :۔

"The re-sealing of the cinema was postponed as the entire record of the case had been called for by the Central Government, on receipt of certain representations from the auction purchaser."

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس وقت sealed نہیں ہے ۔

Minister for Rehabilitation : The local police did not allow the cinema to function and the cinema has not been functioning since 30.4.1968.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو وزیر صاحب سمجھائیں گے یا میں سمجھاؤں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میرے خیال میں وہ دونوں کو سمجھائیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ این خیال است و محال است و جنون ۔

مسٹر سپیکر ۔ ان کا سوال یہ تھا کہ جب ایک دفعہ سینما seal کر دیا گیا اور اگر seal کو توڑ دیا گیا تو حمزہ صاحب یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ کیا یہ معاملہ پولیس کے پاس گیا اور اگر نہیں گیا تو کیوں نہیں گیا ؟

وزیر بحالیات ۔ اس کے متعلق رپورٹ کی گئی پولیس اتھارٹی نے کارڈ کھڑی کر دی وہ sealed ہے اور اس وقت function میں نہیں ہے ۔ یعنی ۳۰ ۔ اپریل ۱۹۶۸ء سے function نہیں کر رہا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض ہے کہ ان کا یہ فرمان بجا ہے کہ وہاں پولیس تعینات کر دی گئی لیکن یہ فرمانا کہ دوبارہ seal کر دیا گیا یہ بالکل غلط ہے ۔ یہ خود فرماتے ہیں ۔۔

"The re-sealing of the cinema was postponed as the entire record of the case had been called for by the Central Government....."

میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ آپ کی پولیس باہر تماشائی کی حیثیت سے کھڑی ہو گی لیکن سینما پر قبضہ اسی شخص کا ہے جس نے seal توڑی لیکن پھر بھی وہ سینما نہیں چل رہا جب تک وہ پوری رقم ادا نہ کر دے یہ ہماری قوم کی دولت ہے اس کو ہماری حکومت کی تحویل میں ہونا چاہئے جو شخص ساڑھے چار لاکھ کی رقم ادا نہیں کرتا اس کے قبضہ میں مشینری کو یا سینما کو دینا کہاں تک مناسب ہے ؟

وزیر بحالیات ۔ جناب والا ۔ یہ case سنٹرل گورنمنٹ کے پاس گیا انہوں نے کہا کہ اس کا status quo maintain کیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ status quo maintain کرنے کا مطلب یہ ہے کہ سینما اس کی تحویل میں ہے ۔ اور وہ چل رہا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ یہ کہتے ہیں کہ ہمیں وہ پڑھائیں گے اب آپ دیکھ لیں کہ یہ آپ کو پڑھانے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ وہ فرماتے ہیں :-

"It has recently been received back from them and further necessary action is being taken."

میں یہ دریافت کرونگا کہ آخر یہ status quo کی اطلاع آپ کو کہاں سے موصول ہوئی اور اگر موصول ہوئی تھی تو آپ نے پہلے ہمیں اطلاع کیوں نہیں دی ؟

وزیر بحالیات ۔ کیا جناب ؟

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب انہوں نے یہ پوچھا ہے کہ ہمیں یہ اطلاع کیوں نہیں مہیا کی گئی ؟

وزیر بحالیات ۔ اس لئے کہ آپ کو بولنے کا موقع دیا جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ عجیب استدلال ہے کہ اس ایوان کو غلط اطلاع دی جائے تاکہ معزز ارکان اسمبلی غلط جوابات کی وجہ سے سوالات کریں ۔

وزیر بحالیات ۔ جناب والا ۔ یہ اس وجہ سے کہ حمزہ صاحب کا شوق پورا ہو جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ مجرمین کو قبضہ دے کر آپ کا شوق پورا ہو سکتا ہے اور پورا ہو گا ۔ میرا نہیں ۔

WATER LOGGING IN VILLAGES OF DISTRICT CAMPBELLPUR

*13309. **Malik Muhammad Aslam Khan** : Will the Minister for Revenue be pleased to state the total area affected by water-logging in each of following villages of District Campbellpur :—

(i) Musa Kothlathy ;

(ii) Chichian ;

(iii) Bahadar Khan ;

(iv) Sadden ;

(v) Jatial ;

(vi) Samer ;

(vii) Derya ;

(viii) Shemsabad ;

(ix) Basia ;

(x) Kotha ;

(xi) Kalu Kala ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : The total area affected by Water-logging in each of the following villages of District Campbellpur, is as under :—

		Acres
(i) Musa Kudlathi	...	391
(ii) Chechi	...	157
(iii) Bahadar Khan	...	278

(iv) Sadden	...	152
(v) Jatial	...	99
(vi) Saman	..	41
(vii) Derya	...	110
(viii) Shamsabad	...	43
(ix) Vaisa	...	Nil
(x) Kotha	...	Nil
(xi) Kalu Kalan	..	Nil

There is no village Musa Kothlathy, Chichian, Samer, Basia and Kalukala in the Campbellpur District and the correct names are Musa Kudlathi, Chechi, Saman, Vaisa and Kalu Kalan respectively.

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ کل ایریا بن جاتا ہے ایک ہزار ۲۷۱ ایکڑ ۔ میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس کو re-claim کرنے کی کوئی سکیم حکومت نے بنائی ہے یا کوئی ایسی سکیم حکومت کے زیر غور ہے ؟

وزیر مال (خان غلام سرور خان) ۔ نہیں ۔یہ چیز لینڈ اینڈ واٹر ڈیویلپمنٹ بورڈ کے ذمے ہے ۔ ہمارا کام تو شماریات کا جمع کرنا ہے ۔ پھر بھی ہم یہ معاملہ ان کے نوٹس میں لے آئیں گے ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ تو کیا ریونیو ڈیپارٹمنٹ محکمہ متعلقہ کو فرمائیں گے کہ وہ اس کام کی طرف توجہ دیں تاکہ water-logging کی بیماری کی روک تھام کی جا سکے ۔

وزیر مال ۔ جی ہم ان کے نوٹس میں لائیں گے ۔

RESIDENTIAL PLOTS IN CHAK 46-N.B., TEHSIL AND DISTRICT SARGODHA

*13404. Mr. Hamza: Will the Minister for Revenue be pleased to state :—

(a) the number of residential plots owned by Government in Chak 46-N.B., Tehsil and District Sargodha ;

(b) whether it is a fact that these plots have been illegally occupied by some persons who have built their houses on these plots ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, when these constructions were made and by whom and the steps Government has so far taken to eject these trespassers, and if no steps have been taken, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : (a) 146.

(b) 14 plots of the following categories have been illegally occupied by some persons ;

Residential Sites	4
Shops Sites	4
Sites meant for manure pits	6
Total	14

(c) On II sites constructions have been made during the last 12 months while constructions on the remaining 3 sites are two to three years old. These plots are under the illegal occupation of Trespassers the list of whom is placed on the Table of the House.

Orders have been issued to the Tehsildar, Sargodha for the ejectment

of the unauthorized occupants by force, if necessary. The Tehsildar has also been directed to demolish the structure raised on these sites.

STATEMENT SHOWING THE NAMES OF ILLEGAL OCCUPANTS OF GOVERNMENT OWNED PLOTS IN CHAK No. 46/NB, TEHSIL AND DISTRICT SARGODHA.

Sl. No.	Plot No.	Name	Particulars
1	13	Rehmat s/o Mirza	Residential.
2	50	Muhammad Aslam) s/o Nabi Bakhsh Muhammad Akram) —do—	"
3	192	Nasir Ahmad s/o Gul Muhammad Awan	"
4	203	Umar Din s/o Arju	"
5	73	Muhammad Qasim Telephone Operator Sargodha.	" Shop
6	74	Ibrahim s/o Ali Muhammad Gujar	"
7	76	Qamar Din) s/o Arju Ibrahim) s/o Qadar Nawaz	" "
8	189	Nasir Shah	"
9	104	Inayat s/o Alf Din	Manure pits
10	138	Khan Muhammad Carpenter	"
11	157	Muhammad Salim s/o Shadi Khan	"
12	158	Saghir Ali s/o Shadi Khan	"
13	159	Muhammad Din s/o Jalal Gujjar	"
14	140	Mst. Sharifan widow of Shera	"

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ میرا سوال موصول ہونے سے پہلے آپ کے محکمہ نے ان افراد کے خلاف جنہوں نے زمین پر ناجائز قبضہ کیا تھا کون سی کارروائی کی تھی ؟

وزیر مال (خان غلام سرور خان) ۔ تحصیل دار کو کہا گیا کہ جن اہلکاروں نے رپورٹ نہیں کی ان کے خلاف ایکشن لیا جائے اور جنہوں نے ناجائز قبضہ کیا ان کو بیدخل کیا جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں ان کا جواب سمجھا نہیں ہوں ۔ میں دریافت کرتا ہوں کہ جن اہلکاروں نے رپورٹ نہیں کی ان کے خلاف کوئی اقدام نہیں کیا کیا آپ کی حکومت نے اور خصوصی طور پر آپ کے محکمہ نے اس کے کسی افسر کو آج تک سزا دینے کی زحمت گوارا کی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ نہیں کی ۔ پنڈی سیٹلائٹ ٹاؤن میں بڑے بڑے افسروں نے ناجائز قبضہ کیا ہے ۔ کیا آپ ان کے خلاف کارروائی کر سکتے ہیں ؟

وزیر مال ۔ اس سوال کے جواب میں کیا خاموشی بہتر نہیں ہو گی ؟

مسٹر سپیکر ۔ بہر حال اس سوال کا جواب وقت آنے پر دیا جا سکتا ہے ۔

EVACUEE URBAN LAND

*13 32. **Chaudhri Saifullah Khan Tarar** : Will the Minister for Rehabilitation be pleased to state :—

(a) the total acreage of evacuee urban land in West Pakistan lying

unallotted upto 30th April, 1968 ;

(b) the balance entitlement in acreage in West Pakistan of urban land claims requiring adjustment upto 30th April 1968 ;

(c) what steps have been taken to adjust the pending urban land claims in West Pakistan ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : (a & b). It is not in the public interest to lay the required information on the table of the House.

(c) Allotment Committees have been constituted for each urban area throughout the Province. Allotment work in Urban Areas is in progress.

مسٹر حمزہ ۔ شہری متروکہ اراضی جس کے بارے میں آپ نے فرمایا ہے کہ آپ نے الاٹمنٹ کمیٹیاں مقرر کر دی ہیں ۔ کیا آپ کے علم میں ہے کہ بہت سے ایسے افسران ہیں جو غریب مہاجرین سے جو پچھلے ۲۱ سالوں سے زمین حاصل نہیں کر سکے یونٹ خرید کر اپنے رشتہ داروں کے نام منتقل کرا رہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ زمینیں ان کو ملنی چاہئیں جن کا ان پر حق ہے جو ۲۱ سال سے دھکے کھاتے پھرتے ہیں اس کے باوجود ان کو ان کا حق نہیں مل رہا ۔

وزیر بحالیات (خان غلام سرور خان) ۔ اس سوال کا جواب ہے "جی نہیں" اور نہ ہی دیا جا سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حمزہ صاحب خود بہت گھبرائے ہوئے ہیں اور اپنی بات کی وضاحت نہیں کر سکتے ۔ جو انہیں کہنا چاہئے وہ بھی وہ نہیں کہہ سکتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ سوال تو حمزہ صاحب کا جنرل سا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میرا خیال ہے کہ اس کا جواب مشکل ہے ۔

APPOINTMENT OF NAIB-TEHSILDARS IN PESHAWAR DIVISION

*13444. **Sardar Gul Zaman Khan**: Will the Minister for Revenue be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that some months ago the Commissioner, Peshawar Division recommended the names of 42 persons to the Board of Revenue for appointment as Naib-Tehsildars ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether it is a fact that no decision has so far been taken regarding the said appointments ; if so, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Agha Sadr-ud-Din Khan Durrani) : (a) No.

(b) Question does not arise.

COMPENSATION REHABILITATION BOOK No. 324708/LHR IV CB-3978

*13473. **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister for Rehabilitation be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Compensation Rehabilitation Book No. 324708/LHR-IV-CB-3978 bearing the names of Messrs Fazal Haq and Sharaf Din, sons of Fazal Elahi was deposited by the claimants concerned with the Deputy Settlement Commissioner, West Pakistan,—*vide* receitp No. LHR-IB-141, dated 12th September, 1963 for the satisfaction of their claim ;

(b) whether it is a fact that the said claim has not yet been satisfied even after the lapse of about 5 years ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, reasons therefor and when the payment against the said claim is likely to be made to the said claimants ?

Parliamentary Secretary (Agha Saje-ud-Din Khan Durrani): (a) Yes.

(b & c) The Compensation Book of Fazal Haq etc. was stolen from the office of the Deputy Settlement Commissioner, Centre-IV, Lahore and a case of loss was registered with the S.H.O., Mozang under FIR 311 dated 31.5.64. The enquiry has since been entrusted to the C.I.A. It has been reported that the Compensation Book has been traced at Quetta. Efforts are being made to obtain the Compensation Book from the Police Authorities and payment will be made as soon as it becomes available and is other wise in order.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس چوری شدہ کتاب کا سراغ کوئٹہ میں ملا ہے ؟

وزیر بحالیات (خان غلام سرور خان) جون ۱۹۶۴ء میں After sometime DC Quetta in his letter informed that it was in his office

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا آپ سمجھ رہے ہیں کہ جناب وزیر موصوف کیا پڑھ رہے ہیں ؟ مجھے تو کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا ۔ جناب سپیکر ۔ کم از کم وہ اتنا اونچا تو پڑھیں کہ ہم سن سکیں اور سننے کے بعد پھر سمجھنے کا سوال پیدا ہوتا ہوگا ۔

وزیر بحالیات ۔ کیا یہ بھی ضمنی سوال ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ وہ چاہتے ہیں کہ آپ اونچی آواز سے پڑھیں ۔

وزیر بحالیات ۔ اگر وہ سن نہیں سکتے تو اس میں میرا کیا قصور ہے ؟

مسٹر حمزہ ۔ یا تو ان کی قوت گویائی جاتی رہی ہے یا ہمارا ذہن کام نہیں کر رہا ۔

وزیر بحالیات ۔ بہت باتیں کرنے سے ان پر اثر ہوا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میرا خیال ہے کہ آپ کی قوت گویائی درست ہے اور ان کی قوت سماعت درست ہے ۔ (قہقہے)

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ یہ Compensation Book جب ۱۹۶۴ء میں مل گئی تو غریب آدمیوں کو ان کا معاوضہ دینے کی کیوں کوشش نہیں کی گئی ۔ کیا آئندہ کے لئے اس معاملے میں ذاتی دلچسپی لی جائیگی تاکہ غریبوں کا حق مل جائے ۔

وزیر بحالیات ۔ ضرور دلچسپی لی جائیگی ۔

THE WEST PAKISTAN GENERAL BUDGET FOR THE YEAR 1968-69

DISCUSSION ON DEMANDS FOR GRANTS FOR EXPENDITURE OTHER THAN NEW EXPENDITURE (GENERAL BUDGET)

Mr. Speaker : The House will now have discussion on Demands for Grants for Expenditure other than New Expenditure (General Budget).

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں اس سلسلہ میں یہ گذارش کرونگا کہ آپ نے ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ آج کے آرڈر پیپر میں بہت سی کٹوتیوں کی تحریکیں موجود ہیں ۔ ہم نے آپس میں مشورہ کیا ہے کہ ہم صرف محکمہ تعلیم کے متعلق کٹوتی کی تحریک پیش کریں گے جو کہ نمبر ۱ پر

حاجی صاحب کے نام پر درج ہے ۔ اور ان کی تائید میں میرے دوست اور میں بھی کچھ گذارشات اس ایوان میں پیش کریں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ گویا اس سے پہلے اور اس کے بعد جتنی تحریکات ہیں وہ آپ پیش نہیں کریں گے ۔ خواجہ صاحب ڈیمانڈ نمبر ۵ ، نمبر ۹ ، نمبر ۱۲ اور نمبر ۱۹ پر آپ نے جو کٹ موشنز کے نوٹس دیئے ہیں کیا ان میں سے آپ کوئی بھی پیش کرنا نہیں چاہتے ؟

حاجی سردار عطا محمد ۔ ٹائم اتنا نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : All these Cut Motions are not moved. Now, we pass on to Demand No. 19 and the first Cut Motion is by Haji Sardar Atta Muhammad.

Minister for Home : I had not finished my speech yesterday. Shall I be given an opportunity to finish my speech ?

Mr. Speaker : I am sorry, under the rules every question has to be put within the prescribed time. That stage was over at 1.30 P.M. yesterday. Now, we have passed on to the next item of the Budget.

Minister for Home : Are they moving Cut Motions regarding General Administration.

Mr. Speaker : No, they are not. The Minister can still carry on on the 28th or 29th.

Khawaja Muhammad Safdar : He can make a speech on the 29th.

Mr. Speaker : Yes, on the 29th. The Minister will have an opportunity on the 29th.

Yes, Haji Sahib.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں :۔

کہ ۶۷۰ ، ۴۵ ، ۳۴ ، ۳۲ روپے کی کل رقم بسلسلہ مد

۳۷ ۔ تعلیم ۔ دیگر اخراجات (متوالی) میں بقدر

ایک سو روپیہ تخفیف کی جائے ۔

Mr. Speaker : Motion moved is—

That the item of Rs. 32,32,45,670 on account of 37-Education-Other Expenditore (Recurring) be reduced by Rs. 100.

Minister for Education : Opposed.

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور ۔ ۲) ۔

رب شرح لی صدری ویسرلی امری

جناب سپیکر ۔ میں نے اپنی تمام تحریکات اسلئے پیش نہیں کیں کیونکہ تعلیم سب چیزوں کی بنیاد ہے یہ تمام چیزوں کو بگاڑتی یا بناتی ہے گذارش میری یہ ہے کہ تعلیم پر جتنی ہی باتیں کی جائیں وہ مہینے اور سال بھر چلتی رہیں گی ، وہ ختم نہیں ہوں گی ۔ لیکن جناب صحیح مفہوم جو تعلیم کا ہے وہ تو بیس برس میں اس پاکستان کے علاقہ کو یہاں کے لوگوں کو ابھی تک نصیب نہیں ہوا ۔ جو صحیح تعلیم ہے ۔ جب یہ لوگ صحیح تعلیم کی طرف دھیان نہیں کرتے ، رجوع نہیں کرتے تو ان کو کوئی حق نہیں کہ ایسا بجٹ پیش کریں ۔ جس سے بجائے بھلائی کے برائی پھیلے کیونکہ یہ تعلیم ایسی چیز ہے جس کی وجہ سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے ۔

و علم ادم اسمآء کلہا

علم دیا اللہ تعالیٰ نے آدم کو ان چیزوں کے اسماء کا ۔ پھر اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرشتوں کے روبرو ان کو رکھا اور ان سے کہا کہ وہ ہر چیز کا نام لے لیں یعنی ان کی ضرورت اور خواص کو بیان کریں ۔ اگر وہ سچے ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ وہ تعلیم تھی خلفائے راشدین کے وقت کی جب تک مسلم مملکت اور بادشاہ تھے ۔ انہوں نے اسی تعلیم کی تربیت دیتے ہوئے انسان کو انسان بنانے کی کوشش کی ۔ افسوس یہ ہے کہ یہ تعلیم جو یہاں اس وقت رائج ہے ہمیں کہاں سے ملی اور کس سے ملی ؟ اس کے جو نقائص تھے ان کو بھی ابھی ہم نے دور نہیں کیا ۔ یہ تعلیم ہمیں انگریز سے ملی ۔ انگریز نے یہ حربہ اس وجہ سے استعمال کیا کہ لوگوں کے دل و دماغ سے اسلام کا نام مٹ جائے ۔ لاکھوں انسانوں نے اپنی جانیں ، اپنی عصمتیں لٹائیں ، اپنی جاگیریں چھوڑیں ۔ محلات چھوڑے ، اپنے وطن چھوڑے ۔ بزرگان دین کے مزار چھوڑے مگر ان سب کا فائدہ نہیں ہوا ۔ ایک انگریز گیا ہے دوسرا ہم پر مسلط ہے ۔ ان میں کوئی فرق نہیں اور اگر کوئی مجھے بتائے کہ ان میں کیا فرق ہے تو میں اس کا احسان مند ہوں گا ۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسان کو زمین کے اوپر اپنا خلیفہ پیدا کیا ہے ۔

و اذاقال ربک للملکۃ انی جاعل فی الارض خلیفۃ

خلیفہ کے معنی نائب ہیں ۔ یہ کس نے دعا مانگی تھی کہ کوئی خلیفہ بنا ۔ جو قوم کی رہبری کرے اور انسان کے حقوق کو قائم کرے ۔

ربنا وابعث فیھم رسول منھم

اے ہمارے پروردگار ان میں ایک پیغمبر مقرر کیجئے ۔ جو انکو بھی آپ کی

آیات پڑھ کے سنایا کرے اس لئے جہاں تک تعلیم کا تعلق ہے ۔ وہ قرآن سے ہے ۔ جہاں تک اخلاق کا تعلق ہے وہ قرآن سے ہے یا نبی کریم کی سوانح سے ملتا ہے ۔ ہماری گورنمنٹ دعویٰ کرتی ہے مساوات کا بھی اخوت کا بھی لیکن انکو اس سے دور کا کوئی واسطہ نہیں نہ قرآن سے اور نہ نبی کریم کی سنت سے ۔ اس لئے میں گذارش کرونگا کہ ایسے لوگوں کو کوئی حق نہیں کہ وہ اس اسلامی ملک کی حکومت چلائیں یہ اس کے اہل نہیں ہیں ۔ انہوں نے اگر نجات حاصل کرنی ہے تو اپنی حالت کو تبدیل کریں ۔ ان کو حکومت انگریز سے ورثہ میں ملی ہے ان کو استعفیٰ دے دینا چاہئیے ۔ اور اس قوم پر ظلم نہیں کرنا چاہئیے اب تک یہاں جیسی تعلیم رائج ہے وہ ہمیں اسلام سے دور لے جا رہی ہے ۔ یہ تعلیم نہیں ایک ہنر اور کسب ہے ۔ جیسے درزی کا کام ہے ۔ وہ مشین سے کپڑے سیتا ہے اور روزی کماتا ہے ۔ اسی طریق سے یہ بھی روٹی کمانے کا طریقہ ہے ۔ اخوت اور اسلام کا اس سے دور کا واسطہ نہیں ۔ انگریز کی چھپی ہوئی کتابیں آپ نے رائج کی ہیں اور وہ ابھی تک چل رہی ہیں آپ ان کو تبدیل نہیں کرسکے ۔ خوش فہمی کی تعلیم یہ ہے ۔ خوش فہمی کی تعلیم میں ان کو پاک کریں افسوس ہے ہم اس کے نزدیک نہیں جاتے کہ ہم میں خوش فہمی پیدا ہو ۔ ہم میں اخلاق پیدا ہو ۔ ہم میں مساوات پیدا ہو ۔ ہم کو تعلیم پاک کرے ادھر بھی پاک کرے اور ادھر بھی پاک کرے ۔ کونسی آپ کو تعلیم ملی ہے جس کو آپ پکڑ کر بیٹھ گئے ہیں ۔

وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى
الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

ترجمہ اس طرح سے ہے ۔

(اور علم دے دیا اللہ تعالے نے آدم (علیہ السلام) کو کل چیزوں کے اسماء کا پھر وہ چیزیں فرشتوں کے روبرو پیش کر دیں ۔ پھر فرمایا مجھ کو ان چیزوں کے اسماء بتلا ۔ اگر تم سچے ہو)

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ
فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ
وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

(اور جس وقت حکم دیا ہم نے فرشتوں کو (اور جنوں کو بھی) کہ سجدہ میں گر جاؤ آدم علیہ السلام کے سامنے سو سب گرگئے سوائے ابلیس کے ۔ اس نے کہنا نہ مانا اور غرور میں آ گیا اور کافروں میں سے ہو گیا)

اس کے معنی یہ ہیں کہ اگر آپ اس تعلیم کے اوپر نہیں چلتے ہیں یا اسکی پروا نہیں کرتے ہیں یا اس کو نہیں اپناتے ہیں یا اس سے انکار کرتے ہیں ۔ انکار ایک تو زبان سے کرنا ہوتا ہے اور ایک دل سے نفرت کرنا ہے اگر انکار کرتے ہو تو کافروں میں سے ہو گے ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ تعلیم کو صحیح رستے پر لائیں تعلیم جو دنیا اور آخرت دونوں کیلئے نجات ہے ۔ جس وقت اللہ تعالے نے یہ فرمایا :-

قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ
مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝
اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝

(ہم نے حکم فرمایا کہ نیچے جاؤ۔ سب کے سب اس بہشت میں پھر اگر آؤ تو تمہارے پاس میری طرف سے کسی قسم کی ہدایت ہو سو جو شخص پیروی کرے گا میری اس ہدایت کی تو نہ کچھ اندیشہ ہو گا اس پر نہ ایسے لوگ غمگین ہوں گے)

دوسرے اللہ تعالے نے فرمایا ہے کہ۔

الرحمن علم القرآن

(رحمن نے قرآن کی تعلیم دی)

اس لئے اس وقت کی تعلیم سے مجھے انکار ہے مجھے رائے زنی کا حق ہے۔ جناب سپیکر۔ میں آپ کی وساطت سے گذارش کرتا ہوں کہ ایسی گورنمنٹ سے مجھے انکار ہے جس نے ۲۰ برس تک اپنی صحیح تعلیم کو نہیں اپنایا۔ اس گورنمنٹ کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ یہ دس سالہ جشن منائے۔ اس کو سوگ منانا چاہئے۔ جو خرابیاں اس بجٹ میں ہیں اس کے متعلق کچھ کہنے کو جی نہیں چاہتا۔ مشورہ آپ کے لئے ایسا ہے جیسے پانی کے اوپر فوٹو۔ بہر حال جتنی ہمدردی آپ نے قوم کے ساتھ کی اس کے متعلق گذارش کروں گا اس بناء پر آپ کا حق نہیں ہے کہ

آپ بجٹ یہاں پیش کریں ۔ بجٹ میں جتنی رقومات مختص کی ہیں وہ صوبائی لیول پر مختص کی ہیں علاقائی سطح پر مختص نہیں کی ہیں ۔ ان کو حق پہنچتا ہے کہ جتنے صاحب اقتدار لوگ ہیں یا جتنے وزیر صاحبان ہیں یا جتنے سیکرٹریز ہیں وہ اپنی مرضی سے اس کو استعمال کریں جس علاقے میں چاہیں استعمال کریں ۔ یہ اس علاقہ کی قسمت ہے کہ اس کو زیادہ پیسہ مل جائے یا جس علاقہ میں طاقت زیادہ ہو گی وہ اس سے فائدہ اٹھائے گا ۔ جو علاقے کمزور ہوں گے وہ اس سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکیں گے ۔ اس کے متعلق میں کئی ایسی مثالیں پیش کر سکتا ہوں ۔ اب ۹۶ کروڑ سے زائد رقم صوبائی سکیموں کیلئے رکھی گئی ہے یعنی ایک ارب کے قریب رقم رکھ دی ہے ۔ بہتر یہی ہوتا کہ آپ یہ تکلیف نہ کرتے کیونکہ بجٹ کی چھپائی کے اوپر قوم کا روپیہ کیوں ضائع کرتے ہیں ۔ آپ بجٹ کا کوئی حساب نہیں دیتے ہیں ۔ یہ ۹۶ کروڑ روپیہ ان کی اپنی جیب کا خرچ ہے ۔ یا جو آئندہ انتخابات ہونے والے ہیں اس پر ۹۶ کروڑ روپیہ خرچ کریں گے ؟ اس سے لوگوں کی خودداری خریدیں گے ۔ ان کی آزادی خریدیں گے اس لئے آپ نے یہ رقم مختص کی ہے ۔ اس کے متعلق میں نے بجٹ میں دیکھا ہے کہ انہوں نے صوبائی سطح پر رقم مختص کی ہے علاقائی سطح پر رقم نہیں رکھی ہے ۔

جناب والا ۔ پرائمری تعلیم کیلئے انہوں نے جتنی رقوم مختص کی ہیں وہ صوبائی سطح پر ہیں علاقائی سطح پر نہیں ہیں ۔ اس بات سے اندازہ لگایا جاتا ہے کہ یہ پسماندہ علاقے کے لوگوں کے حقوق چھین کر اپنی

مرضی اور اپنی من مانی سے رقم خرچ کریں گے ۔ ایسی کئی مثالیں آپ کو بجٹ میں ملیں گی ۔ یہ ہر سال بڑا بجٹ دکھا دیتے ہیں لیکن چھوٹے چھوٹے علاقوں پر خرچ نہیں کرتے وہ پیسے پھر واپس لے آتے ہیں ۔ انہوں نے ایسے افسران مقرر کئے ہوئے ہیں اور ان کو یہ ہدایات ہیں کہ وہاں روپیہ خرچ نہ کرو ۔ روپیہ واپس کرنے پر یہ اپنی مرضی سے جہاں جی چاہے خرچ کر لیں گے ۔ اب میں دوسرے چھوٹے علاقوں کے متعلق گذارش نہیں کرتا کیونکہ ہمارے دوستوں نے اپنے اپنے علاقے کے متعلق فرمایا ہے ۔ اب میں اپنے ریجن حیدرآباد یعنی سابقہ صوبہ سندھ کے متعلق گذارش کروں گا ۔ وہاں محکمہ تعلیم نے ترقیاتی کاموں پر ۱۴ کروڑ ۹ لاکھ کی رقم رکھی ہے اس میں حیدرآباد ڈویژن کو ۲۹ لاکھ ۱۹ ہزار روپیہ ملا ہے ۔ خیرپور ڈویژن کو صرف ایک لاکھ روپیہ دیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ کس چیز کیلئے ؟

حاجی سردار عطا محمد ۔ جو نئے ترقیاتی کام ہیں اس کیلئے روپیہ دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ محکمہ تعلیم کے لئے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ ایک لاکھ روپیہ خیرپور ڈویژن کیلئے دیا ہے اس لئے کہ یہ بڑا ترقی یافتہ علاقہ ہے ۔ اور یونیورسٹیز کو ۱ کروڑ ۲۲ لاکھ روپے ملے ہیں اس ترقیاتی رقم میں سے سندھ یونیورسٹی کو ۲۹ لاکھ روپیے ملے ہیں ۔ حالت یہ ہے کہ ۲۹ لاکھ روپیہ جو آپ نے دیا ہے مجھے یقین ہے کہ یہ بھی آپ نہیں دیں گے ۔ پچھلے سال

دو لاکھ روپیہ یونیورسٹی کی عمارت کیلئے مختص کیا گیا تھا اس میں دو ہزار روپیہ خرچ کیا باقی روپیہ خرچ نہیں کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ کی کٹوتی کی جو تحریک ہے وہ غیر ترقیاتی کاموں کے متعلق ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جی جناب ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے کٹوتی کی جو تحریک دی ہے وہ غیر ترقیاتی اخراجات سے متعلق ہے ۔ آپ ترقیاتی اخراجات کے متعلق فرما رہے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں عرض کرتا ہوں ۔ سیکنڈری تعلیم پر ۳ کروڑ ۸۸ لاکھ روپیہ کی رقم رکھی ہے ۔ اس میں سے ۳ لاکھ ۵ ہزار روپیہ صرف کیڈٹ کالج پشاور جس میں رائل فیملی کے بچے پڑھتے ہیں غریب کا بچہ کوئی نہیں پڑھتا ہے اور وہ تعلیم کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے ۔ ہمارے وزیر صاحب کو یہ بھی معلوم ہو گا کہ دو سال ہوئے انہوں نے بارہ سو اساتذہ کو جو کہ پرائمری سکولوں سے تعلق رکھتے تھے نکال باہر کیا ہے ۔ ان میں ایسے ایسے اساتذہ بھی شامل تھے کہ جن کو ملازمت کرتے ہوئے پانچ پانچ دس دس سال گذر چکے تھے لیکن اس کے باوجود بھی ان کی ملازمت کا کوئی خیال نہیں رکھا گیا اور انہیں ملازمت سے نکال دیا گیا ۔ میں نے اس مسئلے کے متعلق قرار دادیں بھی اس معزز ایوان میں پیش کی تھیں لیکن ان کے جواب میں صرف زبانی دلاسا ہی دیا گیا ۔ اسی طرح کئی سالوں سے لیکچراروں کی اسامیاں خالی پڑی ہیں لیکن ابھی تک پبلک سروس کمیشن نے اس بارے میں کسی قسم کا کوئی امتحان نہیں لیا ۔ جو

لوگ ۶۷ - ۱۹۶۶ء میں کامیاب ہوئے ہیں ان کو بھی اس لئے مقرر نہیں کیا گیا کہ دوسرے علاقے کے لوگوں کو confirm کر لیا جائے تاکہ ان کی سینیارٹی ان سے بڑھ جائے اور اس کے بعد ہی ان لوگوں کو مقرر کیا جائے - آپ کا موجودہ جو نظام تعلیم ہے اس کے تحت جو غریب اساتذہ پنشن پر چلے جاتے ہیں ان کو کافی عرصہ تک پنشن نہیں ملتی حالانکہ ان بیچاروں کا گذارہ ہی تنخواہ پر ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود بھی ان کو پنشن نہیں ملتی اور بیچارے ملک کے دور دراز علاقوں سے اپنی پنشن کے سلسلے میں ایک جگہ سے دوسری جگہ کو آتے جاتے رہتے ہیں - اور مرنے سے پہلے ان کا پنشن سے زیادہ پنشن حاصل کرنے پر خرچ ہو جاتا ہے - اسی طرح جی - پی فنڈ کا بھی آپ کا کوئی حساب نہیں ہے اور نہ آپ کسی کا حساب ٹھیک رکھ سکتے ہیں جس کے لئے وہ چیختے رہتے ہیں - اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ خیر پور میں کوئی پولی ٹیکنیک سکول نہیں ہے - آپ ان سکولوں میں ساٹھ فیصد مقامی طلباء کو لیتے ہیں اور چالیس فیصد باہر سے لیتے ہیں لیکن آپ بیس سے پچیس فیصد تک مقامی طلباء کو بھی ان سکولوں میں نہیں لیتے - اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ جو پرنسپل ان سکولوں میں لگاتے ہیں یا وہاں پر جو افسر متعین کئے جاتے ہیں تو ان کے ذہن میں یہ بات رچی بسی ہوتی ہے یا پھر آپ خود ہی ان کو یہ بات سمجھا کر بھجواتے ہیں کہ وہ ایسا کریں جس کی وجہ سے لوگوں میں ان کے خلاف تو خیر لیکن حکومت کے خلاف نفرت پھیلتی ہے اس لئے لوگ چیختے ہیں کہ یہ کیا بولٹ بنایا ہے - لیکن اللہ تعالیٰ نے انسان کو کسی ایک فرد کے لئے یا کسی سندھ ، سرحد یا پاکستان کے لئے خلیفہ نہیں بنایا بلکہ اس نے اسے ساری دنیا کے لئے خلیفہ بنایا ہے - لیکن لوگوں کو آپ اتنا تنگ کر

رہے ہیں کہ وہ یہ بات کہنے پر مجبور ہیں کہ آپ صرف اپنا گھر سنوار رہے ہیں اور باقی قوم کو اللہ کے حوالے کر دیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ ہمارے وزیر تعلیم صاحب بڑے ایماندار اور راست گو ہیں اور وہ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ وہاں پر اردو انگریزی ، فارسی یا عربی ہے اور جو شخص اردو فاضل کا امتحان پاس کرتا ہے تو اس کو پانچ increments دیتے ہیں لیکن جس مقامی زبان کو آپ نے تسلیم بھی کیا ہے اور جو وہاں کی سالہا سال سے مقامی زبان چلی آ رہی ہے اس کو آپ وہ ترقی نہیں دینا چاہتے اس لئے کہ آپ کو اس زبان سے محبت نہیں ہے بلکہ آپ کو اس سے نفرت ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے پنجاب یا دوسرے علاقوں کا تو علم نہیں ہے لیکن سندھ میں انگریزوں کے زمانے میں ملا سکول کھولے تھے لیکن اب ان کو بند کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور یہ اس لئے کر رہے ہیں کہ وہاں پر قرآن کی تعلیم دی جاتی ہے اور یہ سمجھتے ہیں کہ اگر وہ لوگ قرآن شریف کی تعلیم سے بہرہ ور ہو گئے تو ان کو یہ ڈر ہے کہ وہ اپنے آپ کو پہچان لیں گے اور اگر وہ اپنے آپ کو پہچان گئے تو پھر یہ لوگ ایک منٹ کے لئے بھی غلط طریقے سے ان پر مسلط نہیں ہو سکیں گے ۔ اس لئے یہ کوشش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے آپ کو نہ پہچانیں ۔

جناب سپیکر ۔ اسی طرح انگریزوں نے یہاں پر اپنے ملک کے مطابق چھٹیاں مقرر کی تھیں اور یہ بھی اسی طرح دو دو مہینے کی چھٹیاں بچوں کو دیتے ہیں ۔ حالانکہ ہمارے ملک میں نہ تو گرمی اتنی شدید ہوتی ہے اور نہ ہی سردی اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ جس کی وجہ سے بچے نہ پڑھ سکیں اس لئے اس طرح سے ان کا وقت بیکار چلا جاتا ہے ۔ اگر آپ نے ان کو چھٹیاں دینی ہی ہیں تو آپ رمضان شریف یا اسی طرح کسی اور مہینے میں چھٹیاں دے

دیا کریں ورنہ اتنی زیادہ چھٹیاں دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے - اسی طرح آپ نے اساتذہ کی چھٹیاں بھی کم کر دی ہیں - اس سے کیا فائدہ ہے - ان کو پوری چھٹیاں دیں جس طرح کہ آپ دیگر ملازمین کو دیتے ہیں - لیکن آپ نے ان کی چھٹیاں کم کرکے دھ کر دی ہیں -

جناب سپیکر - آپ نے گیس پیپرز کی اجازت دے رکھی ہے جس کی وجہ سے آپ کی تعلیم کا یہ عالم ہے کہ اب ہر آدمی یہ چاہتا ہے کہ اس کا گھر پورا ہو اور اسے پیسے ملیں - وہ یونیورسٹی والوں سے مل کر اور وہ ان سے رشوت لے کر ان کو اجازت دے دیتے ہیں کہ وہ ایک دو مہینے پہلے اپنے گیس پیپرز شائع کر دیں اور ان ہی گیس پیپرز سے عموماً سوالات آتے ہیں - اسی وجہ سے آپ کا تعلیمی معیار گر رہا ہے - لڑکے اس لئے محنت نہیں کرتے کہ ان کو پتہ ہے کہ وہ ان گیس پیپرز کے ذریعے پاس ہو جائیں گے - آپ یقین کریں کہ آپ کا کلاس ۱ افسر بھی خود ایک سطر نہیں لکھ سکتا اور وہ اپنے ماتحت کلرکوں سے کام نکالتا ہے - یہ تو ان کا تعلیمی معیار ہے - تو پھر ان کو حق پہنچتا ہے کہ وہ یہ بجٹ یہاں پر پیش کریں اور قوم کے خون پسینے کی کمائی کو اس طرح سے ضائع کریں - ان کو اس کا کوئی حق نہیں ہے اور میں اس سے کبھی اتفاق نہیں کروں گا - لڑکے آوارہ گھومتے پھرتے رہتے ہیں - ہماری حکومت نے ہماری نئی پود کو خراب کر دیا ہے - خدا جانے اس سے آگے کیا ہوگا - اس کے علاوہ ٹیکسٹ بک بورڈ جو نصابی کتابیں شائع کرتا ہے وہ اپریل میں شائع کرتا ہے - حالانکہ وہ جنوری میں امتحان لیتے ہیں - خدا جانے یہ ناشر لوگ کس طرح چوری چھپے مارکیٹ میں وقت سے پہلے کتابیں لے کر آتے ہیں جن کو بھاری قیمتوں کے عوض بیچا جاتا ہے - تو اگر وہ اپریل میں طلباء کو کتابیں مہیا کریں تو یہ تعلیم لڑکوں میں کس طرح مقبول ہو گی - اس کے علاوہ جب

لڑکے امتحان دینے کے لئے جاتے ہیں تو باہر دروازے پر یا گلی کوچے میں ممتحن کو کہا جاتا ہے کہ فلاں لڑکے کو نقل کرنے سے مت روکو یا اس کے ساتھ زیادتی کی تو ہم تم سے نمٹ لیں گے ۔ یہ تو آپ کا لاء اینڈ آرڈر ہے ۔ چونکہ وہ لوگ اپنے آپ کو محفوظ نہیں سمجھتے اس لئے وہ کسی سے تعرض نہیں کرتے ۔ اس کے علاوہ جب پرچے check کرنے والوں کے پاس جاتے ہیں تو جتنے بااثر لوگ ہوتے ہیں وہ سفارش کروا کے یا پیسے دے کر اپنی ڈویژن بنا لیتے ہیں ۔ اس لئے جتنے بھی غریب طلباء ہیں وہ آپ کے اس نظام تعلیم سے مایوس ہو چکے ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ اب تعلیم سے کیا حاصل ہے ۔ جب پیسہ دے کر کام نکلتا ہے تو یہ ہمارے بس سے باہر ہے ۔ چونکہ نظام حکومت تعلیم یافتہ طبقہ کے بغیر نہیں چل سکتا اس لئے یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم معیار تعلیم کو گرنے نہ دیں اور طلباء کے لئے ضروری مراعات کا بندوبست کریں ۔ اسی سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ آپ کے پبلک سکولوں کی یہ حالت ہے کہ وہاں پر ہر بچہ دو اڑھائی سو روپے ماہوار خرچ کرتا ہے تو اس کے بعد ہی اسے داخلہ مل سکتا ہے جو کہ ایک غریب آدمی کی بساط سے باہر ہے ، یہ ایک مزدور کی طاقت سے باہر ہے اور نہ ہی اس قسم کا خرچ آپ کے کلاس ۳ اور کلاس ۴ کے ملازمین برداشت کر سکتے ہیں ۔ ان کے مقابلے میں آپ یہ دیکھیں کہ جو پرائمری سکول آپ نے کھولے ہوئے ہیں اس پر آپ کا کتنا خرچ ہوتا ہے ۔ آپ اس طرح قوم کی اسی پچاسی فیصد آبادی کی کمائی کا پیسہ بڑے لوگوں کے بچوں پر صرف کرتے ہیں ۔ اور آپ کو غریب لوگوں کے بچوں کی تعلیم کا کوئی احساس نہیں ہے ۔ اسلامی تعلیم کے متعلق ہمارے وزراء صاحبان یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ اسے لازمی قرار دے دیا گیا ہے شاید وہ صحیح کہتے ہوں ۔ انہوں نے پرائمری کلاسوں کے چوتھے درجے تک قرآن کے ۱۶ سپاروں کی حد قائم کر رکھی ہے مگر ہمارے معاشرے میں عموماً بچوں کو پندرہ

سولہ سپارے تو گھر میں ہی پڑھا دیئے جاتے ہیں لہذا ان کو چاہئے کہ وہ چوتھی پانچویں کے درجے تک ان کو پورا قرآن پڑھائیں ۔ روز بچوں کو اس کے معنی سمجھائیں ۔ آپ کو قرآن کے مطابق نظام تعلیم قائم کرنا چاہئے قرآن آپ کو ہر چیز کے متعلق بتاتا ہے ۔ لیکچراروں کی اسامیوں کو پر کرنے کا جو طریقہ آپ نے رائج کیا ہے وہ صوبائی تعصب سے خالی نہیں ۔ میرے خیال میں یہ علاقائی بنیادوں پر ہونا چاہئے تاکہ کسی خاص علاقے کے لوگ جو کم تعلیم یافتہ ہوں ان کو بھی فائدہ ہو اور ان کا کام کرنے کا شوق بڑھے ۔

دوسرے جناب والا ۔ آپ کو یہ مخلوط تعلیم کا نقشہ کہاں سے مل گیا قرآن تو اس کے متعلق یہ فرماتا ہے کہ آنکھیں بند کر لو اور نہ دیکھو ایک دوسرے کو ۔ اس طریقے سے اپنے پاؤں چلاؤ کہ پاؤں کی آواز باہر نہ جائے ۔ ہم اسلام کے نام پر ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں مگر آپ خود تو پہلے مسلمان نہیں اور قوم کو مسلمان بنانے کی کوشش کریں ہم خود مسلمان تو بنتے نہیں دوسروں کے لئے تبلیغ کیا کریں گے ۔ اگر آپ نے لڑکیوں کو تعلیم دینی ہے تو ان کے لئے علیحدہ سکول اور کالج قائم کریں اور پھر میں جناب والا ۔ آپ کی وساطت سے وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ لائبریریوں میں رکھی گئی کتابوں کا بھی معائنہ کریں کہیں ان میں ایسا مواد تو شامل نہیں کر دیا گیا جو بچوں کو مذہب سے دور کر دے ۔

اس کے بعد میں عرض کروں گا کہ آپ نے ۱۹۶۳-۶۴ء یا ۱۹۶۴-۶۵ء میں جو سکول بنائے ہیں ان کی حالت بھی خاطر خواہ نہیں ہے حکومت ان کی طرف کوئی توجہ نہیں دے رہی ہے ۔ سکولوں میں ہوسٹل نہیں ہیں اور انہیں اور کئی دوسری سہولتوں سے بھی محروم رکھا جا رہا ہے اس سلسلے

میں میں گذارش کروں گا کہ ان سکولوں کا معائنہ کیا جائے اور زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کی جائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ اپنی تقریر ختم کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں جناب والا ۔ ایک حوالہ دے کر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Haji Sahib may please take his seat. The Finance Minister may please move over to his seat (*a pause*).

کرمالی صاحب ۔ اسمبلی سیکرٹریٹ نے مجھے اطلاع دی ہے کہ آپ کے پرائیویٹ سیکرٹری نے اسمبلی سیکرٹریٹ کے سٹاف سے misbehave کیا ہے ۔

I take a serious notice of it and the Minister should also take a very serious notice of it.

Minister for Finance : I am very sorry. Did it happen today Sir?

Mr. Speaker : Just now.

Minister for Finance : I will check up the matter.

آپ بھی اس کی مزید تسلی کر لیں ۔

If he is found guilty .....

Mr. Speaker : I have been informed just now.

Minister of Frinance : I am very sorry to hear it.

Mr. Speaker : He has absolutely no right to intimidate the Assembly staff, and he should behave in future.

Minister of Finance : Very well Sir.

حاجی سردار عطا محمد ۔ شرم و حیا کے متعلق عرض کروں گا ۔

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ط

پ ۱۸ ۔ س ۲۴ ۔ آیت ۳۰ و ۳۱

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ ۔

میں آپ کی وساطت سے منسٹر صاحب سے گذارش کروں گا کہ یہ سن لیں ۔

کہہ دیجئے مسلمان مردوں کو نیچی کر لیں اپنی نگاہیں ۔ اور حفاظت کریں اپنی شرم گاہوں کی ۔ کہہ دیجئے مسلمان عورتوں کو کہ نیچی کر لیں اپنی نگاہیں ۔ اور حفاظت کریں اپنی شرم گاہوں کی اور نہ ظاہر کریں اپنی زینت کو ۔ آپ دیکھتے ہیں کہ عورتیں اپنے لباس سے بے حیائی کی دعوت دیتی ہیں ۔ کیا یہ آپ کی تعلیم ہے ۔ پھر فرمایا ہے ۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ۔

(اے نبی کہہ دیجئے اپنی بیبیوں اور بیٹیوں
اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہ لٹکا لیا کریں
اپنے اوپر چادریں ۔ یہ بات زیادہ قریب ہے اس
سے کہ وہ پہچانی جائیں ۔)

اب آپ اندازہ لگائیں کہ کون نہیں پہچانا جاتا کہ یہ لڑکا ہے یا لڑکی ہے یا عورت ہے ۔ آپ نے یہ سبق کہاں سے سیکھا ہے ۔ اس تعلیم کو ٹوکری میں پھینک دیں ۔ یہ کس کام کی تعلیم ہے یہ تو پیسہ ضائع کرنا ہے ۔ دراصل اسلامی تعلیم حاصل کرنی چاہئے اور اس کے علاوہ آپ دوسری زبانوں میں بھی تعلیم دیں ۔ اس سے ہمیں گریز نہیں ہمارا تو یہ مقصد ہونا چاہئے کہ اخلاق صحیح ہو اور یہ چیز آپ کو صرف اسلامی تعلیم سے ملے گی جس کو آپ نے پرایا سمجھ کر چھوڑ دیا ہے ۔

آپ آزادی کو قائم رکھنا چاہتے ہیں تو لوگوں کو اخلاق سکھائیں ۔ لوٹ کھسوٹ سے بچائیں ۔ غیر اسلامی تعلیم سے زیادہ محبت نہ ہونے دیں ۔ رشوت لینے سے گریز کریں ۔ چوری ، ڈاکہ اور غیر اخلاقی کام سے پرہیز کریں ۔ ان کو ایسی تعلیم دیں جس سے ان کے دل میں خدا کا خوف ہو ۔ آپ کو تو کسی کا ڈر نہیں ۔ جب آپ خود ایسے کام کرتے ہیں تو آپ دوسروں کو کیسے منع کر سکتے ہیں اس کا تو یہاں کوئی ذکر نہیں ۔ آپ کبھی کبھی سکریننگ کر لیتے ہیں اور وہ بھی چھوٹے اہلکاروں کی سکریننگ کرتے ہیں ۔ آپ پر فرض ہے کہ پہلے آپ اپنی سکریننگ کریں بعد میں دوسروں کی سکریننگ کریں ۔ میں اس بجٹ کی سخت مخالفت کرتا ہوں ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ سپیکر صاحب آپ کی بڑی بڑی مہربانی ہے کہ آپ نے مجھے وقت دیا ہے ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی - ۱) - جناب والا - محکمہ تعلیم چار سال کی لگاتار کوشش کے باوجود تیسرے پنج سالہ منصوبہ کے آدھے سے کم target تک پہنچ سکا ہے اور میرے خیال میں عوام کے لئے یہ محکمہ تعلیم اپنے اس کام میں انتہائی بری طرح ناکامیاب ہوا ہے - اس کی کیا وجہ ہے کہ وہ کیوں کامیاب نہیں ہوئے - جب تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں target تک پہنچنے کی کوشش کرنی چاہئے تھی - چار سال میں صرف ۱/۳ حصہ تک پہنچے ہیں پورے target تک پہنچنا تو درکنار - شاید اپنی ناکامیوں کو چھپانے کے لئے اب ہائی سیکنڈری تعلیم میں سائنس اور حساب کو modernize کر رہے ہیں اور اب امریکن طریقہ پر پڑھانے کا بندوبست کر دیا ہے -

جناب والا - تعلیم کا کوئی مقصد ہوتا ہے - تعلیم کے پس منظر میں کوئی فلسفہ ہوتا ہے مثلاً آپ روس کو لیجئے - وہاں پر نصاب اور سیلیبس اور کتب تیار کی جاتی ہیں تو ان کا کوئی مقصد ہوتا ہے - ان کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ کمیونزم یا فاشزم کو رائج کیا جائے - اسی طرح امریکہ یا برطانیہ کی طرز تعلیم میں capitalist democracy کو فروغ دینے کی کوشش کی جاتی ہے - لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہمارے نصاب یا طرز تعلیم کو جب ترتیب دیا جاتا ہے تو اس بات کو بالکل نظر انداز کر دیا جاتا ہے کہ پاکستان ایک نظریاتی مملکت ہے - جیسا کہ قائد اعظم نے فرمایا تھا کہ پاکستان کا مطلب ہے - لا الہ الا اللہ - اپنے بچوں کو اس مقصد کے حصول کے لئے تعلیم دیں - اب دیکھنا یہ ہے کہ اس میں ہم کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں اور ہمارا نصاب جو ہم ترتیب دیتے ہیں کیا وہ اس کے مطابق ہے - غور سے دیکھیں تو ہم جب اپنا نصاب ترتیب دیتے ہیں تو ہماری یہ کوشش ہوتی ہے کہ ہم یورپ اور امریکہ کی بھونڈی نقل کرتے ہیں - جس طریقہ سے

وہ پڑھا رہے ہیں اسی طریقہ سے ہم پڑھانے کی کوشش کرتے ہیں ہم اس طریقہ تعلیم کو modernize کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ چاہے وہ mathematics ہو یا science ہو ۔

جناب والا ۔ ہماری آنے والی نسلیں اس modernization کو اپنانے کے بعد اس کے اصول کو جان لیں گی ۔ نہ تو ان کا کوئی کلچر ہو گا نہ کوئی moral ethics ہوں گے ۔ وہ بھی دونوں ہاتھوں سے رشوت اور دولت بٹورنے کی طرف دوڑنے لگیں گے ۔

جناب والا ۔ ہائی سکول تین قسم کے ہوتے ہیں گورنمنٹ ہائی سکول ۔ لوکل باڈیز یا ڈسٹرکٹ اور میونسپل کمیٹیوں کے ہائی سکول ۔ تیسرے وہ سکول جو privately managed ہوتے ہیں ۔ ان تمام میں صرف ۳۳ فیصد سرکاری ہوتے ہیں ۔ ۶۷ فیصد لوکل باڈیز کے یا وہ جو privately managed schools ہیں ان ۶۷ فیصد سکولوں میں بہ مشکل صرف ۵ فیصد qualified graduates ہوتے ہیں ۔ جو سائنس اور ریاضی کے لئے مقرر ہوتے ہیں ۔ جو ان طلباء کو تعلیم دیتے ہیں ۔ باقی صرف graduates یا under graduates ہوتے ہیں جو ان ضمونوں میں طلباء کو تعلیم دیتے ہیں ۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ جب وہ خود سائنس یا ریاضی کو نہیں سمجھتے تو وہ بیچارے غریب طلباء کو کیا تعلیم دیں گے ۔ اب جناب والا ۔ یہاں کیا جدید یا ماڈرن یا امریکن طریقہ جو ہم نے رائج کیا ہے وہ mathematics اور سائنس کے لئے ہے ۔ جب یہاں پر اساتذہ خود ان مضامین کو باوجود اس کے کہ وہ mathematics اور سائنس کے گریجوایٹ ہیں ان کے لئے

سمجھنا اور سمجھانا آسان نہیں تو وہ جو ان مضمونوں کے گریجوایٹ نہیں ہیں وہ ان کو کیا سمجھیں گے ۔ اور پھر طلباء کو کیا تعلیم دیں گے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہمارا ۸۰ فیصد طبقہ وہ ہے جو دیہات میں رہتا ہے ۔ mathematics اور سائنس کے اس ماڈرن طریقہ سے سب سے زیادہ یہ دیہاتی طبقہ متاثر ہوگا ۔ میرے خیال میں آئندہ پانچ چھ سالوں میں یہ دیہاتی طبقہ کوئی ایسے طلباء آپ کے پاس بھیج سکے گا جو medicine اور engineering کالجوں میں داخلہ لے سکیں کیونکہ جب ان کے گریجوایٹ اساتذہ qualified نہیں تو ان مضامین کو امریکن طرز پر پڑھائیں گے تو وہ کیا پڑھائیں گے یا کیا تعلیم دیں گے ۔ admission کے لئے جو ان کی requirements ہوں گی وہ بھی پوری نہیں کر سکیں گے ۔ جناب والا ۔ یہاں یہ کیا جا رہا ہے کہ نئی طرزتعلیم جاری ہے اس کے تحت یہ مضامین یعنی mathematics اور science طلباء کو نئی اور جدید روشنی میں پڑھائے جائیں گے ۔ انہیں سائنٹیفک ریسرچ discoveries اور inventions سے روشناس کرایا جائے گا اور انہیں space age کے لئے تیار کیا جائے گا ۔ اب جو دسویں جماعت کے طالب علم ہیں ان کا یہ aptitude ہے یا نہیں کہ سائنس کے اس قدر مضامین جو ماڈرن طریقہ پر پڑھائے جانے والے ہیں ان کو سمجھ سکیں یا نہ سمجھ سکیں ان کے دماغ ان مضامین کو قبول کر سکیں یا نہ کر سکیں لیکن آپ ان پر ان مضامین کو ٹھونسنے کی کوشش کریں گے اسکا نتیجہ یہ ہو گا کہ انہیں ان مضامین سے ایک نفرت سی ہو جائے گی اور بجائے اس کے کہ وہ طلباء space age کے لئے تیار ہوں وہ نہ space age کے لئے تیار ہوں گے اور نہ ہمارے کام کے

رہیں گے ۔ مثلاً آپ دیکھیں کہ trignometry وغیرہ کو انٹرمیڈیٹ سے نکال کر اب اسے ایڈوانس لیول پر لا کر میٹرک کے نصاب میں داخل کیا گیا ہے اور اسکو بھی modernise کر کے داخل کیا گیا ہے یعنی modernization یہ ہے کہ لائین یہ ہے اور سرکل یہ ہے تو اب ان چیزوں کو omit کر دیا گیا ہے ۔ اب اس کو لائین نہیں کہیں گے اور اس کو سرکل نہیں کہیں گے بلکہ دوسرے سائنٹیفک طریقہ پر اب atomic structure کو پڑھائیں گے اور اسی طرح نویں اور دسویں جماعت میں physics میں راکٹ اور atomic structure بھی رکھا گیا ہے جب کہ ان مضامین کی اصل بنیاد ہی ان طلباء کو نہیں معلوم ہو گی کہ راکٹ کی اصل اور بنیاد کیا ہے تو نویں اور دسویں جماعت کے طلباء کے لئے اس کا سمجھنا آسان بات نہیں ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ آپ modernise تعلیم نہ دیں لیکن دیکھنا یہ ہے کہ جس طریقہ سے آپ ان کو modernise کر رہے ہیں کیا وہ اس وقت ان حالات کے مطابق مفید ہے یا نہیں ۔ جناب والا ۔ atomic structure پر جو سائنس میں کتب ہیں اگر آپ ان کو دیکھیں تو معلوم ہو گا کہ شروع میں محکمہ تعلیم کے کچھ افراد کے ایک گروہ نے modernise کے نام پر اس نصاب کی تبدیلی حکومت سے اجازت لے لی مگر انہوں نے یہ کیا مگر انہوں نے پرانے تجربہ کار سائنسدان ریاضی دانوں اور وہ پروفیسرز جنہوں نے سائنس پر تصنیفات کی ہیں ان کو اس گروپ سے علیحدہ کر دیا اور خود غیر ممالک سے اور خاص طور پر امریکہ سے کتابیں حاصل کر کے ان کے اوراق پھاڑ پھاڑ کر stencil کرنا شروع کر دیا اور صرف یہی نہیں بلکہ جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ "نقل را عقل باید" امریکہ سے ان کتب کو لے کر ان کے اوراق پھاڑ کر جیسے ان

کے دماغ میں آیا کیا اور اس میں ربط پیدا کرنے کے لئے اور ان کو چلانے کے لئے کچھ نہ کچھ خود بھی لکھا تو اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ نہ یہ تیتر ہے اور نہ بٹیر ۔ یہ بچوں کو کیا سمجھائیں گے اور بچے اس کو کیا سمجھیں گے اس کی وجہ یہی ہو سکتی ہے کہ جن اصحاب نے یہ کتب اور syllabus نصاب کے لئے بنایا ہے ان کو ہائی سکول اور سیکنڈری سکول میں پڑھانے کا تجربہ نہیں تھا اگر انہیں تجربہ تھا تو یونیورسٹیوں اور کالجوں میں پڑھانے کا تھا ۔ اب آپ یہ دیکھئے کہ انٹرمیڈیٹ میں atomic structure پر جو مضمون ہے وہ اتنا advanced ہے کہ اسے آج کل ایم ۔ ایس ۔ سی میں پڑھایا جاتا ہے اس سے اندازہ لگائیے کہ ایک ایف ۔ اے کا طالب علم ایم ۔ ایس۔ سی کے مضامین کو کیسے آسانی سے سمجھ سکتا ہے ۔ پہلے جو ہمارا تصور تھا اس کو ہم بھول گئے ہیں اور اب ہمنے یہ کوشش شروع کر دی ہے کہ ہم ایک دم سے چھلانگ مار کر اس جگہ پر پہونچ جائیں جہاں پر امریکہ نے اپنا طرز تعلیم رائج کیا ہے ۔ آپ کو بخوبی علم ہے کہ طلباء نے دیہات میں تھرمامیٹر بھی نہیں دیکھا ہے چہ جائیکہ آپ ان کو atomic research کا طالب علم بنانے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ اس کی implication یہ ہو گی کہ سائنس کے جو experiment رائج کئے جائیں گے اس کو سکھانے کے لئے ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں اور جب ہمارے وسائل محدود ہیں تو یہ جو نیا طرز تعلیم رائج کیا گیا ہے اس سے ۹۰ ۔ فیصد ہماری جو سائنس کی laboratories ہیں انکے آلات فرسودہ ہو جائیں ۔ آپکو معلوم ہے کہ یہ آلات عام طور پر بازار میں نہیں ملتے ہیں ان کو لینے کے لئے ہم کو پھر امریکہ کا محتاج ہونا پڑے گا اور جو سائنس کے آلات ہمیں امریکہ وغیرہ سے مل

رہے ہیں وہ پہلے ہی ناکافی ہیں اور آپکو یہ بھی معلوم ہے کہ ۷۰ - ۸۰ برس سے کالجوں اور یونیورسٹیوں میں سائنس کے لئے laboratories کو equip کیا گیا تھا ماڈرن equipment نہ ہونے کی وجہ سے وہ کیسے equip ہوں گی ۔ اب تعلیم کے سلسلے میں مجھے یہ محسوس ہو رہا ہے کہ جیسے ہمیں اور چیزوں میں امریکہ کی محتاجی ہے ویسے ہمیں تعلیم کے معاملہ میں بھی امریکہ کا محتاج ہونا پڑے گا کیونکہ کوئی ایسا پراویژن نہیں ہے کہ جس کے تحت ہم یہ آلات اور یہ سامان اپنے ملک میں بنا سکیں اور اس نصاب کو خاص طور پر پڑھانے کے لئے ہم زیادہ زور دے رہے ہیں اور وہاں پر پہلے ہی qualified اور ٹرینڈ ٹیچر نہیں ہیں تو جہاں پر ہماری ۸۰ - فیصد آبادی ہے وہاں جب qualified ٹرینڈ ٹیچر کم سے کم جو گریجویٹ ہوں وہی دیہاتی علاقوں میں پڑھا سکیں گے وگرنہ ان مضامین کو وہاں نہیں پڑھایا جا سکے گا ۔ جس کا نتیجہ ظاہر ہے کہ کیا ہو گا ۔ پھر یہی نہیں جیسا کہ آپکو معلوم ہے کہ پرائیویٹ انسٹی ٹیوشن اور لوکل باڈیز کے جو انسٹی ٹیوشن ہیں ان میں پہلے ہی اس قدر کم تنخواہ ملتی ہے کہ وہاں پر ٹیچر نہیں جاتے آپکو یہ بھی معلوم ہے کہ اب ہمارے یہاں ٹیچر کافی پڑھے لکھے ہو گئے ہیں ۔ لیکن آپ کے پاس ان کو engage کرنے کے لئے اور انہیں ملازم رکھنے کے لئے فنڈز نہیں ہیں اس لئے بیشتر سکولوں میں اساتذہ کی کمی ہے تو qualified ٹیچرز کو جب آپ ۱۰۰ یا ڈیڑھ سو پر نوکر رکھنا چاہیں گے تو یہ ان کا وقت ضائع ہو گا کہ وہ اس تنخواہ پر ایڈوانس سائنس اور ریاضی پڑھائیں ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ امریکہ کا جو سائنٹیفک سامان ہے وہ ہمارے ذریعہ تعلیم میں صرف ہو گا ۔ یہاں پر ان کا

سول ایجنٹ مقرر کر دیا گیا ہے کیونکہ جب تک ہمارے پاس اپنا سامان نہ ہو گا ہمیں ان سے سامان خریدنا پڑے گا اور محتاج رہنا پڑے گا ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں میں ایک اور عرض کروں گا ۔ مجھے معلوم ہے کہ جناب محمد علی صاحب انتہائی کوشش کرتے ہیں کہ اس محکمے کو بہتر سے بہتر بنایا جا سکے اور زیادہ سے زیادہ ٹیچرز مہیا کئے جا سکیں ۔ سکول بنائے جائیں مگر مشکل یہ ہے کہ بغیر فنڈز کے کوئی بھی چیز نہیں کی جا سکتی ۔ اس لئے جو ایجوکیشن سیس کے متعلق قرار داد منظور ہوئی اس کو کیوں جان بوجھ کر آپ نے التواء میں رکھا ہوا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیوں ٹال مٹول کی جا رہی ہے کیا اس لئے کہ چند سیٹھ اور بڑے بڑے تاجر اور جاگیرداروں کو نقصان نہ پہنچے اور دوسری طرف تعلیم کو چاہے کتنا ہی بڑا نقصان کیوں نہ پہنچے ۔ جناب والا ۔ تقریباً دو برس ہوئے کہ ایک ضلع کے ایک حاکم اعلیٰ کے بیٹے نے ایف ۔ اے کا امتحان دینا تھا اور جب وہ اپنے ایف ۔ اے کے امتحان کے لئے اپنے سنٹر میں بیٹھا تو کوشش یہ کی گئی کہ ایگزامینیشن سپرنٹنڈنٹ اس کو امتحان میں نقل کرنے دے مگر اس نے نقل نہیں کرنے دی تو تمام قوانین کو بالائے طاق رکھ کر راتوں رات اس لڑکے کا سنٹر تبدیل کیا گیا اور کسی دوسرے سنٹر پر اس نے امتحان دیا اور باہر سے تمام پیپرز حل کرکے دیئے جاتے تھے اور اس طرح وہ امتحان میں پاس ہوا ۔ جناب والا ۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے اس مثال کے دینے سے میرا یہ مطلب نہیں تھا کہ طریقہ امتحانات میں کوئی یا ان کے سسٹم میں کوئی غلطی ہے ایگزامینیشن سسٹم میں کوئی غلطی نہیں اگر برائی ہے تو یہ کہ یہ ممتحن یعنی ایگزامینرز بد دیانت ہیں ۔ ہمارا معاشرہ بد قسمتی

سے دن بدن بد دیانتی اور رشوت ستانی کی طرف بڑھتا جا رہا ہے ۔ یہ حالات پہلے نہ تھے جو آج ہیں ۔ پہلے شائد ہی کبھی سنا ہو کہ کسی حاکم اعلیٰ نے اپنے بیٹے کے لئے جس نے کہ امتحان دینا ہو اسکے لئے ایسی کوشش کی ہو کہ اس نے اپنے اثر و رسوخ سے ایگزامینیشن سپرنٹنڈنٹ پر کوئی دباؤ ڈالا ہو کہ وہ اس کو ایگزامینیشن ہال میں نقل کرنے کی اجازت دے دے ۔ یہ بات آج کل عام ہے ۔ اس کی کئی وجوہات ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ ایگزامینرز کی تنخواہیں اتنی کم ہیں کہ وہ اپنی ضروریات زندگی بھی پوری نہیں کر سکتے ۔ ان کو سال میں ایک موقع ایسا ملتا ہے جبکہ وہ دیکھتے ہیں کہ بڑے بڑے افسر حکمران دن رات اپنے ہاتھ رنگ رہے ہیں تو وہ سوچتے ہیں کہ وہ کیوں ایسے موقع کو اپنے ہاتھ سے جانے دیں ۔ میرا خیال ہے کہ یہ انتہائی ظلم اور سب سے بڑا گناہ ہے لیکن وہ بھی مجبور ہیں اور وہ اس کام پر تل جاتے ہیں ۔ بجائے اس کے کہ ہم اس سسٹم کو اس طریقہ کار کو اس قسم کے امتحانات کے طریقہ کار کو stream line کریں یہ جو ریٹائرڈ قسم کے لوگ ہیں ان کی خدمات حاصل کرتے ہیں اور انہی کو ایگزامینرز بناتے ہیں اور انہی سے پرچے سیٹ کراتے ہیں جس کی وجہ سے یہ leakage ہوتی ہے ۔ ویسے انگلینڈ جیسے ملک میں بھی leakage ہوئی اور یہاں تو مشکل یہ ہے کہ جو لڑکے امتحانات پاس کرکے آئیں گے ان کی ڈگریوں کو دوسری یونیورسٹیاں recognize نہیں کر رہیں ۔ آپ اس کے برعکس کیا کرنے لگے ہیں کہ بجائے اس کے کہ آپ امتحانوں کے سسٹم کو stream line کریں آپ نے ایک نیا طریقہ اختیار کیا ہے جس کی رو سے آپ طلباء کی گریڈ بندی کریں گے ۔ مثال کے طور پر دسویں جماعت کے طلباء کو اے ۔ بی ۔ سی

یا ڈی گریڈ دے دیں گے اور وہ بغیر امتحان میں بیٹھے ہوئے وہ سرٹیفیکیٹ لینے کے بعد وہ کسی جگہ اپنے لئے نوکری کی تلاش کر سکتے ہیں ۔ اس میں خطرات جو ہیں وہ آپ کو معلوم ہیں ۔ پہلے ہی بااثر لوگوں نے موجودہ نظام تعلیم اور امتحانوں کے سسٹم کو مفلوج کرکے رکھ دیا ہے ۔ ان حالات میں ہم کیسے توقع کر سکتے ہیں کہ جو طالب علم امتحانوں سے فارغ ہو کر آئیں گے وہ اس قابل ہوں گے کہ وہ اپنے علم کو سمجھنے کے قابل ہوں یا جو سرٹیفیکیٹ ان کو دیا گیا ہے وہ محض ردی کے ایک کاغذ سے زیادہ وقعت نہیں رکھے گا ۔ پہلے یونیورسٹی میں یہ تھا کہ سیشنل ورک کے لئے ۲۵ فیصد مارکس دیئے جاتے تھے جو کہ سالانہ امتحان میں شامل کر دیئے جاتے تھے لیکن اس چیز کو نا جائز طور پر استعمال کیا گیا تو یونیورسٹی نے وہ ۲۵ فیصد مارکس ٹیچرز سے واپس لے لئے ۔ اگر یونیورسٹی میں ان کا نا جائز استعمال ہو سکتا ہے تو کیا چھوٹی کلاسوں میں ان کا نا جائز استعمال نہیں ہو سکتا کیونکہ ٹیچرز انتہائی تھوڑی تنخواہ لیتے ہیں اور وہ اپنی خراب مالی حالت کے پیش نظر کسی وقت بھی کسی دباؤ کے نیچے آ سکتے ہیں ۔ اس لئے میری عرض یہ ہے کہ اگر آپ کا ارادہ اسی قسم کا سسٹم رائج کرنے کا ہے تو آپ اس سے گریز کریں ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں میں نے ایک اور عرض کرنی ہے ۔ ۱۹۶۰ء میں حکومت نے پرائمری اور مڈل سکولوں کو اپنی تحویل لے لیا لیکن ان کی بد قسمتی یہ ہے کہ ان کے سٹاف کو وہ مراعات نہیں دی جاتیں جو دوسرے سرکاری ملازمین کو دی جاتی ہیں اور ان کو پنشن کا بھی حق نہیں دیا گیا میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک نا جائز چیز ہے اور ایک طرح کا ظلم ہے جو پرائمری اور مڈل سکول کے

ٹیچروں پر روا رکھا جا رہا ہے ۔ اب جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ انجینئرنگ یونیورسٹی کی طرف دلاتا ہوں ۔ اس یونیورسٹی میں ایک ڈیپارٹمنٹ آف مائننگ ہے ۔ جناب والا ۔ ۱۹۴۸ء میں ملک میں ۲۰۰ mines تھیں جن میں کہ تقریباً سات ہزار افراد کام کرتے تھے پھر ۱۹۶۵ء میں ان مائنز کی تعداد تقریباً ۵ ہزار ہو گئی اور تقریباً ۴۰ ہزار افراد وہاں کام کرتے تھے ۔ جناب والا ۔ ۱۹۶۱ء میں یونیورسٹی کے ڈیپارٹمنٹ آف مائنز کی ایک کمیٹی بیٹھی اور اس میں چند ایجوکیشنسٹس اور حکومت کے کچھ افسران تھے جو مائننگ اور انڈسٹری سے تعلق رکھتے تھے ۔ کچھ فائننشل ایڈوائزر بھی تھے ۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ ۵ سالوں میں ہمیں ۴۵۰ تربیت یافتہ مائننگ انجینئرز کی ضرورت ہو گی ۔ ۱۹۵۴ء میں اس یونیورسٹی میں ، جو اس وقت انجینئرنگ کالج تھا ، مائننگ کا ایک نیا ڈیپارٹمنٹ کھولا گیا اور وہاں پر پندرہ طالب علم داخل کئے گئے جو فارغ التحصیل ہوئے ۔ اس کے بعد ۱۹۶۶ء میں ان کی تعداد بڑھا کر چالیس کے قریب کر دی گئی ۔ جناب والا ۔ یہ پہلا کورس جو تھا ۔ تین برس کا تھا ۔ اب جب سے انجینئرنگ یونیورسٹی کا قیام ہوا ہے یہ بڑھا کر چار سال کا کر دیا گیا ہے ۔ اب دیکھنا یہ ہے جو طالب علم اس یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہو کر باہر آئے ہیں کیا انہیں مائنز میں نوکری ملی ہے جس کے لئے یہ ڈیپارٹمنٹ کھولا گیا تھا ۔ ایسا نہیں ہوا ۔ جناب والا ۔ بلکہ ویسٹ پاکستان انڈسٹریل ڈیویلپمنٹ کارپوریشن میں کچھ آدمی جو تھے ان کو ملازم رکھا گیا ۔ ۱۹۶۶ء تک اس طریقہ سے ایک سو ترپن طالب علموں نے مائننگ گریجوایشن کا چار سال کا کورس پاس کیا یہاں ان طالب علموں کو لیا جاتا ہے ۔ جو ایف ۔ ایس ۔ سی

فرسٹ ڈویژن ہوں - یا بی - ایس - سی ہوں - اس کے بعد جناب والا - ۱۵۳ طالب علم فارغ التحصیل ہوئے تھے - ان میں سے صرف ۴۱ کو ویسٹ پاکستان انڈسٹریل ڈیویلپمنٹ کارپوریشن نے نوکر رکھا - ۱۹۶۷ء میں ۱۷۷ طالب علموں نے یہ گریجوایشن کی - یونیورسٹی ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے مختلف محکموں اور دوسرے اداروں اور پرائیویٹ سیکٹر کے لوگوں کو ان کی ملازمت کے لئے لکھا مگر ہر طرف سے یہی جواب آیا کہ کوئی vacancy نہیں - آپ نے یہ جو ڈیپارٹمنٹ کھول رکھا ہے بی - ایس - سی کو یہاں آپ لیتے ہیں اس کے بعد ۴ برس کا کورس ہے اور بالآخر وہ بیکار بیٹھے ہیں - اگلے روز یہاں بتایا گیا تھا کہ مغربی پاکستان میں ایک لاکھ آدمی بے روزگار ہیں - بہر حال لیکن اب آپ یہ دیکھیں کہ ایک اور کالج کوئٹہ میں کالج آف منرل ٹیکنالوجی زیر تعمیر ہے - یہاں پر ۱۰۵ طالب علم دو سال کی تعلیم سے فارغ ہو کر نکلا کریں گے - اب تک یونیورسٹی انجینئرنگ کالج سے جو طالب علم فارغ التحصیل ہو کر نکلے ہیں آپ نے ان کو نوکری نہیں دلوائی تو کوئٹہ میں ایک اور کالج کھولنے کا کیا فائدہ - لوگوں کی تو یہ آواز ہے کہ یہ ڈیپارٹمنٹ جو ہے اس کو بھی بند کر دیں - ۴ برس زندگی کے یہ طالب علم ضائع کرتے ہیں - اور پھر بے روزگاری میں دھکے کھاتے پھرتے ہیں - اب آپ لاکھوں روپے خرچ کرکے کوئٹہ میں ایک کالج کھول رہے ہیں - اس کی مجھے کوئی سمجھ نہیں آ رہی - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں - شکریہ -

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - میں ممنون ہوں قائد حزب اختلاف اور قائد ایوان کا جنہوں نے ہمیں اس بار تعلیم کے لئے ایک دن

مقرر کرکے اس نہایت ہی اہم سماجی مسئلہ پر مکمل اظہار خیال کرنے کا موقع دیا ۔ دراصل یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس پر بنیادی اختلافات نہ تو حکمران طبقہ کے نہ آپوزیشن کے ہو سکتے ہیں ۔ یہ جنرل ویلفیئر آف سوسائیٹی کا مسئلہ ہے ۔ ہم اس بارے میں اپنے مشورے پیش کریں گے ۔ اور جن چیزوں کو ہم زہر قاتل سمجھتے ہیں ان کی نشاندہی کریں گے ۔ یہ بھی ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہمارے وزیر تعلیم نہایت ہی جمہوریت نواز ہیں انہیں اگر کوئی بات سمجھا دی جائے تو وہ کم از کم اس پر دیانت داری سے عمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔

جناب صدر ۔ تعلیم پر کافی ایسا لٹریچر موجود ہے جو حزب اختلاف کی جانب سے بھی ہے اور حکومت کی جانب سے بھی ۔ بلکہ خود صدر مملکت نے اس کی ضرورت کا احساس کرتے ہوئے اپنی کتاب "فرینڈز ناٹ ماسٹرز" میں اس بارہ میں بعض امور کی نشاندہی کی ہے جن پر موجودہ نظام حکومت میں فوری طور پر توجہ مبذول کرنا ضروری ہے ۔

جناب والا ۔ قیام پاکستان کے بعد ہر حکومت نے تعلیمی کمیشن مقرر کئے اور سب سے پہلا تعلیمی کمیشن نومبر ۱۹۴۷ء میں قائم کیا گیا ۔ اس کمیشن نے چھ سال کے لئے نیشنل ڈیولپمنٹ پلان پیش کی ، جس کا قیام ۱۹۵۲ء میں عمل میں لایا گیا ۔ اس کے بعد جناب والا پہلے پالچ سالہ منصوبہ میں تعلیمی میدان میں کافی ترقی کی گئی ۔ پھر جناب والا ۔ اکتوبر ۱۹۵۸ء میں موجودہ حکومت نے ایک لاء کمیشن مقرر کیا اس کے بعد ایک اور کمیشن مقرر کیا گیا ۔ اس کے بعد ایک اور کمیشن طالب علموں کے مسئلہ اور ان کی بہبودی کے لئے مقرر کیا گیا ۔ اس نے اپنی رپورٹ

مرتب کی جو پندرہ باب اور دو سو صفحات پر مشتمل تھی - اس طرح ۱۹۴۷ء سے ۱۹۶۷ء تک تین کمیشنوں کا قیام اور ایک نیشنل ڈیولپمنٹ پلان پر عمل اس چیز کا شاہد ہے کہ جو بھی حکومت یہاں رہی وہ اس چیز کا تقاضا کرتی رہی کہ ہم تعلیمی لائن میں زیادہ سے زیادہ ترقی یافتہ ہوں - لیکن مجھے افسوس سے ایسے اعداد و شمار پیش کرنے پڑتے ہیں اگرچہ میں ان کے لئے کسی کو ملزم نہیں گردانتا جن سے ہماری ترقی کی حوصلہ افزاء رفتار ظاہر نہیں ہوتی - یہ نہایت ہی مصدقہ کتاب سے لئے گئے ہیں - جناب والا - ہماری ۱۰۵ ملین آبادی میں سے ساڑھے چودہ ملین یعنی ۱۷ فیصد خواندہ ہیں ناخواندگی کی سب سے زیادہ شرح دیہات میں ہے - ۱۹۴۷ء میں محکمہ تعلیم کا خرچ ایک فیصد گراس نیشنل پروڈکٹ پر تھا - اگلے دس سالوں میں ۱٫۴ فیصد ہوا اور ۱۹۶۴ء میں ۲٫۶ فیصد ہے ۶۵ - ۱۹۶۴ء میں یہ تعداد دوسو پچاس ملین سے بڑھ کر سات سو تیس ملین ہو گئی - یہ فکر ۱۹۷۰ء میں اگر تین گنا ہوئی تو ہم اپنا نظام تعلیم چلا سکیں گے - یعنی جناب والا - اپنی آمدنی کا ۱٫۴ حصہ جو ہم ۱۹۴۷ء میں تعلیم پر خرچ کرتے تھے - اور ۲٫۶ حصہ جو ہم ۱۹۶۴ء میں خرچ کرتے تھے - اب جناب والا - یہ دو سو پچاس ملین سے بڑھ کر سات سو تیس ملین ہوگا - یعنی تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں یہ کل آمدنی کا آٹھ فیصد کے قریب بن جائیگا - جناب والا - اب آپ اندازہ فرمائیں (مجھے تھوڑے سے اعداد و شمار اور دے دینے دیجئے) کہ ہمارے ملک کے آئین میں پرائمری تعلیم کو عوام کا constitutional right گردانا گیا ہے - ۱۹۶۱ء کی مردم شماری کے اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ جہاں پرائمری تعلیم پڑھے لکھے اور ان پڑھ

لوگوں کے خانہ جات ہیں اس میں بھی انہوں نے غلطی یہ کی ہے کہ ان کی بنیادی تعلیم چوتھی یا چھٹی پاس نہیں لی گئی ہے بلکہ جو شخص بھی پڑھنا لکھنا جانتا تھا اس کو انہوں نے educated گردانا ہے۔ جو اعداد و شمار ہیں ان میں پانچ سال سے نو سال تک جانے والے بچے ہیں یا جو صحیح عمر میں پرائمری سکولوں کو join کرتے ہیں ان کی تعداد ۱۰۶۷ تھی جبکہ over-all تعلیم یافتہ لوگوں کی تعداد ۱۹۶۲ فیصد ہے۔ اب آپ اندازہ لگائیں کہ لوگوں کی یہ تانی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعلیم حاصل کریں وہاں ہمارے سکولوں کی تعداد ۱۹۶۰ء تا ۱۹۶۵ء میں دو ملین تھی اس میں دو ملین اضافہ ہوا اور ۱۹۷۰ء میں مزید ۷۰ فیصد کا اضافہ ہوا۔ یہ جو اعداد و شمار میں آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں اس کے علاوہ میں یہ بھی عرض کرتا ہوں کہ اس وقت ہمارے teacher producing سکول جو ہیں (میں آپ سے معذرت چاہتا ہوں میں اس موضوع کو جلد ختم کئے دیتا ہوں۔ میں پاکستان کی تعداد دے رہا ہوں) ان میں محض تین ہزار طالب علم ہیں جو آنے والے سالوں میں استاد بنیں گے۔ اس کے بعد ۶۵-۱۹۶۴ء میں ہماری adult education جس کے لئے نظام بنیادی جمہوریت نے پروویژن کی ہے کہ ہماری میونسپل کارپوریشن نے میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کے تحت adult education کو لازمی قرار دیا ہے اور ۱۹۶۷ء تک ان سکولوں کی تعداد ۵۳۳ تھی اور ان میں صرف ۱۲ ہزار ۶۰۰ adult اشخاص تعلیم پاتے تھے۔ یہ ہمارے اعداد و شمار اور مسائل ہیں جن سے ہم دو چار ہیں۔ اگرچہ یہ document پچھلے سیشن میں بھی پڑھا تھا لیکن وقت کم ہونے کے باعث اس پر بحث نہ ہو سکی۔ یہ ایک نہایت ہی زرین document ہے۔

یہ سنٹرل ایجوکیشن سیکرٹری مسٹر قدرت اللہ شہاب کی سٹیٹمنٹ ہے - میں اس کو دوبارہ اس ایوان میں دھرانا چاہتا ہوں - انہوں نے اپنی چھوٹی سی سٹیٹمنٹ میں ان problems کا سارا نقشہ کھینچ کر رکھ دیا ہے - جو میں نے اعداد و شمار پیش کئے ہیں ان میں ۱۷ فیصد خواندگی ہے اس میں ۹ سال کی عمر کے بچے ۱۰ فیصد کے قریب ہیں جو پرائمری سکولوں میں جاتے ہیں - آپ کے جو adult سکولز ہیں ان کی تعداد کم و بیش پانچ چھ سو کے قریب ہے- اس وقت teachers production institutions میں صرف ۱۳ ہزار اساتذہ ہیں - مسٹر قدرت اللہ شہاب کہتے ہیں :-

"82 lakhs boys and girls were studying in various schools and colleges in two Wings. They include 60 lakh primary schools, 20 lakh secondary schools and 2 lakh college students."

اب آپ اندازہ فرمائیں جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ خواندگی ۱۹۶۱ء کی census کو شمار کرتے ہوئے ۱۷ فیصد ہے اس میں وہ تمام لوگ شامل کر دئیے گئے ہیں جو محض پڑھنا لکھنا جانتے ہیں - بلکہ صحیح حالات سیکرٹری ایجوکیشن جو بڑے لائق - قابل اور اہل ذوق ہیں انہوں نے بتائے ہیں - ان کے اعداد و شمار کے مطابق ۸۲ لاکھ لڑکے یا لڑکیاں دونوں صوبوں میں جو مختلف سکولوں میں تعلیم پا رہی ہیں ان میں سے ۶۰ لاکھ پرائمری سکولوں میں تعلیم پاتے ہیں - ۲۰ لاکھ سیکنڈری کلاسز میں پڑھتے ہیں اور ۲ لاکھ کالجز میں پڑھتے ہیں -آپ ہی فرمائیں کہ یہ اعداد و شمار تعلیم کے اعتبار سے حوصلہ افزا ہیں ؟ کیا ہم ان اعداد و شمار کی روشنی میں یہ دعویٰ کر سکتے ہیں کہ ہمارا ملک خواندگی کے اعتبار سے ایک متمدن ملک ہے یا

یا ہم دیگر مہذب ممالک کے شانہ بشانہ چل سکتے ہیں ؟ انہوں نے نہایت ہی صحیح بات کہی ہے ۔ میں حکومت کے ریونیو پر الزام نہیں دیتا ہوں ۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ ناممکن ہے کہ حکومت کے ریونیو میں سے تعلیمی تقاضوں کو پورا کیا جا سکے ۔ وہ فرماتے ہیں کہ :

"The annual expenditure on them amounts to rupees thirty-four crores. Mr. Shahab estimated that during the next fifteen years the number of primary school students will rise to 2½ crores."

اگر آپ نے پرائمری تعلیم کو لازمی قرار دینا ہے تو آپ کے اعداد و شمار ۶۰ لاکھ سے بڑھ کر اڑھائی کروڑ ہو جائیں گے ۔ وہ پھر فرماتے ہیں کہ سیکنڈری ایجوکیشن میں طالب علموں کی تعداد ۲۰ لاکھ سے ۱ کروڑ ۲۵ لاکھ ہو جائے گی ۔ یعنی پرائمری جماعتوں میں لڑکوں کی تعداد چار گنا ہو گی اور سیکنڈری ایجوکیشن میں طالب علموں کی تعداد چھ گنا ہو جائے گی ۔ کالجوں کے متعلق نا معلوم انہوں نے کیوں اعداد و شمار نہیں دیئے بہر حال وہ کہتے ہیں کہ اس کے لئے ۱۴۸ کروڑ روپیہ کی ضرورت ہو گی ۔ وہ کہتے ہیں کہ :-

"The total annual expenditure on them would have gone to rupees 148 crores."

یہ تیسرے پنجسالہ منصوبہ کے اختتام پر ۱۴۸ کروڑ روپیہ کی پروویژن ہو گی اس کے علاوہ وہ فرماتے ہیں :-

"In addition to that an amount of rupees fifteen crores would be required for new buildings and this he said would be necessary for universities, technical institutions and professional colleges.

Mr. Shahab said that to meet such a huge expenditure, obviously, it was beyond the means of the future Government. He requested the wealthy people who have become rich mainly after Independence and called upon them to step forward. In Lahore alone he could see palatial buildings which appeared to him like mausoleums and could inhibit only soleless people. All these were the creations of Independence he said. He regretted while wealth was seen flowing in many families no Janki Devi and no Ganga Ram Trusts had been set up. Anjuman-e-Himatyat-e-Islam was the solitary organization and that too was conceived and set up 83 years ago.

He felt that the Planning Commission or semi-Government industrial and commercial organisations should drop their needs and levy such taxes and surcharges on the industrialists to meet this 15 crores of rupees which would be required in the coming 15 years.

اب جناب والا ۔ یہ حالت ہے اور میں نے اپنی بساط کے مطابق ایک نقشہ پیش کر دیا ہے جس میں سارے پاکستان کی تعلیم کی تصویر کھینچ دی ہے ۔ یہ حالات ہیں کہ جن کے لئے میں نے قدرت اللہ شہاب صاحب کی مستند اور قابل تعریف دستاویز سے ان کے ایک بیان کا جائزہ اس ایوان میں لیا ہے کہ ان کے کہنے کے مطابق ہماری ضروریات کیا ہیں ۔

جناب والا ۔ اب میں کمیشن کی رپورٹ کے متعلق عرض کروں گا جو رپورٹ کہ ہمیں وقتاً فوقتاً حاصل ہوتی رہی ۔ ۱۹۵۸ء کی کمیشن کے متعلق جناب صدر مملکت کا جو ارشاد گرامی ہے میں وہ عرض کروں گا اور موجودہ حکمران طبقہ جو کہ اس وقت مغربی پاکستان میں بر سراقتدار ہے ان کو یہ عرض

کروں گا کہ صدر مملکت کے خیالات ہیں اور ان کا جو منشور ہے وہ اس سے کس قدر ہٹ کر کام کر رہے ہیں ۔ صدر مملکت فرماتے ہیں :۔

"At my first conference, two days after the promulgation of Martial Law, I had defined three immediate tasks that would have to be undertaken: namely, land reforms, refugees resettlement, and educational reforms".

جناب والا ۔ زرعی اصلاحات تو حکومت کر چکی ہے یا کم از کم اس حد تک کر چکی ہے کہ جس حد تک وہ کرنا چاہتی تھی ۔ انہوں نے اپنے سیاسی حریفوں کو پچھاڑا ۔ مہاجرین کی آباد کاری میں کافی پیچیدگیاں تھیں اور گذشتہ حکومتیں ان کی آباد کاری نہیں کرسکی تھیں لیکن انہوں نے ان کو کچھ نہ کچھ حد تک ضرور آباد کرلیا ہے۔ اگر چہ اس مسئلے میں کافی پیچیدگیوں کا اضافہ ہوا ہے لیکن اس موجودہ حکومت نے اسکو حل کرنے کی کوشش ضرور کی ہے ۔ اس حکومت نے earnestly تعلیمی اصلاحات کے سلسلے میں صدر مملکت کے ارشاد گرامی کے مطابق مغربی پاکستان میں عمل نہیں کیا ۔ صدر مملکت نے یہ تبصرہ فرمایا ہے ۔ صدر مملکت نے مارشل لاء کے نفاذ کے بعد دو ماہ کے اندر اندر کمیشن برائے قومی تعلیم ۳۰ دسمبر ۱۹۵۸ء بٹھایا اور اس کمیشن نے آٹھ ماہ میں اپنی رپورٹ پیش کی ۔ اس کمیشن کا term of reference یہ تھا کہ وہ نوجوان لوگوں اور طلباء کے لئے کچھ اس قسم کی اصلاحات کریں کہ جس کے ذریعے طلباء اپنا زیادہ سے زیادہ وقت دلجمعی کے ساتھ اپنی تعلیم میں لگا سکیں ۔ جناب صدر مملکت نے چند دیگر جملے بھی کہے ہیں جن کو میں یہاں پر دہراتا ہوں :۔

"The mother in the nursery, the wife in the home, the teacher in some remote primary school, the doctor in a rural dispensary, the clerk in a small municipal office, the tiller of the soil, and the worker in a factory, each one of them had to be a leader in his or her own line, able to do the job adequately and constructively. What we needed was a sound and sensible system of education to liberate the talent for leadership in every sphere of national life. At the same time, I was clear in my mind that the purpose of educational reform should not be demolish unnecessarily and good or valuable traditions built up over long years."

جناب والا ۔ صدر مملکت کی نظر میں تعلیم کی یہ اہمیت ہے اور ۱۹۶۷ء کے یہ اعداد و شمار ہیں جو کہ میں نے اس کمیشن کے مقرر ہونے کے دس سال بعد ان کی خدمت میں پیش کئے ہیں ۔ مشرقی پاکستان کا حوالہ دینا تو میرے دائرہ اختیار میں نہیں ہے لیکن اس سے آپ اندازہ لگائیے کہ مغربی پاکستان کی حکومت اس معاملے میں کس حد تک بے عمل رہی ہے اور ان کے لئے جو target مقرر کیا گیا تھا وہ انہوں نے حاصل نہیں کیا ۔ اب میں اس کمیشن کی سفارشات کا ایک پیرا پڑھے دیتا ہوں :۔

"The Commission formulated a Plan which was aimed at raising academic standards, at encouraging the bright, and not only the rich, child, and at solving, through education, the problems of mutual ignorance and suspicion between the two wings of the country and between the peoples of different language background."

یہ تھی کمیشن کی سفارش اور اس کی دوسری سفارش یہ تھی :۔

"To improve the qualification of teachers already in service, and as part of a permanent progr-

amme through which college teachers could bring their knowledge up todate and acquaint themselves with new and improved techniques and to stimulate their thinking, the Commission recommended that a series of summer courses be instituted to cover various academic discipline in each course."

اور اس کی تیسری سفارش یہ تھی کہ فنی مہارت پیدا کروائی جائے ۔ میں وہ پیراگراف بھی پڑھے دیتا ہوں :۔

"Regarding secondary education, the Commission pointed out that the nation-building needs required a large number of people with a variety of technical skills relating to industry, commerce, and agriculture and that the new State required men of great integrity, patriotism, and dedication to the ideals of service. The secondary schools programme in the past had paid little attention to these matters and in fact, their tradition of aiming at a literary, or arts, education had been so strong that resistance to any change had frustrated all previous attempts at reform. The main emphasis of the secondary school programme had been on the preparation of the students for joining the universities, only but industries as well."

تو اس ۱۹۵۸ء کے کمیشن کی یہ تین سفارشات میں نے پڑھی ہیں کہ اساتذہ کے معیار کو زیادہ بلند کرنا اور بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن سے فارغ التحصیل ہونے پر طلباء کو صنعتوں میں زیادہ سے زیادہ کھپانا بلکہ ان کو فنی تعلیم کی طرف مائل کرنا اور ان کو مزدور بننا سکھانا یعنی ان میں کلرک پیدا کرنے کی بجائے ان کو فنی تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دینا یعنی وہ ایف ۔ اے یا بی ۔ اے پاس کرنے کے بعد فنی تعلیم حاصل کرکے کسی فیکٹری یا بڑی انڈسٹری میں بطور اپرینٹس داخل ہوں ۔ لیکن میں یہ عرض

کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت ان تینوں سفارشات پر عمل کرنے سے قاصر رہی ہے ۔ میں وزیر تعلیم سے معذرت چاہتے ہوئے عرض کروں گا کہ آخر وزیر تعلیم جادوگر نہیں ہیں اور نہ ہی ان کے پاس کوئی جادو کی چھڑی ہے ۔ یہ نہایت اہم معاملہ ہے اور اس کمیشن کی اگلی سفارش بھی میں پڑھے دیتا ہوں :-

> "As for primary education, the Commission was of the view that economic development would require for its rapid achievement a generally literate population who would be able to understand and apply the new discoveries of improved technical and agricultural practices, and who could, as in any democratic system, understand local and national issues and could choose wisely from among alternative candidates and courses of action."

یعنی اس کے تحت وہ یہ کہتے ہیں کہ موجودہ نصاب بالکل ناقص ہے اور اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ جس کی وجہ سے طالب علم میں مزدوری یا صنعت کی جانب توجہ کرنے کا رجحان پیدا ہو سکے ۔ میں اس معاملے میں کافی پیچھے رہ گیا ہوں اور مجھے کبھی کسی بیرونی ملک میں جانے کا اتفاق نہیں ہوا لیکن مجھے اپنے کسی عزیز کے ایک بچے سے ملاقات کا موقع ملا کہ جس کی پیدائش ہی ولایت میں ہوئی اور جو اس وقت چیفس کالج میں ہے ۔ وہ لڑکا کہہ رہا تھا کہ ہمیں پاکستان میں بڑی دقت ہے ۔ لیکن ولایت میں ہمارے پاس جو پیسہ تھا ہم اس کو invest کرکے پیسہ کما سکتے تھے اور میں اپنے تعلیمی اخراجات اخبارات کی فروخت سے پورا کرتا تھا ۔ میں نے اس سے سوال کیا کہ آپ کے والد کے ولایت میں پانچ

ہوٹل ہیں ان کی کافی آمدنی ہے تو پھر آپ کیوں مشقت کرتے تھے تو اس نے مجھے سیدھا سا جواب دیا کہ ہم خواہ کسی عمر کے ہوں ہمیں اپنی عمر کے مطابق کوئی پیشہ اختیار کرنا پڑتا ہے ہمارے لئے ممکن ہی نہیں کہ ہم فارغ رہ سکیں اور ہم موقعہ سے فائدہ اٹھا کر بوجھ نہیں بننا چاہتے ۔ اپنی تعلیم سے فارغ ہوکر فالتو وقت میں کوئی مصروفیت ڈھونڈ لیتے ہیں اور اپنے اخراجات پورے کرتے ہیں ۔ اور وہ "Chief" یعنی لارڈ کہہ رہا تھا کہ ہم ان سکولوں میں تعلیم مکمل ہی نہیں کر سکتے جس جگہ ہمیں فرصت کے اوقات میں کوئی کام نہ مل جائے ۔

جناب والا ۔ اگلی جو ان کی سفارش ہے وہ بہت ہی ضروری ہے وہ کہتے ہیں کہ :-

> "The major objective of the educational reforms really was to prepare our people for sharing the burden of developing their country and defending it. It is going to be a slow process, but I would like to believe that we have made a start in this respect (direction)....."

اب اس کے بعد میں اس رپورٹ کو جلدی پڑھتا ہوں ۔ کیونکہ میرے پاس اور بہت سی باتیں ہیں ۔ جناب والا ۔ اب جناب صدر مملکت کا ایک پیرا پڑھنا چاہتا ہوں ۔ کمیشن کی رپورٹ ہے ۔ وہاں صدر مملکت کے متعلق fit in کروا کر ان کو ٹائپ کروایا ہے ۔ اس پر کمیشن نے کہا کہ یہ ایک بڑی hindrance ہے ۔ جناب صدر نے اس پر اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے ۔ جناب صدر کا جو تبصرہ ہے "Friends Not Masters" میں وہ پڑھتا ہوں :-

"The language problem has been a major hindrance in the development of a sound and uniform educational system in the country. The Commission advocated teaching through both the national languages, Bengali and Urdu, and referred also to the question of the two scrips but did not go into the difficulties which teaching in two languages and two scrips presents to a developing society seeking to build itself into a unified community professing a common ideology and committed to a common destiny. The language problem has to be viewed essentially as an academic and scientific problem. Unfortunately it has become a highly explosive political issue and the result is that one one wishes to talk about it for fear of being misunderstood. The intellectuals who should have been vitally interested in the matter have remained on the touch-line lacking the moral courage to face up to the problem. Their attitude has been to leave it to the political leaders to come up with some solution and face the odium, so that they may be able to sit back in comfort and criticize whatever solution is offered"

جناب والا ۔ میں معافی مانگتے ہوئے جناب صدر مملکت کی خدمت میں یہ گذارش کرتا ہوں ۔ کہ یہ جو language کا مسئلہ ہے یہ ان کا خود پیدا کردہ ہے ۔ ۱۹۶۲ء کی Constitution سے یہ واضح طور پر languages کا فیصلہ لے سکتے تو ہے لازماً ہماری دو ہی languages ہوں گی پاکستان میں اردو اور مشرقی پاکستان میں بنگالی ۔ لیکن یہ languages کا مسئلہ انہوں نے اغلباً ۷۲ - ۱۹۷۱ء تک کے لئے معرض التواء میں رکھا ہے ۔ انگریزی کو re-place کرنے کے لئے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ موجودہ حکومت نے ۱۰ سال میں languages کے لئے کوئی قابل قدر کام نہیں کیا ۔

جناب والا ۔ یہ انگریزی تعلیم ہمیں اس حکومت اور دور غلامی کی یاد دلاتی ہے جو کہ آج سے ۲۰ سال پہلے اس ملک میں قائم تھی ۔ جناب والا ۔ میں کمیشن کی ایک realistic قسم کی رپورٹ پڑھتا ہوں :-

"The present defects of our secondary school system are well known, but it will be useful to summarize them here as the starting point for the reforms we propose :

(a) It has mainly served the purpose of training civil servants and office workers, with completion of the school course as the passport to government service."

جناب والا ۔ کتنی خوبصورت انگریزی ہے ۔ realistic پکچر ہے کہ وہ کہتے ہیں :-

"It is only a passport to the government service.

Designed along these lines, the curriculum was over-loaded with literary subjects."

پھر وہ کہتے ہیں کہ :-

"(b) When in this century our society underwent a rapid series of changes, our schools remained static, isolated from the social, economic and industrial evolution around them, and failed to meet contemporary demands."

پھر آگے وہ کہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کیا ہی پیارے الفاظ میں انہوں نے تبصرہ کیا ہے ۔ کہ ملک میں انقلاب آ گیا ۔ صنعتی انقلاب آیا ۔ سیاسی انقلاب آیا ۔ لیکن تعلیم میں جمود رہا ۔

تعلیم وہیں کی وہی رہی ۔ نظام تعلیم میں کوئی انقلاب نہیں آیا ۔

جناب والا ۔ وہ کہتے ہیں :۔

"When in this century our society underwent a rapid series of changes, our schools remained static, isolated from the social, economic and industrial evolution around them, and failed to meet contemporary demands. The main weakness of our secondary education is the absence of full opportunities for training in technical and other vocational subjects and its inflexibility and lack of diversification, which fails to correspond to social needs and individual aptitudes and interests."

جناب والا ۔ اس کے بعد پیرا (سی) میں وہ کہتے ہیں کہ :۔

"Matriculation has come to be regarded as the qualification for the University admission and not as a terminal examation. The result is that the schools have become increasingly dominated by universal requirements despite the fact that most children drop out at points along the secondary school route and never enter a University."

جناب والا ۔ اب یہ دیکھئے کہ کتنی معنی خیز بات ہے کہ وہ کہتے ہیں ۔ کہ میٹرک تک تعلیم حاصل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ پھر فرسٹ ایئر میں admission مل جائے ۔ وہ کہتے ہیں کہ اس نصاب کو terminal نہیں بنایا گیا ۔ یعنی ان کا مقصد ہے کہ اگر پرائمری کے بعد ہائی سیکنڈری ایجوکیشن حاصل کرنی ہے تو وہ terminal ہو ۔ ۔ ۔ ۔

جناب والا ۔ industries میں ترقی ہو گئی سوشل حالات بدل گئے ہیں لیکن نظام تعلیم پر جمود ویسے ہی طاری ہے ۔ اس رپورٹ میں کہا گیا ہے :۔

"The prevailing teaching methods, can only be described as the mechanical communication of theoretical book learning to the reluctant children. Too much stress is laid on modernization and far too little on initiative, independence of thought, habits of industry, and imaginative use of knowledge and self-reliance."

یعنی جناب والا ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ بچوں پر گدھے کی طرح کتابیں لاد دی جائیں لیکن ان کے character کو develop کرنے کے لئے یا یہ کہ وہ صنعت کاری کی طرف رجوع کریں اس میں یہ چیز lack کرتی ہے ۔ یہاں میرا حکومت کے ساتھ بنیادی اختلاف ہے ۔ خواجہ صاحب نے ذکر کیا تھا ۔ یہاں پر جواب دیئے گئے اور پھر جواب الجواب چلتے رہے ۔ میں نے دیکھا کہ اس بحث کا معیار بڑا بلند رہا ہے ۔ اگرچہ مجھے بولنے کا کم موقع ملا ہے لیکن میں نے دیکھا ہے کہ بڑی اچھی بحث رہی ہے ۔ اور مجھے اس پر فخر ہے ۔ میرا جو حکومت سے بنیادی اختلاف ہے وہ یہ ہے جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا تھا یہاں ایک سیاسی مخالف اخبار ہے ۔ اگرچہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ حکومت کی imagination کے مطابق شاید مخالف ہو میری مراد "نوائے وقت" سے ہے ۔ دراصل وہ مخالف اخبار نہیں وہ ایک اعتدال پسند اخبار ہے یا وہ اخبار نہیں بلکہ ایک مکتبہ فکر ہے ۔ وہ ہر چیز کو constructive نقطہ نظر سے دیکھتا ہے ۔ میرے جیسا اس طرح دیکھنے والا شخص بعض اوقات آپ کی تعریف کرتا ہے اور بعض اوقات پھول کی بجائے پتھر پھینکتا ہے ۔ میں نے زیادہ تعداد میں پتھروں سے کام لیا ہے ۔ میں وہ بات کرتا ہوں کہ جو میرے ذہن اور میری نیت کے مطابق constructive

ہو ۔ اگر بچے میٹرک کے terminal تک پہنچیں گے تو ان کی سوشل اور political development کیسے ہوگی جب تک آپ ان کو independent رسائل اور اخبارات نہیں دیں گے ۔ کیا آپکو معلوم ہے کہ اسکے دور رس نتائج کیا ہیں ۔ اسکے نتائج یہ ہیں کہ آپکے سکولوں کی لائبریریوں میں جو political development کے مواقع تھے یا برے اور اچھے میں تمیز کر سکنے کی spirit یا energy یا instinct ہے وہ مردہ ہو جائے گی ۔ مملکت کے قیام اور قوم کی فلاح و بہبود کے لئے حکومت کا ساوک عدل پر ہونا چاہئے ۔ آبوزیشن کے اخبارات کا داخلہ ہر جگہ ہونا چاہئے ۔ میں اس سے بھی ایک قدم آگے جاتا ہوں ۔ حکومت نے جیسی بھی لنگڑی لولی (معاف کیجئے پنجابی زبان کے الفاظ ہیں) لیکن ان سے اظہار خیال بہتر طور پر ہوتا ہے) بنیادی جمہوریت رائج کی ہے اس پر کروڑوں روپیہ خرچ کئے جا رہے ہیں ۔ اسمبلی پر تقریباً ایک کروڑ روپیہ خرچ ہوا ہے ۸۱ آرڈیننس تھے جو اب غالباً ۹۰ ہو گئے ہیں یا کوئی سات آٹھ بل پاس ہوئے ہیں اور باقی کو صرف introduce کیا گیا ہے ۵۰ تو اس اسمبلی میں نہیں آ سکے ۔ آپ نے متمدن ممالک سے رابطہ رکھنے کے لئے ایک کروڑ روپیہ اڑھائی سال میں خرچ کیا ہے ۔ اور ڈیپارٹمنٹ کے قوانین میں ۵۰ ترامیم کی گئی ہیں ۔ یعنی دو لاکھ روپیہ ایک ترمیم پر خرچ آیا ہے ۔ اگر ۱۰۰ فیصد آزاد اخبارات کی تعداد ہو جائے یا تین یا چار اخبارات ایک category کے ہوں تو مناسب ہے ۔ میں نے بات برسبیل تذکرہ کی ہے ۔ معافی چاہتا ہوں ۔ پرائمری تعلیم کے لئے ایک long term objec- tive ہونا چاہئے تاکہ تمام بچوں کے لئے free & compulsory educa-

tion ہو سکے ۔ اس سلسلہ میں میں یہ عرض کروں گا کہ یہ تو ہمارے بنیادی مسائل ہیں اور ان سے موجودہ حکومت سے قبل کی حکومتوں نے اتفاق کیا ہے ۔ جن سے پریذیڈنٹ صاحب نے بھی اتفاق کیا ہے اور مارشل لاء کے نفاذ سے دو ماہ کے اندر کمیشن نے رپورٹ دی تھی ۔ اس کے بعد ۱۹۶۴ء میں طلباء کی بہبود کے مسائل کے لئے مرکزی حکومت نے کمیشن قائم کیا اور پھر حمود الرحمن کمیشن رپورٹ کو تین مرکزی وزراء کے حوالے کر دیا ۔ مجھے شکوہ یہ ہے کہ اس رپورٹ کو نومبر ۱۹۶۵ء میں صدر مملکت کے سامنے پیش کیا گیا ۔ اس کو سارا نہیں اپنایا جس جس حصہ کو اپنایا ہے ان حصوں کی تعداد بہت کم ہے ۔ جناب والا ۔ اس رپورٹ کا پس منظر جو تھا ۔ اس وقت ملک میں خوش نصیبی ہے میں سمجھتا ہوں کہ گذشتہ پندرہ ماہ میں کوئی ایسا سنگین واقعہ نہیں ہوا لیکن اس سے قبل جناب والا ۔ یہ انتظامیہ کا روز مرہ ہو چکا تھا کہ لڑکوں نے اگر کوئی جلوس نکالا تو اس کو teargas کیا جاتا تھا اور ان پر لاٹھیاں برسائی جاتیں اور ان پر گولیاں چلائی جاتی تھیں اور بچے اگر اٹھتے تھے تو کسی burning topic پر اٹھتے تھے مثلاً کسی ملک کی جانب سے پاکستان کے ساتھ کوئی ایسی زیادتی ہوئی ہے تو وہ اٹھ کھڑے ہوتے تھے ۔ اگر وہ سمجھتے تھے کہ کوئی ایسا ناانوس ملکہ ایسی باتیں کر رہا ہے جو ہمارے لئے باعث نقصان ہے تو وہ اٹھ کھڑے ہوتے تو ان پر گولیاں چلائی گئیں ۔ ایسے معاملات میں بچوں کی اس ذہنیت کو ختم کرنے کے لئے کمیشن نے حکومت کے سامنے رپورٹ لکھی لیکن اس میں کچھ ایسے مسائل بھی تھے جن سے بچوں کو

آزادی ملتی تھی تو جناب والا ۔ انہوں نے اس رپورٹ کو سرد خانے میں رکھ دیا ۔

اب جناب مجھے ان کی یونیورسٹی اور بورڈ کی غیر جمہوری تشکیل پر گذارش کرنی ہے ۔ بورڈ اور سیکنڈری ایجوکیشن پر یا امتحانات کے سلسلے میں جو باتیں ہیں ان پر میں کچھ گفتگو نہیں کروں گا ۔ یہ معمولی قسم کے واقعات ہیں مگر میں کچھ گہرے مسائل کی طرف جاتا ہوں اور گہرے مسائل ہمارے لئے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری مغربی پاکستان کی اسمبلی میں جو لائبریری ہے اس میں ایک Yellow Book ہے جس میں تمام کے تمام یونیورسٹی آرڈیننس کو یکجا کرکے رکھا گیا ہے اس کتاب میں میں نے دیکھا ہے کہ یونیورسٹی آرڈیننس میں بہت سی ترامیم آئی ہیں ۔ میں نے بحیثیت ایک نوارد ممبر کے اس کتاب میں ایک عجیب و غریب ترمیم دیکھی ۔ اس وقت آپوزیشن آرڈیننس کا بائیکاٹ کئے ہوئے تھی کیونکہ آرڈیننس کے ڈسکشن پر بڑی restrictions تھیں ۔ جناب والا ۔ اس میں دفعہ ۱۳ ۔ یا ۱۴ ۔ میں ایک ترمیم کی گئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے آپ نے وائس چانسلر کی بڑی تضحیک و تذلیل کی ہے جناب والا ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ دونوں صوبوں میں جو گورنر ہوتے ہیں وہ یونیورسٹیوں کے چانسلر مقرر کئے جاتے ہیں اور یہی سسٹم تمام دوسرے ممالک میں بھی ہے تو ہمارے گورنر بیک جنبش قلم کوئی show cause نوٹس دینے والس چانسلر کو جب چاہیں نکال سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ ہمارے یونیورسٹی کے ملازمین میں چپراسی یا ایک لائبریرین یا اسسٹنٹ لائبریرین کو ملازمت سے نکالنے کے لئے کچھ قوانین موجود ہیں لیکن وائس چانسلر کو بیک جنبش قلم نکال دیا جائے گا ۔ جناب والا ۔ ۱۹۵۴ء میں جو ہمارے پنجاب یونیورسٹی کے قواعد تھے ان کا اور ہندوستان میں جتنی یونیورسٹیاں تھیں ان کے قواعد کا مطالعہ نہیں کیا گیا اور ان میں جتنی باڈیز تھیں مثلاً یونیورسٹی سنڈیکیٹ اور دوسری باڈیز یا faculties اور وہ کمیٹیاں جن کے ذمے ایگزیکٹو functions تھے جسے آسان زبان میں یونیورسٹی کی ایگزیکٹو کونسل کہہ لیجئے ان کا مطالعہ کیا گیا ۔ جناب والا ۔ مارشل لاء سے پہلے رجسٹرڈ گریجویٹ جن کی تعداد پنجاب میں ۵ ۔ یا ۶ ۔ ہزار تھی وہ اپنا ووٹ بذریعہ ڈاک بھیجتے ہیں اور رجسٹرڈ بیلٹ کے ذریعہ پنجاب یونیورسٹی اور دیگر یونیورسٹیوں کے لئے کونسل کا قیام عمل میں آتا تھا اور وہ اعلیٰ اختیارات رکھنے والی کونسل ہوتی تھی ۔ اور وہ کونسل تمام یونیورسٹی کے ایگزیکٹو functions کو چلاتی تھی ۔ اب آپ اندازہ فرمائیے کہ یہ حق بورڈ میں ایک حد تک رائج تھا ۔ لیکن جناب والا ۔ اب ہمارے گورنر یا چانسلر تمام کی تمام سنڈیکیٹ کے ارکان اور دیگر ارکان اور faculties کو نامزد کرتے ہیں یہ درست ہے کہ ان کا بھی ایک sphere ہے کہ وہ تمام ہیڈ ماسٹروں یا تمام Principals میں سے nomination کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ تینوں تعلیمی کمیشنوں نے سفارشات کی ہیں کہ یونیورسٹیز کو زیادہ سے زیادہ خود مختار قرار دیا جائے لیکن ان کی سفارشات پر عمل کرنے کی بجائے یونیورسٹی کے بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن پر محض صوبے

کے حاکم اعلیٰ کو جو عام طور پر چانسلر ہوتا ہے اس کا حاکم بنا دیا گیا ہے اور بورڈ کو اس کا غلام بنا کر رکھ دیا گیا ہے اب آپ اندازہ فرمائیے کہ کوئی حکومت بھی آئے خواہ وہ پرانے سیاستدانوں کی حکومت ہو خواہ وہ موجودہ سیاست دانوں کی حکومت ہو وہ جو بھی nomination کرے گی nomination کے معاملہ میں دیانتداری نہیں برتے گی اس کو بھی اچھے افراد نظر نہ آئیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ nomination میں یہ یونیورسٹیوں اور بورڈ کے جو ادارے ہیں ان کو autonomous ہونا چاہئے ان میں داخل نہیں ہونا چاہئے ان کا اپنا فریم ورک ہونا چاہئے جن میں اچھے لوگ اور پڑھے لکھے لوگ ہونا چاہئیں جو تعمیری باتیں کریں لیکن ہماری حکومت نے اس میں سیاست کو داخل کر دیا انہوں نے سنڈیکیٹ باڈیز میں اپنے افراد کا nomination رائج کر دیا ہے۔ اب جناب والا ۔ میں اپنے دو نکات پر عرض کروں گا ۔ پہلا نکتہ میرا یہ ہے کہ پیسک ڈیما کریسی کے سسٹم کو یونیورسٹی یونین میں داخل کر دیا گیا ہے یعنی طلباء کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ یونین کے انتخابات براہ راست کر سکیں ان کو وہاں بھی بالواسطہ سسٹم سے انتخاب کرنا ہو گا ۔ اس سسٹم کو چانسلر نے پنجاب یونیورسٹی میں کم سے کم جیسا کہ اخبارات میں آیا تھا رائج کر دیا ہے ۔ گذشتہ دنوں ہم نے اس پر ایڈجورنمنٹ موشن بھی دیا تھا کہ اس طرح سے وہ طلباء کی یونین پر مکمل طور پر قابض ہو جائیں ۔ جناب والا ۔ ان سٹوڈنٹس یونین کی نشو و نما ایک آزادانہ ماحول میں ہونی چاہئے ۔ سٹوڈنٹس کی وہ تنظیم ہے جس نے ۱۹۶۵ء کی جنگ میں حکومت کے

ساتھ تعاون کرکے یہ بات ثابت کر دی کہ وہ محب وطن ہیں انہوں نے گولہ بارود کی ترسیل اور ملک کی حفاظت اور اس کے دفاع میں پورا پورا حصہ لیا اور تعاون کیا ۔ ان کے اپنے social contacts ہیں ان کا اپنا نصب العین ہے وہ ایک ایسا طبقہ ہے جو کہ آزادانہ ماحول میں اپنی قوم کے لئے بڑی سے بڑی قربانی دینے کے لئے ہر وقت تیار رہتا ہے تو سٹوڈنٹس میں indirect elections جاری کرنا میں سمجھتا ہوں کہ یہ فعل نہایت برا فعل ہے ۔ حکومت اس چیز کی کیوں حمایت کرتی ہے ۔ اس وقت ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت ۲۰ اشخاص مغربی پاکستان میں جناب والا ۔ نظر بند ہیں اور یہ اعداد و شمار میں نے سٹرل اسمبلی کے مباحثات میں سے لئے ہیں اور وہ ۲۰ افراد میں سمجھتا ہوں کہ وہ طالب علم ہی ہیں ۔ تو ڈیفنس آف پاکستان رولز کے جواز میں یہاں یہ کہا جاتا ہے کہ ہم غیر ملکی جاسوسوں کے لئے یہ قانون بنا رہے ہیں لیکن یہ وہ لوگ ہیں جو مجھ سے اور آپ سے زیادہ محب وطن ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ طالب علموں پر ان قوانین کا برتنا حد درجے کی زیادتی ہے ۔ جناب والا ۔ اب میں صرف ایک اور پوائنٹ لینا چاہتا ہوں اور جناب والا ۔ میں اس کا بھی شکوہ کرتا ہوں کہ ہماری حکومت نے اسلامی یونیورسٹیوں کے قائم کرنے کے سلسلے میں خاطر خواہ کام نہیں کیا ۔ بہاول پور ایک ایسی یونیورسٹی قائم کرنے کے علاوہ اور کچھ نہیں کیا جناب والا ۔ یہ دراصل ذہنی طور پر اور بنیادی طور پر اس بات پر اعتبار نہیں کرتے ہیں اگر آپ مجھے اجازت دیں تو عرض کروں ۔ انہوں نے اینگلو اورینٹیل اسلامیات کی طرز پر نصاب

کو رائج کیا ہے اور حقیقت میں وہ نصاب اسلام پر مبنی نہیں ہے گو انہوں نے اسلامی یونیورسٹی کے قیام کے لئے تگ و دو کی ہے ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ بھی گذارش کرنی ہے اور میں صرف یہ آخری پوائنٹ عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے میڈیکل اور انجینئرنگ کالجوں میں داخلوں کا ایک سخت پرابلم ہے ۔ عام طور پر فرسٹ ڈویژن کے طالب علم ان کالجوں میں داخل ہوتے ہیں ۔ بہت سخت مقابلہ ہوتا ہے ۔ سابقہ وائس چانسلر نے یہ کہا تھا کہ انہوں نے ۱۵ طالب علم جو کہ سیکنڈ اور تھرڈ ڈویژن کے تھے محض سپورٹس basis پر لئے گئے ہیں ۔ ایک کو Swimming کی وجہ سے لینا جانا تھا اور جب اس کا تیراکی کا ٹیسٹ ہوا تو وہ ڈوب جانے لگا تھا ۔ جناب والا ۔ میری یہ گذارش ہے کہ آپ سختی سے merits کا خیال فرمائیں اگر کوئی انٹرنیشنل شہرت کا لڑکا ہو تو اس کو لے لیں اور میں سب سے بڑا حامی اس بات کا ہوں کہ آپ میڈیکل اور انجینئرنگ کالجوں میں جو پسماندہ ریجنوں کا کوٹہ ہے اس کو بڑھائیں اور چار گنا دیں اور قابلیت کے اعتبار سے داخلے ہوں ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد مجھے صرف ایک گذارش کرلی ہے کیونکہ میں اپنی تقریر کو ختم کرنا چاہتا ہوں ۔ میں مغربی پاکستان کی حکومت پر یہ الزام لگاتا ہوں کہ وہ پچھلے دس سالوں میں ملکی ترقی کا دعویٰ تو کرتی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر ۔ میں جناب والا ۔ زیادہ اعداد و شمار میں نہیں جانا چاہتا کہ فلاں جگہہ کتنے سکول ہیں کتنے کالج ہیں یا یہ کہ ان کو بڑھا دیا جائے میں اس چیز کو کوئی اہمیت نہیں دیتا میں جناب والا ۔ ایک قسم کی بنیادی تبدیلی چاہتا ہوں اور جہاں آپ نے سکولوں اور کالجوں کی تعداد میں اضافہ کرنا ہے وہاں میری یہ بھی

گذارش ہے کہ تربیت یافتہ ٹیچرز میں بھی اضافہ کرنا ہوگا ۔ آپ terminal مقرر کر دیں ۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ جونہی کسی کی مالی حالت خراب ہو جائے وہ تعلیم کو چھوڑ دیتا ہے ۔ آپکے terminal ایسے ہونے چاہئیں جس کے بعد آپکے بچوں کو تجارت اور انڈسٹری میں رغبت ہو ۔ میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت صدر مملکت کے ارشادات گرامی کے باوجود بنیادی تبدیلیاں کرنے سے قاصر رہی ہے ۔ نیشنل زبان کا جو مسئلہ ہے آپ اس کو ۱۹۷۲ء تک التواء میں نہ رکھیں بلکہ جب آپکے آئین میں بھی اس قدر ترامیم ہو چکی ہیں آپ ان کو مد نظر رکھتے ہوئے کوئی ٹھوس لائحہ عمل اختیار کریں ۔ شکریہ ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ مسئلہ تعلیم ایک ایسا موضوع ہے جسے قومی سطح پر حل کرنے کی ضرورت ہے ۔ اس پر بحث کرتے ہوئے آپوزیشن کے نقطہ نظر کو یا حکومت کے نقطہ نظر کو خصوصیت سے اس وقت project نہیں کرنا چاہئے ۔ میں اسی خیال spirit اور کے تحت اس وقت محض نکتہ چینی کی غرض سے نہیں بلکہ ایک پاکستانی کی حیثیت سے اس صوبے کے اہم ترین مسائل پر جن میں تعلیم بھی ہے اپنے خیالات کا اظہار کروں گا ۔ جناب والا ۔ نبی اکرم کی حدیث ہے ۔

اطلبوا العلم ولو کان بالصین

عرب سے اگر چین تک چل کر بھی آپکو علم مل سکے تو بھی حاصل کیا جائے ۔ کتنی شدید تاکید ہے ۔ جہاں تک علم و حکمت کا تعلق ہے قرآن

مجید کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ رب کریم کی صفت ہے ۔ ہمارے مذہب کی رو سے ہمیں بار بار یہ تلقین کی گئی ہے کہ ہر فرد علم حاصل کرے خواہ وہ مرد ہو یا عورت ۔ علم کے حصول کی بار بار تاکید کی گئی ہے اور جب تک مسلمان اس تلقین پر عمل کرتے رہے انہوں نے ابی سینا ، فارابی ۔ ابن رشد ۔ سہروردی اور ابن عربی جیسی شخصیتیں پیدا کیں جو علم و حکمت کے آسمان پر ستارے اور چاند بن کر چمکے اس کے بعد جب ہم نے اپنے مذہب کی تلقین کو فراموش کر دیا تو ہم جو اقوام عالم کے استاد تھے جنہوں نے علم کے ہر شعبہ میں اقوام عالم کو درس دیا صدیوں تک یورپ جن کی تصانیف کو پڑھ کر اپنے علم میں اضافہ کرتا رہا جن کی تصانیف صدیوں تک یورپ کی یونیورسٹیوں میں درسی نصاب میں شامل رہیں جن کی یونیورسٹیاں قرطبہ میں ہوں یا بغداد میں ۔ قیروان میں ہوں یا دمشق میں علم و حکمت کی شمع روشن کرتی رہیں ۔ لیکن جب ہم نے اس تعلیم سے روکشی کی تو ہمارے شاگرد ہمارے استاد بن گئے حتیٰ کہ ہم یہ بھی بھول گئے کہ ہمیں کسی علم و فن میں کوئی ملکہ حاصل تھا ۔ یہ دور انحطاط کا دور تھا ۔ اس دور میں سے ہندستانی مسلمان گزر رہے تھے ۔ جب یہاں انگریز حکمران آئے تو لاڈ میکالے نے اپنے مشہور منٹس میں یہ لکھا کہ یہاں ایسا نظام تعلیم رائج کیا جائے کہ جس سے اس برصغیر کے نوجوانوں کو ۔ اگرچہ یہ رنگ کے سیاہ ہیں ان کو ذہنی طور پر انگریز بنا دیا جائے یہ انگریزوں کی طرح اٹھیں ۔ بیٹھیں ۔ انگریزی ان کا ذریعہ تعلیم ہو ۔ نتیجہ جو ہونا چاہئے تھا وہی نکلا ۔ ہم انگریزوں کے لئے کارک اور چھوٹے موٹے ایڈمنسٹریٹر مہیا کئے ۔ اس سے زیادہ ہماری تعلیم کا منتہائے مقصود کچھ نہ تھا ۔ پھر

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قائد اعظم کی قیادت میں مسلمانان ہند نے آزادی کے لئے جد و جہد کی اور اس میں کامیاب ہوئے ۔ آج ہمیں آزاد ہوئے تقریباً اکیس سال ہو گئے ہیں لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ تعلیم کے میدان میں ہماری ڈگر اب بھی وہی ہے ۔ اگرچہ بارہا ہم نے اپنی منزل متعین کی ہے ۔ لیکن ان منزلوں کی طرف اگر ہمارے قدم اٹھ رہے ہیں تو اتنے سست ہیں کہ منزل دن بدن دور ہوتی جا رہی ہے ۔

جناب والا ۔ اس موقع پر میں ایک اور بات اس موضوع کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں ایک زمانہ تھا جب دنیا بھر میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ تعلیم انسان کے لئے اچھی چیز ہے ۔ تعلیم انسان کا زیور ہے ۔ لیکن حکومت کا تصور یہ ہوتا تھا کہ محکمہ تعلیم ایک رفاہی ادارہ یا محکمہ ہے جس پر جو کچھ صرف کیا جائے گا اس میں سے واپس کچھ نہیں ہو گا اس کی واپسی کچھ نہیں ہو گی جیسا کہ دوسرے محکموں مثلاً بجلی کے کارخانے لگانے سے یا کوئی نہر کھودنے سے منافع حاصل ہوتا ہے ۔ تعلیم پر اخراجات کے متعلق یہ تصور تھا کہ یہ غیر پیداواری ہے لیکن وہ زمانہ گزر گیا ۔ اب باہر کی دنیا ہی میں نہیں بلکہ اپنے ملک میں بھی ہم دیکھتے ہیں کہ یہاں بھی یہ تصور پیدا ہو رہا ہے کہ تعلیم پر روپیہ صرف کرنا غیر پیداواری نہیں ہے بلکہ یہ پیداواری ہے ۔ ایک طرف جیسا کہ میں نے عرض کیا مذہبی نقطہ نظر سے اور دوسری طرف معیشت کے اعتبار سے ہمارے لئے اور کوئی راستہ نہیں ۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ملک کی ترقی ہو تو اس کے لئے تعلیم لازمی ہے ۔ تو پھر میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ ہم نے گذشتہ اکیس سال کے دوران

تعلیم سے یہ توجہی کیوں برتی ۔ جناب والا ۔ ہمارے موجودہ یا سابقہ حکمرانوں نے تعلیم کی اہمیت کو قبول نہیں کیا یہی وجہ ہے انہیں جتنی توجہ تعلیم کی طرف دینی چاہئے تھی انہوں نے نہ دی ۔ اس صورت میں ان کی عدم توجہی کی کوئی توجیہ سمجھ سکتا تھا ۔ لیکن ایسا نہیں ۔ میں آپ کی خدمت میں پہلے پنجسالہ منصوبہ کی چند سطور پیش کرتا ہوں ۔ جو کہ اس بات کی دلیل ہے ۔ کہ ہمارے اس زمانہ کے حکمران ۱۹۵۵ء میں اس بات سے پوری طرح آگاہ تھے کہ تعلیم کے بغیر ہم کسی قسم کی ترقی نہیں کر سکیں گے پہلے پنجسالہ منصوبہ کے صفحہ ۵۳۹ پر یہ فرماتے ہیں :-

"A programme for the improvement and expansion of education is a vital part of the national development Plan. Not only is it necessary to enlarge rapidly the number of trained persons in the country in order to carry out the various development schemes and to provide the specialised and technical services needed to conduct the activities of a progressive nation, but also the provision of educational opportunities is one of the primary goals of a society believing in equality or opportunity and the paramount worth of the individual."

یہی نہیں بلکہ دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں تعلیم کی ضروریات سے متعلق منصوبہ کے صفحہ ۳۳۷ پر فرماتے ہیں : -

"Upon education falls the supreme task of preserving the national ideals and building up the national character on strong foundations of faith, unity and discipline, without which no nation can aspire to greatness. The essential goals must be to provide an informed leadership, a responsible

citizenry, and trained manpower. It is through the advancement of education alone that these goals can be achieved. No un-educated....."

اس ملک میں معیار ترقی کیا ہے ۔ اس میں آگے بڑھنے کا معیار کیا ہے ۔ دوسرے پلان میں کہا گیا ہے کہ تعلیم کے بغیر آگے نہیں بڑھا جا سکتا البتہ پیچھے تو ہر وقت جایا ہی جا سکتا ہے ۔ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں کہیں اس سے زیادہ زور کے ساتھ اس بات کا اعادہ کیا گیا ہے کہ تعلیم کے بغیر ہماری ترقی نا ممکن ہے ۔ تیسرے پنجسالہ منصوبہ کے صفحہ ۱۸۵ پر فرماتے ہیں :-

"No un-educated community has progressed far in the modern world, and no educated community with initiative and leadership has remained backward".

جیسا کہ میں نے اقتباسات آپ کے سامنے پیش کئے ہیں ان میں آپ دیکھیں گے کہ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں لگا تار اس بات پر زور دیا جاتا رہا ہے بلکہ اسکی اس بنیاد پر عمارت استوار کی جاتی رہی ہے کہ تعلیم ہمارے لئے لازم ہے ۔ لیکن یہ تو وہ دعاوی تھے ۔ یہ تو وہ مواعید تھے جو ہمارے سابقہ حکمرانوں نے یا موجودہ حکمرانوں نے اس قوم کے ساتھ یا اس ملک کے ساتھ یا اس صوبہ کے ساتھ کئے تھے ۔ ان مواعید کو کس شکل میں پورا کیا گیا ہے اور ان کو کس حد تک پورا کیا گیا ہے ذرا اس کی جانب بھی توجہ فرمائیں :-

"The concept of education as a vital national investment and a major determinant of the nation's economic growth under-lay the recommendations of the Commission on National Education and

of the Second Five-Year Plan. The Third Plan takes even greater recognition of this concept of education, and has kept in view the following basic and inter-related objectives of the educational planning in the country".

جناب والا۔ ۱۹۵۵ء میں پہلے پنجسالہ منصوبہ میں دیئے گئے اعداد وشمار کے مطابق اس ملک میں پرائمری سکولوں میں جانے کی عمر کے بچوں میں سے ۴۳ فیصد بچے سکولوں میں جاتے تھے باقی بچوں کے لئے تعلیم کا کوئی انتظام نہ تھا ۔ پہلے پنجسالہ منصوبہ میں قوم سے یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ پنجسالہ منصوبہ کے اختتام تک ۴۳ فیصد بچوں کی بجائے ۶۰ فیصد تک بچے سکولوں میں جائیں گے اور ان کے لئے ان پانچ سالوں میں سکولز کی عمارتیں اور استاد مہیا کئے جائیں گے ۔ لیکن اس کا نتیجہ کیا نکلا ۱۹۶۰ء میں اس ملک میں پرائمری سکول جانے کی عمر کے بچے یعنی چھ سال سے گیارہ سال کی عمر کے بچے محض ۴۳٫۲ فیصد تھے یعنی ان پانچ سالوں میں اضافہ اعشاریہ دو فیصد ہوا تھا ۔ دعویٰ یہ تھا کہ ۶۰ فیصد بچوں کے لئے پہلے پنجسالہ منصوبہ میں سکولوں کا اجراء ہو گا ۔ وہ وعدہ ہی کیا جو وفا ہو گیا ؟

جناب والا ۔ جب دوسرے پنجسالہ منصوبہ کی باری آئی تو حکمرانوں نے کہا کہ ٹھیک ہے ۔ اس دوران میں یہ بھی عرض کر دوں کہ اس وقت نیشنل ایجوکیشن کمیشن مقرر ہو چکا تھا ۔ انہوں نے کچھ سفارشات کی تھیں اور انہوں نے اس بات پر انتہائی زور دیا کہ ۱۰ سال کے اندر اندر ۱۰۰ فیصد پرائمری سکول کی عمر کے بچوں کی تعلیم کا انتظام لازمی ہے اور اس ملک میں ۱۰۰ فیصد پرائمری سکول کے بچوں کے لئے لازمی اور مفت

تعلیم کا مہیا کیا جانا ضروری ہے ۔ ان سفارشات کو پیش نظر رکھتے ہوئے پھر قوم سے وعدہ کیا گیا کہ اچھا ۴۳۶۲ فیصد اس وقت بچے سکولوں میں جا سکتے ہیں یا جا رہے ہیں تو آئندہ پانچ سالوں میں ہم اس کو ۶۵ فیصد تک لے جائیں گے لیکن جب پانچ سال ختم ہوئے تو اس کا نتیجہ یہ تھا کہ صرف ۴۵ فیصد بچے سکولوں میں جا رہے تھے ۔ جب تیسرا پنجسالہ منصوبہ شروع ہوا تو اس وقت یہ وعدہ کیا گیا کہ سابقہ باتوں کو جانے دیجئے اگرچہ دوسرے پلان کے متعلق کہا گیا بلکہ یہ دعویٰ کیا گیا کہ اس موجودہ حکومت نے ہر قسم کے plan target پانچ سال میں نہ صرف پورے کئے ہیں بلکہ اس سے ہم آگے بڑھ گئے ہیں ۔ کم از کم میں یہ عرض کروں گا میں دوسرے شعبوں کے متعلق بات نہیں کر رہا ہوں میں صرف پرائمری تعلیم سے متعلق بات کر رہا ہوں ۔ یہ اپنا وعدہ ۵ فیصد تک بھی ایفاء نہیں کر سکے ۔ بہر حال جب تیسرا پنجسالہ منصوبہ شروع ہوا تو اس میں بھی اس قوم اور اس ملک سے وعدہ کیا گیا کہ اس وقت تو ۴۵ فیصد بچے پرائمری جماعتوں میں تعلیم پا سکتے ہیں اور ہم اس سے زیادہ انتظام نہیں کر سکے لیکن آئندہ پانچ سالوں میں ۷۰ فیصد بچے پرائمری سکولوں میں جا رہے ہوں گے ۔ ان کی تعلیم کے لئے اساتذہ بھی موجود ہوں گے ۔ ان کے لئے سکولز کی عمارتیں بھی مہیا ہوں گی لیکن افسوس اس وعدہ کا کیا حشر ہوا یہ بھی منصوبہ بری طرح ناکام ہوا ۔ ابھی پانچ سال پورے نہیں گذرے ہیں Mid Plan Review میں اس بات کا اقرار کیا گیا ہے کہ جہاں تک تعلیم کے مسئلہ کا تعلق ہے (میں پرائمری تعلیم کی بات کر رہا ہوں) وہ ناکام

ہو رہا ہے ۔ Mid Plan Review کے صفحہ ۵۴ پیراگراف ۸۴۶ میں فرماتے ہیں :-

"In West Pakistan, the performance has not been encouraging as far as the opening of new primary schools is concerned. Only one thousand schools have been opened during the period under review....."

یعنی ۶۶ - ۱۹۶۵ء اور ۶۷ - ۱۹۶۶ء ان دو سالوں میں ۱۰۰۰ سکولز کھولے گئے ہیں :-

"____ against the Plan target of twenty-five thousand, showing an achievement of four percent in two years."

اگر یہ سارے سکولز کھولے جاتے یا کوئی ایسی صورت ہوتی کہ ہم مغربی پاکستان میں ۲۵ ہزار سکولز پانچ سالوں میں کھول لیتے تو پھر اس صورت میں توقع کی جا سکتی تھی کہ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں جو وعدہ کیا گیا ہے وہ ایفاء ہو جائے گا اگرچہ وہ بھی یقینی نہیں تھا مشکوک تھا ۔ لیکن جس صورت میں دو سال کے عرصے میں وہ ایک ہزار سکولز کھولتے ہیں جبکہ ان کو دس ہزار سکول کھولنے تھے اور آئندہ سال کے دوران ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ وہ پندرہ سو نئے سکول کھولیں گے تو جب ہم تین سال میں صرف پچیس سو نئے سکول کھولتے ہیں جبکہ ہمیں پچیس ہزار سکول کھولنے تھے تو اس حساب سے ان سکولوں کے اجراء کے لئے ہمیں تیس سال کا عرصہ درکار ہوگا اور ۔ اب تو باقی ایک سال ہی رہ گیا ہے تو اس صورت میں مجھے یہ خدشہ ہے اور نہ صرف خدشہ ہی ہے بلکہ میرے پاس وجوہات ہیں کہ ستر فیصد

تک تو کجا ۱۹۶۵ء میں جب ہمارے پاس پینتالیس فیصد بچوں کے لئے گنجائش تھی تو بچوں کی تعداد میں اضافے کی وجہ سے وہ تناسب پینتالیس فیصد سے گر کر کہیں چالیس فیصد سے بھی نیچے نہ آ جائے اور ہم اس مقام پر واپس پہنچ جائیں جہاں پر کہ ہم ۱۹۴۷ء میں تھے - ۱۹۴۷ء میں جب اس صوبے میں افراتفری ہوئی تو اس کے بعد کچھ سکولوں کو rehabilitate کیا گیا تو اس وقت بچوں کے لئے اڑھتیس فیصد تعلیم کا انتظام موجود تھا اور اب ٹھیک بیس سال گذر جانے کے بعد مجھے یہ خدشہ ہے کہ کہیں ہم واپس اسی مقام کو نہ لوٹ جائیں جس مقام سے کہ ہم آج سے بیس سال پہلے چلے تھے - تو گذشتہ بیس اکیس برس میں اسی تناسب سے ہماری تعلیمی ترقی مڈل سکولوں ، ہائی سکولوں ، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ہوئی - یعنی ہم بجائے آگے بڑھنے کے وہی معیار قائم رکھ رہے ہیں اور آبادی میں اضافہ ہونے کی وجہ سے ہم پیچھے جانے پر مجبور ہو رہے ہیں - اس اسمبلی کے اجلاس کے دوران اور پچھلے اجلاس میں بھی محترم وزیر تعلیم صاحب نے بعض سوالات کا جواب دیتے ہوئے روپے کی کمی کا گلہ کیا تھا اور جیسا کہ میں نے ابتداء ہی میں عرض کیا تھا کہ میں آج کی بحث کے دوران سیاسی امور کو داخل نہیں کرنا چاہتا اس لئے میں یہ تفصیل بیان نہیں کروں گا کہ روپیہ کیوں کم ہوا یا اس کی کیا وجوہات ہیں - لیکن پھر بھی سوال یہ ہے کہ روپیہ کم تھا - ضرور کم ہو گا اور میں بھی اسے تسلیم کر لیتا ہوں - لیکن وزیر خزانہ نے ہمیں جو یہ بڑی عمدہ سی کتاب دی ہے میں نے جب اس کا مطالعہ کیا ہے تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو تھوڑا بہت روپیہ ان کو ملا بھی تھا تو اس کے استعمال سے بھی یہ محکمہ قاصر رہا ہے

میرے پاس ۶۱ - ۱۹۶۰ء سے لے کر موجودہ سال تک کے اعداد و شمار موجود ہیں ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ انہیں تعلیم کے لئے ۶۱ - ۱۹۶۰ء میں چار کروڑ چالیس لاکھ روپے دیئے گئے تھے لیکن انہوں نے اس میں سے صرف چار کروڑ تین لاکھ روپیہ صرف کیا اور پینتیس لاکھ روپیہ انہوں نے استعمال نہیں کیا ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ۔ وہ کیسے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ وہ اس طرح کہ بجٹ کی revised allocation چار کروڑ چالیس لاکھ روپے ہے اور انہوں نے اس میں سے سینتیس لاکھ روپیہ کم خرچ کیا ۔ لیکن ۶۲ - ۱۹۶۱ء میں ان کا خرچ ان کی allocation سے زیادہ ہے لیکن ۶۳ - ۱۹۶۲ء میں ان کے لئے گیارہ کروڑ چالیس لاکھ روپے مختص کیا گیا تھا لیکن انہوں نے اس میں سے صرف نو کروڑ چورانوے لاکھ روپے خرچ کئے ۔ یعنی تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپیہ انہوں نے کم خرچ کیا ۔ ۶۴ - ۱۹۶۳ء میں ان کے لئے تیرہ کروڑ چون لاکھ روپے مختص کیا گیا تھا لیکن انہوں نے اس میں سے بارہ کروڑ اڑھتالیس لاکھ روپے خرچ کیا ۔ ۶۵ - ۱۹۶۴ء میں انہوں نے دو کروڑ روپیہ اپنی allocation سے کم خرچ کیا اور ۶۶ - ۱۹۶۵ء میں انہوں نے ایک کروڑ روپیہ اپنی allocation سے کم خرچ کیا ۔ اسی طرح ۶۷ - ۱۹۶۶ء میں بھی انہوں نے اپنی allocation سے ڈیڑھ کروڑ روپیہ کم خرچ کیا اور ۶۸ - ۱۹۶۷ء میں تو انہوں نے اپنی allocation سے ساڑھے چار کروڑ روپیہ کم صرف کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ۔ آپ کا کیا خیال ہے کہ آیا ان کو ملا ہی کم تھا یا انہوں نے واقعی خرچ کیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس کی دونوں ہی صورتیں ہو سکتی ہیں ۔ یا تو محکمہ خزانہ نے اس ایوان پر اور اس ملک کے عوام پر یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ ہم تعلیم پر اتنا صرف کر رہے ہیں اپنے میزانیے میں اتنی بھاری بھر کم رقوم کی allocation کر دی ۔ لیکن بعد ازاں وزیر تعلیم کے کان میں کہہ دیا کہ یہ رقم لکھ تو دی ہے لیکن آپ کو اتنی رقم ملے گی نہیں ۔ اور اس کی دوسری صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ یہ رقم ان کو ملی تو تھی لیکن انہوں نے اپنی بد نظمی کی وجہ سے اور ان کے پاس بہتر سکیمیں نہ ہونے کی وجہ سے ان رقوم کو استعمال نہ کیا اور وہ Lapse ہو گئیں ۔ یہ اپنے محکمے کو اس طرح gear نہ کر سکے کہ ان رقوم کو صرف کیا جا سکتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ۔ اس میں surrendered رقوم کا تو کوئی اندراج نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اس کا اندراج تو واقعی نہیں ہے ۔ لیکن میں ایک اور وجہ بھی آپ کی خدمت میں تعلیم کے سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ انہوں نے ایک اور وجہ بھی بتائی ہے کہ خرچ کیوں کم ہو رہا ہے ۔ میرے پاس ۶۹ - ۱۹۶۸ء کا Annual Plan ہے اس کے صفحہ نمبر ۴ پر پیراگراف نمبر ۱۵ میں یہ دیا گیا ہے کہ :-

"In the social sectors, performance has been considerably below expectation both in physical and financial terms In education sector, the major programme like the primary education did not make much progress as compared to the Plan target. Out of the Plan target of additional enrolment at the primary stage, the progress has been only 8% in West Pakistan and 9% in East Pakistan. Programme of technical education recorded slow progress."

This is the second reason.

"Delays in the preparation of schemes by executing agencies, submission of incomplete and defective schemes to the sanctioning authorities....."

This is the third reason.

" ... and non-availability of funds for certain sub-sectors were the major causes of the slow progress in education."

یہ تین وجوہات بیان کی گئی ہیں ۔ جہاں وہ محکمے کی اہلیت پر بھی حرف لائے ہیں وہاں پر انہوں نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ ہمیں روپیہ کم ملا ہے ۔ میں ایک لطیفہ بھی عرض کئے دیتا ہوں جس میں کہ میں اور آپ دونوں ہی شامل ہیں ۔ پچھلے سال میں نے وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کیا کہ میرے حلقہ نیابت میں ایک مڈل سکول کو upgrade کرکے اسے ہائی سکول کا درجہ دے دیا جائے اتفاق کی بات ہے کہ آپ نے بھی ان کو کہا تھا کہ آپ کے ضلع میں بھی اس کی ضرورت ہے ۔ تو ان کے محکمے کی اقتصادی حالت اس قسم کی تھی اور اس کی مالی حالت اتنی خطرناک تھی کہ میں تو بہر حال ان کا بڑا نیاز مند تھا لیکن وہ آپ کی بھی بڑی قدر کرتے

ہیں ۔ تو انہوں نے یہ کہا کہ آپ دونوں ٹاس کر لیں ۔ تو آپ خوش قسمت تھے آپ ٹاس جیت گئے لہذا وہ سکول آپ کو مل گیا اور مجھے نہ مل سکا ۔ یہ میں شکایت نہیں کر رہا ہوں بلکہ میں ان کے محکمے کی مالی حالت بیان کر رہا ہوں کہ حالات اتنے خراب ہیں کہ جس سے ہم گذر رہے ہیں ۔ تو جب محکمے کی حالت یہ ہو تو ان سے یہ توقع کرنا کہ وہ کسی صورت میں بھی تھرڈ پلان کے target کو حاصل کر لیں گے ۔ جناب والا ۔ میں ایک بات اور عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ روپیہ کی کمی نہیں ہونی چاہیئے ۔ کل اور پرسوں گذشتہ تین چار روز میں محترم وزراء صاحبان نے خواہ وہ قائد ایوان تھے یا وزیر خزانہ ۔ انہوں نے بار بار ہمیں یہ یاد دلایا ہے کہ ہماری قومی آمدنی میں تین سو گنا اضافہ ہو گیا ہے ۔ ٹھیک ہے ۔ ضرور ہوا ہو گا ۔ اگرچہ میرے ذہن میں کچھ شکوک ہیں ۔ کہ قومی آمدنی کو جس طرح ناپا جا رہا ہے ۔ میں بھی اس میں اضافہ ظاہر کر سکتا ہوں ۔ اور دوسرے لوگ بھی کر سکتے ہیں بہر حال ان کو چھوڑیئے ۔ مان لیا کہ قومی آمدنی میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ اگر قومی آمدنی میں اضافہ ہو رہا ہے تو کیا ہمارے لئے لازم نہیں تھا کہ اس سیکٹر پر جس پر تین منصوبہ سازوں نے اس قدر زور دیا جیسا کہ میں نے اپنی تقریر میں اظہار کیا ہے گورنمنٹ معقول رقم صرف نہ کر سکی ۔ جناب والا ۔ یقیناً آپ کو اس کا علم ہو گا لیکن ممکن ہے بعض دوستوں کو اس کا علم نہ ہو کہ دنیا بھر کے ممالک میں سے ہم نسبتاً اپنی قومی آمدنی کے مقابلے میں سب سے کم تعلیم پر صرف کرتے ہیں ۔ غور فرمائیے تقریباً ہر ملک ہم سے زیادہ تعلیم پر صرف کرتا ہے ۔ مثال کے طور پر میں پہلے عرض کروں گا ۔ کہ ہم اپنی مجموعی قومی آمدنی کا ۲۰ فیصد

استعمال کر رہے ہیں ۔ تعلیم کے لئے مختص کر رہے ہیں ۔ خواہ وہ آپ کے کہنے کے مطابق فنانس ڈیپارٹمنٹ بعد میں دکھا کر واپس لے لے ۔ تو اور بات ہے ۔ یہ رقم بھی شاید دکھا کر وہ واپس لے لیتے ہیں ۔ جس طرح گھانا ۱۶۵ ہم سے زیادہ ، بھارت ۱۶۷ ہم سے زیادہ ، یوگنڈا ۵۶۹ ہم سے زیادہ بلکہ تین گنا اور امریکہ اور روس کو تو جانے دیجئے ۔ ان سے ہمارا مقابلہ نہیں ہے ۔ ہمیں کہا جاتا ہے ہمارے پاس دولت ہے ۔ تو پھر کیا وجہ ہے ۔ ہم یہ اقرار کرتے ہوئے کہ اس سیکٹر کی ترقی کے بغیر قوم کی ترقی ناممکن ہے اس سے رو گردانی کیوں کر رہے ہیں ۔ اسے فراموش کیوں کر رہے ہیں جناب والا ۔ ابھی اس ایوان میں گذشتہ روز یہ کہا گیا تھا ۔ کہ ٹیکنیکل ایجوکیشن پر زور دیا جائے ۔ آج میرے پاس اتنا وقت نہیں ہے یہ بڑا لمبا مسئلہ ہے ۔ اس پر دلوں گفتگو کی جا سکتی ہے ۔ لیکن میں اختصار کے ساتھ عرض کروں گا ۔ چند مسائل کی طرف بڑا زور دیا گیا ۔ بعض دوستوں کی جانب سے ٹیکنیکل ایجوکیشن پر زور دیا گیا ۔ میں ان کے علم کے لئے یہ عرض کر دوں کہ ٹیکنیکل ایجوکیشن میں اس حد تک ترقی ہوئی ہے کہ ہم نے ابھی دوسرے پانچ سالہ منصوبے کے مواعید بھی پورے نہیں کئے ۔ چہ جائیکہ تیسرے پانچ سالہ منصوبے میں جو ہم نے مواعید کئے تھے ان کو پورا کر سکیں ۔ تیسرا پانچ سالہ منصوبہ بنے ہوئے تین سال گذر گئے ہیں ۔ ہم نے جو وعدے تیسرے پانچ سال منصوبے میں کئے تھے وہ بھی پورے نہیں کئے ۔ چہ جائیکہ ہم یہ کہیں ۔ کہ آئندہ تیسرے پانچ سالہ کا کوئی پروگرام جہاں تک ٹیکنیکل ایجوکیشن کا تعلق ہے ہم پورا کریں گے ۔ جناب والا ۔ یہ جو میں نے عرض کیا ہے اس کے حوالے کے لئے

صفحہ ۵۷ کی طرف جناب وزیر تعلیم کی توجہ دلاتا ہوں ۔ اس میں لکھا ہے :-

"Most of the development work carried out during the first two yeasr of the Third Plan related to the projects initiated during the Second Plan, which were scheduled to be completed within the Second Plan period. If the Third Plan targets for the output of technicians is to be realized, maximum efforts will have to be made to expedite the work on the various projects of technical education"

لیکن یہاں ایک ٹیبل درج ہے ۔ اس کی طرف بھی ان کی توجہ دلا دینا مناسب ہو گا :-

Education and Training : Development Expenditure by executing Agency itself - Physical Targets and achievements.

اس کو آپ ملاحظہ فرمائیں صفحہ ۱۹۶ ہے تیسرا پانچ سالہ منصوبہ یہ سارے ملک کے اعداد و شمار ہیں :-

Expansion of existing Polytechnics		= 8
	Achievement	Nil
Establishment of new Polytechnics		= 2
	Achievement	Nil
Polytechnics		= 10
	Achievement	Nil
Women Polytechnics		= 2
	Achievement	Nil
Establishment of Vocational Schools		
	Boys	= 25
	Girls	= 10
	Achievement	Nil

یہ دو سال کے لئے ہیں ۔ تو جناب والا ۔ میں اس لئے گذارش کرتا ہوں کہ تیسرے پانچ سالہ منصوبے کا کوئی بھی مقصد کوئی target مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے ہمیں حاصل نہیں ہوگا ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا کہ خواہ وہ target پرائمری ایجوکیشن خواہ مڈل یا میٹرک یا کالج ایجوکیشن میں یا ٹیکنیکل ایجوکیشن میں ہو اس کے ساتھ ایک اور مسئلہ بھی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں غیر شعوری طور پر بے جانے بغیر سوچے سمجھے کہ جہاں ہم نے سکول کھولنے بند کر دئے ہیں وہاں اساتذہ کی ٹریننگ کا پروگروام جاری رکھنا یعنی آج تقریباً ساڑھے دس ہزار اساتذہ مغربی پاکستان میں سالانہ ٹریننگ حاصل کرتے ہیں تقریباً اڑھائی ھائی سکول کے اساتذہ ٹریننگ حاصل کرکے نکلتے ہیں ۔ چونکہ ان کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ سکول تو نئے کھلتے نہیں نتیجہ یہ ہے کہ ہم نے ایک فوج کی فوج بے کار لوگوں کی اس صوبے میں پیدا کر دی ہے ۔ جو F.A. C T, ہیں ۔ J.V; S.V, B.A.B.T; M.A.B.T; M Ed. پاس ہیں مگر سب بے کار ہیں ۔ اور فوج کی فوج ہاتھوں میں سرٹیفیکیٹ لئے ہوئے گھوم رہی ہے ۔ اگر ہم نے سکول کھولنے بند کئے تھے تو ان کلاسز کو بھی بند کر دیتے تاکہ یہ لوگ اتنی تعداد میں ٹریننگ حاصل کرکے بے کار نہ پھرتے ۔ اب ہر ایک کہتا ہے کہ مجھے نوکری دلائی جائے ۔ ان کی تعداد میں بدستور اضافہ ہو رہا ہے ۱۹۶۴ - ۶۵ء کے بعد جس حد تک ان استادوں کی ٹریننگ ہو رہی تھی اس سے آگے نہ بڑھتے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی ترقی ہے تو یہ lop side imbalanced progress ہے اور اس وجہ سے ہے کہ پڑھے لکھے لوگوں کی بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ اس کے بعد میں آپ کی خدمت

میں ایک دوسرا مسئلہ پیش کرتا ہوں ۔ لازمی طور پر جب ہم یہ چاہتے ہیں کہ ملک میں تعلیم ہو تو دوسرا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ تعلیم کیسی ہو۔ اس کے متعلق بابائے ملت کے ارشادات کیا ہیں اس سے بہتر میرے ذہن میں اور کوئی guide line نہیں ۔ ۱۹۴۷ء میں آزادی کے فوراً بعد قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ نے ایک ایجوکیشنل کانفرنس طلب کی اس میں انہوں نے جو پیغام بھیجا اس کے الفاظ اس طرح تھے :-

"The importance of education and the right type of education cannot be over-emphasised. Under foreign rule for over a century, sufficient attention has not been paid to the education of our people and if we are to make a real, speedy and substantial progress we must earnestly tackle this question and bring our educational policy and programme on the lines suited to the genius of the people, consonant with our history and culture and having regard to the modern conditions and vast developments that have taken place all over the world. There is no doubt that the future of our State will and must greatly depend on the type of education we give to our children and the way in which we bring them up as future citizens of Pakistan. Education does not merely means academic education. There is immediate and urgent need for giving scientific and technical education to our people in order to build up our future economic life and to see that our people take to science, commerce, trade and, particularly, well-planned industries. We should not forget that we have to compete with the world which is moving very fast in this direction."

آگے چل کر فرماتے ہیں :-

"At the same time, we have to build up the

character of our future generation. We should try, by sound education, to instill into them the highest sense of honour, integrity, responsibility and selfless service to the nation. We have to see that they are fully qualified and equipped to play their part in the various branches of national life in a manner which will do honour to Pakistan."

بابائے ملت کا تعلیم کے متعلق یہ تخیل تھا ۔ کیا ہم نے اس تخیل اور بیان کی ہدایات پر عمل کیا ہے ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ۲۰ سال گذر جانے کے بعد ہم نے آج بھی اپنی منزل متعین نہیں کی ۔ ہم آج بھی تجرباتی دور میں سے گذر رہے ہیں ۔ ہم یہ سوچ رہے ہیں کہ پرائمری کا سیلبس کیا ہو ؟ مڈل کا سیلبس کیا ہو ؟ میٹرک کا سیلبس کیا ہو ؟ یا کالج کا سیلبس کیا ہو ؟ آج بھی ہم تجربات کر رہے ہیں اور قوم کو ان تجربات میں رکھ کر برباد اور تباہ کر رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس سارے سیلبس میں درسی کتابوں میں جو نئی چیز دیکھی ہے وہ یہ ہے کہ فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کی سوانح حیات کو شامل کیا گیا ہے ۔ لیکن یہ بات کہیں بھی نہیں کہ پاکستان کیوں معرض وجود میں آیا ۔ اس کے محرکات کیا تھے ؟ اس تحریک کے مقاصد کیا تھے ؟ پاکستان بننے کا یا بنانے کا مقصد کیا تھا ؟ میں پوچھتا ہوں کہ بچوں کے اخلاق سنوارنے کے لئے اور ان کو بہتر شہری بنانے کے لئے ہمارے پاس کوئی شے ہے ؟

جناب والا ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ موجودہ برسراقتدار طبقہ ۱۲ کروڑ افراد کو اپنی لیبارٹری سمجھے ہوئے ہے اور مختلف تجربات

کے لئے پاکستانیوں کو guinea pigs بنایا ہوا ہے ۔ ان پر تجربات ہوتے رہتے ہیں ۔ لیکن اگر کوئی نتیجہ برآمد کر لیتے تو شاید میں سمجھتا کہ چند سالوں کے لئے اگر ہمیں guinea pigs بنا لیا گیا ہے تو کوئی بات نہیں تھی لیکن ہنوز روز اول والا معاملہ ہے ۔

جناب والا ۔ تعلیم کیسی ہو کا جواب میرے محترم دوست جناب وزیر تعلیم نے خود ارشاد فرمایا ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جو اچھی بری تعلیم تھی اگرچہ وہ national aspirations کے مطابق نہیں تھی ۔ لیکن جو بھی تھی اس کا معیار اب اس حد تک پست کر دیا گیا ہے کہ گریجویٹ جو آپ پیدا کر رہے ہیں وہ ان پڑھ معلوم ہوتا ہے ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں پبلک سروس کمیشن کی سال رواں کی رپورٹ سے ایک اقتباس پیش کرتا ہوں ۔ آپ کو اچھی طرح معلوم ہے کہ پبلک سروس کمیشن کے امتحانات میں جو لوگ جاتے ہیں وہ بڑے اونچے نمبر لے کر امتحانات پاس کرتے ہیں ۔ جو قابل سمجھے جاتے ہیں ۔ جنہوں نے فرسٹ ڈویژن حاصل کی ہوتی ہے ۔ عام طور پر ایسے ہی طالب علم وہاں جاتے ہیں ۔ میرے جیسا غبی کوئی نہیں جاتا اگر بہترین طلباء کے متعلق ان کا یہ خیال ہے تو بدترین کیسے ہوں گے :-

"With very few exceptions the standard of majority of examinees in most of the fields continued to be poor. Among the exceptions, some of them had startlingly fresh ideas which were indicative of the range of their reading and analytical mind. Some candidates evinced considerable awareness of current problems and gave biblica-

tion of lively and imaginative minds but their language, from the view points of grammar and idioms was decidedly sub-standard. Nothing to speak of the misuse of articles, many of the examinees had no idea of the tenses. They made spelling mistakes like school children and could not spell even simple words like 'control' correctly. Some wrote such horrible English that one begins to wonder how such candidates at all manage to pass their B.A. Examinations. The following are a few of the instances....."

یہ سرٹیفیکیٹ ہمارے گریجوایٹس کو نہیں دیا گیا ۔ یہ محکمہ تعلیم کو دیا گیا ہے جنہوں نے کارخانہ بنایا ہوا ہے اور جو ایسے گریجویٹ پیدا کر رہا ہے ۔ جہاں تک معیار کا تعلق ہے وہ اس سے زیادہ پست نہیں ہو سکتا ۔ یہ آخری حد ہو گی کہ ہمارے بچے گریجویشن کے بعد سیدھی سادی انگریزی یا اردو نہ لکھ سکیں ۔ یہاں اردو کی ہی مثال زیادہ بہتر ہو گی اس لئے کہ اردو ہماری زبان ہے یعنی ہمارے بچے اردو الفاظ کے ہجے نہیں جانتے ۔ انگریزی تو پھر غیر ملکی زبان ہے ۔ ایسے حالات میں ہم کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے اپنے لئے تعلیم کی حد یا تعلیم کا کوئی معیار مقرر کیا ہے یا اس کی کوئی سمت مقرر کی ہے یا کریں گے اور اس کی منزل مختص کی ہے ۔ جس طرف جس کا دل چاہتا ہے وہ چلا جا رہا ہے ۔ نہ کوئی گورنمنٹ کی پالیسی ہے اور نہ کوئی اس نے راستہ متعین کیا ہے ۔ جناب والا ۔ قائداعظم نے اپنے اسی پیغام میں تعلیم کی کیفیت اور کمیت کے متعلق ہی نہیں بلکہ اخلاق پر بڑا زور دیا تھا ۔ آج ۲۱ ۔ سال کی ترقی کے بعد اور ۲۱ ۔ سال کی آزادی کے بعد ہمارے بچوں کی کیا کیفیت ہے آج ان میں بد اخلاقی سرایت کر گئی ہے آج وہ امتحانات میں رشوت دے کر کھلے بندوں یا بعض اوقات زبردستی

دھمکا کر اور ڈرا کر جوابات نقل کرتے ہیں اور سڑکوں پر مستورات کے purse چھینتے رہتے ہیں ۔ وہ ringo bingo اور ٹیڈی تو بن سکتے ہیں لیکن وہ پاکستان کے ایک اچھے شہری نہیں بن سکتے اس کی ذمہ داری بھی محکمہ تعلیم کے سر پر ہے اور اس حکومت کے سر پر ہے انہوں نے طالبعلموں کے اخلاق کی طرف سے بالکل آنکھیں بند کر لی ہیں انہوں نے ان کے اوقات کو درست طور پر صرف کرنے کے لئے کچھ انتظامات نہیں کئے ۔ بتائیے کیا گوجرانوالہ میں کوئی ایسا سکول ہے جس کے پاس ایسی گراؤنڈ ہے جہاں وہ کھیل سکیں شاید ایک آدھ سکول ہو جہاں ایسی صورت ہو یا بچوں کے لئے extra curricula مشاغل مہیا کئے جا سکیں ۔ ان کے لئے لائبریری نہیں ان کے لئے کھیل کے میدان نہیں ۔ ان کے لئے درسی کتابوں میں وہ چیزیں پڑھانے کے لئے نہیں جو ان کے اخلاق کے لئے لازمی ہیں ۔ کیونکہ بیکار شخص کا دماغ شیطان کا گھر ہوا کرتا ہے وہ جونہی کالج سے نکلیں گے بلکہ کالج کے دوران میں ہی کالج سے بھاگ جائیں گے اور سڑکوں پر غلط قسم کی حرکات کرتے دیکھے جائیں گے آخر اس قوم کو سدھارنے کے لئے ذمہ داری کس پر ہے ۔ یقیناً محکمہ تعلیم اس کا ذمہ دار ہو سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ اب میں اساتذہ کی مشکلات کی جانب آپ کے توسط سے وزیر تعلیم کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ اس صوبے کے محکمہ تعلیم میں عجب قسم کی افراتفری ہے انتشار ہے کبھی آپ یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ فلاں قسم کے سکول گورنمنٹ اپنی تحویل میں لیگی ۔ پھر کہتے ہیں کہ روپے کی وجہ سے بتدریج تحویل میں لے گی اور پھر اس بتدریج کو بھی بند کر دیتے ہیں ۔ لہذا ایک واضح ایسی بنائیں خواہ اساتذہ کو اپنے پاس رکھیں یا لوکل باڈیز کے پاس دیدیں

Mr. Speaker : If that is the only reason, then I am afraid, the Member is not relevant.

Malik Muhammad Akhtar : Then, Sir, let me say one or two things.

تو جناب والا ۔ اس طرح سے ایک لاکھ ۱۰ ہزار ٹن کی بجائے انہوں نے ۱۹۶۵-۶۶ء میں ۵۶ ہزار ٹن صرف فیکٹریوں سے شوگر اٹھائی ہے ۔ اور جناب والا ۔ شوگر اونرز کو ۵۴ ہزار ٹن شوگر اپنی ٹھکانے لگانی پڑی ۔ جو انہوں نے ۶ روپے فی من کے حساب سے کم از کم گھاٹا کھایا اس طرح سے ایک آدھ بات اور ہے ۔ وہ عرض کر لینے دیں ۔ ایک اور حکومت نے زیادتی کی ۔ صرف حکومت کی دو تین کوتاہیوں کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ نمبر ۱ انہوں نے یہ کہا کہ ۱۹۶۵-۶۶ء میں کم rates پر شوگر اٹھائی ۔ اور صرف چینی کا ۵۰ فیصد شوگر اٹھایا ۔ اور جب ان پر ٹیکس لگایا گیا وہ جناب ۶۰۷۳ فی من کی بجائے ۱۷۰۰۲ یعنی ان کی production کی بجائے maximum production پر ٹیکس لگایا گیا ۔

جناب والا ۔ میں بڑی تیزی سے ختم کرتا ہوں ۔

I am grateful to you.

اس کے بعد حکومت کی تیسری کوتاہی یہ تھی کہ ان کے انسپکٹرز نے راشن ڈپو ھولڈروں کے ساتھ مل کر شوگر کی بلیک کی ۔ اور جناب والا کم از کم ۲۰ انسپکٹرز صرف کراچی میں arrest ہوئے ۔ اور حکومت نے ایک پریس نوٹ کے ذریعے سے ان کے خلاف جو کارروائی سے عوام کو مطلع کیا تھا ۔

جناب والا ۔ صرف دو الفاظ اور کہہ لینے دیجئے ۔ اس طرح سے جناب والا ۔ ان کی غلط پالیسیوں سے شوگر کی ۶۰ روپے من کی جو قیمت تھی ۔ وہ جناب والا ۔ ۷۰ روپے من پر جا پہنچی ۔ بلکہ ۱۲۰ روپے پر بھی چلد

دن رهی ۔ اب جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاهتا هوں ۔ که یه جو stocks ہیں ۔ جناب والا ۔ اس وقت شوگر کی موجوده prices جو ہیں وہ اس وقت بھی ۸۰ اور ۸۲ روپے فی من ہیں ۔ اجازت دیں تو یه بات بھی کہه دوں که مختلف اضلاع میں مختلف prices ہیں ۔ اس document کے مطابق cartle prices جو ۸۰ روپے تھے ۔ جون ۱۶ کو وہ جناب والا ۔ ۱۲۰ روپے تھے ۔ اس کے بعد جب انہوں نے اعلان کیا که امپورٹ کریں گے ۔ تو شوگر ۸۰ روپے آئی اور ۸۰ کے بعد جناب والا ۔ ۱۸ جون کو وہ ۸۶ روپے پر چل گئی ۔ اور اس کے بعد ۸۶ سے پھر ۸۲ پر آئی ۔ اور ۲۰ جون کو جناب والا ۔ وہ ۷۹ روپے پر چلی گئی ۔ اور جون ۲۱ کو پھر ۸۳ روپے پر چلی گئی ۔ اب جناب والا ۔ میں اس سے زیادہ بات نہیں کرنا چاهتا ۔ صرف اس کو wind up کرنا چاهتا هوں که شوگر کی ڈیلوپلپمنٹ کے سلسلے میں حکومت کی پالیسی غیر متوازن ہے ۔ اور گذشته تین چار سال سے گرانی کا باعث هوئی ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے سب سے بڑا دکھ یه ہے ۔ میں هرگز شوگر کے مل اونرز کے کیس کو plead کرنے کے لئے یہاں پر کھڑا نہیں هوا هوں ۔ میں صرف عوام کو جس گرانی سے دو چار هونا پڑا ہے ۔ اس کے متعلق حکومت پر الزامات لگاتا هوں که نمبر ۱ انہوں نے گذشته سال ایک لاکھ دس هزار ٹن کی بجائے محض شوگر ۵۰ سے ۵۶ ٹن خرید کر شوگر فیکٹریوں کو مجبور کر دیا ۔ که وہ اپنی production کو کم کریں ۔ یه ان کو competition میں لا کر prices کو نیچے لے جا سکتے تھے ۔ نمبر ۲ ۔ انہوں نے ایکسائز ڈیوٹی maximum ریٹ پر لگائی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : That was not done by the Provincial Government.

ملک محمد اختر - ایکسائز ڈیوٹی کا اثر "Consumer" ultimately پر پڑا - جناب والا - اس چیز کو بھی چھوڑتے ہوئے اب انہوں نے یہ کیا کہ شوگر انڈسٹری کو kill کرنے کے لئے انہوں نے ٹینڈر انٹرنیشنل مارکیٹ سے حاصل کئے - اور ایسٹ پاکستان سے شوگر کو امپورٹ کیا - میں بہر حال ان کے بیان کی تردید تو نہیں کر سکتا لیکن بچہ صاحب سے گذارش کرتا ہوں - کہ کیا وہ اس حقیقت سے انکار کریں گے - کہ محض آمدنی کے لئے شوگر کی prices نیچے آئیں جیسا کہ میں نے تاریخ وار prices کو لیا ہے - اور اس کے بعد prices پھر بڑھ گئیں -

جناب والا - اس میں جو provision کی گئی ہے - Improvement of Barley in Hyderabad and Khair pur Divisions کے لئے ہے صفحہ ۳۵۳ پر ملاحظہ فرمائیں - انہوں نے ۲۱۳۰ روپیہ کے اخراجات کی provision کی ہے - اس کی وجوہات یوں بیان کی گئی ہیں :-

> "No research work has been conducted so far on the improvement of barley in this region. The varieties under cultivation are generally inferior and the yield is low. It is, therefore, necessary that a research sub-section should be opened at the Agricultural Research Institute, Tandojam which should handle the work of evolution of high yielding, early maturing, disease and pest resistant varieties of barley suitable for growing in saline soils as well as in rice tract of this region. It is accordingly proposed to create the posts as shown in the schedule"

اب جناب والا - آپ یہ دیکھیں - میں ایک حوالہ دوں گا - جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ بارلے کے مسئلہ میں کس قدر کوتاہی کی گئی ہے - میری

مراد ہے کہ یہ جو بارلے کے متعلق ۱۹۶۷ء میں research کرنے کے لئے ہیں اس کے لئے ایک حوالہ دوں گا :۔

"Barley is a most ancient food-grain and was used for making bread before the discovery of wheat in certain parts of the country. It is mainly grown in the Western Wing and covers about 1½ million acres and the production is 1,28,000 tons."

جناب والا ۔ آپ یہ اندازہ فرمائیں کہ یہاں بڑی بڑی تقریریں کرنے کا موقع ہوتا ہے لیکن جب ایسی demands ہوں تو یہ ہمارا فرض منصبی ہے کہ ہم دیکھیں کہ انہوں نے کس طرح justify کیا ہے ۔

سارے ملک میں بارلے کی production ۱۲۸۰۰۰ ٹن ہے یہ ایسا food stuff ہے کہ اس کی کہانی گندم کی کہانی کی طرح دنیا کی تہذیبی ارتقاء کے ساتھ ملتی ہے ۔ دنیا میں سب سے پہلے یہ main fodder تھا اب آپ اپنے ملک میں ۱۲۸۰۰۰ ٹن produce کر رہے ہیں ۔ یہ درست ہے کہ جناب ملک خدا بخش صاحب آج پھولے نہیں سماتے ۔ اب ان کے قدم زمین پر نہیں جمتے ۔ گندم حاصل کرلی تو ایسے ہے کہ سب کچھ خدا سے مانگ لیا تجھ کو مانگ کر میں پوچھتا ہوں کہ کیا آپ کی development پوری ہو چکی ہے ۔ یہ تو انتہائی بے حسی ہے انتہائی زیادتی ہے یہ اس دنیا کے غریب ترین ملک کے غریب عوام کے ساتھ زیادتی ہے ۔ یہاں روزانہ خوراک کا حصہ بارلے ہے جس کی مغربی پاکستان میں ۱۲۸۰۰۰ ٹن production ہے ۔ اس کے لئے جو ۲۱۳۲۰ روپیہ کی رقم مختص کی ہے وہ سراسر ناکافی ہے ۔

جناب والا ۔ میں گندم شوگر اور بارلے کے متعلق بات کر چکا ہوں اب فروٹس کی طرف آتا ہوں ـــ صفحہ ۱۴۴ میں یہ قرار دیا گیا ہے :۔

"Scheme for the establishment of Fruit Nursery Farm at Gadoon Merged Area of Mardan District - Rs. 11,650 (Rs. 2,000 (Non-recurring) and Rs. 9,650 (recurring)....."

اس کے لئے یہ کہا گیا ہے ۔ کیا ہی اچھے دلائل ہوں :۔

"...The soil and climatic conditions prevailing in the Merged Areas of Mardan District are congenial for growing fruit plants With a view to bringing more area under fruit orchards, it is proposed to establish a fruit nursery and arrange production of 20,000 standard fruit plants annually."

جناب والا ۔ اب آپ اندازہ فرمائیں میں ویسے بحث کی خاطر قطع برید نہیں کرنا چاہتا اور نہ ہی اسے غلط رنگ دینا چاہتا ہوں لیکن اتنا عرض کروں گا کہ شجرکاری کی رقومات صرف کاغذ پر ہوتی ہیں ان ۲۰ ہزار درختوں کی خرید کے لئے جو رقم دکھائی گئی ہے وہ محض دو چار ہزار درخت خریدے جائیں گے ۔ فائد ایوان چونکہ محکمہ خوراک کے متعلق ہیں اس لئے وہ اس چیز کو مجھ سے زیادہ جانتے ہیں اور بخوبی واقف ہیں ۔ اگر کبھی آپ فرنٹیئر ریجن میں جائیں تو وہاں آپ بارانی زمین پائیں گے ۔ اور کوئی پیداوار نہیں پائیں گے ۔ وہاں کا ماحول محض تمباکو اور فروٹ کے لئے ساز گار ہے ۔

Mr. Speaker : Has the Member been to the merged areas ?

ملک محمد اختر ۔ جی نہیں ۔

صاحبزادہ نور حسن ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اختر صاحب کی تقریر سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ وہ بڑے ماہر زراعت و طبقات الارض ہیں ۔ اور انہوں نے سیاحی بھی کی ہے ۔ لیکن مجھے اس سے اتفاق نہیں کہ انہوں نے کبھی یہ علاقہ دیکھا ہو ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے اعتراف کیا ہے ۔ کہ میں نے نہیں دیکھا ۔

ملک محمد اختر ۔ merged areas فروٹ سے مالا مال ہیں ۔ اس لئے ایسے مواقع مہیا کئے جائیں اور باغات لگانے کی facilities عام ہوجائیں اس وقت فروٹ کی پوزیشن یہ ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے merged areas کو نہیں دیکھا لیکن یہاں جدون خان صاحب اور مسٹر محمد علی خان صاحب کو ہوزانہ دیکھ رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ فروٹ انڈسٹری کا ایک ایسا حصہ بن چکا ہے کہ میں اب فروٹ کے متعلق ذرا سی ایک quotation دوں گا ۔ اور بتاؤں گا کہ پاکستان کی کیا حالت ہے ۔ اس کا اگرچہ کئی جگہ ذکر کیا گیا ہے لیکن میں صرف ایک جگہ کی بات کرکے اس topic کو چھوڑ دوں گا ۔

> "The estimated annual production of fruit is worth more than 10 million rupees. The total area under fruit production in 1964-65 stood at 6,40,000 acres. Of this, 56.3% was in West Pakistan. And the rest 43.7 per cent is in East Pakistan. The total production of fruit was 2.7 million tons out of which 42.6 per cent is in West Pakistan."

جناب والا ۔ آگے وہ بتاتے ہیں اور مجھے صرف یہ بتانا ہے کہ فروٹ انڈسٹری سے کم و بیش ایک کروڑ روپیہ ہم حاصل کر رہے ہیں تو جناب والا ۔ جس انڈسٹری سے ہم ایک کروڑ روپیہ حاصل کر رہے ہوں اس کے اضافہ کے لئے جو رقومات انہوں نے رکھی ہیں ان میں سے مردان

merged ایریا کے لئے ۱۱ ہزار کی رقم ہے اور ہزارہ ڈسٹرکٹ میں فروٹ پھیلانے کے لئے ۳۶۵۹۰ روپے کی رقم ہے ۔ اس کے بعد سیب اور دوسرے فروٹ کے لئے پشاور میں ۲۹۵۸۰ روپے کی رقم کا اضافہ کیا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ ریسرچ کے لئے یہ جو تمام کی تمام رقومات مہیا کی گئی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ کافی نہیں ہیں ۔ جناب والا ۔ ون یونٹ کے قیام کے بعد ہمیں backward area کا ڈیولپمنٹ کرنا چاہئے تھا ۔ جہاں میں ون یونٹ کا انتہائی حامی ہوں وہاں میں پسماندہ علاقوں کے ڈیولپمنٹ کے لئے مطالبہ کرتا ہوں اور اصرار کرتا ہوں کہ ہم ان کی اکنامک اور ایجوکیشنل ڈیولپمنٹ اس حد تک کر دیں کہ وہ ہمارے لیول اور معیار پر آجائیں ۔ جناب والا ۔ آپ اندازہ لگائیے کہ ون یونٹ کے قیام کے دو باعث تھے ۔ ایک اس کا باعث یہ تھا ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Malik Akhtar is not relevant.

ملک محمد اختر ۔ Alright Sir ۔ جناب والا ۔ میں چاہتا ہوں کہ ہمارے جو باقی علاقہ جات ہیں ان کا اس حد تک اقتصادی ڈیولپمنٹ ہو جائے کہ وہ ہمارے لیول اور معیار پر آ جائیں ۔ جناب والا ۔ میں اب آخری نکتہ کہکر اپنی تقریر ختم کر دوں گا کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ میں کافی باتیں آپ کی مہربانی سے کہہ چکا ہوں ۔ جناب والا ۔ آخری بات جس کو میں دو منٹ میں کہہ لوں گا وہ یہ ہے اور جناب قائد ایوان کی خدمت میں میں یہ گذارش کرتا ہوں اور یہ تھرڈ پلان کے صفحہ ۳ سے عرض کرتا ہوں کہ ان نئے اخراجات کے باوجود وہ نتائج اور target جو ہم حاصل کرنا چاہتے تھے وہ ہم حاصل نہ کر پائے ۔ جناب والا ۔ میری مراد

"Contribution of the Agriculture Sector to GNP is estimated to decline from about 60 per cent in 1949-50 to about 49 per cent in 1964-65 whereas that of manufacturing will increase from 6 per cent to 11 per cent.

جناب ، الا ۔ اس کو سیکٹر وائز دیا گیا ہے اگر آپ اجازت دیں تو میں پڑھ دوں تاکہ یہ ان کا جواب دے سکیں ۔ جناب والا ۔ زراعت کے سیکٹر میں ۱۹۴۹-۵۰ء میں ۶۰ فیصد تھا اور ۱۹۶۴-۶۵ء میں وہ ۴۹ء۱ رہ گیا ۔ مینوفیکچرنگ میں ۸ء۵ کی بجائے ۱ء۱۱ اور گراس نیشنل پروڈکٹ دگنا ہوگیا ۔ اس کے بعد تعمیرات میں ۱ء۰ سے ۴ء۴ ہوا ۔ اسی طرح ٹرانسپورٹ اور کمیونیکیشن میں ۱ء۵ اور ۶ء۰ ہوا ۔ دوسری researches میں ۱ء۲۸ اور ۹ء۵ ہوا ۔ اب مجھے دو لائنیں عرض کرنا ہیں ان میں تمہیدی بات کہی گئی ہے :۔

Mainly Peshawar Region Recurring and Non-recurring Total New Expenditure.

جناب والا ۔ یہ تعمیرات کے متعلق کئی دنوں سے بحث چلی آ رہی ہے کہ گراس نیشنل پروڈکٹ میں ہم نے ترقی کی ہے یہ ترقی نہیں ہے یہ short fall ہے ۔ یہ down fall ہے یہ decline ہے ۔ اس سے زیادہ میں نہیں کہنا چاہتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ رقومات جو انہوں نے رکھی ہیں یعنی ۲۵،۸۹۰ ۔ خاص پشاور ریجن کے لئے recurring اور non-recurring ان اخراجات کے لئے رکھے گئے ہیں میں ان ضروریات کے لئے ان کو بہت کم بتاتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں زیادہ بہتر یہ سمجھتا ہوں کہ فارن ایکسپرٹ بلانے کی بجائے یا ان سے مشورہ کرنے کی بجائے یہ خود ہی ریسرچ کرنے والوں کو باہر بھیج کر پھلوں کے جو کے متعلق اور گندم کے متعلق زیادہ

ترقی کے ذرائع کی ٹریننگ دلائے اور ان کو ٹریننگ حاصل کرانے کے بعد زیادہ سے زیادہ اور جلد سے جلد فرنٹیئر ریجن اور بالخصوص پشاور ڈویژن کو develop کر سکتے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔۶) ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں شک نہیں کہ پچھلے چند سالوں میں اجناس کی کمی کیوجہ سے اجناس کی قیمتوں میں انتہائی اضافہ ہوا اور ساتھ ہی ساتھ ہمارے ملک کی آبادی بھی حکومت کی تمام تر بد دعاؤں کے باوجود اللہ کے فضل و کرم سے بڑھتی رہی ہے ۔ ہماری زرعی پیداوار میں اور محض زرعی پیداوار میں نہیں بلکہ زراعت میں ایک انقلاب آیا ہے ۔ لیکن میں اس انقلاب کا ذمہ دار یا موجب زیادہ آبادی کو گردانتا ہوں ۔ آپ کو اچھی طرح احساس اور علم ہے کہ زراعت جو کہ اس سے پہلے آبائی پیشہ تصور کی جاتی تھی اب کاروبار بن گیا ہے اور بہت سے کاروباری لوگ صنعتکار افسران اور زمینداران بھی اس میں دلچسپی اور ضرورت سے زیادہ دلچسپی لینے لگے ہیں ۔ اس مطالبہ زر میں پشاور کے علاقہ میں جہاں کہ کافی بڑا رقبہ بارانی ہے گندم کی تحقیقات کے لئے بعض رقومات مختص کی گئی ہیں تاکہ کامیابی کے ساتھ بارانی علاقہ میں کاشتکاری کی جا سکے ۔ سال رواں میں وزیر زراعت کو زیادہ پیداوار پر جو مبارکبادیں دی جاتی رہیں ہیں میں اس میں جزوی طور پر شریک ہوں ۔ اس کی وجہ یہ ہے آپ کو علم ہو گا کہ ۱۹۶۶-۶۷ء میں جو رقومات محکمہ زراعت کے لئے مختص کی گئی تھیں وہ ۲۲ کروڑ ۱۵ لاکھ روپے تھیں اور ۱۹۶۷-۶۸ء میں نظرثانی تخمینہ کے مطابق ہم نے ۳۸ کروڑ

۷۷لاکھ کی رقم اس محکمہ پر صرف کی ہے۔ اور اس طرح ہم نے ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۱۰ لاکھ ٹن کیمیائی کھاد درآمد کی اور پچھلے سال ۱۳ لاکھ ٹن کی کھاد مہیا کرنے کی گنجائش رکھی تھی جیسا کہ قرطاس ابیض میں بتایا گیا ہے اس میں سے ۸ لاکھ ٹن حقیقتاً تقسیم کی گئی جس کی وجہ سے گورنمنٹ کو ۱۰ کروڑ تک زیر بار ہونا پڑا اور آئندہ سال حکومت کا خیال ہے کہ ۱۷ لاکھ ٹن کھاد مغربی پاکستان کے لوگوں کو مہیا کی جائیگی اور حکومت کو ۱۲ کروڑ ۷۵لاکھ کا زیر بار ہونا پڑے گا۔ جہاں تک ۱۹۶۶-۶۷ء کا تعلق ہے وزیر زراعت کے محکمہ نے ایک نوٹیفیکیشن جاری کیا تھا اس میں ۱۹۶۶-۶۷ء کی پیداوار کا ذکر ہے۔ ان الفاظ میں کیا تھا۔

"The Province is expected to produce thirty-eight lakhs thirty three thousand and one hundred tons of wheat as against forty-five lakhs and eighteen thousand tons of last years formal estimates. The production has thus decreased by I5 2%. This is due to the decrease in acreage, continued drought conditions during germination and growth of the crop."

جناب سپیکر۔ جیسا کہ میں نے اعداد وشمار سے ثابت کیا ہے کہ ہم نے پچھلے سال بھی معقول رقومات مختص کی تھیں اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ہم نے امسال ۹/۸ لاکھ ٹن کھاد بہم پہنچائی۔

مسٹر سپیکر۔ کون سا آئٹم اس چیز کا متعلقہ ہے۔

مسٹر حمزہ۔ جہاں تک گندم کی ریسرچ کا تعلق ہے بارانی علاقوں سے محکمہ زراعت کا ذرہ بھر بھی تعلق نہیں۔ ملک میں اچھی فصل اللہ کے فضل سے ہوئی ہے۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا وہ ریسرچ کر رہے تھے ؟

مسٹر حمزہ ۔ ریسرچ کرنیکا جہاں تک تعلق ہے اس کے لئے ہم حکومت امریکہ کے ممنون ہیں جنہوں نے ہمیں امداد دی ۔

وزیر مال (خان غلام سرور خان) ۔ بھارت کے بھی ممنون ہیں ؟

مسٹر حمزہ ۔ جب سے آپ آئے ہیں میں حیران ہوں کہ ہمیں کیسے کیسے دوست مہیا کئے گئے ہیں ۔

سردار محمد احمد خان ۔ خدا کے واسطے دشمن کا نام نہ لیا کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپس میں باتیں نہ کیجئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ کے وزیر نے لیا ہے ان سے پوچھئے ۔ عرض یہ ہے کہ محکمہ زراعت نے گندم کی جتنی اقسام مہیا کی ہیں وہ آپ کے سامنے ہیں مثلاً ۵۹۱ سی ۲۷۳ وغیرہ ۔ تو یہ تمام اقسام آپ کے سامنے ہیں اور جہاں تک پیداوار کا تعلق ہے میں اس کے متعلق عرض کر چکا ہوں کہ اراضی فی ایکڑ پیداوار کیا دیتی ہے ۔ ۵۶-۱۹۵۵ء تا ۶۱-۱۹۶۰ء گندم کی اوسط پیداوار ۵۴۸ تھی اور یہ ۶۶-۱۹۶۵ء میں ۱۴۸ اور ۶۷-۱۹۶۶ء میں ۸۴۸ تھی ۔ آپ کو علم ہے کہ ہمارے قابل صد احترام بزرگ جناب قائد ایوان جو کچھ عرصہ سے ہمارے وزیر خوراک اور زراعت بھی ہیں ۔ وہ پہلے حکومت مغربی پاکستان میں محکمہ زراعت کے سیکرٹری بھی رہ چکے

ھیں ۔ جہاں تک ان کے محکمہ کی کارگذاری کا تعلق ہے اور جو نتائج ہم نے آپ کے سامنے رکھ دئے ھیں کہ فی ایکڑ پیداوار کتنی ہوئی ۔ جہاں تک گندم کی تحقیقات کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہم نے آج تک اس میں وہ انقلاب پیدا نہیں کیا وہ نتائج برآمد نہیں کئے جو دوسرے ممالک میں برآمد ہوئے ھیں ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : There should be no cross talk. Please address the Chair.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ گندم کی تحقیقات کے لئے جو رقم مختص کی گئی تھی۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : I am sorry the Member is not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ جی ہاں ۔ ہماری حکومت نے پشاور ریجن کے لئے جو رقم مختص کی ہے وہ بیکار جائے گی ۔ نتائج ہمیں بتاتے ھیں کہ ہم پوری طرح ناکام ہوئے ھیں ۔ میں جناب وزیر زراعت سے پوچھتا ہوں کہ فی ایکڑ پیداوار کا جو حوالہ میں نے دیا ہے وہ پاکستان اکنامک سروے سے حاصل کیا ہے اور وہ آپ کے دعوؤں کی نفی کرتا ہے ۔ جبکہ یہ وسائل آپ کو پہلے ھی میسر تھے تو آپ نے اس کارنامے کو ان ایام میں کیوں سرانجام نہ دیا ۔ مجھے جناب قائد ایوان اور وزیر زراعت سے سخت اختلاف اور شکایت ہے اور میں آج ان کی خدمت میں عرض کئے دیتا ہوں کہ یہ ٹھیک ہے کہ آپ گندم اور بارانی علاقوں کی گندم کی کاشت کے سلسلے میں تحقیقات کرنے لگے ھیں لیکن میں آپ سے انتہائی مودبانہ یہ درخواست کرتا ہوں کہ گندم

کے بعد جہاں تک اجناس خوردنی کا تعلق ہے مغربی پاکستان میں اور اس صوبے میں جو اہمیت چنے کو حاصل ہے وہ کسی بھی فصل کو حاصل نہیں - میں آپ سے انتہائی ادب سے پوچھتا ہوں کہ کیا آپ کے علم میں ہے کہ اس سال چنے کی فصل کروڑوں روپیہ کی ضائع ہوئی اور آپ کا محکمہ اور آپ ریسرچ کر رہے ہونگے مجھے علم نہیں کہ آج تک چنے کی فصل کی حفاظت کے لئے کون سی موثر دوائی آپ نے ایجاد کی تاکہ وہ فصل تمام قسم کی بیماریوں سے محفوظ رہ سکے - اس کے علاوہ چنے کی کوئی نئی قسم بھی ایجاد نہیں کی گئی - جہاں تک اس کی کاشت کا تعلق ہے ۱۹۶۷-۶۸ء میں تیس لاکھ ۹۳ ہزار ایکڑ کے رقبہ پر چنا کاشت کیا گیا اور ہم نے ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۵ لاکھ ۷۲ ہزار ٹن چنا پیدا کیا - میں جناب وزیرخوراک کو یہ کہتا ہوں کہ آپ نے گندم کی تحقیقات کا تو انتظام کیا تھا اسکی میرے خیال میں چنداں ضرورت نہ تھی کیونکہ دوسرے ممالک میں کافی تحقیقات ہو رہی ہے اور آپ ان سے استفادہ کرکے بڑی خوشیاں منا رہے ہیں مگر جہاں تک بارانی علاقے میں فصلوں کی کاشت کرنے کا تعلق ہے اس میں چنا نمبر ایک پر آتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ہمیں یہ بھی تسلیم کرنا پڑیگا کہ چنا ایک ایسی جنس ہے جس میں غذائی قوت دیگر غذائی اجناس سے زیادہ ہوتی ہے - سکھ تو اس کو بادام کہتے ہیں کیونکہ یہ بہت طاقت بخش ہوتا ہے - میں وزیر زراعت سے یہ کہوں گا کہ اگر آپ واقعی زراعت کو ترقی دینا چاہتے ہیں اور بارانی علاقوں کے متعلق آپ کو خاصی فکر ہے یا یہ کہ آپ اس کی طرف خصوصی توجہ دینا چاہتے ہیں -

میں الزام لگاتا ہوں کہ کیا اس کام پر قوم کا کروڑوں روپیہ ہر سال ضائع نہیں ہوتا رہا ؟ اور کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ آج گندم ۱۵ روپے من فروخت ہو رہی ہے ۔ ملتان میں تو عام ریٹ ۱۳/۱۴ روپیہ فی من ہے ۔ سرگودھا ۔ لاہور ۔ لائلپور نرخوں کا جائزہ لیکر اور پڑھنے کے بعد میں یہ اعداد و شمار آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ یہ تو عرض تھی گندم کے بارہ میں ۔ جہاں تک سورج مکھی کو پشاور اور حیدر آباد کے علاقہ میں مقبول بنانے یا اس کی کاشت کا اہتمام کرنے کا تعلق ہے ۔ میں جناب وزیر زراعت سے یہ استفسار کرتا ہوں کہ آپ کو دوسروں کی خبرگیری کرنے سے پہلے گھر والوں کی خبرگیری کرنی چاہئے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ ہمارے ملکی خوردنی تیل کے بیج ۔ ان میں توریا ۔ تارا میرا ۔ مونگ پھلی ۔ رایا ہے یا بنولہ شامل ہیں ۔ جہاں تک بنولے کا تعلق ہے مجھے علم ہے کہ اس کے بارہ میں کچھ تحقیقات ہوتی رہی ہے ۔ لیکن میں آپ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ہاں سرسوں اور تارا میرا کا تیل استعمال کرنے والے لوگ بہت زیادہ ہیں ۔ آپ کو یہ بھی علم ہو گا کہ سرسوں وغیرہ خوردنی تیلوں کو مشرقی پاکستان میں گھی کے مقابلہ میں زیادہ پسند کیا جاتا ہے ۔ اور آپ کے اعداد و شمار ہمیں بتاتے ہیں ۔ اگرچہ ہمارا ملک زرعی ہے لیکن پچھلے تین سالوں میں خوردنی تیلوں کی قیمتیں دن بدن بڑھتی رہی ہیں ۔ اور ہم مجبور ہیں کہ زر مبادلہ صرف کر کے غیر ممالک سے خوردنی تیل درآمد کریں ۔ جہاں تک سورج مکھی کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں ۔ ہمیں

چاہئیے ، چاہے وہ تیل سویابین کا ہو یا سورج مکھی کا ہمیں پہلے یہ کوشش کرنی چاہئیے کہ جو تیل ہمارے ہاں بہت مقبول ہیں ان کے بارہ میں خصوصی تحقیقات کریں ۔ مثلاً تارا میرا بارانی علاقوں میں بہت زیادہ رقبے پر کاشت ہوتا ہے ۔ یہی حال رایا کا ہے ۔ اس کا نرخ اس وقت کراچی میں ۸۵ سے ۹۰ روپے اور لاہور میں ۸۵ سے ۸۶ روپے تک ہے ۔ جہاں تک رایا کا تعلق ہے اس کو ایک کیڑا لگ جاتا ہے جسے تیلا کہتے ہیں یہ چارہ کے فصل کو بھی لگتا ہے ۔ اس سے اس فصل کو بہت نقصان پہنچتا ہے ۔ اس طرح سارا سال کاشت کار محنت کرتا ہے ، ہل چلاتا ہے ، کھاد ڈالتا ہے پانی دیتا ہے ۔ جب وہ تیار ہو جاتی ہے تو بعض اوقات وہ کہر سے ضائع ہو جاتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ریسرچ کر کے ایسا بیج تیار کیا جائے جسے کہر سے کم سے کم نقصان پہنچتا مگر وہ بھی آپ نے نہیں کیا ۔ کیلے کے متعلق بھی آپ نے کوئی ریسرچ نہیں کی ۔ جہاں تک کیڑے مارنے والی دوائیوں کا تعلق ہے میری معلومات کے مطابق اس محکمہ سے صرف بارسوخ آدمی یا افسران مستفید ہوتے ہیں عام کاشتکاروں کو اس سے ذرہ بھر فائدہ نہیں ۔ میں یہ کہوں گا کہ ہم قومی دولت کو ضائع کرتے ہیں محض اس بناء پر کہ آپ ریسرچ نہیں کر سکے ۔

جناب وزیر زراعت نے بہت اچھا کیا کہ سورج مکھی کے متعلق تحقیقات شروع کی ۔ پاکستان اکنامک سروے میں درج ہے کہ ہمیں سالانہ ساڑھے تین لاکھ ٹن خوردنی تیلوں کی ضرورت ہے ۔ دو لاکھ ٹن ہم خود پیدا کرتے ہیں ۔ اور ایک لاکھ اور پچاس ہزار ٹن ہم باہر سے درآمد

کرتے ہیں۔ ۱۹۶۵-۶۶ء میں ہم نے سترہ کروڑ گیارہ لاکھ روپے کا زرمبادلہ خوردنی تیلوں کی درآمد پر خرچ کیا - ۱۹۶۶-۶۷ء میں دس کروڑ ۳۷ لاکھ روپے اور ۱۹۶۷-۶۸ء میں ہم ۶ لاکھ ۸۰ ہزار ٹن خوردنی تیل درآمد کرنے کے انتظامات کر رہے ہیں - جس پر اس غریب قوم کا تقریباً ۲۰ کروڑ روپے کا زرمبادلہ صرف ہو گا - جہاں تک خوردنی تیلوں کی قیمتوں کا تعلق ہے پاکستان اکنامک سروے کے مطابق ان کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں عام غریب آدمی تو کیا متوسط طبقہ کے لوگ بھی جنہیں گھی میسر نہیں آتا اپنی ضروریات کے مطابق خوردنی تیل استعمال نہیں کر سکتے - کیا وزیر زراعت کو یہ علم ہے کہ اس وقت مارکیٹ میں بنولے کے تیل کا نرخ ۹۰ روپے سے زائد ہے -

جہاں تک وادی پشاور میں بیر اور سیب کی کاشت اور ان پر ریسرچ کا تعلق ہے میں یہ اعتراف کرتا ہوں کہ وادیٔ پشاور دنیا کی زرخیز ترین وادیوں میں سے ہے - اور ہم اس وادی میں زراعت کے میدان میں جتنی زیادہ مشقت کریں یا روپیہ صرف کریں وہ اکارت نہیں جائے گا - حوصلہ افزاء نتائج برآمد ہو سکتے ہیں - صرف ایک شرط ہے کہ ہم نیک نیتی - دیانتداری اور محنت سے کام کریں - لیکن مجھے جناب وزیر زراعت سے ایک شکایت ہے کیا ان کے علم میں یہ بات نہیں ہے کہ یہ بیر مغربی پنجاب کی معروف اور مشہور فصل ہے اور یہاں کے لوگ اسے بڑی خوشی سے استعمال کرتے ہیں اور بیر کا درخت بھی کم بارش کے علاقوں میں آسانی سے کاشت ہو سکتا ہے - بلکہ یہ بارانی علاقوں میں بھی پھلتا پھولتا ہے اور بارانی

علاقوں میں بسنے والے لوگ بیر کا کافی مقدار میں استعمال کرتے ہیں ان کے لئے یہی ایک قیمتی پھل ہے ۔ جہاں تک میری ذاتی معلومات کا تعلق ہے بیر پر ایک سونڈی لگتی ہے جسے ہم بھبو کتا کہتے ہیں ۔ پچھلے پانچ سات سال میں یہ بہت نقصان کرتی رہی ہے پھر یہ محض بیری کے درخت تک محدود نہیں رہتی بلکہ اس کے پاس جتنے درخت ہوں ان پر بھی چڑھ جاتی ہے اور اس کے قریب سے گذر جانا انسان کے لئے بھی تکلیف دہ ہوتا ہے ۔ آپ ایک جانب پشاور کے علاقہ میں بیر کو مقبول بنانا چاہتے ہیں ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ وہ علاقے جہاں پہلے بیر مقبول تھا یا پہلے کامیابی سے اگایا جاتا تھا اور کافی مقدار میں اگایا جاتا تھا آپ کے محکمہ نے وہاں کیا کیا ہے ۔ اس قسم کی موذی مرض یا موذی قسم کا کرم جو اس کو لاحق ہے آپ نے ان پودوں کو محفوظ رکھنے کا کیا انتظام کیا ہے ؟ جو پودے موجود ہیں ان کا آپ کوئی انتظام نہیں کر سکے ؟ میں آپ سے یہ گلہ کرتا ہوں ۔ میں آپ سے بھی شکایت کرتا ہوں اور میں شکایت کرنے میں حق بجانب ہوں گا کہ جو پہلے پودے تھے آپ ان کی حفاظت نہیں کر سکے پنجابی میں کہتے ہیں کہ ''اگا دوڑ تے پچھا چوڑ'' اس صورت حال کے پیش نظر مجھے یہ شبہ ہے کہ آپ کے جو دعوے ہیں وہ پورے نہیں ہوں گے ۔

جہاں تک امرود کا تعلق ہے مجھے یقین ہے کہ اس علاقہ میں جسے merged ایریا یا جدون ایریا کہتے ہیں ۔ اس کے امرود میرے جدون ساتھی کی طرح بڑے میٹھے اور لذیذ ہوں گے ۔ لیکن میں جناب وزیر زراعت

صاحب سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ امرود کے درخت کو کہر بہت زیادہ نقصان پہنچاتی ہے ۔ اس علاقہ میں امرود کا پودا نیا نہیں بلکہ آپ اسے بہتر بنانا چاہتے ہیں ۔ لیکن جو پودے پہلے موجود ہیں ان پر جس سال کہر پڑ جاتا ہے وہ تمام کے تمام پودے تقریباً بے کار ہو کر رہ جاتے ہیں ۔ اس کے علاوہ اگر آپ کو یہ بھی احساس ہے کہ ہمارے صوبہ میں اس وقت اور خصوصی طور پر مجھے سندھ کے بارے میں عام نہیں ہے کہ وہاں امرود کی کاشت کی جاتی ہے یا بڑی مقدار میں پیدا ہوتے ہیں یا نہیں لیکن مجھے سابقہ صوبہ پنجاب اور سابقہ صوبہ سرحد کے بارے میں علم ہے کہ امرود کے جتنے پودے اس وقت وہاں موجود ہیں ۔ ہمارے ہاں اس پھل کا بیشتر حصہ ضائع ہو جاتا ہے ۔ جو پھل سردیوں میں پیدا ہوتا ہے ۔ اس کی معقول رقم اس صورت میں ملتی ہے ۔ اگر کہر زیادہ نہ پڑ جائے ۔ کہر زیادہ پڑ جانے سے یہ ضائع ہوجاتا ہے ۔ لیکن جو پھل گرمیوں کے موسم میں لگتا ہے اس میں برسات کی وجہ سے کیڑے پڑ جاتے ہیں ۔ اگر ایک آدھ واردات ہیضے کی ہو جائے اور لوگوں کو پتہ ہے کہ یہ پھل ثقیل ہوتا ہے اور اس کے استعمال سے ہیضے کے مرض کا شدید خطرہ لاحق ہو جاتا ہے ۔ اس لئے اس کو استعمال نہیں کیا جاتا اگر آپ نے اس کو بہت مقبول بنانا ہے یا اس کے لئے نئے فارم قائم کرنے ہیں تو پہلے ایسی کوئی نئی قسم ایجاد کی جائے جس کا کہر زیادہ نقصان نہ کر سکے ۔ دوسرے اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اس وقت اس کی پیداوار زیادہ ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کی کاشت کرواکر بعد میں درختوں کو کاٹنا کار خیر نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ سیب کی جتنی بھی کاشت کروائیں ہم اس کے لئے آپ کے ممنون ہوں گے ۔ ہماری قومی دولت میں اضافہ ہوگا ۔ سیب کے متعلق سنا ہے کہ اس میں فولاد بہت ہوتا ہے ۔ غریب قوم کو آپ سستے داموں دیں ۔ اگر آپ سٹیل مل نہیں لگا سکے اور لوگوں کو مکان بنانے کے لئے لوہا زیادہ مہنگا میسر آتا ہے ۔ لیکن وہ اس سے کم از کم اپنے جسم کی تعمیر کے لئے یا اپنے پیلے چہروں کی بجائے سرخ چہرے بنانے کے لئے استعمال کریں گے ۔ اگر سستا سیب فولاد کی کمی کو پورا کرنے کے لئے میسر آ جائے تو یہ آپ کا بڑا احسان ہوگا ۔ میں آپ کی خدمت میں انتہائی مودبانہ عرض کروں گا کہ سیب جو بیر جتنا ہوتا ہے وہ غریب آدمی کبھی کبھی ایک دو آنے کا کھا لیتا ہے ۔ اعلیٰ سیب پشاور اور کشمیر کے علاقہ میں پیدا ہوتا ہے ۔ بلکہ افغانستان میں بھی ہوتا ہے اور اس کو قائد ایوان جیسا دولت مند آدمی خرید کر استعمال کرنے کی جرأت کر سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ حکومت نے اب چقندر کے بیج کی تحقیقات کا بیڑا اٹھایا ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ چینی کی پیداوار میں دنیا کے بعض ممالک میں مثلاً جرمنی اور ہنگری وغیرہ میں بہت اہم رول ادا کر رہا ہے ۔ میں پہلے وزیر زراعت صاحب سے ایک بات دریافت کرتا ہوں وہ فرماتے ہیں کہ ہماری زرعی پالیسی بہت کامیاب رہی ہے اور حکومت کی کوشش سے بہت تیزی سے زرعی سیکٹر میں ترقی ہو رہی ہے ۔ کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ پچھلے سال گنا کیوں کم پیدا ہوا اور آپ کی تمام تر کوششوں کے باوجود دوسرے ممالک سے آپ کو چیزیں کیوں درآمد کرنی پڑی ۔ میں مودبانہ التجا کروں گا کہ جہاں تک گنے کا تعلق ہے ۔ میں یہ تسلیم کرتا

ہوں کہ گنا جس آب و ہوا میں پھلتا پھولتا ہے ۔ وہ آب و ہوا مغربی پاکستان کے بیشتر علاقوں میں میسر نہیں ہے ۔ یہ میرا ذاتی خیال ہے ۔ آپ ماہر زراعت ہیں ۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو خوبیاں دی ہیں وہ ایسی خوبیاں بہت کم لوگوں کو دیتا ہے ۔ میرے حصے میں آپ کی ایک خوبی بھی نہیں آئی ۔ کاش آ جاتی ۔ لیکن ایک علاقہ جو گنے کی کاشت کے لئے تھا مقابلتاً موزوں ہے ۔ شاید چودھری صاحب آپ بھی مجھ سے اتفاق فرمالیں گے ۔ وہ علاقہ سیالکوٹ کا ہے ۔ میرے خیال میں سیالکوٹ کی آب و ہوا گنے کی کاشت کے لئے دوسرے اضلاع کے مقابلہ میں زیادہ موزوں ہے ۔ آپ نے سنا ہوگا کہ پچھلے سال پسرور میں گنے کی ایک مل نصب کی جا رہی تھی ۔ لیکن حکومت نے اسکو اٹھا کر منڈی بہاؤالدین بھیج دیا ہے ۔ آپ فرماتے ہیں کہ ہندوستان سے حملے کا شدید خطرہ تھا ۔ میں آپ سے عرض کروں گا کہ اگر ہندوستان سے حملہ کا شدید خطرہ ہے تو آپ مجھے بتائیں کہ یہ کروڑھا کروڑ کی خوبصورت کوٹھیاں جو آپ نے گلبرگ میں ہمیں ترسانے کے لئے یا ہمیں دکھ دینے کے لئے بنائی ہیں ۔ رشوت سے ہی اس قسم کے محل تعمیر ہو سکتے ہیں یہ آپ نے کیوں تعمیر کروائے ہیں ؟ میں نے یہ ضمناً عرض کر دیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ آپ نے گنے کی فی ایکڑ پیداوار میں کیا اضافہ کیا ہے ؟ آپ کہیں گے کہ فلاں ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں فی ایکڑ اتنی پیداوار ہوئی ۔ کیا آپ کو یہ علم ہے کہ پچھلے سال سابقہ صوبہ سرحد میں زیادہ کہر پڑنے کی وجہ سے گنے کی فصل کم از کم ۵۰ فی صد حد تک تباہ ہو گئی اور کہر سابقہ صوبہ سرحد کے

مقابلہ میں پنجاب میں کم پڑتی ہے ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ یہاں بھی ۳۰ سے لے کر ۴۰ فی صد تک گنے کی فصل کہر کی وجہ سے تباہ ہوئی ۔ میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ اللہ تعالیٰ نے تمام تر اختیارات آپ کو دے دئے ہیں ۔ اور آپ کو کہر پر کنٹرول نہیں ہے ۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ اس کا کنٹرول اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس تعمیر و ترقی کے زمانہ میں ۔ اس تحقیقات کے زمانہ میں لوگوں نے بہت بڑے کارنامے سرانجام دئے ہیں ۔ اگر آپ کے محکمے کو یہ احساس ہوتا اگر آپ کو اس کی اہمیت کا احساس ہوتا اور اس قسم کی اقسام ایجاد کی ہوتیں جن کا کہر اتنا نقصان نہ کرتی یا جو کیڑی آج کل لگتی ہے وہ بالکل نہ لگتی ۔ آپ لوگوں کو بہت سمجھاتے پھرتے ہیں کہ اچھی فصل کے لئے ان چیزوں کا اہتمام و انصرام کیا جائے ۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ کہہ دوں کہ کیڑوں کو تلف کرنے کے لئے آپ کے محکمہ نے جو اہتمام کیا ہے یا عام کاشت کاروں کو سہولتیں مہیا کی ہیں وہ بالکل ناکافی ہیں ۔ یہ آپ کے اعداد و شمار محض نمائشی ہوتے ہیں ۔

جناب والا ۔ چقندر کے بارے میں جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ یہ بہت اچھی فصل ہے جس سے کافی بڑی مقدار میں ہم چینی پیدا کر سکتے ہیں ۔ سابقہ صوبہ سرحد میں اسے آسانی سے کاشت کیا جا سکتا ہے اور اس وقت کاشت بھی کیا جا رہا ہے ۔ لیکن کیا میں وزیر زراعت و خوراک سے یہ دریافت کرنے میں حق بجانب ہوں حالانکہ اس علاقے کے لوگوں نے چقندر کی کاشت میں کافی دلچسپی لی ہے ۔ اگر چقندر کو مقبول بنانے میں کوئی

چیز مانع ہے تو وہ حکومت کی پالیسی ہے ۔ حکومت کی پالیسی نہیں بلکہ مل والوں کی پالیسی ہے اور حکومت کی پالیسی مل والوں کی پالیسی کے تابع ہوتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ چقندر سے بارہ اور پندرہ فی صد کے درمیان چینی حاصل کی جا سکتی ہے ۔ لیکن ہمیں جو اعداد و شمار مہیا کئے جاتے ہیں ان کے مطابق ہمارے سابق صوبہ سرحد میں صرف چھ یا سات فی صد تک چینی چقندر سے مل سکتی ہے ۔ میں یہ کہوں گا کہ یہ محض ہمارے کارخانہ داروں کی ہیرا پھیریاں ہیں ۔ لیکن آپ کہیں گے کہ حمزہ تو روزانہ یہاں پر الٹی سیدھی باتیں کرتا رہتا ہے ۔ تجھے علم بھی ہے کہ ہم کارخانہ داروں کو کنٹرول نہیں کر سکتے ۔ پھر ہمارے سامنے ایسی باتیں کیوں کہتے ہو ۔ میں اس خیال سے یہ سب کچھ کہتا ہوں شاید آپ کو بھی کچھ احساس ہو جائے ۔ شاید آپ کی حکومت کو بھی یہ خیال پیدا ہو کہ ہم باہر کچھ کہتے ہیں اور عمل کچھ کرتے ہیں ۔ کتنی دیر تک آپ نے کارخانہ داروں کو ہم پر مسلط رکھنا ہے ۔ آخر کل عوام کی طاقت ابھرے گی تو آپ کو ان کے سامنے جوابدہ ہونا پڑیگا ۔ لہذا آپ اس بات کی بھی فکر کر لیں ۔ جناب سپیکر ۔ عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ چقندر کے سلسلے میں آپ کی تحقیقات اتنی مفید اور کارآمد ثابت نہیں ہو سکتی جتنی کہ ان کارخانہ داروں کو کنٹرول کرنا مفید ہو سکتا ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ اگر سابق صوبہ سرحد میں چقندر کی معقول اور مناسب اور موزوں قیمت کاشتکاروں کو دی جائے جو کہ ان کو نہیں دی

جا رہی ہے ۔ تو آپ یقین کریں کہ چینی کی ضروریات کو صوبے کے بعض حصوں میں اسی بیج کو استعمال کرکے کاشت کار پوری کر سکتے ہیں ۔ کاشت کار تو خدمت کرنا چاہتے ہیں لیکن آپ کی حکومت ان کی راہ میں پہاڑ کی طرح حائل ہے ۔ آپ ہم سے رقومات لینا تو کیا آپ تو محض حکم کرتے ہیں اور ہم لوگ تو آپ کے راستے میں حائل ہو ہی نہیں سکتے ۔ بلکہ یہاں پر ہاتھ باندھے آپ کے حکم کے منتظر رہتے ہیں ۔ پچھلے روز میرے ایک بزرگ جو کہ صاحب اقتدار ہیں فرماتے تھے کہ حزب اختلاف والے کہتے ہیں کہ یہاں آزادی تقریر نہیں ہے ۔ حالانکہ وہ دیکھیں حمزہ اور خواجہ صفدر اور ملک اختر تو روزانہ ایوان میں تقریریں کرتے ہیں ۔ ویسے تو ہم آپ کی سمع خراشی کے لئے یہاں آئے ہوئے ہیں ۔ لیکن ہماری باتوں کا برا نہ منائیے ۔ کیونکہ اگر آپ غضب میں آ گئے تو کم از کم مغربی پاکستان میں تو ہمارے لئے کوئی جگہ نہیں ہو گی ۔

جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ آپ محض چقندر کی تحقیقات کرنے پر ہی اکتفاء نہ کریں بلکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ چقندر کاشت کرنے والے کاشت کاروں کے مفادات کا تحفظ کریں اور اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی التجا کروں گا کہ اگر چقندر سے چینی حاصل کرنے کی غرض سے کوئی پلانٹ درآمد کرنا ہو تو اس کی اجازت صرف genuine اصلی صنعت کار ہی کو دیں ۔ کیونکہ اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ آپ سیاسی مفاد کے پیش نظر ایسی چیزوں کی درآمد کی اجازت ایسے لوگوں کو دیتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن یہ مطالبہ زر تو اس کے متعلق نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اگر چقندر کی پیداوار میں معتدبہ اضافہ کرنا ہے تو ان کو اس پالیسی پر نظر ثانی کرنی ہو گی ۔ اگر چقندر سے چینی پیدا کرنے والا پلانٹ ہی ایسے آدمیوں کو دے دیں ۔ اگر بسم اللہ ہی غلط ہو ۔ اگر یہ غلط آدمیوں کو دے دیں تو بعد میں کاشت کاروں کو پوری قیمت نہیں ملے گی اور نہ ہی لوگ اس کو کاشت کرنے میں دلچسپی لیں گے اور اگر وہ اس میں دلچسپی نہ لیں گے تو محض ''دب کے وا تے رج کے کھا'' کا نعرہ لگا کر اور محض تقاریر کرکے اس کی زیادہ کاشت نہیں ہو سکتی جب تک کہ لوگوں کے جائز مطالبات کو پورا نہ کیا جائے اور ان کے مفادات کا تحفظ نہ کیا جائے ۔ آپ کو بھی معلوم ہے کہ پچھلے سال جن کاشت کاروں کے پاس تھوڑی بہت گندم تھی ان کو پتہ تھا کہ گندم نہیں ملے گی ۔ اس لئے انہوں نے اپنی گندم مہنگے داموں بیچی ۔

Mr. Speaker : The Member is not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کا فرمان بالکل بجا ہے اور ویسے بھی میں کافی وقت لے چکا ہوں ۔ میں نے یہ معروضات جناب قائد ایوان کی خدمت میں اس لئے پیش کی ہیں اور بالخصوص جب کہ اس سال ملک میں زرعی پیداوار میں انقلابی اضافہ ہوا ہے اور سارے ملک میں اس کا چرچا ہے ۔ مجھے امید ہے میری معروضات کو برا نہیں مانیں گے ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور۔۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اپنی معروضات پیش کرنے سے پہلے جناب وزیر زراعت کو آپ کی وساطت سے مبارک باد دیتا ہوں کہ ان کے آنے کے بعد قدرتاً گندم کی پیداوار میں

اضافہ ہوا ۔ انہوں نے جو بیج لوگوں کو مہیا کیا اس سے پہلے پہل ملک کے عوام کو کوئی دلچسپی نہ تھی اور وہ اسے بیچنے پر خوش نہ تھے لیکن خدا کی مہربانی سے انہوں نے اس بیج کے ذریعے جو فصل برداشت کی ہے اس کی وجہ سے اب لوگوں میں یہ شوق پیدا ہوا ہے کہ وہ اس بیج کو کاشت کریں ۔ (نعرہ ہائے تحسین) ۔ لیکن میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ میزانیہ پیش کرتے وقت یہ فرمایا گیا تھا کہ صدر پاکستان کا بھی یہ خیال ہے کہ غیر ترقی یافتہ علاقوں کی طرف زیادہ توجہ دی جائے اور ساتھ ہی ہمیں یہ بھی بتایا گیا تھا کہ گورنر صاحب بھی اسی بات کی تلقین کر رہے ہیں اور انہوں نے اس سلسلے میں تین باتوں کے متعلق خاص ہدایت فرمائی ہے ۔ اول تو یہ کہ لوگوں کو خوراک کی چیزیں سستے داموں میسر ہوں ۔ دوئم یہ کہ غیر ترقی یافتہ علاقوں کی طرف زیادہ توجہ دیں اور انہوں نے آخری ہدایت یہ فرمائی ہے کہ آبادی کے لحاظ سے ترقی کی راہیں بڑھائی جائیں تو زرعی پیداوار بڑھانے کے لئے جن امور پر توجہ دینی چاہئے میں ان کے متعلق عرض کروں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ آپ اس بات کو مدنظر رکھیں کہ آج جو امر زیر بحث ہے وہ محکمہ زراعت کے لئے مصارف ہیں اور ان کی تفصیل صفحہ ۳۲ پر دی گئی ہے ۔ ان میں نو سکیمیں وہ شامل ہیں جن کے لئے جناب وزیر زراعت نے رقومات مانگی ہیں ۔ تو آپ ان کے متعلق ہی تقریر فرما سکتے ہیں ۔ اگر آپ زراعت کے متعلق عام بحث کرنا چاہتے ہیں تو وہ اس وقت متعلقہ نہیں ہو گی ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس کے متعلق ہی عرض کروں گا اور اس کے ساتھ ہی ساتھ میرے علاقے میں جن جن چیزوں کی ضرورت ہے میں ان سے بھی جناب وزیر زراعت کو آگاہ کروں گا ۔ وہ یہ کہ ہمارے سابق صوبہ سندھ میں ضلع لاڑکانہ ، دادو ، ٹھٹھہ اور حیدر آباد میں چاول پیدا ہوتا ہے اور ٹھٹھہ کے ایک ضلع میں ان بقیہ تین اضلاع کے مقابلے میں زیادہ چاول پیدا ہوتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہاں پر چاول کی کوئی مد نہیں ہے اور نہ وہ چاول پر ریسرچ کر رہے ہیں اور نہ ہی اس کے لئے روپیہ مانگ رہے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میری گذارش یہ ہے کہ جس چیز پر وہ ریسرچ کر رہے ہیں میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اس سے بڑھ کر ان کو چاول کی طرف توجہ دینی چاہئے ۔ کیونکہ وہاں سے گذشتہ پانچ سال سے جراثیم چاولوں کو تباہ کر رہے ہیں ۔ جس کی وجہ سے کاشتکار صرف ایک تہائی فصل ہی حاصل کر پاتے ہیں ۔ آخر یہ بھی تو اس ملک کے عوام ہیں ۔ ان کو اس کے لئے دوائی مہیا نہیں ہے تو میں اس لئے یہ عرض کر رہا ہوں کہ آپ اس کے متعلق ریسرچ بھی کریں اور دوائیں بھی مہیا کریں ۔ کیوں کہ صرف ریسرچ سے کوئی فائدہ نہ ہوگا ۔ میں نے اس سلسلے میں کئی ایک تحاریک التواء بھی پیش کی تھیں لیکن ملک صاحب صرف اغماز سے کام لیتے ہیں اور اس طرف کوئی توجہ نہیں دیتے ۔ وہ جو دوائیں اس وقت وہاں پر دے رہے ہیں ۔ ان کا کوئی اثر دھان کی فصلوں پر نہیں ہوتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ ابھی تک آپ کی تقریر بالکل ھی غیر متعلقہ ھے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اگر انہوں نے کسی بات پر تحقیقات ھی کرنی ھے تو وہ پہلے چاولوں کے متعلق ریسرچ کریں ۔ یہ وھاں کی ضرورت ھے اور ان کو اس طرف توجہ دینی چاھئیے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب وہ تو سورج مکھی حیدر آباد میں پشاور میں ، لائل پور میں اس کے علاوہ وہ پشاور کے علاقے میں گندم کی کاشت کے متعلق کچھ ریسرچ کرنا چاھتے ھیں ۔ اس کے لئے روپیہ مانگا ھے ۔ اس کے علاوہ وہ حیدر آباد اور خیر پور ڈویژن میں جو کی ترقی کے لئے بھی کچھ رقم مانگ رھے ھیں تاکہ اس کے بیج کو ترقی دی جائے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میری گذارش ھے کہ ان کے لئے مانگ رھے ھیں ۔ باقی کو کیوں انہوں نے چھوڑا ھے ۔ اس لئے جناب سپیکر ۔ میں سمجھتا ھوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کسی اور وقت پر ذکر کیجئے گا ۔ آپ کا اس کے متعلق کیا خیال ھے کہ آپ کی ڈویژن میں جو کے بیج کو ترقی نہ دی جائے ۔ اس کے متعلق آپ فرمائیے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ بالکل دی جائے ۔ لیکن ھم چاول کے لئے کچھ نہ کہیں ۔ ان کے نوٹس میں نہ لائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ اس وقت غیر متعلقہ ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے ان سے گذارش کروں گا ۔ جیسا کہ انہوں نے شیخوپورہ اور گوجرانوالہ میں دوائی استعمال کی ہے ۔ وہاں بھی یہی استعمال کریں تو انشاء اللہ ان لوگوں کو فائدہ ہوگا اور یہ جراثیم بالکل ختم ہو جائیں گے ۔ جناب والا ۔ مزارعین کو جس چیز کے اچھے دام نہیں ملتے ۔ تو ان پر آپ کی اس تبلیغ سے کوئی اثر نہیں پڑتا ۔ ہمارے ملک میں دھان کی قیمت پہلے ۱۷ روپے دیتے ہیں اور ادھر ۳۱ روپے ہے اور ادھر ۱۷ روپے سے نہیں بڑھاتے ۔ حالانکہ مشرقی پاکستان میں زیادہ قیمت پر بیچتے ہیں ۔ ان کا فائدہ مزارعین کو نہیں ہوتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ کہ اگر آپ کی تقریر بار بار غیر متعلقہ ہوئی ۔ تو آپ کو تقریر ختم کرنے کے متعلق بھی کہا جا سکتا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میری گذارش یہ ہے کہ آبادی کے لئے زمین کو ہموار کرنا چاہئے یہ تو متعلقہ ہے نا جناب ۔ تو وہاں اس جنوبی علاقے میں ٹریکٹروں کا کوئی انتظام نہیں ہے ۔ اور اگر ہے تو وہ بڑے بڑے لوگوں کے لئے ہے ۔ اور جب تک آپ زمین کو ہموار نہیں کریں گے ۔ ریسرچ پر جو آپ خرچ کر رہے ہیں ۔ میری سمجھ میں یہ کوئی دانش مندی نہیں ہے ۔ اور ہمارے جنوبی علاقے ایسے ہموار نہیں ہیں ۔

جیسے شمالی علاقے ہیں ۔ وہاں زیادہ دام پر ٹریکٹر لینے پڑتے ہیں ۔ اور وہ یہ اخراجات برداشت نہیں کر سکتے ۔ پہلے تو آپ ان کے دام کو کم کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب تشریف رکھیئے ۔

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میں آج ایک مشکل میں قدرے پھنسا ہوا ہوں ۔ میں آپ کی امداد معاونت اور محترم قائد حزب اختلاف کے حسن سلوک کا متمنی ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میری طرف سے کوئی پابندی نہیں ہے ۔ سپیکر صاحب کی طرف سے کوئی پابندی نہ ہو ۔ میں کوئی اعتراض نہیں کروں گا ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ تو جناب والا ۔ آج جو تقاریر اس معزز ایوان کے سامنے ہوئی ہیں اس سے ایک بات تو آپ کو اظہرمن الشمس ہو گئی ہو گی کہ زراعت کے متعلق اعتراضات کی نوعیت کس قدر کمزور ہے ۔ میں اپنی تقریر کو مختصر کرتا اور اس کو بالکل متعلقہ رکھتا اگر ایک نہایت ہر دل عزیز ممبر ملک محمد اختر صاحب ایک ایسا نظریہ بیان نہ کرتے اور اس کی تائید میرے دوست حمزہ صاحب نہ کرتے انہوں نے جناب والا ۔ یہ فرمایا ہے کہ زراعت کے شعبے میں کوئی ترقی نہیں ہوئی کیوں کہ ان کا بیان بالعموم مغربی پاکستان کے عوام نہایت موثر سمجھتے ہیں اس لئے میرے لئے کوئی چارہ کار نہیں ۔ کہ میں تصویر

کا دوسرا رخ بھی آپ کی اجازت سے پیش کروں ۔ دوسرا حمزہ صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ ترقی ہوئی ہے مگر وہ یا تو مرہون منت ہے بارش کی یا موسم کی یا نرخوں کے اچھے ہونے کی اور کسی چیز کو اس میں دخل نہیں ۔ اب میں قائد حزب اختلاف کی اجازت سے اور آپ کی اجازت سے چند ایک باتیں یہاں پر پیش کروں گا ۔ تو میں جناب والا آپ کی خدمت میں چند گذارشات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ اول تو سوال یہ ہے کہ کیا زراعت کے شعبے میں ترقی ہوئی ہے یا نہیں ۔ تو اس کے متعلق میں تو اعداد و شمار کا ہی صرف سہارا نہیں لے سکتا ۔ میں کچھ اور بھی اس کے متعلق کہوں گا ۔ اعداد و شمار تو میں یوں بیان کر دیتا ہوں کہ جناب والا ۔ ۱۹۴۷ء میں گندم کی پیداوار ۳۲ لاکھ ٹن ہوا کرتی تھی ۔ جو کہ اب ۳۵ لاکھ ٹن تک پہنچی ہے ۔ اور چند سال پہلے ۳۸ لاکھ ٹن ۔ ہمارا target تھا ۴۷ لاکھ ٹن اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ۶۲ لاکھ ٹن ہوئی ۔ تو میں یہ کہتا ہوں کہ کیا ترقی نہیں ہوئی ہے میں یہ بھی کہہ سکتا تھا ۔ جناب والا ۔ کپاس ۱۱ لاکھ گانٹھ ہوا کرتی تھی پھر وہ ۷۰ لاکھ گانٹھ ۱۹۵۸ء میں ہوئی اور آج وہ اللہ کے فضل سے ۹۷ لاکھ گانٹھ کے قریب ہے تو یہ بھی میں ابھی ملک اختر صاحب کی خدمت میں بیان کرتا ہوں کہ ترقی نہیں ہوئی تو اور کیا ہے ۔ مگر اس کے علاوہ میں یہ بھی کہہ سکتا تھا کہ گندم اور کپاس کے علاوہ چاول کی پیداوار ۶ لاکھ ٹن ہوا کرتی تھی اور ۸ لاکھ ٹن ۱۹۵۸ء میں اور آج ۱۴ لاکھ ٹن ہے اور ہمارا ۲۱ لاکھ ٹن کا target ہے مگر میں آج بڑا مجبور اور محدود ہوں میں یہ باتیں نہیں کر سکتا ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میری گذارش ہے ۔ کہ ملک صاحب اب relevant ہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ کیا فرمایا آپ نے ؟

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے یہ کہا ہے ۔ کہ یہ باتیں نہیں کر سکتے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں نے کہا تھا کہ میں کرسکتا ہوں فرق یہ ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہی فرق تھا ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ مجھے ان باتوں کی طرف اس واسطے توجہ دلانی پڑی کیوں کہ ملک اختر نے یہاں ایک چیز بیان کی ہے کہ زراعت کے میدان میں ترقی نہیں ہوئی ہے مگر اللہ کے فضل سے اس معزز ایوان کے تمام ممبران صرف نہیں بلکہ ملک کی آبادی کا کثیر حصہ ہی نہیں پاکستان کے ارباب بست و کشاد نہیں ایک دنیا معترف ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے میں حزب اختلاف کو بار بار دعوت دیتا ہوں کہ وہ اس بات کا اعتراف کریں میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ کاشتکاروں کی محنت اور مشقت اور ان کی مستقل مزاجی کے لئے ان کو کیوں خراج تحسین پیش نہیں کیا گیا میں اپنی پارٹی کی طرف سے اور جناب کی اجازت سے یہ اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری پارٹی کو کاشت کار برادری کے اس کارنامہ پر فخر ہے اور ہم اسے نہایت ہی افتخار سے دیکھتے ہیں میں ان کی طرف سے ان کو اس بات پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ کہ انہوں نے

انواج پاکستان کی طرح زراعت کے محاذ پر کارنامہ کر دکھایا ہے ۔ کسی ایک، ملک نے بھی ایک سال میں ایسا نہیں کیا اور کسی ایک ملک نے نازک غذائی صورت حال پر ایک سال میں قابو نہیں پایا ۔

(نعرہ ہائے تحسین)

Minister of Finance : Sir, it may be noted that the Leader of Opposition is voluntarily appreciating and not under coercion.

Mr. Speaker : But he is not in his seat. Therefore, he is not recognizable.

وزیر زراعت و خوراک ۔ لہذا اس لئے کہ کاشت کار برادری مایوسی کا شکار نہ ہو جائے میں ان کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے نہایت ہی محنت مشقت ہوش مندی بردباری اور مستقل مزاجی سے یہ کارنامہ سر انجام دیا ہے جس پر آنے والی نسلیں فخر کیا کریں گی ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں ان کی اطلاع کے لئے یہ بھی کہہ دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ان میں ایک ذہنی انقلاب آ گیا ہے اور نئی راہیں کھل گئی ہیں ۔ جن سے پاکستان نے اپنا مقدر حاصل کر لیا ہے وہ مقدر یہ ہے کہ کبھی یہ علاقہ اناج گھر ہوتا تھا اب انشاء اللہ پھر یہ اناج گھر ہو جائے گا ۔

جناب والا ۔ ان کے ذہنی انقلاب کو صحیح معنوں میں سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ آج صورت حال یہ ہے کہ کاشتکار بھائی صرف زرعی کارنامہ ہی نہیں کرتے بلکہ اب وہ زرعی سائنس دان بھی ہیں ۔ وہ ہر روز تجربات کرتے ہیں کہ زراعت کے لئے کونسا بیج ہو ۔ کونسی کھاد ہو ۔ جو زراعت کو زیادہ سے زیادہ ترقی دے سکے ۔ لہذا کاشت کار برادری کے متعلق

جو اچھی باتیں ہیں حمزہ صاحب نے وہ بتانے میں بخل سے کام لیا ہے ۔ میں ان سے توقع رکھتا تھا کہ وہ کاشت کاری سے تعلق رکھتے ہیں وہ بھی کاشت کار برادری میں ہیں ضرور خراج تحسین دیں گے ۔ لیکن اپنی اعادات کے مطابق انہوں نے ہر بات کو قابل اعتراض ہی سمجھا ہے ۔ وہ خود بھی محنت کرتے ہیں زراعت میں حصہ لیتے ہیں ۔

جناب والا ۔ یہ تو جملہ معترضہ تھا میں اس چیز کے متعلق صرف دو تین باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ترقی تو ہوئی ہے لیکن یہ ترقی کیوں ہوئی ہے اور اس ترقی کی وجہ سے کس طرح اعداد و شمار بڑھے ہیں ۔

جناب والا ۔ کاشت کار کے اس ذہنی انقلاب کی وجہ سے ہماری شاندار زرعی ترقی ہوئی ہے ۔ اور یہ چیز زراعت کے درخشاں مستقبل کے لئے ایک نیک فال ہے ۔ حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ زرعی ترقی موسم کی وجہ سے ہوئی ہے نرخوں کی وجہ سے ہوئی ہے ۔ میکسی پاک بیج کے آنے کی وجہ سے ہوئی ہے ۔ تو بہر حال انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ ہماری زراعت میں ترقی کیوں ہوئی ہے اور کس طرح ہوئی ہے لیکن میں جناب والا کی خدمت میں عرض کروں گا کہ زراعت کی ترقی کی راہ میں دو مشکلات درپیش تھیں ۔ ایک تو قدرتی طور پر ایسے عوامل تھے جن کی وجہ سے زراعت ترقی نہ کر سکی تھی ۔ پھر ایسے چند معاشی مسائل تھے جو آگے بڑھنے نہیں دیتے تھے اس کے علاوہ چند انتظامی مشکلات تھیں جن کی وجہ سے زراعت ترقی نہ کر سکتی تھی ۔ اب کیا ہوا ہے ۱۹۵۸ء سے پہلے ایک لاکھ ایکڑ زمین

ہر سال سیم اور تھور کی نظر ہو جاتی تھی اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے نہ صرف ایک لاکھ ایکڑ زمین کو بچا لیا گیا ہے بلکہ جتنے رقبہ میں اصلاح اراضی کرلی ہے وہ ۲۲ لاکھ ایکڑ رقبہ ہے جو ۱۹۴۷ء میں ۳۲ لاکھ تھا اور آج کل ۲۸ لاکھ ایکڑ ہے دونوں طرف کوشش کی گئی ہے ایک لاکھ ایکڑ کو بچایا اور پھر پانچ چھ لاکھ ایکڑ رقبہ قابل اصلاح ہوگیا یہاں ایک اور چیز بھی تھی اور وہ پانی کی قلت تھی جدید زراعت بغیر پانی کے نہیں ہوسکتی اگر میں خواجہ صاحب کو یاد دلاؤں کہ گذشتہ بجٹ کی تقریر کے دوران پانی کی اہمیت کے متعلق بڑا زور دیا تھا انہوں نے جو اس وقت کہا تھا میں اب نہیں کہنا چاہتا اس لئے کہ انہوں نے تقریر نہیں کی میں صرف ان کی تقریر یاد دلاؤں گا شاید وہ پسند فرمائیں ۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ یہ حکومت اتنی نا اہل ہے کہ اپنی منتہا تک نہیں پہنچ سکتی ان کے پاس پانی کی مقدار بڑھانے کے لئے جو منصوبے ہیں وہ نا کافی ہیں اور نا تسلی بخش ہیں ۔ یہ ان کا مفروضہ تھا ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ۱۹۵۸ء میں ۴۸ million acre feet water course availability تھی ۔ ان کو اس بات کی بھی خوشی ہوگی ۔ کہ اب ۱۸ million acre feet ہوگئی ہے ۔ اور ۱۹۷۰ء میں ۹۶ million acre feet یعنی دو گنی ہو جائے گی ۔ یہ کیسے ہوگیا ۔

جناب والا ۔ ہمارے یہاں کل تین ہزار ٹیوب ویل تھے آج ۶۴ ہزار ٹیوب ویل ہیں اور اس کے علاوہ جو دیگر آبپاشی کے منصوبے ہیں ان سے با افراط پانی ملتا ہے اور جدید قسم کی زراعت اب معراج پر پہنچ سکے گی ۔

خواجہ صاحب نے جو تجزیہ فرمایا تھا کہ پانی کے بڑھانے کی طرف توجہ دی جائے ایک ت عرض کروں گا کہ ملک کو سیم اور تھور کی لعنت سے پاک کرنے کے منصوبہ سے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ شیخوپورہ، لائل پور کی زمین جو ویران ہو گئی تھی بے آب و گیاہ تھی اب وہاں لہلہاتے کھیت ہیں اور وہ جنت کا نمونہ بن چکے ہیں۔ اسی طرح دوسرے علاقے ہیں۔ خیر پور جو حاجی صاحب کا علاقہ ہے وہاں اتفاق سے پینے کا میٹھا پانی ان کے تقدس کی وجہ سے نکل آیا ہے۔ وہاں بھی سیم اور تھور پر قابو پا لیا ہے اور پانی بڑھایا گیا ہے۔ لہذا یہ جو زراعت میں ترقی ہوئی ہے آخر کس نے کی ہے یہ آپ کی حکومت نے کی ہے۔ آپ کی حکومت کو اس بات پر ناز ہے۔

حمزہ صاحب نے فرمایا تھا کہ قیمتوں کی وجہ سے ترقی ہوئی ہے قیمتیں کس نے مقرر کی تھیں۔ آپ کو تو معلوم ہے کہ ہم نے پہلی دفعہ ۱۷/- روپیہ فی من گندم کی قیمت مقرر کی ہے۔ اور تین سال کے لئے مقرر کی اور ساڑھے ۱۴- روپے مکئی کی قیمت ۳- سال کے لئے مقرر کی اور چاول کے لئے بھی قیمتوں کا تعین اسی طریقہ سے کیا گیا اور ایسی چیزوں پر عمل کرتے ہوئے ہماری حکومت کو فخر ہے اور پہلے ہی دفعہ ہم نے یہ خیال کیا کہ جہاں تک کاشتکار کو اسکی کمائی کا مناسب معاوضہ یا صلہ میسر نہیں آتا وہ کبھی زراعت کو ترقی اور فروغ دینے کے لئے دلچسپی سے کاشت نہیں کرے گا اس لحاظ سے یہ اس حکومت کو فخر حاصل ہے اور اس نے ایسی پالیسی مرتب کی اور

جو صحیح اصول تھا وہ اس پر کار فرما ہوئی مجھے یہاں پر اجازت د یجئے کہ میں یہ کہوں کہ اس کا احساس ہمارے قائد فیلڈ مارشل محمد ایوب خان اور ان کو میں قائد زرعی انقلاب کہا کرتا ہوں اور ہمارے گورنر صاحب نے بھی اس کا احساس کیا کہ جب تک زمینداروں کو اور کاشتکاروں کو مناسب قیمت نہیں ملے گی زراعت کو فروغ حاصل نہیں ہو سکتا ۔ جناب والا یہ بھی ایک وجہ تھی جسکی بناء پر ترقی ہوئی ہے ۔ جناب والا ۔ ہمارے دوستوں نے بڑا اعتراض کیا تھا کہ تحقیقاتی میدان میں جس کو ریسرچ کہا جاتا ہے ہمارے لوگوں نے کچھ کام نہیں کیا ۔ میں بار بار حزب اختلاف سے یہ کہتا ہوں کہ ان کی ان باتوں سے مایوسی پھیلتی ہے ان کی باتوں سے بد دلی پھیلتی ہے مگر ان کو آج یہاں مجبوری تھی کیونکہ ان کو بات کرنے کا کوئی اور گوشہ نظر نہیں آیا تھا اگر آج وہ یہ کہتے کہ زراعت میں ترقی نہیں ہوئی ہے تو لوگ کہتے کہ بھئی یہ کونسے بزرگ ہیں جو یہ کہہ رہے ہیں اور کیوں یہ فرما رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر مجھے آپ کی طرح غیر متعلقہ باتیں کرنی ہوتیں تو میں ضرور کرتا ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ تو انہوں نے اس لحاظ سے مناسب نہیں سمجھا مگر بہر حال جیسا کہ قائد حزب اختلاف نے فرمایا ہے مجھے متعلقہ باتیں کرنا چاہئیں اور میں ان ٦ یا ٩ items کے متعلق اپنی گذارشات کروں گا ۔

جناب والا ۔ ملک اختر صاحب کا خیال یہ ہے کہ یہ رقومات کم رکھی

گئی ہیں حاجی صاحب کا خیال ہے کہ چاول کے متعلق کوئی رقم نہیں رکھی گئی ہے ۔ حمزہ صاحب کا خیال ہے کہ چنے کے متعلق کوئی رقم نہیں رکھی گئی ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ new expenditure میں ایک سکیم کے سلسلے میں ڈھوکر فارم میں اور کالا شاہ کاکو میں جو ریسرچ ہوئی ہے اور جو تجربات ہوئے ہیں اس کے نتیجہ میں ایسے بیج دریافت کئے جا رہے ہیں جن کی وجہ سے چاول کی پیداوار میں حیرت انگیز انقلاب آنیکی توقع ہے میں یہ اعلان کرتا ہوں اور مسرت سے اعلان کرتا ہوں کہ باسمتی کی ایک نئی قسم آپ کی خدمت میں اگلے سال پیش کیجائیگی ۔ وہ قد میں چھوٹی اور پیداوار میں زیادہ ہے جس سے کہ چاول کی پیداوار دگنی ہو جائیگی ۔ اور باسمتی کا چاول اس وقت جتنا ہو رہا ہے اس سے دگنا ہو گا لہذا یہ کہنا کہ ریسرچ نہیں ہو رہی ہے اور اس پر کام نہیں ہو رہا ہے غلط ہے جناب والا ۔ تحقیقاتی کام کچھ عرصہ لیتا ہے جیسے کہ کہا جاتا ہے ۔

آہ کو چاہئے اک عمر اثر ہونے تک

جناب والا ۔ یہ تجرباتی تحقیقات جو ہوتی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ جناب والا ۔ ملک اختر صاحب کبھی ایوان کے اندر چلے آتے ہیں اور کبھی باہر چلے جاتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر ۔ کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک

وزیر زراعت و خوراک ۔ اچھا یہ کہنے کے لئے آپ جا کر پھر ایوان میں تشریف لے آئے تو جناب والا میں یہ عرض رہا تھا کہ تحقیقاتی کام ہمارے ماہرین جانفشانی سے کر رہے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ میکسی

سے بہتر بیج آ گیا ہے اور انقلاب ہو گیا ہے لہذا مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے مسرت ہوتی ہے کہ ہمارے تحقیقاتی اداروں نے دو یا تین قسم کے گندم کے مزید بیجوں کو دریافت کر لیا ہے جو انشاء اللہ تعالیٰ میکسی سے بہتر ہیں اور زیادہ پیداوار دیں گے اس لحاظ سے یہ کہنا کہ زراعت کے میدان میں تحقیقات نہیں ہو رہی ہے یہ بے انصافی ہے۔ ساتھ ہی میرے دوست حمزہ صاحب نے کہا اور ان کے قول کے مطابق چنا جو ایک بادام کی سی حیثیت رکھتا ہے یا چنا کو انہوں نے بادام کے لقب سے یاد کیا ہے اس کے لئے بھی ایک شعبہ قائم ہوا ہے اور اس نے دو تین قسم کے چنے دریافت کئے ہیں جو زیر تجربہ ہیں ۔ جناب والا۔ میری مجبوری ہے مجھ سے جناب خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ میں relevant ہی گفتگو کروں اس لئے میں کچھ اور باتیں نہیں کر سکتا اور انہوں نے مجھ کو گفتگو کرنے کی ہدایت فرمائی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ اگر مجھے اس قسم کی تقریر کرنا ہوتی تو میں ضرور کرتا ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ اس کے بعد بیر کے متعلق بھی کہا گیا ہے کہ بیر کے لگانے اور اس کی نشو و نما میں محکمہ کو دلچسپی لینا چاہئے تو میں عرض کروں گا کہ اگر سنٹرل زون کے بارانی علاقے میں آپ چلے جائیں تو آپ کو بیر کے ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں درخت لگے ہوئے ملیں گے جہاں پہلے ایسے علاقہ ہوا کرتے تھے کہ اس قسم کا کوئی درخت نہیں ہوتا تھا ۔ سیب کے متعلق آپ کو جناب والا ۔ یاد ہو گا کہ

۱۹۴۷ء میں جس وقت ہم آزاد ہوئے تو ہمارے پاس کوئی ایسا خطہ نہیں تھا جہاں پر کوئی سیب ہو اگر ہوتا تھا تو بہت قابل مقدار میں ہوتا تھا کچھ کوئٹہ میں اور کچھ قلات میں ہوا کرتا تھا ۔ آج صرف ایک نہیں دو نہیں بلکہ ۱۰ لاکھ کے قریب مری ایبٹ آباد اور دیگر علاقوں میں سیب کے درخت لگائے گئے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد جب وہ پھل لے آئیں گے تو اس وقت سیب کی قیمت میں بھی خاطر خواہ کمی ہو جائیگی ۔ مگر بہر حال اس وقت پوزیشن یہ ہے کہ سال بھر میں بہت کچھ امید ہے کہ سیب کی فصل بہتر ہونے لگے ۔ اسی طرح کیلے کے متعلق جناب والا ۔ انہوں نے فرمایا ہے تو کیلے کے متعلق عرض ہے کہ ہمارے پاس آزادی کے وقت کیلے کی کوئی اچھی قسم نہیں تھی ۔ یہ اسی حکومت کا کارنامہ ہے خواجہ صاحب کہ گذشتہ ۱۰ سال میں سندھ کے علاقوں میں کیلے پر رقومات صرف کر کے لوگوں کو تلقین کر کے اور آمادہ کر کے مغربی پاکستان کو بیرونی کیلے چاہے وہ مشرقی پاکستان کا ہو یا ہندوستان کا ہو اس سے بے نیاز کر دیا ۔ اس کے لئے ایک بات اور کہتا چلوں کہ یہاں پر کیا آم ہوتا تھا اور کس قسم کا ہوتا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ نے بتایا نہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ اب بفضل تعالیٰ اس کا معیار اس کا ذائقہ اس کی خوبصورتی اس کی دلکشی ، اس کی نفاست اور اس کی لذت تمام ممالک میں لہنا نی نہیں رکھتی ۔۔۔۔

خواجہ محمد صفدر - جب کھائیں گے تو مانیں گے - (قہقہہ)

وزیر زراعت و خوراک - کھلائیں گے اور ضرور کھلائیں گے - لیکن یہ کہنا کہ پھلوں کے متعلق کچھ نہیں کیا گیا یہ بالکل بے انصافی ہے میں سمجھتا ہوں کہ پھلوں کے میدان میں جتنی کارگذاری مغربی پاکستان نے گذشتہ ۱۰ سال میں کی ہے کسی اور شعبہ میں اتنی خاطر خواہ ترقی نہیں ہوئی ہمارے پھل اس قدر دلکش ہیں کہ میں کیا عرض کروں جناب والا - حال ہی میں مجھے باہر جانے کا اتفاق ہوا مجھے کسی جگہ کینوں دکھائے گئے تو اس کی شکل و شباہت کو دیکھ کر لوگ متحیر رہ گئے کہ پاکستان میں اس قسم کی بھی چیز ہوتی ہے - اس کی وضع قطع اس کی دلکشی اس کا ذائقہ اس کا flavour اس کا aroma غرض کہ جناب والا - وہ بھی اسی زمانے کی پیداوار ہے تو جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر یہ سمجھا جائے کہ پھلوں کے میدان میں کسی قسم کی ترقی نہیں ہوئی تو یہ بے انصافی ہوگی - جناب والا - ملک اختر صاحب نے ابھی بر سبیل تذکرہ عرض کیا کہ اشیاء کی قیمتیں مقرر ہیں مگر وہ میسر نہیں آ رہی ہیں -

جناب والا - مجھے بھی اس قسم کی شکایات پہنچی ہیں میں یہ بھی اعلان کر دینا چاہتا ہوں کہ گورنر صاحب نے کل ہی مجھے اس بات کی ہدایت فرمائی ہے کہ ان شکایات کا ازالہ کیا جائے اور اس کی صورت حال یہ نکلی ہے کہ جس شخص کو قیمت پوری نہیں ملی اس کا حق ہے کہ وہ مجھے تار یا خط کے ذریعے اطلاع دے اور مجھ پر یہ فرض عائد کیا جائے کہ میں تحقیقات کروں - لہذا میں اس بات کا اعلان کرتا ہوں اور میں اپنے قومی پریس سے بھی اس بات کی درخواست کروں گا کہ وہ اس اعلان

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ وزیر صاحبہ نے فرمایا ہے کہ ان کے فرائض میں خاندانی منصوبہ کا کام شامل نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ آپ کو اور مجھے بھی علم ہے اس معزز ایوان کے تمام معزز اراکین اچھی طرح جانتے ہیں کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر صحت ۔ جناب والا ۔ خاندانی منصوبہ بندی کا الگ محکمہ ہے انکا الگ عملہ ہے ان کے الگ میڈیکل آفیسروغیرہ ہیں اس کے باوجود جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ اگر کوئی پاکستان کا فرد خاندانی منصوبہ بندی سے متفق ہے تو سب سے باز پرس کی جائے یہ ان کا دعویٰ کیسے ہوسکتا ہے میں کہہ رہی ہوں کہ جو ڈیمانڈ زیر بحث ہے ۔ اس کے متعلق بات چیت کریں خاندانی منصوبہ بندی کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ مجھے ذاتی طور پر اس بات کا یقین ہے اور اس میں ذرہ بھر شبہ نہیں اور میں حق بجانب ہوں کہ حکومت کی خاندانی منصوبہ بندی کے پروگرام کے بارے میں آپ کے سامنے اپنی معروضات پیش کروں ۔

اگر جناب وزیر محترم کو اس پر شدید اختلاف ہے تو میں آگے بڑھتا ہوں ۔ لیکن میں پھر بھی یہ کہوں گا کہ اگر آپ واقعی صدر ایوب کو قوم کا نجات دہندہ قرار دیتے ہیں تو کم از کم مسلم لیگ میں ایسے اشخاص کو

فائنل کرنا چاہئے جس کے دو تین بچے ہوں شادی شدہ ہو ۔ یہ نہ ہو کہ وہ غیر شادی شدہ ہو اور اس کی بھی نس بندی کردی جائے ۔ جس کے دو تین بچے ہوں اور اگر وہ خاندانی منصوبہ بندی کے لئے آپریشن کرائے تو اسی صورت میں اس کو مسلم لیگ کا رکن بنایا جائے تاکہ دودھ پینے والے مجنوں جو تمام کے تمام مسلم لیگ میں شامل ہو گئے ہیں اور خاندانی منصوبہ بندی سے قوم کر نجات ملے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Next point, please.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ یقین کیجئے اور آپ کو علم ہوگا کہ تقریبا ایک کروڑ افراد باقاعدہ مسلم لیگ کے رکن ہیں ۔ اگر ایک کروڑ اشخاص آپریشن کروا لیں تو آپ یقین کریں کہ خاندانی منصوبہ بندی کا پروگرام پورے طور پر کامیاب ہو جائے گا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Next point, please.

مسٹر حمزہ ۔ بجائے اس کے کہ آپ مریضوں کا علاج کریں یا غریب لوگوں کے لئے کوئی احتیاطی تدابیر اختیار کریں کہ وہ بیمار نہ ہوں اور جب وہ بیمار ہو جائیں ان کا علاج کریں مگر آپ آئندہ بچے پیدا کرنے سے روکتے ہیں اس کے لئے آپ مزید اسامیاں پیدا کرنا چاہتے ہیں ۔ اگر آپ کی حکومت کی یہی پالیسی ہے تو آپ لوگوں کو طبی سہولتیں بہم نہیں پہنچا سکتے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ آپ کے منع کرنے کے باوجود وہ کہتے جا رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ اب میں آگے بڑھتا ہوں ۔ Mid Plan Review یعنی تیسرے پنج سالہ منصوبہ کے صفحہ ٦٧ پر یہ لکھا ہے کہ :۔

"Health facilities without staff can no more perform their functions than factories without labourers"

جناب سپیکر ۔ مجھے اعتراض یہ ہے کہ حکومت کی جانب سے یہ کہا جاتا ہے کہ ہم طبی سہولتیں بہم پہنچاتے ہیں لیکن حکومت اس بات کا خود اعتراف کرتی ہے کہ اس صوبہ میں بیشتر ڈسپنسریاں اور ہسپتال ایسے ہیں جہاں پر ڈاکٹر تعینات نہیں کئے گئے اور اس پنج سالہ منصوبہ کو مرتب کرنے والوں کی بھی یہی رائے ہے جیسا کہ ایک فیکٹری میں کارکن نہ ہونے کی وجہ سے وہ فیکٹری بیکار ہوتی ہے ۔ اسی طرح ایک ڈسپنسری یا ہسپتال جس میں ڈاکٹر نہ ہوں اس کو ڈسپنسری کہنا یا ہسپتال کہنا ڈسپنسری اور ہسپتال کے لفظ کی توہین ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جہاں تک رجسٹرڈ ڈاکٹروں کا تعلق ہے ۔ ١٩٦٥ء میں ان کی تعداد ٩٧٢٥ تھی اگر ہم فی سال ٥٠٠ ڈاکٹروں کو تربیت دیتے ہیں یا وہ اپنی تربیت مکمل کر لیتے ہیں تو ١٩٦٦ء اور ١٩٦٧ء میں تربیت پانے والوں کی تعداد کو شامل کر لیا جائے تو اس وقت ہمارے صوبہ میں ١١ ہزار ٢ سو ٢٥ رجسٹرڈ ڈاکٹر موجود ہونے چاہئیں ۔ لیکن اس کے باوجود آپ کی بیشتر ڈسپنسریوں اور ہسپتالوں میں ڈاکٹر تعینات نہیں کئے جا سکے ۔ حکومت کی جانب سے تمام تر کوششوں کے باوجود نئے اخراجات

کی مدمیں چند ایک ڈسپنسریاں کھولنے کا اہتمام کیا ہے ۔ میں حیران ہوں کہ کس حد تک اور کس طرح آپ لوگوں کو طبی سہولتیں بہم پہنچانے میں کامیاب ہوں گے ۔ جب کہ اس حکومت کی ناکامی کا یہ حال ہے ایک طرف تو ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ بعض معاملات میں صوبائی حکومت کو مکمل خود مختاری حاصل ہے ۔ لیکن اس کے باوجود ہم نے عملی زندگی میں یہ دیکھا ہے کہ ایم بی بی ایس ڈاکٹر دیہات میں جانے کے لئے تیار نہیں ہیں یا دیہات میں جانے پر آمادہ نہیں ہوتے ۔ حکومت نے اس اسمبلی کے مطالبے اور ایک قرارداد منظور کرنے کے باوجود میڈیکل سکول کھولنے کا فیصلہ نہیں کیا ۔ میں حیران ہوں کہ ایک طرف عام آبادی کو ڈسپنسری کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے ۔ لیکن اس کے باوجود جب ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اور کچھ نہیں تو ہمیں L.S.M.F. ڈاکٹروں کی خدمات مہیا کرنے کا انتظام کر دیں تو ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ ڈاکٹر M.B.B.S. ڈاکٹروں کے معیار سے کم تر ہوتے ہیں اور اس سلسلے میں بین الاقوامی ادارے ان کو اس حیثیت سے منظور نہیں کرتے اور ان کو ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا جاتا ہے ۔ لیکن میں وزیر صحت کی خدمت میں یہ التجا کروں گا کہ اس بات کا فیصلہ تو عام آبادی نے کرنا ہے کہ آیا وہ اپنا علاج معالجہ ایک ڈسپنسر سے کرائیں یا ایک licentiate ڈاکٹر سے کرائیں ۔ مگر آپ ہمیں یہ بتائیے ہیں کہ دیہات میں کام کرنے والے ڈاکٹروں کے مشاہروں کے لئے اس سال کے میزانیے میں گنجائش رکھی گئی ہے اور ان کے مشاہروں میں اضافہ کیا جائے گا ۔

جناب سپیکر ۔ آپ نے ڈاکٹروں یا انجینئروں کو اس ملک میں وہ اہمیت نہیں دی ہے جو کہ ان کا حق ہے ۔ جب تک آپ ڈاکٹر یا انجینئروں کو وہ مقام نہیں دیں گے ۔ اس وقت تک آپ یقین کیجئیے کہ چاہے آپ کتنی بھی کوشش کریں اور ان کے مشاہروں میں چاہے کتنا ہی اضافہ کیوں نہ کریں اس کے باوجود مغربی پاکستان کے موجودہ ماحول اور حالات کے پیش نظر وہ کبھی بھی دیہات میں جانا پسند نہیں کریں گے ۔ آپ کہتے ہیں کہ نئی ڈسپنسریوں کے قیام کی گنجائش رکھی ہے ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ ان ڈسپنسریوں کی عمارات سے لوگ کس طرح طبی سہولت حاصل کر سکتے ہیں ۔ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ یہ حکومت اس حد تک سول سروس کے تابع اور ماتحت ہے کہ انہوں نے آج تک Pay and Services Commission کی رپورٹ شائع نہیں کی اور یہ کمیشن وہ ہے کہ جو سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کی زیر صدارت مقرر کیا گیا تھا اور اس رپورٹ کو شائع نہ کرنے کی محض یہ وجہ ہے کہ ہماری حکومت سول سروس سے مرعوب ہے ۔ ہر انسان تو روپے کے عوض نہیں بکا کرتا ۔ ڈاکٹر بھی انسان ہیں لیکن اگر ان کی عزت اور ان کا احترام نہ کیا جائے تو پھر آپ یہ کیسے توقع کر سکتے ہیں کہ وہ دیہات میں جا کر مخلوق خدا کی خدمت کریں گے ۔ مجھے ذاتی طور پر یہ علم ہے کہ جو ڈاکٹر دیہی علاقوں میں کام کرنے کی غرض سے جاتے بھی ہیں اور اگر وہ M.B.B.S. ہیں تو اس علاقے میں ان کے مقابلے میں ایک نائب تحصیل دار اور تھانیدار کو زیادہ عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے ۔ آپ ان کو مجبور تو کر سکتے ہیں ۔

کہ جو M.B.B.S. کا امتحان پاس کریں ان کو دیہات میں لازماً کام کرنا پڑے گا لیکن لوگ یہ کہتے ہیں کہ آپ ان کو مجبور نہ کریں کیونکہ اس طرح وہ اپنا کام مجبوری کے تحت کریں گے اور دل جمعی سے نہ کر سکیں گے آپ ان کو مجبور کرنے کی بجائے ایسا ماحول پیدا کریں کہ وہ بخوشی دیہات میں کام کرنا پسند کریں بلکہ وہ وہاں پر کام کرنے میں فخر محسوس کریں کہ وہ ملک و قوم کی خدمت کر رہے ہیں کیا اس ملک سے باہر جانے والے ڈاکٹر ہمارے بھائی نہیں ہیں ۔ کیا وہ غیر ممالک میں کام کرنے کے مقابلے میں اپنے ملک میں خدمت کرنے کو ترجیح نہیں دیں گے لیکن اگر وہ ان تمام امور کے باوجود بھی اپنے ملک کو خیر باد کہہ کر غیر ممالک میں کام کرنا پسند کرتے ہیں وہ ایسا کرنے پر مجبور ہوتے ہیں ۔ اس ایوان میں محکمہ صحت کی جانب سے وقتاً فوقتاً جو اعداد و شمار پیش کئے جاتے ہیں میں ان کی جانب وزیر صحت کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ ۸ مئی ۱۹۶۸ء کو اس ایوان میں ملتان اور ساہیوال میں ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کی تعداد بتاتے ہوئے ہمیں یہ بتایا گیا تھا کہ ان دونوں اضلاع میں جب کہ یہ کہا جاتا ہے کہ یہ ترقی یافتہ پنجاب کے اضلاع ہیں ۲۳۷ ہسپتال اور ڈسپنسریاں ہیں اور ان میں سے ۱۰۸ ہسپتال اور ڈسپنسریاں ایسی تھیں کہ جن میں ڈاکٹر تعینات نہیں تھے ۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ان اضلاع میں ایک تہائی ڈسپنسریوں اور ہسپتالوں میں ڈاکٹر مامور نہیں کئے گئے تھے ۔ اور آپ اندازہ لگائیے کہ کوئٹہ اور قلات کے دور دراز علاقے میں جو ہسپتال قائم کئے گئے ہیں آپ نے ضلع چاغی میں ایک ڈسپنسری کھولنے کی گنجائش رکھی ہے ۔ آزاد

قبائل کے علاقے میں یا پشاور ڈویژن کے دور دراز علاقے میں جہاں پر کہ ایک عام انسان کو زندگی کی عام سہولتیں میسر نہیں ہیں ۔ وہاں پر آپ نے جو ڈسپنسریاں قائم کر رکھی ہیں ۔ وہاں پر کتنے ڈاکٹر کام کر رہے ہوں گے ۔

جناب سپیکر ۔ ہماری حکومت یہ کہتی ہے کہ ہم نے پچھلے دس سالوں میں دیہی ترقیاتی پروگرام کے تحت دیہات کو بہت زیادہ ترقی دی ہے ۔ حالانکہ ہم جانتے ہیں کہ وہ رقومات جو کہ دیہی ترقیاتی منصوبوں پر صرف کی گئیں ۔ وہ پی ایل ۴۸۰ کے تحت امریکہ سے خیرات کی صورت میں وصول ہوئیں کیا یہ بہتر نہ تھا کہ آپ نے یونین کونسل گھروں کی تعمیر پر جو کروڑوں روپیہ صرف کیا تھا یا صرف کیا ہے وہ روپیہ آپ ڈاکٹروں کو بہتر مشاہرے دینے یا ان کو زیادہ سہولتیں دینے پر صرف کرتے ۔ اگر آپ ایسا کرتے تو آج آپ کو اس صورت حال کا سامنا نہ کرنا پڑتا ۔ اب صورت حال یہ ہے کہ جو ڈسپنسریاں یا ہسپتال آپ نے کھولے ہوئے ہیں ان میں ڈاکٹر موجود ہی نہیں ہیں ۔ میں بڑے شہروں کے بڑے بڑے ہسپتالوں کا ذکر بعد میں کروں گا لیکن چھوٹے شہروں کے ہسپتالوں میں یا دیہی علاقے کی ڈسپنسریوں میں جو ادویات مہیا کی جاتی ہیں وہ محض برائے نام ہی ہوتی ہیں ۔ آپ مجھے بتائیں کہ اگر ایک ڈاکٹر ہسپتال یا ڈسپنسری میں موجود ہو اور اسے ادویات مہیا نہ کی جائیں یا آپریشن کرنے کے لئے اس کے پاس ضروری اوزار نہ ہوں تو وہ اپنا کام کس طرح ٹھیک طور پر کر سکتا ہے یا وہ کس طرح مریضوں کی معیاری خدمت کرسکتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ڈاکٹر لوگوں کی صحیح خدمت نہیں کر سکتے اور آپ کی ناکامیوں کی وجہ سے اور کم رقومات مہیا کرنے کی وجہ سے ڈاکٹری پیشہ یا خود ڈاکٹر بدنام ہو رہے ہیں ۔ مجھے جناب وزیر صحت یہ جواب دیں گی کہ ہمارے پاس اس قدر وسائل نہیں ہیں یا یہ کہ محکمہ مالیات سے ہمیں کم رقم ملتی ہے ۔ لیکن ہم ان کے اس اعتراض اور عذر کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ یا تو وہ آج اس ایوان میں کھڑی ہو کر برملا یہ کہہ دیں کہ صدر ایوب کی حکومت نے پچھلے دس سال میں کوئی ترقی نہیں کی ہے ۔ اور اگر ترقی کی ہے تو چند ایک خاندانوں نے یا چند ایک بڑے سرمایہ داروں یا جاگیر داروں نے کی ہے ۔ کیوں کہ اگر آپ کی قوم اور آپ کے ملک نے ترقی کی ہوتی تو یہ صورت حال پیش نہ آتی یا آج اس ایوان میں یہ عذر نہ پیش کیا جاتا کہ محکمہ مالیات سے آپ کو کم گرانٹ ملتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ صورت حال ڈسپنسریوں یا ہسپتالوں تک ہی محدود نہیں ہے ۔ بلکہ انہوں نے اس ایوان میں نشان زدہ سوال نمبر ۱۱۲۰۲ کا جواب ۵ اگست ۱۹۶۷ء کو دیتے ہوئے یہ فرمایا تھا ۔ کہ مغربی پاکستان کے میڈیکل کالجوں میں گزیٹڈ افسران کی کل اسامیاں ۳۹۸ ہیں ۔ جن میں ۱۲۳ اسامیاں اس وقت خالی پڑی تھیں ۔ اور کالجوں کے علاوہ محکمہ صحت کی کل اسامیاں ۱۸۷۹ ہیں ۔ ان میں سے ۲۹ فروری ۱۹۶۸ء کو ۵۳۹ اسامیاں خالی پڑی تھیں ۔ جناب سپیکر ۔ جس صوبے کے میڈیکل کالجوں کی یہ کیفیت ہو کہ وہاں طلباء کو تعلیم دینے کے لئے ڈاکٹر مہیا نہ کئے جاتے ہوں یا میڈیکل کالجوں سے متعلق

جو ہسپتال ہیں ۔ وہاں مریضوں کی دیکھ بھال یا ان کے علاج معالجے کے لئے ڈاکٹر تعینات نہ کئے جائیں تو پھر آپ دور دراز علاقوں میں جہاں آنا جانا دشوار ہوتا ہے ۔ جہاں کی آب و ہوا بڑی سخت ہوتی ہے ۔ جہاں کے لوگ بڑے سخت جان ہوتے ہیں ۔ ڈاکٹر تعینات کیسے کر سکیں گے یا کریں گے ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر صحت صاحبہ یہ کہیں گی ۔ کہ حمزہ تمام باتیں اپنی طرف سے کہہ رہا ہے ۔ لیکن میں ان کی خدمت میں مودبانہ عرض کردوں ۔ کہ تیسرے پنج سالہ منصوبے میں آپ کی حکومت نے اس قوم سے وعدہ کیا ہوا ہے ۔ کہ ۱۹۷۰ء تک آپ کے تمام صوبے کے لوگوں کو اور تمام کے تمام علاقوں میں طبی سہولتیں بہم پہنچائیں گے ۔ اس کا مقصد اول یہ ہے میں انگریزی کے الفاظ پڑھ کر سناتا ہوں :۔

"to ensure availability of the most essential health services to all members of the community".

اس قوم کے تمام افراد کو آپ نے یہ ضمانت دینی ہے ۔ کہ اگر وہ بیمار پڑ جائیں ۔ تو ان کو طبی سہولتیں حکومت مہیا کریگی ۔ اور ساتھ ہی ساتھ آپ نے یہ بھی وعدہ کیا ہوا ہے ۔ کہ آپ خصوصی اقدامات کرینگے ۔ جن کے تحت دیہی علاقوں یا نیم دیہی علاقوں میں ڈاکٹر تعینات کر سکیں :۔

"Special measures designed to material increase of supply of medical personnel in the rural and semi-urban areas."

آپ کے محکمہ کی کیفیت تو یہ ہے ۔ آپ نے لوگوں کا علاج معالجہ کیا کرنا ہے ۔ اس وقت تک آپ کے پاس اعداد و شمار ہی نہیں ہیں ۔ کہ اس صوبے کے کتنے لوگ بیمار ہیں کن کن بیماریوں میں مبتلا ہیں ۔ اور کتنے لوگوں کو آپ طبی سہولتیں مہیا کر رہے ہیں ۔ اور یہ بھی آپ نے

تیسرے پنج سالہ منصوبہ کے target میں یا مقاصد میں شامل کیا ہوا ہے ۔ یہ پڑھ کر سناتا ہوں :-

"(f) establishment of an efficient statistics and record-keeping system not only for the purpose of planning but also for evaluating effectiveness of various health activities."

آپ کو یہ علم ہے کہ تیسرا پنج سالہ منصوبہ ختم ہونے میں اب صرف دو سال بقایا ہیں ۔ اور جیسا کہ میں آپ کو پہلے ایک دستاویز پڑھ کر سنا چکا ہوں ۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ اس ضمن میں آپ نے کوئی ترقی نہیں کی اور کوئی خوشگوار نتائج آپ نے پیدا نہیں کئے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ یہ کہتے ہیں ۔ کہ آپ دیہی علاقوں میں طبی سہولتیں بہم پہنچائیں گے ۔ بلکہ آپ کا یہ دعویٰ بھی ہے کہ آپ میڈیکل کالجز میں ہومیو کو تعلیم دینے کے لئے ڈاکٹر تعینات کریں گے ۔ لیکن اس ملک میں بد انتظامی کی کیفیت یہ ہے ۔ کہ میو ہسپتال میں اسسٹنٹ پروفیسر کی اسامی خالی ہے ۔ پبلک سروس کمیشن نے بعض افراد کو انٹرویو کے بعد چنا ۔ لیکن اس کے بعد بعض بارسوخ افراد کی مداخلت سے یا انہوں نے اپنا اثر و رسوخ استعمال کر کے اس فیصلے کو ختم کروایا ۔ دوبارہ انٹرویو ہوا ۔ اب کیفیت یہ ہے ۔ آپ کس طرح توقع کر سکتے ہیں ۔ کہ انتہائی لائق فائق ڈاکٹر آپ کے ملک میں کام کریں ۔ میرے سوال کا جواب آپ نے آج سے چند دن پہلے اس ایوان میں دیا تھا ۔ یہ ۱۵ جون کی بات ہے ۔ اس محکمہ کے ایک ڈاکٹر نور احمد نور تھے ۔ وہ M.D. M.B.B.S. (Pb.) F.C.P.S. کراچی تھے ۔ اور ان کے تمغے اور ان کی اہلیت یہ ہے :-

Dr. Noor Ahmed Noor, MBBS (Pb), MD (Pb), FCPS (Karachi) :

(1) He was awarded Government Merit Scholarship of Rs. 30/- per mensem for one year in 1953-54 from Nishtar Medical College, Multan.

(2) Awarded Government Merit Scholarship of Rs. 45/- for eight months in 1956-57 from Nishtar Medical College, Multan.

(3) Awarded Academic Colour in 1953-54 from Nishtar Medical College, Multan.

(4) Awarded Academic Colour in 1955-56 from Nishtar Medical College, Multan.

(5) Awarded Academic Colour in 1956-57 from Nishtar Medical College, Multan.

(6) Stood First in Anatomy and Third in Physiology in the First Professional Examination in 1954, and awarded Silver Medal for Anatomy.

(7) Stood First in Hygiene and 1st in Pathology in the Third Professional Examination, MBBS, in 1956 in Nishtar Medical College, Multan.

(8) Awarded Silver Medical for Medicine, Mid-wifery, Surgery and Eye in Final MBBS Examination from Nishtar Medical College, Multan.

(9) Awarded Gold Medal for being Best Graduate of the year 1957.

(10) Awarded Rosenhiem Silver Cup for standing First in Medicine in 1957.

یہ دس distinctions تھیں ، اس کو پہلے چن لیا گیا لیکن اس کے بعد اس کے مقابلہ میں وہ ڈاکٹر جو محض M.B.B.S. اور M.D. تھا اس کو چن لیا گیا ۔ اور جو M.D. کے علاوہ M.R.C.P. بھی تھے ان کو نظر انداز کیا گیا ۔ نتیجہ کیا ہوا اس ڈاکٹر نے اس ملک میں کام کرنے کی بجائے

عرب جانا پسند - کیا آپ یہ کہیں گے کہ ہم نے اسے on deputation بھیجا ہے یہ بھی آپ کہہ سکتے ہیں - کہ عرب میں مسلمان بستے ہیں لیکن میں بصد احترام اختلاف کروں گا - اگر بہترین دماغ ہمارے ملک میں ہیں - اگر ہم نے ان کو بہترین تربیت دی ہے - اور بہترین تربیت دینے پر ہم نے کروڑھا روپیہ صرف کیا ہے تو سب سے پہلے ہماری قوم کا یہ حق ہے - کہ وہ ہماری خدمت کریں - اگر آپ نے اس صوبے میں اپنی بدانتظامی کی وجہ سے یہ ماحول پیدا کر دیا ہے کہ وہ شخص جو کہ لائق ترین ہے وہ اپنے ملک کو چھوڑ کر باہر جانے پر مجبور ہے تو اس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے - جناب سپیکر - ہسپتالوں کے بارے میں جہاں تک دور دراز علاقوں کا تعلق ہے - میں ان کے اندرونی معاملات میں زیادہ نہیں جانا چاہتا - میرے نقطہ نظر سے ہسپتالوں میں مثالی صفائی ہونی چاہئیے - بلکہ صفائی کے ساتھ ساتھ ان ہسپتالوں کو دیدہ زیب بھی ہونا چاہئے - لیکن اسی شہر لاہور میں جس کو پاکستان کا دل کہتے ہیں Mayo Hospital کی بہت پرانی عمارت ہے جسے محکمہ آثار قدیمہ کے سپرد کر دیا جائے تو زیادہ بہتر ہو گا یہ عمارت اتنی پرانی ہے - کہ اس کا کافی حصہ اب اپنی عمر کھو چکا ہے - مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ البرٹ وکٹر ہسپتال جو میو ہسپتال کا ایک اہم حصہ ہے - جسے کبھی

گورا وارڈ کہتے تھے ۔ اب وہاں کالے گورے جاتے ہیں ۔

وزیر مال ۔ یہ کالے گورے کون ہیں ؟

مسٹر حمزہ ۔ وہ لوگ جو خود تو کالے ہیں ۔ لیکن ان کا ذہن گوروں جیسا ہے ۔

وزیر مال ۔ کیا آپ وہاں کبھی نہیں جا سکے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں کبھی سرکاری ملازم نہیں رہا ۔

وزیر مال ۔ کوشش تو کی تھی مگر سرکاری ملازمت ملی نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ تو آپ ہی کا طرہ امتیاز ہے کہ انگریزوں سے مل کر بحیثیت پولیٹیکل ایجنٹ قبائلی لوگوں کو دبانے کی کوشش کرتے رہے آپ تو کالے گورے کی بہترین مثال ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : No personal remarks please.

مسٹر حمزہ ۔ پانچ چھ روز ہوئے ۔ مجھے البرٹ وکٹر ہسپتال کے کمرہ نمبر ۳۷ میں کسی مریض کی عیادت کے لئے جانے کا اتفاق ہوا ۔ یقین کیجئے اس کی تمام دیواریں خراب تھیں ان پر سفیدی کا نام و نشان نہ تھا۔ میں ان باتوں کی گہرائی میں نہیں جانا چاہتا ۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اگر البرٹ وکٹر ہسپتال کی یہ حالت ہے ۔ تو دوسری عمارتوں

کی کیا حالت ہو گی ۔ جناب گورنر صاحب اور ہماری وزیر صحت مریضوں کی دیکھ بھال میں کافی دلچسپی لیتی ہیں ۔ ان کی مجبوریوں کا اندازہ لگائیں۔ بیشتر مریضوں کو ہسپتالوں میں داخلہ نہیں ملتا ۔ جن خوش قسمت مریضوں کو داخلہ مل جاتا ہے ان کو برآمدوں میں رکھا جاتا ہے ۔ محکمہ صحت ان کو برآمدوں میں رکھنے پر مجبور ہے ۔ اس کے باوجود آپ یہ گانا گاتے ہیں اور راگ الاپتے ہیں کہ صدر ایوب اس ملک کا نجات دہندہ ہے ۔ اور یہاں سفید انقلاب برپا ہو گیا ہے ۔ ہم یہ کیسے مان سکتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں تو اس قوم کو ترقی یافتہ قوم یا فلاحی مملکت اس وقت سمجھوں گا ۔ جس دن عام آدمی باعزت زندگی گذار سکیں گے ۔ عام انسان کو ضروریات زندگی آسانی سے میسر آسکیں گی ۔ جس دن حکومت انسان کو با عزت اور باغیرت زندگی گذارنے کے مواقع مہیا کرے گی ۔ اور اس ملک کا حقیر سے حقیر انسان تعلیم و تربیت بغیر کسی رکاوٹ کے حاصل کر سکے گا ۔ جب اس کو ملازمت کے مواقع میسر ہوں گے۔ جب وہ بیمار ہوں گے تو ان کو ہر قسم کی طبی سہولتیں اور آسانیاں میسر آئیں گی ۔ اب میں بجلی کے انتظام کے متعلق عرض کروں گا ۔ جناب سپیکر ۔ اس ہسپتال کے بعض کمروں میں ڈاکٹروں نے اپنے اثرورسوخ کی وجہ سے air conditions لگوائے ہیں ۔ یہ ہسپتال صوبہ کا سب سے زیادہ پرانا ہسپتال ہے ۔ اور مرکزی شہر لاہور میں واقع ہے ۔ جس کے ساتھ ایک بڑا میڈیکل کالج بھی

ہے۔ اس میں کافی air conditions لگے ہوئے ہیں ۔ لیکن بجلی کا خاطرخواہ انتظام نہیں ۔ جب کہ وزیر بلدیات نے فرمایا تھا کہ لاہور میں کافی ٹیوب ویل لگے ہوئے ہیں ۔ لیکن Improvement Trust جس کو میں Deterioration Trust کہوں گا نے بجلی کا مناسب انتظام نہیں کیا ۔ اور یہ خرابی اس سال ہی پیدا نہیں ہوئی ۔ اگر آپ کو اس کا احساس ہوتا تو شہر لاہور میں باقاعدہ پانی مہیا کرتے اور بجلی کے لئے ڈیزل انجنوں کا متبادل انتظام کیا جاتا ۔ واپڈا کو تو آپ جانتے ہیں بلکہ اس کے آباؤاجداد کا بھی آپ کو علم ہے ۔ اس کی بجلی تو موجود ہے ۔ لیکن اگر آپ نے اس ہسپتال میں جو صوبہ کا سب سے پرانا ہسپتال ہے Generating Set مہیا نہیں کیا تو اس کی ذمہ داری کس پر ہو گی ؟ آپ کہیں گے کہ اس کے لئے رقومات نہیں ۔ ویسے بھی بہت سے کمروں میں بجلی مہیا کرنے کا مناسب انتظام نہیں ۔ آپ آپریشن تھیٹرز میں ہر وقت مناسب مقدار میں بجلی مہیا نہیں کر سکے ۔ میں نے اس ایوان میں ایک سوال اٹھایا تھا اور میرا یہ ذاتی تجربہ تھا میری ایک عزیزہ کا آپریشن ہو رہا تھا ان دنوں میرے بزرگ قائد ایوان وزیر برقیات تھے ۔ جس وقت آپریشن کے لئے مریضہ کا سینہ چاک کیا گیا تھا تو بعینہہ اس وقت بجلی چلی گئی اور ۴۰ منٹ تک نہ آئی ۔ اس مریضہ کے ماں باپ فوت ہو چکے ہیں ۔ اس سے مجھے اتنا قلق اور اتنا دکھ ہوا کہ میں بیان نہیں کر سکتا ۔ یہ تو میری ایک عزیزہ

کی حالت تھی اس ملک کی تمام عورتیں میری عزیزہ ہیں ۔ میں نے اس کے متعلق اسمبلی میں ایک سوال پیش کیا اور درخواست کی تھی اگر آپ کچھ نہیں کر سکتے تو کم از کم ایک جینریٹنگ سیٹ لگا دیں جو کم از کم آپریشن تھیٹر کو مناسب مقدار میں ہر وقت بجلی مہیا کر سکے ۔ لیکن افسوس ہے کہ آج تک اس کا انتظام نہیں کیا گیا ۔ جب میں دیکھتا ہوں کہ چند لوگوں کو دولت مند بنانے کے لئے یا بے غیرت بنانے کے لئے امپورٹ لائسنس روٹ پرمٹ اور اراضی کے مربعے دئے جا رہے ہیں ۔ عام انسان کی فلاح و بہبود اور علاج معالجہ کے لئے رقومات مانگی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ رقوم نہیں ۔ پھر میں کس طرح ان کے دعوؤں کو مان سکتا ہوں ۔ ہمارا تلخ تجربہ تو یہ ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس ایوان میں میں نے ایک سوال کے ذریعہ وزیر صحت صاحبہ کو یہ احساس دلایا تھا کہ میو ہسپتال میں محرک ایکس رے مشینری نہیں ۔ اگر موجود ہیں تو ان میں سے بیشتر خراب ہیں ۔ اگر میو ہسپتال میں مریضوں کے علاج یا ان کو طبی سہولتیں مہیا کرنے کا انتظام نہیں تو آپ فرماتے ہیں کہ کوٹ لکھپت میں اس کا انتظام کیا ہوا ہے ۔ اور کوٹ لکھپت کی یہ کیفیت ہے کہ اگر شہر کے وسط سے کوئی مریض کوٹ لکھپت جائے تو اس کا لکھ پتی ہونا ضروری ہے ۔ آپ مجھے بتائیے کہ ایک شخص کی اگر کوٹ لکھپت سے ۱۲۵۱۰ میل کے فاصلہ پر

رہائش ہے اور اسے مریضوں کی تیمارداری یا بیمار پرسی کے لئے آنا جانا پڑے اور مریضوں کے عزیزوں کا مریضوں کے پاس جانا نہایت ضروری ہوتا ہے کیونکہ نرسیں جن کی میں انتہائی عزت کرتا ہوں اور وہ میری بہنیں ہیں اور وہ بھی معاشرہ کا ایک حصہ ہیں لیکن ان بیچاریوں میں بھی وہی خامیاں موجود ہیں جو ہمارے بڑے سے بڑے افسران میں موجود ہیں کیونکہ میرا تجربہ ہے کہ اگر کسی مریض کو محض نرسوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا جائے تو مریضوں کی مناسب دیکھ بھال نہیں ہو سکتی۔ مریض اپنے آپ کو مطمئن نہیں پاتا اس کے عزیز و اقارب مطمئن نہیں ہوتے آپ اندازہ لگائیے کہ اگر آپ نے کوٹھیاں بنانی ہیں تو آپ شادمان کالونی دولتمندوں کے لئے مختص کر دیتے ہیں یا آپ نے ریس کلب کے لئے اچھی خاصی زمین گویا اس ایک کام کے لئے مختص کر دی ہے لیکن اگر ہسپتال تعمیر کرنا ہو یا طبی سہولتیں مہیا کرنی ہو تو اس کے لئے لاہور میں جہاں علاج محض لاہور کے رہنے والے ہی نہیں کراتے بلکہ مغربی پاکستان کے بیشتر علاقوں سے لوگ علاج معالجہ کے لئے آتے ہیں آپ نے اس کے لئے کوٹ لکھپت میں جگہ تلاش کی ہے کیا وزیر صحت کو یہ احساس ہے کہ وہ ڈاکٹر جسے بحیثیت پروفیسر یا اسسٹنٹ پروفیسر یا ریڈر کے میو ہسپتال میں طلباء کو تعلیم بھی دینا ہوتی ہے اور مریضوں کو بھی دیکھنا ہوتا ہے اور کوٹ لکھپت میں جا کر مریضوں کی دیکھ بھال کرنی ہوتی ہے۔

وہ کس طرح تسلی بخش طریقہ سے مریضوں کی دیکھ بھال کر سکتا ہے اور اپنے فرائض کو بطریق احسن انجام دے سکتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ انہوں نے پشاور کے لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں بعض نئی اسامیوں کی گنجائش رکھی ہے ۔ ''میو'' مرد تھا اور لیڈی ریڈنگ عورت ہو گی اس ہسپتال پر وزیر صحت کو خصوصی توجہ دینی چاہئے لیکن حیرانی کی بات تو یہ ہے کہ ہم نے اس ایوان میں سنا ہے کہ اس ہسپتال کے لئے فی بستر جو رقم مہیا کی گئی ہے وہ صرف ساڑھے تین روپے سے چار روپے تک ہے اور اس کے مقابلہ میں میوہسپتال میں جو رقومات رکھی گئی ہیں وہ فی بستر ۸ روپے کے حساب سے ہیں حالانکہ مجھے شک ہے کہ میو ہسپتال میں جو آٹھ روپے فی بستر رکھا گیا ہے یہ قطعی ناکافی ہے ۔ خدا کا فضل ہے کہ میں پشاور گیا تھا تو وہاں بیمار نہیں پڑا ۔ یہاں مریضوں کی ناگفتہ بہ حالت ہے خدا معلوم وہاں کیا حال ہو گا ۔ آپ کہا کرتے ہیں کہ عبدالغفار خان نے آپ کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا ۔ عبدالغفار خان کہتا تھا آپ نے اس کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا تمام کی تمام ذمہ داری عبدالغفار خان پر نہیں آپ کی حکومت پر ہے۔ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ اس پشاور شہر میں اور پشاور جیسے تاریخی شہر میں تقسیم سے پہلے تین ڈسپنسریاں تھیں لیکن آج زیادہ ترقی ہوئی ہے تو دو ڈسپنسریاں ہوگئی ہیں اور انہیں وہاں کی میونسپل کمیٹی چلا رہی ہے جس سے کہ آپ ہم لاکھ سالانہ

گرانٹ وصول کرتے ہیں اور اس میں سے ۵۰۰۰ ہزار روپیہ خرچ کرکے انکو ٹہلا دیتے ہیں ۔ لوگ شکایت کرتے ہیں کہ خان عبدالغفار خان فرنٹیئر اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں پختونستان چاہتے تھے ۔ لیکن سارے پاکستان میں وہ پختونستان نہیں چاہتے تھے ۔ پاکستان چند لوگوں کے لئے بنا ہے عام لوگوں کے لئے نہیں ۔ بڑے آدمی اگر بیمار ہوتے ہیں تو انگلینڈ اور جرمنی سے ان کے معالج آجاتے ہیں ان کی کیا بات ہے ۔ عام آدمی اگر بیمار ہو گا تو اس کو یہیں اپنا علاج کرانا ہو گا ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ ہمارے پٹھان بھائیوں اور پختون بھائیوں کی صحت کا جن کو کہ وزیر قبائلی امور بازوئے شمشیر زن کہتے ہیں خیال رکھنا چاہئے اور ان کی صحت کی نگرانی کرنا چاہئے ۔ ٹھیک ہے شمشیر زن اسی وقت شمشیر چلائیگا جب اس کے بازوؤں میں طاقت ہو گی اگر وہ بیمار پڑ جاتا ہے اور اسکو علاج معالجہ کی ضرورت ہوتی ہے اور اسے شمشیرزن کہتے رہئیے اور ساتھ ہی ساتھ اسکی تمام قوت کو بھی نچوڑتے رہئیے ۔ تو یہ کہاں تک مناسب ہو گا ۔

خان ملنگ خان ۔ کسی علاقہ کی صحت کا اندازہ اس علاقہ کے عوامی نمائندوں ہی سے ہو سکتا ہے ۔ اس ہاؤس میں آپ وہاں کے نمائندوں کی صحت کو دیکھیں تو اس سے آپ کو اندازہ ہو سکتا ہے کہ وہ صحت مند ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ بنیادی جمہوریت کے نمائندے ہیں ان کا عوام سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ معزز رکن نے تندرستی کے متعلق کچھ کہا ہے تو میں عرض کروں گا کہ تندرستی کا تعلق دل سے ہے قوت سے نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ پشاور میں ایک زنانہ ہسپتال بھی ہے ۔ مجھے ایک شک ہے ۔ ایک جانب تو وزیر صحت صاحبہ اور ان کی دوسری بہنیں اور معزز ارکان اسمبلی یہ فرماتے ہیں کہ یہ عائلی قوانین صدر ایوب نے نافذ کئے اور انہوں نے فیملی پلاننگ کی لیکن میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں ان کی پارٹی کے بیشتر ارکان کی تین تین اور چار چار بیگمات ہیں ایک جانب تو ہمیں آپ یہ بتاتے ہیں کہ صدر ایوب نے فیملی پلاننگ کی ہے اور عائلی قوانین نافذ کئے اور دوسری طرف آپ جب اپنی پارٹی کے سربراہ کے کہنے پر عمل نہیں کرتے اور تین تین اور چار چار بیگمات رکھتے ہیں اور ایک ایک درجن بچے پیدا کرتے ہیں تو پھر آپ مسلم لیگ کیسے بن سکتے ہیں ۔ میں عرض کروں گا کہ پشاور میں فیملی پلاننگ کیسے ہوتی ہے ۔ وہاں ایک لیبر روم ہے جس میں بچے جنے جاتے ہیں اور وہیں فیملی پلاننگ بھی ہوتی ہے لیکن اس ہسپتال کی حالت یہ ہے کہ

یہاں پنکھے نہیں ہیں ۔ اگر یہاں آپریشن تھیٹر میں آپریشن کرنا ہوتا ہے تو آپریشن کے اوزار یہاں نہیں ہوتے۔ یہ ان کا بہت ہی نرالا اور خوبصورت طریقہ ہے اگر آپ اسی طریقے سے کام کرتے رہے تو یقین کیجئے کہ آپ اپنے مقصد میں بہت جلد کامیاب ہو جائیں گے ۔ ویسے آپ کو وزیر صحت بنا دیا گیا ہے لیکن میرا خیال ہے کہ آپ کو محض فیملی پلاننگ کا وزیر مقرر کیا جانا چاہئے تھا ۔

ایک ممبر ۔ آپ ہی کو کیوں نہ بنا دیا جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کراچی شہر کو مسائل کا شہر کہتے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر عبدالقیوم) ۔ کیا آپ کو اس میں شک ہے ؟

مسٹر حمزہ ۔ لیکن آپ کو بھی علم ہوگا کہ یہ بین الاقوامی شہر ہے ۔ یہ بہت ہی اہم شہر ہے یہاں ہوائی اڈہ بھی ہے اور یہاں جاگیرداروں اور کارخانہ داروں کی ایک بڑی تعداد بستی ہے ۔ لیکن میں انتہائی دکھ کے ساتھ کہتا ہوں کہ ہماری حکومت کراچی کے سول ہسپتال کو مناسب رقومات دینے میں ناکام رہی ہے اور بری طرح ناکام رہی ہے ۔ لوگ یہ کہا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا بھی فرمان ہے کہ سب سے پہلے اپنے عزیز و اقارب اپنے ہمسایوں اپنے

محلہ داروں اپنے شہر والوں اور پھر اپنے ملک والوں کی خدمت کی جائے کیا اسی کی وجہ سے تو کراچی میں یہ حالات پیدا نہیں ہوئے کہ کراچی کے سول ہسپتال میں علاج کے لئے چندہ دینا ضروری ہو گیا یا وہاں کے ڈاکٹر چندہ مانگنے پر مجبور ہو گئے ہیں ۔ آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ ڈاکٹروں کی qualification ہے یہ ان کی خوبی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی اعتراف کیا جائے کہ حکومت کی یہ ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ ڈاکٹر صاحبان مریضوں سے چندہ وصول کریں آپ یقین کیجئے کہ ان میں وزیر نہیں مریض زیادہ چندہ دیں گے اور چندہ دینے میں دلچسپی لیں گے ۔ آخر وہ انسان ہیں انہوں نے اپنی کارگذاریاں دکھانی ہوتی ہیں لیکن چندہ نہ دینے والوں کی خدمت اس حد تک نہیں کی جا سکے گی جتنی کہ چندہ دینے والوں کی ۔ جب ان سے چندہ وصول کیا جاتا ہے آپ مجبور ہوتے ہیں کہ ان سے ترجیحی سلوک کریں آپ نے ان کو انتہائی وسیع اختیارات دے رکھے ہیں کہ وہ رقومات کو جہاں چاہیں خرچ کریں اسی لئے چندہ کا آڈٹ مناسب طریقہ سے نہیں کیا جا سکتا ۔ آپ کی ناکامی کا یہ عالم ہے کہ سول ہسپتال میں علاج معالجہ ایک کاروبار بن کر رہ گیا ہے اور غریبوں کو اس سے بہت تکلیف ہوتی ہے ۔ ایک قابل اعتماد ذریعے سے مجھے آج پتہ چلا کہ کراچی میں ہمارے دو سابق وزراء میں جھگڑا ہو گیا ۔ ایک ایڈوڈ وزیر تھا ۔ اس کو دل کا دورہ پڑا وہ کراچی سول ہسپتال میں گئے وہاں

ایک کمرہ انہیں دیا گیا جس میں انہوں نے اپنی گرہ سے قالین بچھا دیا اور کمرے کو مزین کیا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (صحت)۔کیا آپ ان وزراء کے نام لیں گے؟

مسٹر حمزہ ۔ میرے لئے مشکل کام ہے کیونکہ آج میں نے شام کو ایک دعوت میں جانا ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ مجھے کہہ دیا جائے کہ دعوت سے واپس چلے جاؤ ۔ آپ کا حکم ہے خطرہ مول لیتا ہوں ان کا نام حسن محمود ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ آپ نے ابھی ان کا نمک نہیں کھایا ۔

مسٹر حمزہ ۔ سابقہ وزیر کی بیگم صاحبہ کو بھی کمرہ کی ضرورت تھی ۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ ملحقہ کمرہ کو اپنی گرہ سے مزین کر دیں گے ۔ ایڈمنسٹریٹر صاحب نے ملحقہ کمرہ انہیں دیدیا ۔ اتفاق سے ملحقہ کمرہ میں کراچی کے ایک سابقہ منسٹر کے والد صاحب داخل تھے تو ان کے لئے دوسرا کمرہ خالی کرایا گیا اور وہ کمرہ بیگم صاحبہ کو دیدیا گیا ۔ ایسی مثالیں بھی موجود ہیں ۔

ایک ممبر ۔ ان وزراء کے نام بتا دیئے جائیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ نام بتاتا جاؤں اور لڑائی لڑواتا جاؤں یہ کونسی اچھی

بات نہیں۔ جناب صدر۔ ان کو ایک دن کے لئے منسٹر بنا دیتے ہیں پھر نکال دیتے ہیں ۔ جہاں تک طبی سہولتوں کا تعلق ہے اب میں کوئٹہ قلات کا ذکر کروں گا ۔ کہا جاتا ہے کہ پسماندہ علاقوں میں طبی سہولتوں کا انتظام کیا گیا ہے لیکن میری دانست میں خاطر خواہ طریق پر نہیں ۔ کوئٹہ قلات ایک ایسا نرالا علاقہ ہے جہاں محکمہ صحت نے میڈیکل کالجوں میں داخلے کے لئے عجیب و غریب پابندیاں عائد کی ہوئی ہیں ۔ کوٹہ مقرر کیا ہوا ہے ۔ آبادی کے تین طبقے ہیں ۔ ایک لوکل اور ایک نان لوکل اور اس کے بھی دو حصے ہیں ایک تو وہ لوگ جو کوئٹہ میں تقسیم سے پہلے سے آباد ہیں اور دوسرے وہ جو بعد میں آ کر وہاں آباد ہوئے ۔ تو اس علاقے کے لوگوں کو تعلیمی سہولتیں مہیا کرنے کے لئے عجیب و غریب طریقے اختیار کئے ہوئے ہیں۔ وہاں سے جو لڑکے میڈیکل کالجوں میں داخلہ لیتے ہیں ان کو وظیفہ بھی ملتا ہے لیکن ہوتا یہ ہے کہ یہ وظیفہ بہت کم مستحق لوگوں کو ملتا ہے ۔ ملٹری کے افسروں کے لڑکے ان کا حصہ کھا جاتے ہیں ۔ جب داخلہ لینے کے لئے اثر و رسوخ کی ضرورت ہوتی ہے اس میں کوئی کسر نہیں رکھی جاتی حالت یہ ہے کہ جب وظیفے ملنے کا وقت آتا ہے تو بلیاں تکتی رہ جاتی ہیں اور بیچ میں یا درمیان میں ایک بندر تشریف لے آتے ہیں اور کھا جاتے ہیں اور جب وہ ڈاکٹری پاس کر لیتے ہیں تو اس علاقہ میں نوکری کرنا پسند نہیں کرتے ۔ بحیثیت طالبعلم کے وہ کوئٹہ قلات کی

مخصوص نشستوں پر داخلہ لیتے ہیں اور جب ڈاکٹر بن جاتے ہیں تو یا پنجاب یا کراچی میں کام کرنا پسند کرتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں تو کہوں گا کہ اخلاق سے آپ نے اس قوم کو عاری کر دیا ہے جو اس ملک میں رہنا پسند کرتے ہیں وہ کوئٹہ اور قلات کے دور دراز علاقوں میں کام کرنا پسند نہیں کرتے بلکہ کراچی یا پنجاب کے مختلف اضلاع میں کام کرنا پسند کرتے ہیں ۔ میں وزیر صحت صاحبہ سے پوچھتا ہوں کہ جو گارنٹی آپ لوگوں سے لیتے ہیں اس کا فائدہ کیا ہے ؟ اس پر کس طرح عمل درآمد کراتے ہیں ۔ آپ اپنی بات منوا سکتے ہیں ۔ آپ طاقتور وزیر ہیں ۔ جب تحریری معاہدات موجود ہیں ۔ وہ ان پر کیوں کار بند نہیں رہتے ۔ وہ لڑکے وظیفے تو کوئٹہ قلات سے لیتے ہیں وہیں سے ابتدائی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور جب وہ ڈاکٹر بن جاتے ہیں تو میں پوچھتا ہوں کہ وہ وہاں کے لوگوں کی خدمت کیوں نہیں کرتے ۔

اب میں ایک دلچسپ موضوع کی جانب آتا ہوں ۔ مینٹل ہسپتالوں کے لئے کافی اخراجات کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ حالت یہ ہے کہ ۲۶-۱۰-۱۹۶۷ء کو اس ایوان میں جناب وزیر صحت صاحبہ نے ہمیں یہ بتایا کہ اس صوبہ میں چار مینٹل ہسپتال ہیں ۔ سارے صوبے کے ہسپتالوں میں دماغی امراض کے ماہرین صرف پانچ یا چھ ہیں ۔ اس حکومت کے تشریف لانے سے لوگوں میں دن بدن بے اطمینانی غربت اور افلاس اور پریشانی بڑھ رہی ہے اور اسی وجہ

سے زیادہ لوگ دماغی امراض کا شکار ہو رہے ہیں۔ اگلے روز بیگم ممتاز صفدر صاحبہ نے بتایا تھا کہ پشاور میں مینٹل ہسپتال نہیں بلکہ جیل ہے۔ انہوں نے درست فرمایا تھا۔ میری قابل صد احترام رکن اور محترمہ نے بالکل درست فرمایا تھا۔کیونکہ مینٹل ہسپتال میں جو مریض علاج کے لئے رکھا جاتا ہے۔ اس کو رکھنے کا طریقہ ایسا ہے جیسے کہ مریض کو جیل میں بند کر دیا گیا ہو۔ آپ نے فرمایا تھا کہ پشاور کا مینٹل ہسپتال جیل کے اندر ہے۔ لاہور کا مینٹل ہسپتال بھی ڈسٹرکٹ جیل سے بالکل ملحقہ تھا اور اس کا ماحول بھی بالکل قیدیوں کا سا ہوتا ہے۔ وہ کیوں۔ جناب سپیکر۔ یہ اعداد و شمار انتہائی تکلیف دہ ہیں۔ پانچ ماہرین امراض دماغی ہیں آپ میڈیکل کالجوں میں بہت سے طالب علموں کو تربیت دیتے ہیں۔ میں جناب وزیر صاحبہ سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے دماغی امراض کی خصوصی تربیت کے لئے کون سا انتظام کیا ہے۔ اگر آپ نے یہ نہیں کیا تو کیا آپ نے غیر ممالک میں اتنے طلباء کو بھیجا ہے کہ وہ وہاں ٹریننگ یا تربیت حاصل کریں۔ اگر ایسا نہیں کیا گیا تو کیا یہ آپ کی مجرمانہ غفلت نہیں ہے۔ اگلے روز سوال نمبر ۹۵۸۹ کے جواب میں پانچوں دماغی ہسپتالوں میں آؤٹ ڈور مریضوں کی تعداد جو اپنی گرہ سے علاج معالجہ کراتے ہیں ۲۴۵۲۹ بتائی گئی تھی اور جو مریض ان ہسپتالوں میں داخل ہیں۔ ان کی تعداد ۱۱۷۶ بتائی گئی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس وقت پانچوں دماغی ہسپتالوں میں ۲۷۷۵۶ مریض زیر علاج ہیں۔ یا ایک

سپیشلسٹ ۵۵۵۸ مریضوں کا علاج کر رہا ہے ۔ خدا تعالیٰ کسی انسان کو یا اس کے کسی عزیز کو اس مرض میں مبتلا نہ کرے ۔ اس کے مقابلہ میں وہ لوگ جن کا کوئی عزیز قتل ہو جاتا ہے کو دکھ بہت کم ہوتا ہے ۔ اس کے عزیز و اقرباء بہت سی صعوبتوں اور تکلیفوں سے بچ جاتے ہیں ۔ لیکن جس کنبہ کا فرد دماغی مرض میں مبتلا ہو جاتا ہے اس کے لئے بہت مصیبت ہوتی ہے ۔ کیونکہ اسے گھر پر رکھنے میں بھی قباحت ہوتی ہے ۔ یہ جو ۲۷۷۵۶ کی تعداد بتائی گئی ہے اس سے کئی گنا دماغی مریض آپ کے بازاروں اور کوچوں اور گھروں میں دھکے کھاتے پھرتے ہیں ۔ ۲۷۷۵۶ پر آپ نے پانچ سپیشلسٹ رکھے ہوئے ہیں ۔ وہ ان کو کس طرح توجہ دے سکتے ہیں یا ان کی دیکھ بھال کر سکتے ہیں ۔ آپ یہ کیسے توقع رکھتے ہیں کہ ایک سپیشلسٹ ۵۵۵۷ مریضوں کا علاج کر سکے ۔ آپ بجا طور پر فرماتے ہیں کہ آپ کے ملک اور قوم نے بڑی ترقی کی ہے ۔ چند ایک دولت مندوں یا افسروں نے ضرور ترقی کی ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر عبدالقیوم) ۔ جناب والا ۔ پونے گیارہ ہو چکے ہیں ۔

جناب حمزہ صاحب نے اتنے مسائل پیش کئے ہیں کہ ان کا جواب دینے کے لئے خاصے وقت کی ضرورت ہو گی ۔ غالباً اس جانب سے اور صاحبان

بھی بولیں گے ۔ ہماری جانب والوں کو بھی پورا موقع ملنا چاہئیے ۔ تاکہ جو باتیں پیش کی گئی ہیں ان کا جواب دیا جا سکے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ کو کتنا وقت چاہئیے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ہمیں ڈیڑھ گھنٹہ کی ضرورت ہو گی ۔

ملک محمد اختر ۔ ہم ساڑھے بارہ بجے تک ختم کر دیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ چونکہ جناب عبدالقیوم صاحب نے میری لمبی تقریر پر اعتراض کیا ہے ۔ مجھے ڈر ہے کہ میری لمبی تقریر سے کہیں ان کی صحت ہی خراب نہ ہو جائے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب سپیکر ۔ حمزہ صاحب کی تسلی و تشفی کے لئے جواب دینا ضروری ہے ۔ وہ خود پسند فرمائیں گے کہ ان کے اعتراضات کا اطمینان بخش جواب دیا جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میرا سابقہ تجربہ خوشگوار نہیں ۔ آپ تو کبھی بھی جواب دینے نہیں پائے اس لئے آپ سے ایسی توقع نہیں ہے ۔

وزیر صحت ۔ ع جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی

مسٹر حمزہ ۔ اب میں آخر میں جناب وزیر صحت صاحبہ کا شکریہ

بھی ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ان نئے اخراجات میں اس علاقہ کے لئے جس کی نمائندگی یہ حقیر انسان اس ایوان میں کرتا ہے ایک میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی اسامی کی گنجائش رکھی ہے ۔ اس علاقہ کے لوگ آپ کے انتہائی ممنون ہیں اور کم از کم آپ کے اس احسان کو وہ کبھی فراموش نہیں کریں گے ۔ ساتھ ہی میں یہ التجا بھی کرتا ہوں کہ اگر آپ اسی طرح سارے مغربی پاکستان کے لوگوں پر نظر کرم کریں تو میں اس قسم کی تلخ اور کڑوی تقریریں بھی نہیں کروں گا ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی-۱) ۔ جناب والا ۔ نئے اخراجات میں ۲۴ لاکھ ۳۴ ہزار ۳۰ روپے مختص کئے گئے ہیں ۔ میں محترمہ بیگم صاحبہ سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کیا ان کے خیال میں یہ رقم تمام صوبہ کے لئے کافی ہے ۔ جناب والا ۔ آپ غور فرمائیں کہ تحصیل ہیڈ کوارٹرز میں جہاں پر زیادہ تر لائسنس یافتہ پریکٹیشنر کام کرتے تھے اور کام کر رہے ہیں ۔ ان میں سے صرف پانچ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں کو اپ گریڈ کیا گیا ہے ۔ اور میں پھر کہتا ہوں کہ پانچ ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس ۔ لیڈی ڈاکٹرز کو اسسٹنٹ میڈیکل آفیسرز کلاس سوم کا status دیا گیا ہے ۔ باقی نے کیا قصور کیا ہے ۔ ان کا کیا گناہ ہے کہ ان کو آپ نے اپ گریڈ نہیں کیا ۔ کیا آپ کو کوالیفائڈ یا گریجوایٹ ڈاکٹروں کی ضرورت نہیں ۔ جناب والا ۔ آپ غور فرمائیں کہ انہوں نے نواب شاہ ہسپتال میں پچاس بیڈز سے ۱۲۵ کر دئیے ہیں ۔ یہ بہت نیک کام کیا ہے ۔ رحیم یار خان

کے ہسپتال میں ۶۰ سے ۱۲۵ بستر کر دئیے ہیں - یہ بھی بہت اچھا اور نیک کام کیا ہے - بہاول نگر میں جو ہسپتال ہے وہاں انہوں نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اور دوسرا عملہ بھی ان نئے اخراجات میں دیا ہے - میں کہتا ہوں - یہ درست کام ہے اور نیک اقدام ہے - لیکن جناب والا - میں ان سے صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ تمام توسیع جو آپ نے کی ہے - یہ جو آپ نے نیا سٹاف دیا ہے جو بستر بڑھائے ہیں سب کچھ کرنے کے بعد کیا آپ نے متفرق اخراجات کے لئے بھی کوئی رقم مختص کی ہے - میری مراد یہ ہے کہ وہ رقم جو ان لوگوں کی ادویہ اور خوراک وغیرہ کے لئے استعمال ہوتی ہے - کیا آپ نے ان کے لئے کوئی مزید رقم رکھی ہے - اگر نہیں رکھی تو کیوں نہیں رکھی - کیا آپ کے خیال میں ممکن ہے کہ اتنے بستر یا سٹاف بڑھ جانے کے باوجود ان مریضوں کے لئے جو رقم پہلے مختص تھی وہی کافی ہو گی - کیونکہ ہسپتالوں میں ترقی ہو جانے کے بعد وہاں مریض بھی زیادہ آئیں گے - یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ وہی رقم ان کے لئے اب کافی ہو - یہ آپ کی کیا پالیسی ہے - یہاں متعدد بار کہا جاتا ہے اور اگلے روز آپ نے خود فرمایا تھا کہ لیڈی ریڈنگ ہسپتال پشاور میں ادویہ کا فقدان ہے - وہاں پر مریضوں کو ایک پرچی دے دی جاتی ہے اور ان سے کہا جاتا ہے کہ ادویہ بازار سے خرید لو - یہ بندوبست جو آپ نے کیا ہے یہ کافی نہیں ہوگا - ان ہسپتالوں کے متعلق اگلے روز میرے ایک محترم دوست چودھری نواز صاحب نے فرمایا تھا کہ ضروریات زندگی پاکستان میں تمام

ممالک سے ارزاں ہیں ۔ گو مجھے ان سے اختلاف تھا لیکن میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس ارزانی کے حساب سے آپ ہی تخمینہ لگائیں کہ گوشت چار پانچ روپے سیر ہے ۔ دودھ ایک روپے سیر ہے ۔ چینی تین چار روپے سیر ہے ۔ کھانا پکانے والا تیل چار روپے سیر ہے ۔ اس ارزانی کے حساب سے آپ کو معلوم ہے کہ ایک مریض کو صرف ڈاکٹر کی ہی ضرورت نہیں ہوتی ۔ اس کو ادویات کی بھی ضرورت ہوتی ہے ۔ بلکہ اس کو اچھی خوراک کی بھی ضرورت ہوتی ہے ۔ میں یہ کہوں گا کہ اس ارزاں ملک میں بیشتر لوگ کم خوراک ۔ خراب خوراک جس میں ملاوٹ کی جاتی ہے اس کی وجہ سے بیمار ہو جاتے ہیں ۔ بہر حال مغربی پاکستان کے ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کے جو آپ نے اعداد و شمار دئیے ہیں اس کے حساب سے ۲۷ ہزار بستر ہیں ۔ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب اس کو نوٹ فرما لیں کہ آپ کے اپنے ہی اعداد و شمار ہیں کہ تمام مغربی پاکستان میں ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں میں ۲۷ ہزار بستر ہیں ۔ حکومت کے اندازہ کے مطابق بلکہ ایک عام اندازہ کے مطابق بڑے ہسپتالوں میں جہاں اس ارزاں ملک میں ضروریات زندگی انتہائی سستی ہیں ۔ وہاں پر پندرہ روپیہ یومیہ فی بستر contingency پر خرچ آتا ہے ۔ تحصیل ہسپتالوں میں تقریباً دس روپیہ یومیہ فی بستر خرچ آتا ہے ۔ میں پندرہ اور دس روپیہ کی اوسط نہیں نکالتا بلکہ آپ دس روپیہ فی بستر یومیہ اوسط رکھ لیجئے ۔ آپ کے جو سالانہ متفرق اخراجات ہیں جو contingency

کے اخراجات ہیں ۔ اس پر دس روپیہ یومیہ فی بستر خرچ آتا ہے ۔ اسی طرح ۲۷ ہزار بستروں کو سال کے ۳۶۵ دنوں سے ضرب دیں تو ۹ کروڑ ۸۵ لاکھ ۵ ہزار روپیہ آپ کا صرف contingency پر ۔ متفرق اخراجات پر ۔ ادویات خوراک اور دھوبی وغیرہ پر خرچ آتا ہے ۔ بلکہ آپ دیکھیں کہ انہوں نے total recurring cost non-development expenditure کے لئے ۸ کروڑ ۲۳ لاکھ ۱۷ ہزار روپے مختص کئے ہیں ۔ ان کا جو total recurring cost non-development expenditure ہے ۔ اس میں ڈاکٹروں کی تنخواہیں شامل ہیں ۔ لیبارٹریز کے اخراجات شامل ہیں ۔ لیبارٹریز میں کام کرنے والے عملہ کی تنخواہیں شامل ہیں ۔ میڈیکل کالج اور سکول کے عملہ کی تنخواہیں شامل ہیں اور اس کے اخراجات شامل ہیں ۔ نرسوں کی تنخواہیں شامل ہیں ۔ لیڈی ہیلتھ وزیٹرز کی تنخواہیں اور ان کے سکولوں کے اخراجات شامل ہیں ۔ Food Analyst Laboratory کے اخراجات شامل ہیں ۔ کیمیکل ایگزامنرز لیبارٹری کے اخراجات شامل ہیں ۔ drug testing لیبارٹریز کے اخراجات شامل ہیں ۔ اس کے علاوہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران ۔ اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران کی تنخواہیں شامل ہیں ۔ مغربی پاکستان میں چھ ریجنل ڈائریکٹوریٹ ہیں ۔ جن میں اڑھائی سو عملہ کام کرتا ہے ان کی تنخواہیں شامل ہیں ۔ اس کے علاوہ اس میں آپ کی contingency بھی شامل ہے اور آپ کے متفرق اخراجات بھی شامل ہیں ۔ اب میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ کے

متفرق اخراجات ۔ contingency جو جائز خرچ ہیں ۔ آپ کے تمام بجٹ سے ۱ کروڑ ۶۲ لاکھ ۵ ہزار زیادہ ہیں وہ کہاں سے پورا کیجئے گا ۔ آپ گذارہ کس طرح کریں گے ۔ کیا آپ عوام کو دھوکہ نہیں دے رہے ہیں ۔ کیا آپ indirectly کہنا چاہتے ہیں کہ آپ کی پلاننگ بے حد غلط ہے اور یہ عوام کی آنکھوں میں دھول ڈالنے کے مترادف ہے ۔ کیا ہم کو پرچیاں دیے دیں اور کہہ دیں کہ بازار سے جا کر دوائی خرید لاؤ ۔ کیا آپ کا یہ ارادہ ہے ۔ اگر آپ کا یہ ارادہ نہیں ہے تو آپ نے کیا زیادہ رقم مانگی ہے ۔ اگر آپ نے زیادہ رقم مانگی تھی اور آپ کو نہیں دی گئی تو مجھے سمجھ نہیں آتی کہ کیوں زیادہ رقم نہیں دی گئی ۔ کیا یہ آپ کی پلاننگ ہے ؟ کیا یہ آپ کا کارنامہ ہے ؟ کیا یہ محکمہ صحت کی نااہلی نہیں ہے ؟

جناب والا ۔ اب میں ڈاکٹروں کے متعلق عرض کروں گا ۔ ہسپتالوں میں اور ڈسپنسریوں میں ڈاکٹروں کے متعلق وزیر صحت صاحبہ نے میرے ایک سوال کے جواب میں فرمایا تھا کہ تقریباً پانچ سو کے قریب اسامیاں خالی ہیں اور وہ ابھی تک پر نہیں ہو سکیں ۔ ہمارے ہسپتال اور ڈسپنسریاں تقریباً ایک تہائی کے قریب ایسی ہیں جہاں پر ابھی تک ڈاکٹر تعینات نہیں ہو سکے ۔ لیکن آپ غور فرمائیں کہ ہمارے ملک میں چھ سو سے لے کر چھ سو پچاس ڈاکٹر ہر سال ہمارے میڈیکل کالجز سے فارغ التحصیل

ہو کر نکلتے ہیں ۔ ہوتا کیا ہے کہ ان میں سے نصف سے زیادہ اپنا ملک چھوڑ کر غیر ممالک میں چلے جاتے ہیں ۔ جناب والا ۔ ہر چیز کی ایک بنیاد ہوتی ہے ۔ اس کی ایک وجہ ہوتی ہے ۔ میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ نے اس تکلیف کو دور کرنے کی کوئی کوشش کی ہے ؟ وہ ڈاکٹر جو کوالیفائڈ لوگ ہیں ۔ یا اس ملک میں دوسرے انجینئرز ہیں یا دوسرے ٹیکنیکل قسم کے کوالیفائڈ آدمی ہیں وہ اس ملک سے غیر ممالک جانے کی کیوں ضرورت محسوس کرتے ہیں ۔ اس وقت محکمہ صحت زیر بحث ہے میں اسی کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ان ڈاکٹروں کا کوئی status نہیں ہے ۔ قوم اور ملک میں ان کو آپ نے کوئی مقام نہیں دیا ہے ۔ اگر جناب وزیر صحت صاحبہ یا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب متوجہ ہوں تو عرض کروں ۔ اگر وہ اس طرف متوجہ نہ ہوں تو پھر ہمارے یہاں آنے کا کیا فائدہ ہے ۔ ہم جو باتیں یہاں کریں گے وہ بے معنی ہیں اور بے کار ہیں ۔ اگر انہوں نے باتیں ہی کرنی ہیں تو یہ لابی میں جا کر کریں ۔ ہم لوگ جو یہاں آتے ہیں بیٹھنے کے لئے نہیں آتے ہیں ۔ ہم آپ کی غلطیاں نکالتے ہیں ۔ لیکن یہ اس قدر نااہل ہیں ۔ نالائق ہیں کہ یہ ہماری باتیں سننے کے لئے بھی تیار نہیں ہیں ۔ ان کو تو ایک لکھی ہوئی سٹیٹمنٹ دے دی جائے گی اور یہ لکھی ہوئی سٹیٹمنٹ پڑھ کر سنا دیں گے ۔ یہ ہمارے سوالات اور ہماری باتوں کی طرف توجہ نہیں دیتیں ۔ تین برس ہو گئے میں اپنے علاقہ کے متعلق جو کچھ کہتا ہوں آپ نے کبھی اس کی

طرف توجہ نہیں دی ۔ نہ کبھی آپ نے جواب دیا ہے ۔ اگر آپ نے ان کا جواب دیا ہوتا تو ان کتابوں میں جواب ہونا چاہئیے تھا ۔ اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ ہاؤس کو in order ہونا چاہئیے ۔ وزیر صاحب نے دوسرے وزراء سے بات کرنی ہے تو باہر لابی میں جا کر کریں ورنہ جو باتیں کی جائیں گی یا جو ہم گذارشات کرتے ہیں وہ بے کار ہیں ۔

وزیر مجنت ۔ جناب والا ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہاؤس کو آرڈر میں رکھنا آپ کا کام ہے یا یہ کام میجر صاحب کو تفویض کر دیا ہے ۔ یہ اختیار تو آپ کے پاس ہے ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ Chair کی ذمہ داری ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ ہاؤس کو آرڈر میں لانے کے لئے میں نے آپ کی توجہ اس طرف مبذول کروائی ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (صحت)۔ میں معزز رکن کی تسلی اور تشفی کے لئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر ان کو ثبوت درکار ہو تو میں ان کو دکھا سکتا ہوں کہ میں نے ان کے الفاظ نوٹ کر رکھے ہیں اور انشاءاللہ ہم اس کا جواب بھی دیں گے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان میں سے نصف ڈاکٹر صاحبان غیر ممالک کو چلے جاتے ہیں ۔ تو آخر

اس کی وجہ کیا ہے ۔ میری حقیر رائے میں اور عوام کی رائے میں اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ان ڈاکٹروں اور qualified لوگوں کو آپ نے کوئی status نہیں دیا ان کو آپ نے اپنے ملک میں کوئی حیثیت یا کوئی مقام نہیں دیا ہے ۔ اس ملک میں ان کی کوئی prestige یا کوئی مقام نہیں ہے ان کو sense of security یعنی احساس تحفظ نہیں ہے ۔ ان کے لئے سہولتیں میسر نہیں ہیں ۔

وزیر محنت ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے معزز رکن سے یہ دریافت کرنا چاہوں گا کہ وہ کس item پر تقریر فرما رہے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : Sir, before any ruling is given, I would like to explain that the Minister is altogether ignorant. In the demand we are going to discuss about 10 or 12 hospitals, their staff, supplies of medicines and the results they are producing and it is a very comprehensive demand.

Minister for Labour : Sir, I am very well aware that there are various items on this demand and I would like to know which item the Member is discussing.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I may be allowed to give that.

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب آپ تشریف رکھیں اور میجر صاحب کو تقریر جاری رکھنے دیں ۔ ویسے بھی ان سے یہ پوچھا گیا تھا کہ وہ کس مطالبہ زر کے بارے میں تقریر فرما رہے ہیں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ اگر ہمارے معزز وزیر نے مطالبات زر کا مطالعہ نہیں فرمایا تو ان کو چاہئے تھا کہ وہ ان کے بارے میں گھر سے مطالعہ فرما کر آتے ۔ بہر حال میں Major Head No. 38 (a) پر بات کر رہا ہوں ۔ اس کے تحت وہ ملاحظہ فرمائیں گے کہ بہت سی چیزوں کو شامل کیا گیا ہے ۔

وزیر محنت ۔ جناب والا۔ اس ''عنوان'' کے تحت تو پچاسوں items ہیں اور میں یہی دریافت کرنا چاہتا تھا کہ وہ کس خاص item پر بات کر رہے ہیں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا۔ میں میڈیکل کالجوں کے بارے میں گفتگو کر رہا ہوں اور میں اس کے تحت بہت سی items پر گفتگو کر سکتا ہوں کیونکہ اس میں بڑی چیزیں شامل کی گئی ہیں ۔ بہر حال جو طلباء ایف ۔ ایس ۔سی یا بی۔ایس۔سی کرنے کے بعد پانچ سال میڈیکل کالج میں تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے گذارتے ہیں اور پھر لازمی طور پر حکومت کے کیسی ہسپتال میں ان کو کام کرنا پڑتا ہے کیونکہ اس کے بغیر نہ تو وہ پرائیویٹ پریکٹس کر سکتے ہیں اور نہ ہی سرکاری ملازمت اختیار کر سکتے ہیں ۔ تو آپ غور فرمائیں کہ اٹھارہ سال کی پڑھائی اور پھر تربیت کے بعد ان کو آپ کیا دیتے ہیں۔ آپ ان کو صرف کلاس III یا کلاس II کی ملازمت

دیتے ہیں ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ کلاس II کی تنخواہ ۵۲۵ روپے ماہوار سے شروع ہوتی ہے اور کلاس III کی تنخواہ ۳۵۰ سے شروع ہو کر ۹۲۵ روپے ماہوار پر ختم ہوتی ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ ان کو اسسٹنٹ ہاؤس سرجن کے طور پر کام کرنا پڑتا ہے جس کے لئے ان کو کوئی تنخواہ نہیں دی جاتی اور اگر اس کے بعد کوئی اسامی خالی ہو تو ان کو تعینات کیا جاتا ہے اور ان کا case پبلک سروس کمیشن کے پاس بھیج دیا جاتا ہے لیکن پبلک سروس کمیشن ان کو پھر بھی کافی عرصہ تک مستقل نہیں کرتا ۔ اس کے علاوہ ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کی ضرورت چوبیس گھنٹے ہوتی ہے اور تحصیل کے ہسپتالوں میں تو بعض اوقات ایک ہی ڈاکٹر مقرر ہوتا ہے جس کے لئے وہاں پر دن رات موجود رہنا ضروری ہوتا ہے ۔ لیکن ان کے لئے نہ تو ان ڈسپنسریوں میں اور نہ ہی ہسپتالوں میں کسی قسم کی مفت رہائش کا انتظام ہوتا ہے اور اگر وہ کوشش کر کے کوئی مکان حاصل بھی کر لیں تو ان کو پندرہ روپے الاؤنس ملتا ہے جبکہ آجکل پندرہ روپے ماہوار پر ایک کوٹھڑی بھی نہیں مل سکتی ۔ اس کے علاوہ اگر وہ ہسپتال سے دور رہتے ہوں اور وہ کھانا کھانے یا کہیں اور ضرورت سے گھر جائیں تو بھی حکومت انہیں ٹرانسپورٹ مہیا نہیں کرتی ۔ مزید برآں ان کے گھروں میں ٹیلیفون کی سہولت بھی فراہم نہیں کی گئی جو کہ فراہم کرنا انتہائی ضروری ہے

تاکہ بوقت ضرورت ان کے ساتھ رابطہ قائم کیا جا سکے ۔ لیکن اگر کوئی ڈاکٹر اپنے گھر میں پرائیویٹ ٹیلیفون لگوانا بھی چاہے تو باوجودیکہ آپ یہ کہتے ہیں کہ ان کو سہولت دی جاتی ہے لیکن ہوتا یہ ہے کہ ٹیلیفون ان کو نہیں دیا جاتا اور اگر دیا بھی جاتا ہے تو ان سے روپیہ اور رشوت وصول کی جاتی ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (صحت) ۔ جناب والا۔ ٹیلیفون کا محکمہ تو مرکزی حکومت کے تحت ہے اور ہمارا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ان کو کیوں نہیں دیا جاتا اور اگر دیا جاتا ہے تو کس طرح دیا جاتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ میجر صاحب ۔ آپ ٹیلیفون کی سہولت کے متعلق تو بات کر سکتے ہیں لیکن کیوں اور کیسے دیا جاتا ہے کو نہ چھیڑیں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ بہر حال اگر وہ ان کو یہ سہولت نہیں دینا چاہتے تو نہ دیں ۔ اس کے علاوہ ہر دو سال کے بعد ان کو سفر کے لئے سیکنڈ کلاس کے ٹکٹ دیئے جاتے ہیں اور وہ بھی اس شرط پر کہ اگر ان کو ایک ماہ کی earned leave مل سکتی ہو ۔ اس کے علاوہ دیہی علاقوں میں ان کو کوئی سہولت میسر نہیں ہے اور نہ ہی ان کے بچوں کو

تعلیمی سہولتیں میسر ہیں اور نہ ہی ان کی رہائش کا کوئی انتظام ہے ۔ جاں ہی میں میں نے ایک اخبار میں پڑھا تھا کہ جو ڈاکٹر دیہات میں کام کریں گے ان کو ان کی تنخواہ کا چالیس فیصد حصہ مزید الاؤنس کے طور پر دیا جائے گا لیکن خدا جانے اس پر کب عمل ہو گا ۔ آپ غور فرمائیں کہ برطانیہ میں جہاں پر کافی سے زیادہ ڈاکٹر موجود ہیں وہاں پر ان کی تنخواہ ایک ہزار پونڈ سالانہ سے شروع ہوتی ہے اور اگر ہم ان کی تنخواہ کا حساب اپنے ہاں کے ہونس ووچروں کے حساب سے لگائیں تو ان کی تنخواہ بیس ہزار روپے سالانہ بنتی ہے ۔ اس کے علاوہ اگر ان کو ہسپتالوں میں رکھا جاتا ہے تو ان کو موٹرکار ، ٹیلیفون اور ان کے بچوں کو مفت تعلیم اور طبی سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں ۔ یعنی وہ تمام مراعات ان کو میسر آتی ہیں جن کا انتظام ایک فلاحی مملکت کر سکتی ہے ۔ مزید برآں حالانکہ امریکہ میں ڈاکٹروں اور ہسپتالوں کا وہ انتظام نہیں ہے جو کہ انگلستان میں موجود ہے لیکن اس کے باوجود بھی جہاں پر Provincial Services کو cover کیا جاتا ہے وہاں پر ڈاکٹروں کو بارہ ہزار ڈالر سے چوبیس ہزار ڈالر سالانہ تک تنخواہ دی جاتی ہے جو کہ ہمارے حساب سے چونسٹھ ہزار روپے سے ایک لاکھ بیس ہزار روپے سالانہ بنتی ہے ۔ روس میں ڈاکٹر کو پانچ سو روبل ماہوار ملتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ایک ڈاکٹر کو تین کمروں کا مکان ہسپتال میں دیا جاتا ہے ۔ یہ بیٹھنے

کے کمرے اور کھانے کے کمرے کے علاوہ تین بیڈ روم ہیں جن میں بجلی پانی اور گیس وغیرہ کا مفت انتظام کیا جاتا ہے اسی پر ان کو پندرہ بیس روپل ماہوار کرایہ دینا پڑتا ہے ۔ علاوہ ازیں ان کے بچوں کی تعلیم کا مفت انتظام ہوتا ہے اور ان کے بچوں کو اس قسم کا دوپہر کا کھانا دیا جاتا ہے جو کہ ہم آپ اس کا مقدور نہیں رکھتے ۔ مزید برآں ان کے بچوں کو مفت دودھ مہیا کیا جاتا ہے ۔ اس قسم کی تمام اشیاء ہیں ۔ وہ وہاں پر مفت مہیا کی جاتی ہیں ان کو یہ فکر نہیں ہوتی کہ ہمارے بچوں کی تعلیم کیسے ہو گی ۔ جناب والا ۔ میں گذشتہ سال کے اعداد و شمار کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ برطانیہ میں سات سو سے ایک ہزار اشخاص پر ایک ڈاکٹر متعین ہے ۔ روس میں دو سو سے لیکر پانچ سو تک ایک ڈاکٹر متعین کیا ہے ۔

وزیر محنت (ملک اللہ یار خان) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ معزز رکن کو معلوم نہیں ہے کہ وہ کس آئٹم پر بات کرنا چاہتے ہیں کس آئٹم کے بارے میں وہ بات کر رہے ہیں اس سے پہلے میں عرض کر چکا ہوں کہ اس ڈیمانڈ کے تحت وہ صرف اپنے اعتراضات یا اپنی تقریر اس ڈیمانڈ تک محدود کر سکتے ہیں جس آئٹم کے بارے میں بولنا مقصود ہے اس ڈیمانڈ سے باہر وہ اپنے خیالات کا اظہار نہیں کر سکتے یہاں جنرل ڈسکشن نہیں ہو رہی ہے جس وقت جنرل ڈسکشن نہیں ہوتی اس وقت تک

تمام معزز اراکین اپنی ڈیمانڈ کے ہیڈ کے نیچے تک اپنی بحث محدود رکھ سکتے ہیں تو اس لئے میں جناب میجر اسلم جان سے گذارش کروں گا کہ وہ اس موضوع کے تحت جنرل بحث نہ فرمائیں بلکہ اپنی تقریر کو اس ڈیمانڈ کے تحت جو آئٹم ہیں انہیں تک محدود رکھیں۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ میری جو تقریر ہے جناب وزیر محنت نے غور نہیں فرمایا کہ میں اس ہیڈ سے باہر نہیں جا رہا ہوں میرا صرف کہنے کا مدعا اور غرض یہ ہے ۔ جناب والا ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر کرتے رہیں گے اور میں جواب دیتا رہوں گا اور وقت ضائع ہوتا رہے گا ۔

وزیر محنت ۔ میں جناب والا میجر اسلم جان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس وقت وہ جس موضوع پر بات کر رہے ہیں وہ کس آئٹم کے متعلق ہے ؟

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ وہ ڈاکٹروں کے اخراجات کے متعلق ہے اور میں جناب وزیر صاحب سے عرض کروں گا اگر میں اب ان کی تسلی کر دوں تو بھی objections for the sake of objections کی وجہ سے ان کی تسلی نہیں ہو گی کیونکہ ۔

وزیر محنت ۔ جناب والا ۔ میں تو پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ کس ہیڈ کے متعلق بات کرنا چاہتے ہیں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ میں بورے ہیڈ کے متعلق بول رہا ہوں جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ روس میں دو سو سے لیکر پانچ سو اشخاص پر ایک ڈاکٹر متعین ہوتا ہے لیبیا ایک انتہائی پسماندہ ملک ہے جہاں کوئی میڈیکل کالج نہیں ہے وہ پاکستان سے ڈاکٹر لیکر جاتے ہیں وہاں پر آٹھ سو سے ایک ہزار اشخاص پر ایک ڈاکٹر متعین ہوتا ہے لیکن اس کے برعکس آپ جناب والا ۔ دیکھئے کہ مغربی پاکستان میں ہماری آبادی ساڑھے پانچ کروڑ ہے اور Statistical Hand Book of Pakistan کے صفحہ ۲۶۵ پر آپ غور فرمائیں تو یہاں پر ۹۷۲۵ ڈاکٹر ہیں اگر اس سے حساب لگایا جائے تو یہاں پر ۵۶۵۵ اشخاص پر صرف ایک ڈاکٹر ہے اور اس کے برعکس جناب والا ۔ میں ایک اور آپ سے گذارش کروں گا کہ راولپنڈی میں جو ڈسٹرکٹ ہسپتال ہے ۔ اس میں چھ ڈاکٹر ہیں جن میں ایک Dentist اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ہے ۔ راولپنڈی کی آبادی تقریباً ۶ لاکھ ہے اور اس سے حساب لگایا جائے تو آپ کو تعجب ہو گا کہ راولپنڈی میں تقریباً پونے دو لاکھ اشخاص پر ایک ڈاکٹر ہے ۔ جناب والا ۔ work out کیجئے جن میں ایک Dentist ۔ ایک میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ۔ چھ لاکھ کی آبادی ہے اور جناب والا ۔ لیڈی ڈاکٹر کے لئے سارے صوبہ میں صرف چھ Class I کی اسامیاں خالی ہیں ورنہ ان کی تمام نوکری Class II اور Class III میں گذر جاتی ہے ۔

اور اگر یہی عالم رہا تو بتائیے انہیں گورنمنٹ سروس کے لئے کیا کشش ہو گی وہ گورنمنٹ سروس میں کیوں آئیں گے ان کی تمام سروس Class III میں گذر گئی ہے اس طرح جناب والا ۔ آپ یہ دیکھیئے کہ یہ جو ڈاکٹر ہیں جو کہ انتہائی کوالیفائڈ ہیں جن کی بڑی سروس ہیں ان کو جب آپ سیکرٹریٹ میں post کرتے ہیں ان کا کیا status رہ جاتا ہے اگر ایک ڈاکٹر کتنا ہی کوالیفائڈ کیوں نہ ہو اس کی کتنی ہی زیادہ سروس کیوں نہ ہو جب وہ یہاں پر post ہوتا ہے تو وہ یہاں پر سیکشن آفیسر ہوتا ہے اور ۱/۳ یا ۱/۶ حصہ سروس والا اگر سی۔ایس۔پی وہاں پر آتا ہے تو اس کو ڈپٹی سیکرٹری مقرر کر دیا جاتا ہے سی۔ایس۔پی میرے دوست ہیں لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ سی۔ایس۔پی افسر کو یہ بھی معلوم نہ ہو کہ تھرمامیٹر کیسے پڑھا جاتا ہے تو یہ جو کوالیفائڈ لوگ ہیں یہ جو ٹیکنیکل لوگ ہیں یہ جو سپیشلسٹ ہیں ان سے وہ کام لیجئے جن کے یہ اہل ہیں نہ کہ ان پر وہ لوگ لگا دیجئے جن کو وہ ملکی ضروریات کے متعلق سمجھا ہی نہ سکیں جناب والا ۔ اس طریقے سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران جو Senior Class I افسر ہیں میں ان کے لئے عرض کرتا ہوں کہ راولپنڈی کے علاقے کو لیجئے جہلم کو لیجئے گجرات کو لیجئے وہاں پر حکومت نے ان کے status کے مطابق رہائش کا کوئی مستقل بندوبست نہیں کیا ہے نہ ہی ان کے

لئے دفتر کا بندوبست ہے یعنی ان کو وہ سہولتیں میسر نہیں جو دوسرے ضلعی افسران مثلاً ڈپٹی کمشنر سی۔ایس۔پی افسران کو میسر ہیں ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ بہت زیادہ تفصیل میں جا رہے ہیں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ میں تفصیل میں نہیں جا رہا ہوں میں تو ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کے متعلق کہہ رہا ہوں میں عرض کرتا ہوں کہ میں نے کوئی point ایسا نہیں لیا جو اس ہیڈ کے تحت نہیں ہے ۔ جناب والا اس لئے ڈاکٹر کی تقرری کے لئے ضروری ہے کہ آپ ان کو Class I سروس دیں ان کی سروسز بھی ویسی ہونی چاہئے جس طرح کہ سی۔ایس۔پی افسران کی ہیں کہ کچھ مدت وہ جونیئر سکیل میں رہیں اور اس کے بعد وہ higher scale میں آ جائیں مگر ایسا محسوس ہوتا ہے چونکہ سی۔ایس۔پی افسران خود حکمران ہیں وہ اس چیز کو برداشت نہیں کر سکتے کہ ایک محکمہ اس طرح perfect ہو جائے تاکہ ملکی استحکام اور فلاح و بہبود کی جو ضروریات ہیں وہ پوری ہو سکیں جناب والا ۔ آپ ایسا بھی کر سکتے ہیں کہ ان کی تنخواہیں ۷۰۰ روپے سے شروع کر دیں اور انہیں پرائیویٹ پریکٹس کی اجازت نہ دیں یہ ایک نیک اور صحیح کام ہے اور صحیح کام کو کرنے سے آپ گریز کریں گے جناب والا ۔ یہاں آپ نے دیکھا ہو گا کہ ڈسٹرکٹ ہسپتالوں کی ڈویلپمنٹ ہوئی ہے

اگر میرے مہربان ملک اللہ یار خان صاحب دیکھنا چاہیں تو وہ دیکھ سکتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ ہسپتالوں کی extension ہوئی ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں اگر ہوئی ہے تو پھر راولپنڈی کے ڈسٹرکٹ ہسپتال نے کیا گناہ کیا ہے کہ اس پر توجہ نہ دی گئی راولپنڈی میں ۱۲۵ بستروں کا ہسپتال ہے اور وہاں چھ لاکھ کی آبادی ہے وہ لاہور کے ہسپتالوں کے تقریباً ایک وارڈ کے برابر ہے جناب والا ۔ اگر آپ سرجیکل وارڈ ، میڈیکل وارڈ ، چلڈرن وارڈ ، میٹرنٹی وارڈ ، آئی وارڈ وغیرہ کو شامل کر لیں تو فی وارڈ جو راولپنڈی ڈسٹرکٹ ہسپتال کا ہے ۔ وہ تقریباً بیس یا پچیس بستروں پر مشتمل ہوتا ہے اور کیا ان کا یہ خیال ہے کہ اگر کوئی آدمی بیمار ہو جائے اور بیس سے اکیس آدمی ہو جائیں تو کیا آپ یہ کہیں گے کہ اکیسواں آدمی بیمار کیوں ہوا کیا وہ کسی درخت کے نیچے یا سڑک پر چلا جائے کیا یہ اچھا ہے کہ بیماری کی حالت میں سڑکوں پر پڑا رہے یہ کس کا قصور ہے یہ حکومت کا قصور ہے ۱۹۵۸ء میں راولپنڈی کا ڈسٹرکٹ ہسپتال سنٹر کو دے دیا گیا تھا ۔

وزیر محنت ۔ جناب والا ۔ اس میں راولپنڈی کے ڈسٹرکٹ ہسپتال کا کوئی ذکر نہیں ۔ میں ان سے عرض کرتا ہوں کہ وہ relevant بات کریں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : He was not relevant at all.

میجر محمد اسلم جان - جناب والا - میرا کہنے کا یہ مطلب ہے کہ آپ نے اس ہسپتال کی expansion کیوں نہیں کی -

وزیر محنت - قواعد کے تحت معزز رکن اس ڈیمانڈ کے تحت یا ان مدوں کے بارے میں جو رقومات مہیا کی ہیں صرف ان کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کریں اور یہ بتائیں کہ رقومات کافی ہیں یا نہیں - اس میں جن مدوں کا ذکر کیا گیا ہے وہ صرف ان کے متعلق اظہار کر سکتے ہیں - وہاں تک ہی اپنے آپ کو محدود رکھیں - اس کے علاوہ جن اضلاع یا مدوں کا ذکر نہیں ان کے لئے کسی قسم کی بات کرنا نامناسب اور خلاف قاعدہ ہے -

میجر محمد اسلم جان - یہ بالکل غلط ہے- میں اس سے بالکل agree نہیں کرتا -

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر - لفظ ''غلط'' پارلیمانی لفظ نہیں -

میجر محمد اسلم جان - بہتر جناب - یہ درست نہیں - اگر کوئی ڈسٹرکٹ ہسپتال بنانے کے لئے رقوم مختص کی گئی ہیں تو مجھے حق ہے کہ ان کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کروں - خواہ وہ الف ہو ب ہو یا ج ہو -

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر - اس میں مرکزی ہسپتال کا کوئی ذکر نہیں -

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا راولپنڈی کے ایسٹرن کمانڈ ہسپتال کی بلڈنگ مرکز کو دے دی گئی ہے اس کی بلڈنگ نہایت خستہ حالت ہے تین برس سے میں اس ایوان میں اس کے متعلق عرض کر رہا ہوں لیکن کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس ہسپتال کو سنٹر سے لے کر expand کریں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ جہاں تک آپ کے مطالبات کا تعلق ہے آپ کو چاہئے تھا کہ general discussion میں ان کا ذکر کرتے ۔

ملک محمد اختر ۔ آپ اپنا رولنگ دے دیں ۔

وزیر محنت ۔ وہ تو انہوں نے دے دیا ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا سری اور راولپنڈی کی دوسری تحصیلوں میں کیا کیا غلطیاں کی گئی ہیں میں ان کا تفصیل سے ذکر کرنا چاہتا ہوں لیکن آپ مصر ہیں کہ ایک انچ ادھر سے ادھر نہ جاؤں ۔ یہ بالکل غلط ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ آپ نے پھر لفظ "غلط" استعمال کیا ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ میں اسے واپس لیتا ہوں ۔

خان مالنگ خان ۔ یہاں پر ہر روز یہ لفظ استعمال ہوتا ہے

لیکن کسی نے اس کو غیر پارلیمانی قرار نہیں دیا۔ میرے خیال میں اب یہ لفظ غیر پارلیمانی نہیں رہا۔

رانا پھول محمد خان ۔ سپیکر صاحب آپ اس کے متعلق وضاحت فرمائیں ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ اگر کسی واقعات کے بارے میں ہے کہ وہ غلط ہے تو ٹھیک ہے لیکن جو کچھ کسی نے کہا ہے آپ اس کو غلط نہیں کہہ سکتے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ میرے معزز دوستوں کو اس سے تکلیف ہوتی ہے ۔ اس لئے میں احتیاط کروں گا ۔ کہ relevant بات کروں ۔ میرے معزز دوست اختر صاحب کا خیال ہے کہ میں irrelevant ہوں لیکن وہ خود صبح سے شام تک irrelevant ہوتے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : Sir, the Minister and the Member are quarreling and wasting the time of the House.

میجر محمد اسلم جان ۔ میری اس بات سے دکھتی ہوئی رگ کو اور دکھ پہنچتا ہے جناب آپ زورل ہیلتھ سنٹر کو لیجئے ۔

وزیر محنت ۔ یہ کونسی item ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ صوبہ بھر کے ہیلتھ سنٹر بنائے گئے ہیں ۔

یہ پچاس ہزار کی آبادی پر ایک Rural Health Centre ہوگا ۔ نئے رورل ہیلتھ سنٹرز کے لئے ۳۰ لاکھ روپیہ مختص کیا گیا ہے ایک رورل ہیلتھ سنٹر پر تقریباً ساڑھے چار لاکھ روپیہ خرچ کیا جائے گا اس طرح تو صرف سات یا آٹھ ہیلتھ سنٹر بنیں گے ۔ لیکن ٹیکسلا واہ حسن ابدال سنجانی وغیرہ علاقوں کے لئے جن کی آبادی ڈیڑھ پونے دو لاکھ کی ہے کوئی provision نہیں کی گئی ۔ ان علاقوں میں heavy engineering complex اور electric complex بنائے جا رہے ہیں ۔ اس لئے وہاں بڑے ہسپتالوں کی گنجائش ہوگی ہم کئی برسوں سے عرض کر رہے ہیں کہ وہاں رورل ہیلتھ سنٹر بنائے جائیں لیکن کوئی نہیں بنایا گیا جب کہ دوسرے علاقوں میں بنائے گئے ہیں ۔

اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ جو وظائف ہمیں دوسرے ملکوں کی طرف سے ملتے ہیں ان میں ۸۰ یا ۹۰ فیصد وظائف حکومت کی ایماء پر یا نا اہلی کی وجہ سے lapse ہو جاتے ہیں ۔ کوئی اشتہار وغیرہ نہیں دیا جاتا ۔ نہ کسی کو اطلاع ہوتی ہے ۔ تاکہ ڈاکٹر وغیرہ ان کے لئے درخواست دے سکیں ۔ جو لوگ لاہور میں ہوتے ہیں ۔ ان کو تو فوراً اطلاع مل جاتی ہے ۔ اور وہ فائدہ اٹھا لیتے ہیں ۔ یا وہ جو حکومت کے منظور نظر ہوتے ہیں ان میں یہ وظائف اور scholarship تقسیم کئے جاتے جاتے ہیں ۔ یہ انتہائی غلط طریقہ ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ اس بات پر

کوئی توجہ نہیں دیتے اور نہ ہی اس کا خیال ہے کہ آپ کے اپنے ڈاکٹر باہر کے وظائف سے فائدہ اٹھا سکیں گے ۔

اب چونکہ ملک اختر صاحب نے بولنا ہے ۔ وہ کئی سو صفحات لکھ کر لائے ہیں ۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرکے اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں ۔

ملک محمد اختر (لاہور۔۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر صحت سے معافی چاہتا ہوں وہ فیکٹری ایکٹ کا صفحہ ۲۳ م نکال لیں ۔ یہ کوئی ایسا قصہ نہیں تھا جس کے لئے کوئی ممبر اور وزیر صاحب آپ سے کچھ کہیں ۔ بعض اوقات irrelevant بات ہو جاتی ہے ۔

جناب والا ۔ فاطمہ جناح میڈیکل کالج ایک واحد ادارہ ہے جس میں لڑکیاں طبی تعلیم حاصل کرکے لیڈی ڈاکٹر بنتی ہیں ۔ لاہور میں مخلوط تعلیم بھی ہے ۔ لیکن اس کالج سے ہر سال ستر اسی لیڈی ڈاکٹر طبی تعلیم سے بہرہ ور ہو کر ڈگری حاصل کرتی ہیں ۔ میرا نقطہ یہ ہے کہ ہمارے ملک میں لیڈی ڈاکٹر کی بے حد ضرورت ہے ۔

جناب والا ۔ ملک میں کم و بیش ۴۵ فیصد آبادی عورتوں پر مشتمل ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ illiteracy کے اعتبار سے شاید تعلیم یافتہ عورتوں کا شعبہ اونچا نہ ہو اور یہ اس مجبوری بعض جگہوں پر مرد ڈاکٹروں کی

تقرری کی جاتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ فاطمہ جناح میڈیکل کالج کو extend کیا جائے اور مزید لڑکیوں کو ڈاکٹر بننے کے لئے زیادہ سے زیادہ facilities دینی چاہئیں ۔ جناب والا ۔ فاطمہ جناح میڈیکل کالج میں آپ نے مزید سٹاف کے لئے ۹۵ ہزار روپے کی رقم رکھی ہے میں اس کی مخالفت تو نہیں کرتا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ رقم بہت ناکافی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ فاطمہ جناح میڈیکل کالج کے لئے آپ کو اس سے زیادہ رقومات رکھنا چاہئیے تھیں ۔ جناب والا ۔ حال ہی میں مجھے پاکستان ٹائمز کا ایک تراشہ ملا جس میں ہمارے مرکزی وزیر صحت کا ایک بیان تھا کہ اس وقت ہمارے ۱۵ سو ڈاکٹر بیرونی ممالک میں کام کر رہے ہیں سال رواں میں یا گذشتہ ایک دو سال میں ۱۳۵ ڈاکٹر جو حکومت نے اپنے وظائف سے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرونی ممالک میں بھیجے تھے اور جن کے ساتھ سخت شرائط تھیں لیکن ان میں سے صرف ۴۲ ڈاکٹر واپس آئے اور باقی واپس نہیں آئے ۔ جناب والا ۔ میجر اسلم جان نے کافی تفصیل سے ان سہولتوں کے فقدان کے متعلق بات کی ہے جو ہم ڈاکٹروں کو یہاں پر نہیں دے رہے ہیں میری مراد یہ ہے کہ ڈاکٹروں کے لئے نہ اعلیٰ emoluments ہیں اور نہ سول ایڈمنسٹریشن میں ان کا کوئی مقام ہے ۔ جناب والا ۔ میں تنقید برائے تنقید نہیں کر رہا ہوں میں تعمیری تنقید کر رہا ہوں ۔ میں نے سب سے زیادہ تجاویک التواء محکمہ صحت کے متعلق پیش کی ہیں محترمہ وزیر صحت میرے لئے نہایت واجب الاحترام ہیں اور ان کے سیکرٹری بھی

بہت شریف آدمی ہیں اور وہ اپنی حیثیت کے مطابق انتہائی محنت اور مشقت سے کام کرتے ہیں لیکن جناب والا ۔ جو حالات ہیں وہ ان کے پیدا کردہ نہیں ہیں ان حالات کے لئے ہماری حکومت ہمارے عوام اور ہم مشترکہ طور پر ذمہ دار ہیں ۔ میں نے تعلیم پر بحث کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہمیں تنقید کے لئے اس طرح کا رویہ نہ اختیار کرنا چاہئے جس میں محض یہ کہا جائے کہ ہم تنقید برائے تنقید کر رہے ہیں ۔ ہم ایک خاندان ایک سوسائٹی اور ایک فیملی کے ممبر ہو کر آپس میں بیٹھ کر ان مشکلات کا کھوج نکالنا چاہئے اور دیکھنا چاہئے کہ ہماری مشکلات کیا ہیں اور ان کا کیا حل ہے ۔ جناب والا ۔ متعدد بار اس ایوان میں یہ مسئلہ اٹھایا گیا تو وزیر متعلقہ نے اپنی بے بسی کا اظہار کیا کہ ہم ڈاکٹروں کو باہر جانے سے روک نہیں سکتے یہ مرکزی حکومت کا کام ہے ۔ جناب والا ۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ ہماری قابل اور لائق وزیر صحت صاحبہ ڈاکٹروں کے لئے emoluments بڑھاتیں کیوں کہ دیہی شفاخانے بغیر ڈاکٹروں کے چل رہے ہیں مجھے امید ہے کہ وہ اس پر ناراض نہیں ہوں گی کیوں کہ یہ ان کی ذمہ داری نہیں ہے ۔ اس کے لئے تمام تر فرسودہ نظام ذمہ دار ہے ۔ یہ صرف آج کی بات نہیں ہے اگر آپ اس میں کچھ بہتری کرنا چاہیں گی اور اس کے لئے کچھ منصوبہ بندی کریں گی تو آئندہ ۱۰ سال میں کر سکیں گی ۔ جناب والا ۔ متعدد بار تحریک التواء اور سوالات کئے گئے کہ دیہی شفاخانے بغیر ڈاکٹروں کے چل رہے ہیں اور اگر آپ اس کے مقابلہ میں یہ

دیکھیں کہ آپ کے ۱۵ سو ڈاکٹر جن کو آپ نے سہولتیں دیں یعنی وہ
اپنی صرف فیسوں سے نہیں ڈاکٹر بن گئے اور انہوں نے اپنی فیسوں سے ہی
یہ ڈگری نہیں حاصل کی - میں سمجھتا ہوں کہ فیسوں کا حصہ زیادہ سے
زیادہ ۲۵ فیصد ہوتا ہے اور ۷۵ فیصد grants ہوتی ہیں جن سے کہ لڑکوں
کو پڑھایا جاتا ہے اور اس کے بعد ڈاکٹروں کا یہ رجحان کہ وہ اپنے ملک
کو خیر باد کہہ کر باہر چلے جائیں تو یہ حب الوطنی کے منافی ہے اور
ایسی حالت میں جب کہ حکومت نے tagged اور untagged ایریاز کے
تھرڈ کلاس کے طالب علموں کو چھوڑتے ہوئے ان علاقہ جات کے فرسٹ
ڈویژن والوں اور وظیفہ یافتگان کو tagged ایریا میں سے accommodate
کیا اور پھر پس ماندہ علاقہ جات جن میں ایسے علاقہ بھی ہیں جہاں ہمارے
بھائی زیادہ تعلیم سے بہرہ ور نہیں ہیں مثلاً سرحدی علاقہ اور کوئٹہ وغیرہ
وہاں کے لئے ہم نے علیحدہ سیٹیں مقرر کیں - تو میں نہیں سمجھتا کہ
فارغ التحصیل ہونے کے بعد وہ ڈاکٹر اور وہ طلباء جو حکومت کے اخراجات
پر ڈگری حاصل کر چکے ہیں اور جن کو کم نمبر حاصل کرنے کے باوجود
داخلہ دیا گیا لیکن وہ ملک کی خدمت نہیں کرتے اور باہر چلے جاتے ہیں -
یہاں پر مجھے پھر عرض کرنا پڑتا ہے کہ یہ حکومت کا mismanagement
نہیں تو پھر کیا ہے کیوں کہ نہ انہوں نے رولز بنائے اور کیوں وہ رولز
نہیں بناتے اور کیوں ان سے بانڈ نہیں لکھاتے - جناب والا - مجھے یاد ہے
کہ ایجنسی ایجنسی کمیشن کا ایک case تھا جس میں ۱۵ افراد کو باہر

بھیجا گیا تھا تو باہر بھیجنے سے پہلے ان سے بانڈ لیا گیا کہ وہ افراد واپس آئیں گے اور اگر وہ واپس نہیں آئیں گے تو جتنے سرکاری اخراجات ان پر ہوئے ہیں وہ انہیں واپس کرنا ہوں گے تو کیا اس کے لئے محکمہ صحت چشم پوشی کا ذمہ دار نہیں ہے کیا آپ نے ان سے اس قسم کی کوئی undertaking لی ہے ۔ جناب والا ۔ اگر آپ پس ماندہ علاقہ جات کا کوٹہ دوگنا کر دیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے اور اس پر بھی مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے کہ کوئی بچہ سکالرشپ لیکر داخل نہیں ہوتا اور تھرڈ ڈویژن لے کر داخل ہوتا ہے مجھے اس پر اعتراض نہیں ہے لیکن مجھے اس پر اعتراض ہے کہ اگر کوئی تھرڈ ڈویژن لے کر لاہور آ کر لاہور میڈیکل کالج میں داخلہ لیتا ہے تو اس کے بعد اس کو یہ کیا حق حاصل ہے کہ وہ قوم کی خدمت نہ کرے ۔ جناب والا ۔ در اصل سوسائٹی میں حب الوطنی کی سپرٹ کا فقدان ہے اور یہ mismanagement کا باعث ہے جو ہم کر رہے ہیں اور جس مقصد کے لئے ہم تعلیم دیتے ہیں لڑکے تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے فرائض سے عہدہ برآ نہیں ہوتے ۔ جناب والا ۔ اب اگلا پوائنٹ میں میو ہسپتال کے متعلق عرض کروں گا اس کے لئے میں متعلقہ صفحہ عرض کرتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ آپ میو ہسپتال میں مزید اسامیاں چاہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ مجھے اعتراض نہیں کہ آپ میو ہسپتال میں دو چند سہ چند یا چہار چند اسامیاں کردیں لیکن میو ہسپتال کے حالات بڑے ناگفتہ بہ ہیں ۔ اس وقت میو ہسپتال کے

باہر کے مریضوں کے ونگ میں ۲۵ سو مریض روزانہ آتے ہیں اس طرح میو ہسپتال کو مقامی ہسپتال قرار دینا غلطی ہے میں سمجھتا ہوں کہ میو ہسپتال سابقہ پنجاب بلکہ مغربی پاکستان کے اکثر serious مریضوں کی آخری امید گاہ ہے اور وہ مریض جن کو ڈاکٹر جواب دے دیتے ہیں یا جن کے امراض پیچیدہ ہوتے ہیں وہ میو ہسپتال میں آتے ہیں ۔ میو ہسپتال میں ۴۰ سیکشن ہیں اور ان ۴۰ سیکشنوں میں سے باہر کے مریض ۲۵ سو روزانہ آتے ہیں ۔ اگر میں میو ہسپتال کے رجسٹرار یا متعلقہ وزیر صحت کو یا محکمہ صحت کو اس بات کا مجرم گردانوں تو میں سمجھتا ہوں کہ مجھ سے زیادہ زیادتی کرنے والا کوئی نہیں ہوگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے منصوبہ بندی کی ضرورت ہے ۔

میں چاہتا ہوں کہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نوٹ فرمائیں کہ آپ نے میو ہسپتال کے لئے کس قدر رقومات فراہم کی ہیں اور میو ہسپتال میں یا اس کے لئے دوسرے پنج سالہ منصوبے میں آپ نے کس قدر رقومات صرف کیں ۔ بیگم صاحبہ مجھے معاف فرمائیں ابھی حال ہی میں میں نے پانچ دس مریضوں کو دیکھا تو میں نے یہ پایا کہ وہ بیچارے جیسے قصاب خانے میں گئے ہیں ۔ ایک مریض گردے کا مریض تھا اور ایک بیچارا ہمارا پی ڈی ممبر تھا ۔ رمضان کے دنوں میں صبح تین بجے اس کا باپ آیا وہ میرا مخالف تھا ۔ اس نے الیکشن میں میرے خلاف شہادت دی تھی ۔ مگر

کا دن تھا ۔ ڈاکٹر امرتسر کا رہنے والا ہے اور اب اس کی کوٹھی ظفر علی روڈ پر ہے ۔ تو ہم صبح سات بجے سے لے کر اگلے دن شام کے وقت تک اس نیک بخت ڈاکٹر کا تعاقب کرتے رہے اور وہ دستیاب نہ ہوا اور مریض دو دن کے بعد فوت ہوگیا ۔ ڈاکٹر حسن اس کا نام ہے اور وہ امرتسر کا رہنے والا ہے ۔ ایک امیر اور خوشحال گھرانے سے تعلق رکھتا ہے ۔ مجھے صدمہ ہوا کہ خوشحال خاندانوں کے بچے اس قابل ہی نہیں کہ وہ میڈیکل پروفیشن اختیار کریں ۔ جناب والا ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ ایک دن مجھے آنکھوں کے ہسپتال کا شوق ہوا وہاں میں اپنی آنکھوں کو ٹیسٹ کرانے کے لئے گیا ۔ اس وقت میں اسمبلی کا ممبر ہو چکا تھا اور وہاں جا کر میں نے جو انبار لوگوں کا دیکھا اور جو حالت میں نے دیکھی آئی آؤٹ ڈور میں وہ بھی عجیب و غریب تھی ۔ ڈاکٹرز کم تھے اور مریض بہت زیادہ ۔ تو میں نے سوچا کہ میں پرائیویٹ ڈاکٹر سے علاج کراؤں گا ۔ حالانکہ میں بہ حیثیت رکن اسمبلی کلاس ون علاج معالجہ کا حق دار تھا اس لئے میں واپس آگیا ۔ اس کے بعد آرتھو پیڈک سیکشن ہے ۔ وہاں پر ۲۸ عدد بیڈز ہیں اور ۹۰ فیصد درخواست دھندگان محض امیدواروں کی لسٹ پر رہتے ہیں مجھے یہ بتائیے کہ کیا یہ کسی سکول کا داخلہ ہے کیا یہ کسی کلیریکل سٹاف کے ناموں کی فہرست ہے کہ ۹۰ فیصد مریض عزائیل کے منتظر ہیں آپ مغربی پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کو دیکھیں ۔ میو ہسپتال کے آئی

سیکشن میں بھی صرف ایک ڈاکٹر ہے اور اس متعلقہ سیکشن میں ۲۸ بیڈز ہیں اور ۹۰ درخواست دھندگان ہیں جن کو accommodation نہیں ملتی اب میں میو ہسپتال کے چلڈرن وارڈ پر آتا ہوں ۔ ہمارے عزیزوں کے بچے وہاں پر ہیں ۔ وہاں پر صرف ۵۰ بیڈز ہیں اور صرف ایک میڈیکل افسر ہے کیا وہ اس قابل ہوسکتا ہے کہ وہ تمام کیسوں کو attend کرے ۔ آپ نے یہ بھی دیکھا ہوگا کہ وہاں پر جب آپ جائیں تو وہاں ایک بڑا ہال ہے اور ایک چھوٹا سا کمرہ ڈاکٹر کے لئے بنایا ہوا ہے ہال کے متعلق لکھا ہوتا ہے اور وہاں لیڈیز نہیں بیٹھ سکتیں ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ بالخصوص gastro enteritis کی بیماری عام طور پر بچوں میں ہوتی ہے اور بچوں کے ہسپتال میں یا ان کے وارڈ میں جو کچھ بھی انتظام ہے وہ ناکافی ہے ۔ بچوں کے ہسپتال میں صرف ۵۰ بیڈز ہیں اور ایک ڈاکٹر ۔ پھر ٹی بی وارڈ میں ۵۶ بیڈز ہیں جن میں ۳۶ مریضوں کے لئے ۱۸ بیڈز تو شائد انہوں نے ریزرو رکھے ہوتے ہیں ۔ میرے اعداد و شمار صحیح معلوم نہیں ہوتے ۔ ٹی بی کے مریضوں کے لئے تو شاید علیحدہ ہسپتال کا بندوبست کیا ہوا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ٹی بی کے مریض کو میو ہسپتال میں داخل کرنا یہ سراسر زیادتی ہے ان کے لئے تو بالکل علیحدہ انتظام ہونا چاہئے تاکہ ٹی بی کے مریضوں کا علیحدہ علاج ہو سکے ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ ایک مقامی ہسپتال لیڈی ایچیسن ہسپتال ہے ۔ اتفاق سے بجٹ کے اعداد و شمار

لاہور سے متعلق مجھے مل گئے ہیں - ایسے اہم اور بڑے ہسپتال کے لئے ۹ ہزار ۹۵۰ کی ادویات کم ہیں اس قدر اتنا بڑا ہسپتال گذشتہ سال تو ۵۰ ہزار ۹۰۰ کی تھیں اور ۲۰ ہزار کی امریکہ سے آئی تھیں - ہوسکتا ہے کہ بلوں میں مبالغہ آرائی ہو - اس کے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ جناب والا - اس ہسپتال میں ۱۰۰ beds ہیں جو کہ نہایت ہی کم ہیں - یا تو عورتیں اپنا علاج کرانے کے لئے مردانہ ہسپتالوں میں جائیں جو کہ ممکن نہیں ہو سکتا - تو جناب والا - صرف ۱۰۰ بیڈز رکھنا زیادتی ہے - صرف ۲ Ambulance کاریں ہیں ایک تو اس قدر خراب ہے کہ وہ کام کے قابل نہیں - جناب صدر - اس کے بعد مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ ایکس رے ڈیپارٹمنٹ میں فلموں کی بے حد کمی ہے - جناب والا - یہ تمام کے تمام ہسپتال خواہ وہ میو ہسپتال ہو - خواہ وہ ایچیسن ہو - گنگا رام ہو وہاں ایکسرے ڈیپارٹمنٹ میں فلموں کی کمی ہے - پورا سازو سامان نہیں ہے - ایکسرے پلانٹ پر ایک تحریک التواء بھی آئی تھی - بیگم صاحبہ نے تسلیم کیا تھا کہ ایکسرے پلانٹ کے لئے سپیر پارٹس دستیاب نہیں ہو رہے - اس کے بعد میں گنگا رام ہسپتال کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں - گنگا رام اس وقت کا ایک عظیم سپرنٹنڈنگ انجینئر تھا - بیگم صاحبہ آپ ایک بڑے عہدے پر فائز ہیں آپ کو عوام کی تکالیف کو جاننا چاہئے - آپ کی پولیٹیکل حیثیت بھی ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ گنگا رام ہسپتال غریب عوام کی خدمت کر رہا ہے اور

یہ ہسپتال سہگلوں اور داؤدوں کا منہ چڑا رہا ہے وہ لوگ جو راتوں رات امیر بن گئے یہ ہسپتال ان کو منہ چڑا رہا ہے ۔ میں اس وقت کالج میں پڑھتا تھا جب اس کا سنگ بنیاد رکھا گیا ۔ سر گنگا رام نے ایک لاکھ ۹۰ ہزار روپیہ سے ایک ونگ تعمیر کرایا ۔ سر گنگا رام ایک ایس ای تھے ۔ اس بجارے نے ایک لاکھ ۹۰ ہزار سے ایک ونگ تیار کرایا ۔ پھر وہ قوم کے پاس چلا گیا اور دیکھتے ہی دیکھتے تاجروں نے اور زیادہ ونگ بنوا دیئے ۔ ایک ونگ اس کا فاطمہ جناح کالج ہے اور وہ کالج ہسپتال کے ساتھ annexed ہے ۔ اور جناب والا ۔ آج گنگا رام کا نام زندہ ہے ۔ گنگا رام کا نام ان سہگلوں کے نام سے برتر ہے ۔ ان داؤدوں کے نام سے برتر ہے جو اس قوم کا خون اور پوست چوس رہے ہیں ۔ جو اس قوم کو لوٹ رہے ہیں یہ لوٹتے جائیں ۔ یہ ملک اس قدر امیر ہے کہ ان کی لوٹ کھسوٹ سے یہ ملک ختم نہیں ہوگا ۔ گنگا رام ہسپتال میں کم و بیش ۔۔۔۔ یہ اعداد شمار ایسے ہیں جنہیں میں نے خود جاکے تو نہیں دیکھا مگر مصدقہ ریکارڈ سے نکالا ہے ۔ اس ہسپتال میں سات سو مریض بیک وقت داخل ہوتے ہیں اگرچہ وہاں پر capacity پانچ سو کی ہے ۔ اب آپ یہ اندازہ لگائیں کہ وہاں ایکسرے پلانٹ کا یہ عالم ہے کہ اس کے متعلق شکایت ہے کہ اس کی پوری ایکویپمنٹ نہیں ۔ آغاز میں ۱۹۴۰ء میں جو ایکویپمنٹ لائی گئی تھی اس کی مرمت نہیں کروائی گئی اور اب وہ فرسودہ ہو چکا ہے ۔ اور ختم ہو

کر رہ گیا ہے ۔ اب جناب والا ۔ میں نے لاہور کے ان تمام ہسپتالوں میں ڈاکٹروں اور مریضوں کا تناسب نکالا ہے ۔ ایک ڈاکٹر ۹ مریضوں کا بیک وقت علاج کرتا ہے ۔ اور ایک نرس ۱۵ مریضوں کو بیک وقت attend کرتی ہے اب آپ اندازہ فرمائیں ۔ میں ہرگز حکومت کو الزام نہیں دیتا ۔ حکومت کے ذمہ دفاع ہے ۔ مواصلات ہے ۔ کامرس ہے ۔ میں ملازم گردانتا ہوں اس قوم کے ان تاجروں اور صنعت کاروں کو جنہوں نے جناب والا ۔۔۔۔ اس لاہور میں میری اوائل عمر میں اور طالب علمی اور جوانی میں ۔ صرف بیس پچیس موٹریں ہوتی تھیں اور وہ بھی زیادہ تر ہنود کے پاس تھیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ اس ڈیمانڈ کے کون سے حصہ پر بول رہے ہیں ؟

ملک محمد اختر ۔ ویسے میں ہسپتالوں کے متعلق بات کر رہا ہوں ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ موٹروں سے اس کا کیا تعلق ہے ؟

Malik Muhammad Akhtar : I am trying to say that these people who become rich due to partition overnight should make some contribution. It is in the general interest that I am talking.

اگر آپ حکم دیتے ہیں تو اگلی بات پر آ جاتا ہوں ۔ میرے پاس خزانہ ہے ۔ کوئی ایسی بات نہیں ۔ میں بارہ بجکر پندرہ بیس منٹ پر چھوڑ دوں گا ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ ایک اور صاحب بھی بولنا چاہتے ہیں ۔ آپ اختصار سے کام لیں ۔

ملک محمد اختر ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میں اس مسئلہ کو touch کر کے چھوڑ دیتا ہوں ۔ حکومت کے پیسے کی بات نہیں ۔ یہ ہمیں social contribution سے ان تمام معاملات کا مدباب کرنا ہو گا ۔

جناب والا ۔ اب میں کچھ باتیں اور کہنا چاہتا ہوں جن کی آپ مجھے اجازت دیں ۔ اب میں جنرل مسائل کی طرف آتا ہوں ۔ جو ان ہسپتالوں کے متعلق ہیں ۔ میری یہ گذارش ہے کہ ہماری عدم توجہی کے باعث ۔ جناب یہ جس نکتہ کو میں نے پہلے چھوڑا تھا میں اس کا اعادہ نہیں کرتا ۔ یہ جناب والا ۔ میں تیسرے پنج سالہ منصوبہ سے اس قدر اعداد و شمار دوں گا جو ہماری اس ڈیمانڈ کے متعلق ریلیونٹ ہیں ۔ ۹۷ آئٹم ہیں ۔ مجھے آپ حکم دیں ۔ میں ان آئٹموں کا نمبر اور صفحہ بھی دے سکتا ہوں ۔ میں اس کے لئے تیار ہو کے آتا ہوں ۔

جناب والا ۔ پرائیویٹ سیکٹر میں اس وقت ۱۶۵۰۰ ڈاکٹر ہیں ۔ ان میں سے ۳۵ فیصد پاکستان میں پرائیویٹ پریکٹیشنر ہیں ۔ باقی ۶۵ فیصد میں سے کچھ باہر ہیں اور باقی حکومت کے ملازم ہیں ۔ جناب والا ۔ ہماری آبادی جو کہ ۷۵ ملین ہے اس میں ہر ایک نرس تقریباً ۷۵ beds attend کرتی ہے ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ یہاں ۱۹۶۶ء میں ہمارے ڈاکٹروں کی تعداد

جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا ہے - ۱۶۵۰۰ یا ۱۶۶۰۰ تھی - اب ہمارے کل آبادی ۱۰۵ ملین ہے - اس طرح ۶ ہزار افراد کو ایک ڈاکٹر میسر ہے - محترمہ بیگم صاحبہ اسے اغلباً admit کریں گی جو میں کہہ رہا ہوں - انہوں نے ایک ہسپتال کے لئے ۹۵ ہزار کی رقم مانگی ہے - آپ یہ اندازہ فرمائیں یہ کل ڈیمانڈ ۲۴ لاکھ ۳۴ ہزار ۳۰ روپے کی ہے - مجھے اعتراض ہے کہ انہوں نے زیادہ رقم کیوں نہیں مانگی - ہمارے حالات جو ہیں ان کے مطابق چھ ہزار اشخاص پر اوسطاً ایک ڈاکٹر ہے - ہماری زائد آبادی جو ہے وہ دیہات کی آبادی ہے - اس طرح اب میں نرسوں کو لیتا ہوں - ۲۵ ہزار اشخاص پر اوسطاً ایک نرس ہے -

جناب والا - انہیں میں خراج تحسین ادا کرتا ہوں - تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں یہ کوشش کر رہے ہیں کہ ہمارے ہسپتالوں کی تعداد ۲۸ ہزار ہو جائے - لیکن جناب والا - یہ تعداد اگر بڑھ بھی جائے تو یہ تمام جو ہمارے مسائل ہیں - کیا یہ حل ہو جائیں گے - اب میں دوسرے اعداد و شمار کی طرف آتا ہوں - مغربی پاکستان میں ہمارے resident ڈاکٹروں کی ratio کیا ہے اور Western Countries میں ان کی ratio کیا ہے - میں اسے مایوس کن نہیں کہتا - میں تعلیم اور صحت پر اچھے انداز میں گفتگو کرنا چاہتا ہوں - مگر یہ ratio حوصلہ افزا نہیں ہے - آپ کی اوسط جو resident ڈاکٹروں کی ہے گورنمنٹ ہسپتالوں میں وہ چھ ہے - آپ اندازہ فرمائیں چھ resident ڈاکٹر ایک ہسپتال میں آپ کیسے justify کر سکتے ہیں -

جناب والا ۔ اس کے علاوہ ڈسپنسریوں کا یہ عالم ہے کہ ایک ڈسپنسری ۵۰ ہزار کی آبادی پر مشتمل ہے ۔ جو اعداد و شمار انہوں نے تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں دیئے ہیں (اگر یہ صفحہ پوچھنا چاہیں تو میں ان کو صفحہ بتا دیتا ہوں) اس کے متعلق آپ اندازہ فرمائیں کہ ۵۰ ہزار کی آبادی پر ایک ڈسپنسری ہے ۔ اور وہ ڈسپنسری بھی ایسی ہے کہ جہاں پر ڈاکٹر کی بجائے انہوں نے ڈسپنسر مقرر کر رکھا ہے ۔ میں وہاں پر ادویات کی بات نہیں کرتا کہ وہ فروخت کی جاتی ہیں یا نہیں ۔ بلکہ میں تو کہتا ہوں کہ اس کے لئے پرووِیژن اس قدر قلیل ہوتی ہے کہ اس میں کوئی شقی‌القلب انسان ہو گا جو ان ادویات کو فروخت کرتا ہو وہاں تو اس قدر مریضوں کا ہجوم ہوتا ہے کہ ان کو رنگدار پانی پلاتے ہیں ۔ وہاں ڈرگس نہیں ہوتے ہیں ۔ میں ایسی باتوں پر اعتبار نہیں کرتا کہ ادویات فروخت ہوتی ہیں ۔ یہ ایسی ہی باتیں ہیں ۔ میں ان باتوں کو نہیں مانتا آپ تو ادویات سرے سے مہیا ہی نہیں کرتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اب میں رورل ہیلتھ سنٹر کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں اس کا اہتمام یہ ہے کہ ہماری آبادی جو دیہاتوں میں ہے اس کام کو رورل پروگرام میں لایا جاتا ہے ۔ انہوں نے اپنے کہنے کے مطابق ایک جال بچھایا ہوا ہے ۔ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں رورل ہیلتھ سنٹرز کی تعداد ۶۰۰ تک بڑھانے کا پروگرام ہے ۔ رورل ہیلتھ سنٹر میرے دیہاتی بھائیوں کے

لئے ایک آماجگاہ ہے ۔ رورل ہیلتھ سنٹر ایک پرائمری یونٹ ہے ۔ اس میں تین سب سنٹرز ہوتے ہیں ۔ ایک رورل ہیلتھ سنٹر کی اوسط تعداد ۵۰ ہزار افراد ہوتی ہے ایک تو رورل ہیلتھ سنٹر مردانہ اور زنانہ مریضوں کے لئے علیحدہ علیحدہ ہونا چاہئیے ۔ اگر وہاں ڈاکٹر نہ ہو تو وہاں ہیلتھ وزیٹر ہو ۔ میں سمجھتا ہوں کہ رورل ہیلتھ سنٹرز کے حالات قابل ستائش نہیں کیونکہ ایک رورل ہیلتھ سنٹر ۵۰ ہزار افراد کو cater کرتا ہے ۔ دوسرے ان کے جو resident ڈاکٹرز ہیں ان کی اوسط گورنمنٹ کے ہسپتالوں میں چھ بیٹھتی ہے ۔ اب میں اگلے موضوع پر آتا ہوں ۔

جناب والا ۔ کیا پہلے پنج سالہ منصوبہ میں ۔ دوسرے پنج سالہ منصوبہ میں اور تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں حقیقتاً ہماری قوم نے ترقی کی ہے ؟ ان کے جو target تھے کیا وہ achieve ہوئے ہیں ؟ مثال کے طور پر ایک شخص کے دس بچے ہیں ؟ اگر وہ دس بچوں میں سے ایک کو اعلیٰ تعلیم دلوائے ۔ دوسرے کو میٹرک پاس کروائے تو باقی آٹھ غیر تعلیم یافتہ رہ جاتے ہیں تو کیا آپ اس کو ترقی کہیں گے؟ میں اس وقت ہرگز تلخی پیدا کرنا نہیں چاہتا ۔ یہ اعداد و شمار سرکاری اعداد و شمار ہیں ۔ میں ان کے حقوق سے واقف ہوں۔ میں ان کی مجبوریوں سے واقف ہوں ۔ لیکن ایک متمدن ملک کے بڑھتے ہوئے سماجی تقاضوں سے (میں سیاسیات سے زیادہ سوشل ورک میں believe

کرتا ہوں) یہ کب تک چشم پوشی کر سکیں گے ۔ محترمہ میرے لئے نہایت ہی واجب‌الاحترام ہیں ۔ میں ان سے معذرت کروں گا کہ میں ان کے محکمہ کے متعلق زیادہ تحاریک التواء لاتا رہا ہوں ۔ لیکن یہ مجبوری ہوتی ہے ۔ ہماری حکومت نے پہلے پنج سالہ منصوبہ میں ۔ دوسرے پنج سالہ منصوبہ اور تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں جہاں expansion of hospitals & dispensaries کی ہے وہاں کیا انہوں نے expansion in medical equipment, expansion in other sorts of medical facilities بھی کی ہے ؟ ہم نے ان تینوں منصوبہ جات میں ان epidemics یا ایسی امراض سے جو وبائی شکل اختیار کر جاتی ہیں نجات حاصل نہیں کی ۔ میں نہیں کہتا کہ ہم بالکل کامیاب نہیں ہوئے لیکن جو target achieve ہوئے ہیں وہ حوصلہ‌افزاء نہیں ہیں۔ ملیریا ایک عام بیماری ہے۔ اس میں ایک شخص ایک ہفتہ کے لئے incapacitate ہو جاتا ہے یا دو ماہ تک اس کا اثر رہتا ہے ۔ اس سے قوم کی efficiency کیسے متاثر ہوتی ہے ۔ ملیریا کے جو اعداد و شمار دیئے گئے ہیں وہ پہلے ہی زیادہ دقیق ہیں ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

اعداد و شمار انگریزی میں ہیں اس لئے میں انگریزی کا فقرہ پڑھ دیتا ہوں :-

"Some 960 million man hours are wasted every year."

یعنی ملیریا کے باعث ۹۶۰ ملین گھنٹے جن میں آدمی کام کر سکتے ہیں ہر سال ضائع ہوتے ہیں یہ ان کی quotation ہے۔ دوسری quotation یہ ہے :—

"The death toll through Malaria was estimated to be 250,000 annually."

یعنی اڑھائی لاکھ افراد ملیریا کی وجہ سے مرگئے ہیں۔ یہ اعداد و شمار ان کی اپنی دستاویزات میں موجود ہیں ۔ یہ میرے یا حمزہ صاحب یا پریس کی کٹنگ نہیں ہے ۔ دو لاکھ پچاس ہزار اشخاص ہر سال ملیریا کا شکار ہوتے ہیں ۔ جہاں ہماری حکومت اپنے وسائل کے مطابق ۔ انسداد ملیریا کے لئے وسیع تر کوشش کر رہی ہے وہاں ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن سے بھی ہمیں مدد مل رہی ہے ۔ یہ دکھ کی بات ہے کہ میں محکمہ صحت کے مسئلہ کے متعلق کچھ عرض کر رہا ہوں میں جناب وزیر متعلقہ سے گذارش کروں گا کہ آپ کا نچلا سٹاف انسداد ملیریا کے لئے پوری طرح کام نہیں کرتا ۔ وہ پوری تندہی ۔ حب الوطنی اور پوری جانفشانی سے کام کرے تو یہ اڑھائی لاکھ اموات جو ہوئی ہیں یہ نہ ہوں ۔

جناب والا ۔ اگر آپ اجازت دیں تو تپدق کے متعلق کچھ عرض کروں تپدق کے متعلق اس ڈیمانڈ میں جو پرویژن کی گئی ہے میں اس کو نہایت ہی قلیل پرویژن سمجھتا ہوں ۔ میں سرکاری دستاویزات کی بات کر رہا ہوں اس وقت تپدق کے مریض ہمارے پاکستان میں ایک لاکھ موجود ہیں ۔

اس کے لئے پہلے BCG ٹیکوں کی شکل میں گراں قدر aid دی جاتی تھی بلکہ وہ اعانت ہے اور کم از کم لاہور میںBCG کے ٹیکے لگتے تھے ۔ سردست وہ بھی نہیں لگتے ہیں اگر غیر ممالک ہمیں اس کے لئے ایڈ نہیں دیتے ہیں تو کیا ہماری حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے کہ BCG ٹیکوں کا انتظام کرے۔ ہمارے لاہور میں اکثر ایسا ہوتا تھا کہ دیہاتوں میں گشتی موبائل کے ذریعہ BCG کے ٹیکے لگائے جاتے تھے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ BCG ٹیکوں کا پروگرام اس وقت ناپید ہو چکا ہے ۔ ۱۹۶۹ء میں اس پروگرام کے تحت ۵۷ء۷ ملین لوگوں کو BCG کے ٹیکے لگائے گئے ۔ جناب والا ۔ اب مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ان ایک لاکھ مریضوں کے سلسلے میں حکومت کو ایک اور دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور وہ یہ ہے کہ تپ دق کے ان ایک لاکھ مریضوں کو انہوں نے تمام آبادی سے علیحدہ رکھنا ہوتا ہے ۔ آپ تپدق کے clinics کو دیکھئے ۔ بدقسمتی سے ان کی تعداد ایک سو ہے ۔ اب آپ اندازہ فرمائیے کہ بی ۔ سی ۔ جی کے ٹیکوں کا نہ ہونا ملک کے لئے نہایت خطرناک امر ہے ۔ تیسرے پنج سالہ منصوبے میں یہ وعدہ کیا گیا ہے کہ دو ہزار آٹھ سو ہسپتالوں میں بستر مہیا کئے جائیں گے جو کہ میری دانست میں تپدق کے بڑھتے ہوئے مریضوں کی تعداد کے پیش نظر اور ان سو clinics کی موجودگی کے پیش نظر نہایت قلیل تعداد ہے ۔ آپ بیرونی قرضے لیکر سڑکیں تعمیر کرتے ہیں ۔ نئی نئی عمارتیں بناتے ہیں ۔ آپ کو چاہئے کہ آپ ان قرضوں کی رقوم میں سے زیادہ سے زیادہ رقوم صحت کی مد

پر خرچ کریں ۔ آخر یہ قوم کے بچے آپ ھی کے بچے ہیں ۔ قوم کے افراد آپ ھی کے بھائی ہیں ۔ اس لئے اگر آپ ان امراض پر قابو پا لیں گے تو پھر صحت کے سلسلے میں آپ کو اس قدر بھاری اخراجات نہیں اٹھانے پڑیں گے ۔ میں ان کے ان دلائل سے اتفاق نہیں کرتا کہ قرضے اس لئے برداشت کئے جا رہے ہیں کہ آئندہ ان قرضوں کی ضرورت ھی نہ رہے ۔ آپ ان قرضوں سے بہتر نتائج حاصل کرنے کے باوجود بھی قرضے لیتے رہیں گے اور اس طرح آپ کے قرضے بڑھتے ھی رہیں گے ۔ لیکن آپ جن ترقیاتی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ یہ ذرا سی غیر متعلقہ بات ہو جاتی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ تو پھر آپ غیر متعلقہ بات ھی نہ کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں ہیضے کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ آپ کس item کے سلسلے میں ارشاد فرما رہے ہیں۔

ملک محمد اختر ۔ یہ شاید item نمبر ۹ ہے ۔ آپ مجھے ذرا مہلت دیجئے تاکہ میں آپ کو صحیح طور پر بتلا سکوں ۔

Mr. Speaker : Please refer to the item number.

ملک محمد اختر ۔ مجھے دو ایک منٹ اس کو تلاش کرنے میں لگ جائیں گے ۔

Mr. Speaker : Please refer the item number.

Malik Muhammad Akhtar : I will, Sir. There is a definite item and it is item No. 44 about T.B. Sanatorium.

Mr. Speaker : This is with regard to the creation of additional posts for Ojah T. B. Sanatorium, Karachi, and has got nothing to do with cholera.

ملک محمد اختر ۔ میں اس کو چھوڑتے ہوئے اس مطالبہ زر کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مغربی پاکستان میں جو اہم ہسپتال ہیں ان کے لئے عملہ ضروری سامان بیماریوں اور وباؤں کی روک تھام کے لئے خاطر خواہ انتظام نہیں ہے ۔ مثلاً صفحہ نمبر ۳۲۳ پر یہ دکھایا گیا ہے کہ فاطمہ جناح میڈیکل کالج کے لئے ہم نے جو روپیہ رکھا ہے وہ بہت قلیل ہے ۔ گلاب دیوی ہسپتال کے لئے بھی رقم رکھی گئی ہے ۔ تو اگر آپ چاہیں تو میں تپدق کے متعلق ہی اپنی گذارشات جاری رکھوں گا ۔

Mr. Speaker : Please be relevant to the item.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ تپدق کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ گلاب دیوی ہسپتال کے لئے اڑھائی لاکھ روپے کا مطالبہ رکھا گیا ہے اور اس میں regular grant-in-aid پچاس ہزار روپے ہے تو تپدق کے بڑھتے ہوئے مرض کی وجہ سے بھی یہ خدشہ ہے کہ یہ اڑھائی لاکھ روپیہ لاہور جیسے شہر کے لئے دینا میرے خیال میں ناکافی ہے ۔ اس کے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ سول ہسپتال کراچی کے بارے میں بھی انہوں نے

مطالبہ کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ کراچی کے ہسپتالوں مثلاً لیڈی ڈفرن ہسپتال کے لئے پچاس ہزار روپے کا مطالبہ کیا گیا ہے ۔ اس کے متعلق بھی بڑی عام قسم کی باتیں کی جا سکتی ہیں ۔ صفحہ نمبر ۴۲۰ پر یہ لکھا ہوا ہے کہ :-

"In order to provide better medical facilities to the patients seeking treatment at this hospital, an additional grant-in-aid of Rs. 50,000 (recurring) is, therefore, proposed to be provided for the year 1968-69."

جناب صدر ۔ اخبارات کے ذریعے جو اطلاعات ہمیں کراچی کے ڈفرن ہسپتال کے متعلق پہنچی ہیں ۔ ان کی روشنی میں میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ہمیں اس کے لئے گرانقدر رقومات کی ضرورت تھی ۔ کیونکہ وہاں پر بستروں کی تعداد قلیل ہے اور دیگر ضروری سامان کے علاوہ ایکسرے کی فلمیں بھی وہاں پر میسر نہیں ہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس ہسپتال میں توسیع کرنا چاہیئے اور ویسے بھی کراچی کی بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر اس قدر قلیل رقوم کا فراہم کرنا میرے خیال میں مسائل کو صحیح طور پر حل کرنے کے لئے کافی نہیں ہوگا ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ سٹاف نرسز کا مسئلہ ہے ۔ صفحہ نمبر ۴۲۵ پر جو رقوم آپ نے اس غرض کے لئے رکھی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ آپ نرسنگ کی تعلیم کے لئے زیادہ سے زیادہ رقوم فراہم کریں ۔ کیونکہ یہ پیشہ محض اس خیال سے اختیار نہیں کیا جاتا کہ یہ ایک معزز اور ہمدردی

رکھنے والا کام ہے ۔ بلکہ اس پیشے کو اختیار کرنے والے لوگ محض مجبور ہو کر اس پیشے کو اختیار کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ ہمیں رائے عامہ کو اس طریقے پر educate کرنا چاہئیے کہ جس کی وجہ سے اس پیشے کو معاشرے میں معزز اور اہم پیشہ سمجھا جائے جس طرح کہ فلورنس نائیٹنگیل نے اس پیشے کو معزز بنایا تھا تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس پیشے کی طرف توجہ کریں ۔

جناب والا ۔ صفحہ ۴۲۶ پر نہایت اہم اور ضروری item

Creation of post for West Pakistan drug testing.

کی ہے . . . . .

Parliamentary Secretary, (Health) : Point of order. It was agreed that we will start the reply at 12.30 P.M.

Mr. Speaker : Malik Sahib may please try to conclude.

Mailk Muhammad Akhtar : I will be finishing in five minutes.

Mr. Speaker : No. Try to conclude within two minutes.

ملک محمد اختر ۔ بہتر جناب ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ مغربی پاکستان ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری کے لئے انہوں نے ۱,۰۱,۹۳۰ روپے کی گنجائش رکھی ہے ۔ میں اس پر آخری بات کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں جعلی ادویات کے متعلق کہتا ہوں یعنی آپ اندازہ فرمائیں کہ ہمارے ہاں ایسے کاریگر لوگ ہیں جو تمام کی تمام ادویات تیار کر لیتے ہیں اور

بڑی بڑی فیکٹریاں مقامی لوگوں نے لگا رکھی ہیں اگر کراچی اور لاہور جیسے شہر میں جعلی ادویات تیار ہوں تو میں سمجھتا ہوں کہ سوسائٹی بہت بڑی مجرم ہے ان سے بڑا مجرم کوئی نہیں پایا جا سکتا اس لئے میں محکمہ صحت سے گذارش کروں گا کہ وہ ان خرابیوں کا تدارک کرے۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور—۲)۔ جناب سپیکر۔ مجھے بڑی خوشی ہوئی ہے کہ صحت جیسا اہم مسئلہ اس ہاؤس میں بحث کے لئے پیش ہوا ہے اور صحت جیسے اہم محکمہ پر خرچ کرنے کے لئے روپیہ ہم سے مانگتے ہیں افسوس صرف یہ ہے کہ پہلے جو اس محکمہ صحت پر خرچ ہو رہا ہے آیا یہ اس قابل ہے کہ اس کی منظوری دے دی جائے یا نہ دی جائے میں سمجھتا ہوں کہ اس لحاظ سے تمام محکمہ صحت اس قابل نہیں کہ اس کی منظوری دی جائے کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ محکمہ صحت بیماری بڑھانے لئے تو ہے صحت کے لئے وہ صحیح نہیں ہے یہ ہو سکتا ہے کہ محترمہ وزیر صحت صاحبہ کی صحت کو دیکھنے سے خوش ہو جائیں تو اور بات ہے باقی تو جیسے حالات صحت کے ہیں وہ تو کسی سے بھی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے۔ جناب سپیکر۔ اس لئے اس کی مخالفت کرتے ہوئے اور اس تحریک تخفیف کی تائید کرتے ہوئے میں گذارش کروں گا کہ میں جس علاقہ میں رہا ہوں یا میں نے دورہ کیا ہے یا دیکھا ہے میں ان کے متعلق کیا گذارش کروں اس قوم کی جو حالت

ہے اس کے متعلق میں کیا پیش کروں کہ وہاں کیا دوائی ہے یا نہیں وہاں بستر ہیں یا نہیں وہاں ڈاکٹر ہیں یا نہیں اور ڈاکٹروں کے متعلق کیا گذارش کروں ڈاکٹر کی تنخواہ بہت تھوڑی ہوتی ہے ان کو اس لئے بھرتی کیا جاتا ہے کہ تنخواہ گورنمنٹ سے لیں اور باقی اخراجات قوم سے لیں اور جتنی دوائی دیتے ہیں ان کے اوپر کوئی نظر نہیں ہوتی کہ آیا وہ امیروں پر خرچ ہوتی ہے یا وہ ڈاکٹر اس کو بیچ کر اپنی ترقی کے لئے ڈائریکٹر کو رشوت دیتے ہیں ان کی کوئی نگہداشت نہیں کرتے بستروں کے لئے انہوں نے جو زیادہ رقم مانگی ہے بلکہ میں ان سے یہ گذارش کروں گا کہ ایسے کئی ہسپتال دیکھنے میں آئے ہیں کہ ہسپتال بستروں سے سجے ہوئے ہیں لیکن وہاں مریض نہیں جاتے کیوں نہیں جاتے وہاں پر ڈاکٹر نہیں ہے لیکن ایک قصاب بیٹھا ہوا ہے جو ان کو کاٹ رہا ہے اور اس وجہ سے مریض وہاں جاتے نہیں اڑھائی سو اور تین سو روپیہ ان غریب مریضوں سے لیتے ہیں تب بستر دیتے ہیں تب ان کو داخل کرتے ہیں اور ان کی فیس اتنی بھاری ہوتی ہے ان کی جو فیس ہے جس کو رشوت سمجھیں یا امداد سمجھیں دو سو اڑھائی سو سے کم نہیں لیتے پہلے تو جتنے ہمارے لڑکے پڑھ رہے ہیں وہ ڈاکٹری پڑھنے سے اتنا گھبرا رہے ہیں کیوں کہ ڈاکٹر سترہ بیس سال تک بڑی محنت سے اور بڑی مشکل سے بڑی تکلیف سے اور رات دن محنت کرنے کے بعد وہ سند حاصل

کرتے ہیں اور بیٹھے بیٹھے سی۔ ایس۔ پی۔ افسر صاحبان وہ پندرہ سال کے اندر اپنا کورس پورا کر لیتے ہیں پھر ڈاکٹروں کے اوپر بھی وہ حاوی تنخواہ کے اوپر بھی وہ حاوی اور ہر قسم کی مراعات ان کے لئے ہیں اس لئے ڈاکٹر کم پیدا ہو رہے ہیں اور اس لئے وہ ڈاکٹری کی طرف آنے کے لئے بھی تیار نہیں ہیں اگر ڈاکٹر بنے بھی تو تنخواہ گورنمنٹ کے اوپر اور باقی تمام اخراجات قوم کے اوپر ہیں اور کون سی کون میں گذارش کروں۔ محترمہ وزیر صحت صاحبہ جن کا گھر کراچی ہے وہاں جو سینٹوریم ہیں وہاں صرف ایک انچارج ہے جو دس دس بارہ بارہ میل دور والوں کو سنبھالتا ہے بلکہ میڈیکل افسر بیماری کو جانتے بھی نہیں ہیں میں زیادہ وقت صرف نہیں کرنا چاہتا ہوں زیادہ وقت تو تب لوں جب کوئی سننے والے ہوں ماننے والے ہوں اور جن کے کان خدا کے فضل سے قوم کی طرف ہوں ان کو میں بتاؤں ایسے وقت ضائع کرنے سے قوم کا پیسہ ضائع کرنا مناسب نہیں ہوگا اس لئے میں گذارش کروں گا اگر آپ اپنے آپ کو عوامی گورنمنٹ سمجھتے ہیں اور میری سمجھ میں وہ عوامی گورنمنٹ نہیں ہے انہوں نے تو عوام کے اوپر سی۔ ایس۔ پی۔ افسران کی ایک فوج ٹھونس رکھی ہے میں ان سے گذارش کروں گا کہ انہیں عوام کی تکالیف کا احساس ہونا چاہئیے اور میں اس محکمہ کو دعوت دیتا ہوں اور محترمہ وزیر صحت صاحبہ کو بھی دعوت دیتا ہوں کہ وہاں ایک پانچ رکنی کمیٹی

مقرر کریں تو میں ان کو وہ تمام وجوہات تمام نقائص تمام وہ خرابیاں تمام وہ لوگوں کی تکلیفیں ان کو ثابت کرکے دکھاؤں گا کہ ہمارے غریب عوام کی حالت کیا ہوتی ہے میں تو گذارش کروں گا کہ جناب والا ۔ دس سالہ جشن تب منائیں جب کہ غریب خوش ہوں وہ جشن کے لائق ہیں یا نہیں یہ جو چند لوگ ہیں وہ بھی قوم کے پیسہ کو کھا رہے ہیں خون پسینے کی کمائی سے کمایا ہوا پیسہ ضائع کرتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ جشن منانے کے بغیر مخلوق اس کا سوگ منا رہی ہے اور خدارا اس غریب قوم غریب ملک پر رحم کریں اور یہ پیسہ اس وقت خرچ کرنا جب اپنی خود اصلاح کریں پہلے محکمہ کی اصلاح کریں ہسپتالوں کی اصلاح کریں اور ان لوگوں کے حالات کو درست کریں بعد میں یہ قوم کا پیسہ ضائع کریں ۔ آپ قوم کو بھیڑ بکری سمجھ کر کھا رہے ہیں میں ان سے گذارش کروں گا یہ آپ کے لئے مناسب نہیں قوم خدا کی ہے تمہاری نہیں ہے اور خدا سے ڈرو اور یہ سی ۔ ایس ۔ پی ۔ السران کی فوج آپ کی مدد نہیں کر سکتی جب اللہ تبارک و تعالیٰ چاہتا ہے ۔

قل اللہ ہم یمالک الملک ۔ تؤتی الملک من تشاء و تنزع الملک ممن تشاء و تعز من تشاء و تذل من تشاء ۔ بیدک الخیر ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس وقت تو آپ صحت کے متعلق فرما رہے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جی ہاں جناب والا ۔ حکومت پہلے اپنی صحت کو تو سمجھے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر عبدالقیوم) ۔ جناب سپیکر ۔ حزب اختلاف کی طرف سے بہت کچھ کہا گیا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ ہم چاہتے تھے کہ بیگم صاحبہ وزیر صحت تقریر فرمائیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب سپیکر۔ حزب اختلاف نے محکمہ صحت کے پچھلے دس سال کی ترقیوں اور اس کے پچھلے دس سال کی کارروائی کا محاسبہ اور موازنہ فرمایا ہے ۔ اس کا مفصل جواب وزیر صحت اپنی تقریر میں دیں گی ۔ میں تو چند اعتراضات کا جواب دیتا ہوں اور جو ممبران نے فرمایا ہے ۔ میں ان کے متعلق کچھ عرض کروں گا ۔

جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ صدر محترم کا ارشاد ہے کہ اس ملک کو فلاحی مملکت بنایا جائے ۔ انہوں نے صحت کے متعلق تجویز فرمائی ہے اور حکومت علاج کے لئے کچھ نہ کچھ کر رہی ہے ۔ لیکن ان بیماریوں کے انسداد کے لئے کوئی خاص پروگرام نہیں ہے ۔ اس کے لئے میں نے حمزہ صاحب کی توجہ رورل ہیلتھ سنٹرز کے پروگرام کی طرف

دلائی ہے ۔ جس کا آغاز موجودہ حکومت نے کیا تھا ۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ دیہاتوں میں چالیس پچاس ہزار کی آبادی کے لئے پرائمری ہیلتھ سنٹرز بنائے جائیں ۔ اس کے تحت کچھ ذیلی ہیلتھ سنٹرز بھی بنائے جائیں ۔ جن کا کام علاج کے علاوہ بیماریوں کا انسداد بھی ہو ۔ مثلاً ہیضہ اور چیچک کی روک تھام ۔ موجودہ حکومت کے دور میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر اور اسسٹنٹ ہیلتھ افسر کا تعین کیا گیا ہے ۔ اس سے پہلے اضلاع میں سول سرجن ہوا کرتے تھے۔ وہ بیماریوں کے علاج اور ان کے prevention یا انسداد کے لئے کام کیا کرتے تھے ۔ اب موجودہ حکومت نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر اور اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر کو ہر ضلع میں اور ہر تحصیل میں متعین کیا ہے ۔ جو اس کام کو سرانجام دے رہے ہیں ۔ اس کے علاوہ حمزہ صاحب نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ۱۹۵۸ء میں چھ کالج تھے ۔ اس کے بعد کسی کالج کی ترقی نہیں ہوئی ۔ تین سکول تھے اب کوئی سکول موجود نہیں ۔ جہاں تک کالجوں کی تعداد کا تعلق ہے انہوں نے ٹھیک فرمایا ہے ۔ لیکن اس وقت کی نسبت اب طالب علموں کی تعداد زیادہ ہے ۔ پہلے ۵۵۰ طلبہ تعلیم حاصل کرتے تھے ۔ اب ۸۰۰ طلباء تعلیم حاصل کرتے ہیں ۔ میڈیکل سکول کے متعلق اس سے پہلے بھی حکومت کی پالیسی تھی اور حکومت کی کوششوں کے متعلق عرض کروں گا کہ ہم نے اس سمزز ایوان کا ریزولیوشن مرکزی حکومت کے سامنے پیش کیا تھا لیکن وہ چونکہ طے کر

چکے ہیں کہ مشرقی اور مغربی پاکستان میں uniform education کا معیار ہونا چاہئیے ۔ اس کے علاوہ experts کی opinion بھی اس بارے میں یہ تھی کہ ہر ڈاکٹر کو کم از کم ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس ۔ ہونا چاہئیے اور مزید سکول کھولنے کی منظوری نہ دی جائے ۔ یہاں میں یہ بھی عرض کروں گا کہ ان سکولوں سے جو طلباء پاس ہوئے ہیں ۔ ان کو condensed course میں تعلیم دے کر ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس ۔ بنا رہے ہیں ۔ یہ double effort اور double خرچ اس لئے ہے کہ یہاں ایم ۔ بی ۔ بی ۔ایس ۔ کو رواج دیا جائے ۔ اور مزید سکول نہ کھولے جائیں ۔ اس معزز ایوان میں کچھ beds کے متعلق اعداد و شمار دئے گئے ہیں اور یہ بتایا گیا ہے کہ پچھلے سالوں میں ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۸ء تک ہسپتال کے beds میں جو ترقی ہوئی ہے وہ ۵۰۷ beds فی سال تھی ۔ اور جو موجودہ دور میں ترقی ہوئی ہے وہ ۶۰۱ beds فی سال ہے ۔ اگرچہ ترقیاتی اور غیر ترقیاتی پروگراموں کے لئے چار پانچ گنا رقم خرچ کی گئی ہے ۔ اس کے لئے میرے خیال میں حمزہ صاحب کے اعداد و شمار ٹھیک نہیں ہیں ۔ ۱۹۴۸ء میں ۱۳۸۶۹ beds تھے اور ۱۹۵۰ء میں ۱۹۶۳۰ beds تھے ۔ یعنی ۵۸۷ کا اضافہ ہوا ۔ اس طرح سے اس کی اوسط ۵۸۷ فی سال ہوتی ہے اور اس percentage کو موجودہ اضافہ میں پھیلائیں تو ۷۵۳ ہوتی ہے ۔ ہمارے پاس یہ صحیح اعداد و شمار ہیں ۔ معلوم نہیں حمزہ صاحب کو کس نے یہ

اعداد و شمار دئے ہیں ۔ ڈاکٹروں کی کمی کے متعلق حمزہ صاحب نے نشان دھی کی ہے ۔ اس کے متعلق یہ بھی فرمایا ہے کہ کوئی فیکٹری بغیر مزدوروں ، کاریگروں اور man power اور experts کے نہیں چل سکتی ۔ اس طرح ڈسپنسریوں میں اگر ڈاکٹر نہ ہوں گے تو وہ بے سود ہیں ۔ اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ ہم پوری طرح کوشش کر رہے ہیں کہ ہسپتالوں میں جو ڈاکٹروں کی کمی ہے اسے جلد از جلد دور کیا جائے ۔ ان کی اطلاع کے لئے میں عرض کروں گا کہ انہوں نے جو اپنے ایک سوال کے بارے میں بتایا تھا کہ ۵۲۹ اسامیاں خالی پڑی ہیں وہ اب ۲۲۵ رہ گئی ہیں ۔ ہم برابر کوشش کر رہے ہیں ۔ پبلک سروس کمیشن بھی کوشش کر رہی ہے ۔ کہ ڈاکٹر مل جائیں اور جو ڈسپنسریاں بغیر ڈاکٹر کے ہیں اس کمی کو پورا کیا جائے ۔

میو ہسپتال میں ڈاکٹر نور احمد نور کے تعیناتی کے متعلق جو انہوں نے فرمایا ہے کہ اس کی بہت سی کوالیفیکیشن ہیں ہم نے اس کا دو مرتبہ جواب دیا ہے ۔ اب میں ان کی اطلاع کے لئے مزید عرض کر دوں گا کہ نور احمد نور واقعی تجربہ کار ہے ۔ اور اس کی academic qualification کے مطابق پبلک سروس کمیشن نے اسے نمبر ۱ گردانا ہے ۔ لیکن اب یہاں زونل allocation کی بات آ جاتی ہے ۔ جس کے متعلق وہ خود بھی plead کرتے ہیں کہ پس ماندہ علاقوں میں سروسز ہسپتالوں اور تعلیم وغیرہ میں

علاقائی allocation کی جائے اسی کے پیش نظر پروفیسر اور اسسٹنٹ پروفیسر کی posts رکھی ہیں ۔ وہ شخص بہاولپور ریجن کا ہے ۔ اس وقت اس کا نمبر ۱ تھا ۔ یہ غلط ہے کہ اس کو اس لئے نہیں لیا گیا کہ اس کو تجربہ نہیں تھا یا inefficient سمجھ کر نہیں رکھا ۔ بلکہ پبلک سروس کمیشن نے تو اس کو نمبر ۱ گردانا ہے لیکن zonal allocation کی وجہ سے وہ نہیں آ سکا ۔ حمزہ صاحب نے ہسپتالوں کے متعلق یہ بھی کہا کہ ہسپتالوں میں جنریٹر سیٹ نہیں ہیں ۔ پاور کا break down ہو جاتا ہے اور اس وقت بڑی تکلیف ہوتی ہے ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ اکثر بڑے ہسپتالوں میں جنریٹرسیٹ ہیں اور جہاں نہیں ہیں یہ محکمہ صحت کی پالیسی ہے کہ جس حد تک اس کے وسائل اجازت دیں وہ جنریٹرسیٹ مہیا کرے تاکہ پاور break down کی صورت میں وہ اس سے استفادہ کر سکیں ۔

حمزہ صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ ایک ہسپتال کوٹ لکھپت میں جو شہر سے دور ہے بنایا گیا ہے لیکن حکومت نے ریس کورس کو شہر کے قریب اجازت دی ہے تو میں عرض کروں گا کہ اس ریس کورس کو آج اجازت نہیں دی گئی ہے ۔ اگر اس کا موازنہ کرنا ہے تو اس کا موازنہ میو ہسپتال سے کیا جائے جو شہر کے دل میں ہے ۔ حمزہ صاحب نے ریس کورس

کے لئے فرمایا ہے کہ اس پر قبضہ کرکے وہاں ہسپتال تعمیر کیا جائے۔ میں عرض کروں گا کہ یہ مناسب نہ ہوگا۔

پشاور کے متعلق جناب حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ وہاں طبی سہولتیں زیادہ نہیں مل رہی ہیں اور اب تین ڈسپنسریوں کی بجائے دو کر دی گئی ہیں۔ اگرچہ وہاں کی میونسپل کمیٹی سے روپیہ وصول کیا جا رہا ہے تو اس سلسلہ میں میں عرض کروں گا کہ وہاں پر ڈسپنسریوں کے علاوہ ایک زنانہ ہسپتال بھی ہے اور ایک نیا ہسپتال پانچ سو بستروں کا منظور ہو گیا ہے۔ جس پر ڈیڑھ کروڑ روپے صرف کئے جائیں گے اور جہاں تک کمیٹیوں کے contribution کا تعلق ہے تو اس کے لئے عرض ہے کہ پشاور میونسپل کمیٹی کے ذمہ اس وقت ۲۲ لاکھ کے بقایا جات ہیں۔

کراچی کے متعلق حمزہ صاحب نے بڑی مہربانی سے ذکر فرمایا ہے۔ کراچی کے متعلق تو معزز ایوان میں وہ کراچی کے ممبران سے بڑے تعریف کے کلمات کہا کرتے ہیں اور ان کو بھی وہاں علاج کرانے کا اتفاق ہوا ہے۔ مگر معلوم نہیں کہ آج گرما گرمی میں وہ کافی تنقید فرما گئے۔ انہوں نے یہ فرمایا کہ کراچی میں چندہ وصول کیا جاتا ہے بلکہ وہاں کے لئے ایک ایڈمنسٹریٹر جو محترمہ بیگم صاحبہ نے چنا ہے۔ اس کے ذمہ یہ انتظام ہے۔ وہ بہت فرض شناس ہے۔ اس نے بہت اعلیٰ کار کردگی دکھائی ہے اور اب یہ تجویز کیا گیا ہے کہ اس ایڈمنسٹریٹر کو مختلف

ہسپتالوں میں تھوڑے تھوڑے وقفہ کے لئے بھیجا جائے ۔ کیونکہ اس نے اچھا کام کیا ہے ۔ مجھے حال ہی میں صبح کو وہاں جانے کا اتفاق ہوا تو میں نے وہاں پانی کا چھڑکاؤ اور ہسپتال کے چاروں طرف سبزہ وغیرہ اور پھول لگے ہوئے دیکھے تو میں یہ بات بلا مبالغہ کہہ رہا ہوں کہ میں نے اسے ہسپتال نہیں سمجھا بلکہ میں نے جانا کہ یہ تفریح گاہ ہے ۔ تو میں عرض کروں گا کہ کراچی کا یہ ہسپتال صرف حکومت کی رقم سے ایسا نہیں ہے بلکہ یہ بیگم صاحبہ کی قابلیت ہے کہ انہوں نے پرائیویٹ طریقہ سے کسی آدمی سے کہا اور اس نے زبردستی نہیں بلکہ یقین کیجئے کہ اس نے اپنی مرضی سے لوگوں سے چندہ لے کر اس ہسپتال میں یہ سب انتظام کیا ہے ۔ اس پر یہ رائے زنی کرنا کہ وہاں چندہ لیا جاتا ہے مناسب نہیں ہے ۔ وہاں بیگم صاحبہ کی سرپرستی میں یہ سب کچھ رضاکارانہ طور پر ہو رہا ہے ۔ یہ جو کچھ اعلیٰ کارکردگی ہے تو اس میں کراچی کے لوگوں کا بھی حصہ ہے ۔ اگر اسی طرح سے باقی جگہوں پر بھی چندہ کر لیا جائے ۔ تو حالات بہتر ہو سکتے ہیں ۔ حمزہ صاحب نے یہ بھی کہا کہ کوئٹہ وغیرہ سے لوگ reserved seats پر ڈاکٹر بن جاتے ہیں اور پھر ان علاقوں میں واپس نہیں جاتے اور دوسری جگہہ زیادہ آمدنی کی خاطر settle ہو جاتے ہیں ۔ اس کے لئے میں عرض کروں گا کہ میں نے سیکرٹری صاحب سے دریافت کیا ہے ۔ تو انہوں نے فرمایا کہ شاید کوئی ایک آدھ ڈاکٹر ایسا ہے جو وہاں سے باہر چلا گیا

ہو جس کو کوٹہ میں تعینات کیا گیا تھا ۔ قبائلی علاقوں میں جو reserved seats پر کسی کو seats دی جاتی تھی ۔ اس کے لئے bond تھا اور کسی علاقہ کے کسی طالب علم سے bond نہیں لیا گیا ۔ لیکن اب ایک تجویز ہے کہ رورل ایریاز کی جن سیٹوں سے لوگ آئیں گے ان کے لئے bond لیا جائے۔ میٹل ہسپتال کے متعلق حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ ۱۱۷۶ beds ہیں ۔ یہ ٹوٹل ۱۷۷۶ ہے ۔ معلوم نہیں ان کو یہ فیگرز کہاں سے مل گئیں اور چار نئے ہسپتالوں کی تجویز ہے ۔ میجر اسلم جان صاحب نے کہا ہے کہ تمام صوبے میں ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کے ۲۷ ہزار beds ہیں ۔ انہوں نے فرمایا جیسا کہ ان کا اندازہ ہے کہ پندرہ روپے فی bed رکھا جائے تو اس سے ساڑھے آٹھ یا ۹ کروڑ کی رقم ہونا چاہئیے ۔ لیکن contingency میں اس کے لئے صرف ڈیڑھ کروڑ کی رقم رکھی گئی ہے ۔ جناب والا ۔ بڑی خوشی کی بات ہے اور ہماری دلی خواہش ہے کہ ہم ۱۵ روپے فی bed رکھ سکیں ۔ ہمارا معیار ۸–۹ اور زیادہ سے زیادہ ۱۰ روپے ہے ۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم جس معیار پر پہنچ چکے ہیں وہ ideal ہے ۔ ہم نے جو معیار اپنے سامنے رکھا ہے ہم کوشش کرتے ہیں کہ اس تک پہنچ جائیں لیکن اس وقت تک ہم پہنچ نہیں سکے جس کی وجہ ظاہر ہے ۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ امریکہ میں ڈاکٹروں کے پیشہ کو بہتر بنانے کے لئے اور ڈاکٹروں کو زیادہ سے زیادہ attract کرنے کے لئے زیادہ

تنخواہ دی جاتی ہے۔ مثلاً امریکہ میں ۱۲ سے ۲۴ ہزار ڈالر دیئے جاتے ہیں۔ ہمیں خوشی ہوتی اگر ہمارے ایسے وسائل ہوتے اور ہمارے وسائل اگر ہمیں اجازت دیتے کہ ہم اتنی تنخواہ دے سکتے مگر جیسا کہ ہمارے وسائل ہیں ہم اتنی تنخواہ نہیں دے سکتے۔ انہوں نے U. K. کے ڈاکٹروں سے موازنہ فرمایا ہے کہ U. K. میں ایک ہزار کی آبادی پر ایک ڈاکٹر ہے۔ روس میں چار سو یا پانچ سو پر ایک ڈاکٹر ہے اور ہمارے یہاں ۵۶۵۶ کی آبادی پر ایک ڈاکٹر ہے۔ معلوم نہیں کہ وہ یہ فیگرز کہاں سے لائے ہیں۔ محکمہ صحت کے اعداد و شمار کے مطابق ۳۷۰۰ کی آبادی پر ایک ڈاکٹر ہے۔ میجر اسلم جان نے روس سے موازنہ کیا لیکن انہوں نے جو ترقی پذیر ممالک ہیں۔ جن میں ہم بھی شامل ہیں۔ ان سے موازنہ نہیں کیا۔ مثال کے طور پر میں عرض کرتا ہوں کہ

انڈونیشیا میں ۴۱ ہزار کی آبادی پر ایک ڈاکٹر ہے۔

نائیجیریا میں ۳۰ ہزار کی آبادی پر ایک ڈاکٹر ہے۔

سوڈان میں ۲۹ ہزار کی آبادی پر ایک ڈاکٹر ہے۔

تیونس میں ۱۰ ہزار کی آبادی پر ایک ڈاکٹر ہے۔

سعودی عرب میں ۱۳ ہزار کی آبادی پر ایک ڈاکٹر ہے۔

برما میں ۱۰ ہزار کی آبادی پر ایک ڈاکٹر ہے۔

لیکن میں سمجھتا ہوں کہ گو ہماری پوزیشن ترقی پذیر ممالک میں خاصی بہتر ہے ۔ لیکن ہم اس سے مطمئن نہیں ہیں ۔ ہماری کوشش یہی ہے کہ حالت اور بہتر بن جائے ۔ لیکن اس وقت ہمیں جو مایوس کن خیالات حزب اختلاف کی طرف سے ملے ہیں ۔ وہ اتنے مایوس کن نہیں ہیں ۔ پنڈی کے متعلق اسلم جان صاحب نے فرمایا ہے کہ وہاں پر صرف ۱۲۵ بستروں کا ہسپتال ہے اور وہ چھ لاکھ کی آبادی کے لئے کافی نہیں ہے ۔ اس کے لئے میں عرض کروں گا کہ ایک ہسپتال ہم نے وہاں بنایا تھا جس کو سنٹر نے اپنی تحویل میں لے لیا اور وہ بھی ۱۲۵ بستروں کا ہسپتال ہے ۔ لیکن اس کے یہ معنی نہیں ہے کہ چھ لاکھ کی آبادی کے لئے وہ ہسپتال جو مرکزی حکومت نے اپنی تحویل میں لے لیا ہے ۔ اس میں پنڈی کے لوگوں کا داخلہ منع ہے اور وہ لوگ اس ہسپتال سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ جناب والا۔ مرکزی حکومت تو اس کو بہتر طریقے سے financed کر رہی ہے ۔

Major Muhammad Aslam Jan : It is meant for the Central Government employees only.

Parliamentary Secretary, (Health) : Yes, but there is no bar on the Pindi people.

جناب والا ۔ ملک اختر صاحب نے میو ہسپتال کے متعلق کچھ فرمایا کہ بتایا جائے کہ اس کی بہتری کے لئے کیا منصوبہ بنایا ہے ۔ اس سلسلہ میں گذارش یہ ہے کہ ساڑھے تین کروڑ روپیہ کا منصوبہ بنایا گیا ہے اور

اس میں سے اڑھائی کروڑ کی رقم موجودہ تیسرے پنج سالہ منصوبے کے لئے مختص کی گئی ہے ۔ اس کے علاوہ ایک ہزار بیڈز کی اور ۲۷ ہسپتالوں کی بھی تجویز ہے ۔ ایک ڈاکٹر کے متعلق انہوں نے بڑے غم و غصہ کا اظہار کیا ۔ انہوں نے فرمایا کہ ڈاکٹر حسن نے کچھ بد سلوکی کی کسی مریض سے ۔ ہمیں اس کا افسوس ہے لیکن یہ ظاہر ہے کہ کالی بھیڑیں ہر جگہ موجود ہوتی ہیں ۔ اگر ایک ڈاکٹر نے بد سلوکی کی تو سینکڑوں اور ہزاروں ڈاکٹر ایسے بھی ہوں گے ۔ جو نیک سلوک کرتے ہوں گے ۔ ملک اختر صاحب نے بی-سی-جی کے متعلق بھی فرمایا کہ یہ کام خاطر خواہ طریق پر نہیں ہو رہا ہے ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ اس وقت ۲۷ ٹیمیں بی-سی-جی کے لئے ہیں اور ہر سال ۲۰ لاکھ آدمیوں کو ٹیکے لگ رہے ہیں ۔ شکریہ ۔ (تالیاں)

حاجی سردار عطا محمد ۔ کون سا مضمون آپ کو پسند آیا ہے جو تالی بج رہی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ دیکھا گیا ہے کہ لابیز میں ممبر صاحبان کے علاوہ کچھ اور صاحبان بھی آ جاتے ہیں ۔ لابیز صرف صوبائی اسمبلی کے ارکان کے لئے ہیں ان کے علاوہ اور کوئی شخص ان میں داخل نہیں ہو سکتا وزراء اور ممبرز کے علاوہ اور کوئی ان میں داخل نہیں ہوسکتا اور اس کے متعلق میں ۔ اسمبلی کر ٹریٹ کو ہدایت کردی ہے کہ اس پر سختی سے

عمل درآمد کیا جائے ۔ آپ صاحبان کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ کسی اور شخص کو اندر لانے کی کوشش مت کیجئے گا ۔

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق الزمان) ۔ جناب والا ۔ میں نے ملک محمد اختر صاحب ۔ میجر اسلم جان صاحب ۔ حمزہ صاحب اور خواجہ صفدر صاحب کی تقاریر کو سنا ۔ بجٹ میں جو رقم ۲۳ لاکھ ۳۳ ہزار کی دکھائی گئی ہے اس کے متعلق میرا خیال ہے کہ ان کو غلط فہمی ہوئی ہے کہ ہم یہ رقم صرف ایک خاص عملے کے لئے لے رہے ہیں اور اس کی وجہ سے غالباً وہ اس قسم کی تجاویز ہمارے سامنے لائے ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے سب سے پہلے یہ کہنا چاہتی ہوں کہ یہ رقم جو ہم نے لی ہے اس میں ۱۶ لاکھ ادویات کے لئے صرف کریں گے اور ۸ لاکھ جس عملے پر صرف کریں گے اس کی تفصیل یہ ہے ۔ آپ اس سے بہت با خبر ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ ۱۰۰ روپیہ کی کمی کرنے کی تو تحریک پیش کی ہے ۔ اور وہ بھی آپ کی اس پالیسی کو زیر بحث لانے کے لئے ۔ ہم نے کوئی گناہ نہیں کیا ۔

وزیر صحت ۔ آپ نے یہ غلط فہمی میں فرمایا ہے کہ رقم کا جو مطالبہ کیا جا رہا ہے اس میں ادویات شامل نہیں ۔ آپ نے ابھی ابھی فرمایا کہ ہسپتالوں میں دوائیاں نہیں ۔ یہ آپ نے اپنے نقطہ نظر کی بناء پر

سوچا ہوگا ۔ اگر دوائیاں نہیں ہیں تو پھر عملے کی ضرورت کیا ہے ۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتی ہوں کہ رقم ہم نے ایسے عملے کے لئے مقرر کی جس میں کہ چند ڈرائیوروں کی ضرورت درپیش ہوگی کیوں کہ ۸۰۰ سرکاری گاڑیاں ہوں گی جن کے لئے ڈرائیورز کی ضرورت ہوگی ۔ دوسری چیز جو ہم نے مانگی ہے وہ ڈرگ انسپکٹرز ہیں ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ادویات میں آجکل اتنی ملاوٹ ہونے لگی ہے کہ آج سے چھ سات ماہ قبل ہم نے مختلف ڈرگ انسپکٹرز مختلف جگہوں میں بھیجے اس کے لئے ایوان نے بھی اور شہر والوں نے بھی ڈیمانڈ کیا کہ ڈرگ انسپکٹران کی تعداد کو بڑھایا جائے تاکہ دوائیوں پر نگرانی کی جا سکے اور ملاوٹ کے عنصر کو دور کیا جا سکے تو اس لئے میں نے یہ رقم مختص کرائی ۔ میں یہ اس لئے عرض کر رہی ہوں کیوں کہ آپ چاہتے ہیں کہ مجھے اس چیز کا جواب دینا چاہئے ۔ لیکن آپ نے جو تقاریر فرمائی ہیں کہ ۱۰ سالوں میں کوئی بھی ترقیاتی کام نہیں کئے گئے اور کوئی اضافہ نہیں کیا گیا تو اس کے جواب میں میں آپ کے سامنے سرسری جائزہ پیش کرنا چاہتی ہوں کہ ان ۱۰ سالوں میں ہمارے محکمہ نے اور ہمارے عملے نے اور ہسپتالوں نے کتنی ترقی کی ہے اور اس ترقی پر ہم بجا طور پر فخر کرتے ہیں ۔ (ہیر ۔ ہیر)

جناب والا ۔ ہمارے محکمے کے متعلق تو آپ کو بھی معلوم ہے کہ

اس نے کیا کام کیا ہے ۔ میں اس سے آپ کو با خبر کرنا چاہتی ہوں ۔ آپ نے ابھی فرمایا ہے کہ ہماری حکومت نے سند یافتہ ڈاکٹروں پر زر مبادلہ خرچ کیا ہے ۔ میں آپ کو بتاتی ہوں کہ ایف سی پی ایس اور ایف آر سی ایس کے معیار کی جو ڈگریاں ہیں ان کے لئے ہم نے کراچی ۔ لاہور اور حیدر آباد میں ۶ ۱ نئی پوسٹ گریجویٹ کلاس کا اجراء کیا ہے نتیجہ یہ ہوا کہ اب ہمیں ان ڈاکٹروں کو فارن ایکسچینج خرچ کرکے باہر کے ممالک میں نہیں بھیجنا پڑے گا ۔ بلکہ وہ یہ ڈگریاں یہیں سے حاصل کریں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ آپ نے ڈیڑھ بجے تک تقریر کرنی ہے اس لئے میں عرض کر رہا ہوں کیوں کہ ڈیڑھ بجے میں نے question put کرنا ہے ۔

HOSPITALS IN LESS DEVELOPED AND UNATTRACTIVE AREAS IN THE PROVINCE

*13027. **Haji Sardar Atta Muhammad :** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) the average annual per capita expenditure incurred on medicines, hospital buildings, beds and the doctor's salaries in the Province from the year 1961-62 to 1967-68 ;

(*b*) the names of less developed and unattractive areas in the Province alongwith the basis on which these areas have been so declared and the population and total area thereof ;

(*c*) the number of hospitals functioning in the areas mentioned in (*b*) above alongwith the annual expenditure incurred on those hospitals ;

(*d*) the total area and population of desert areas of each of the districts of Tharparkar, Sanghar, Nawabshah, Khairpur and Sukkur as well as of the Mahal Kohistan areas of each of the districts of Thatta, Dadu and Larkana ;

(*e*) the number of hospitals functioning in the areas mentioned in (*d*) above and the dates on which they were established ;

(*f*) if no Government hospitals exist in the areas mentioned in (*d*) above, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : Information in connection with this Assembly Question is of statistical nature, it is being collected and compiled. The answer to this Question will be submitted during the next Question Hour.

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ انہوں نے تو جواب انگریزی میں دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے یہ جواب دیا ہے کہ دیگر معلومات فراہم کی جا رہی ہیں ۔ اگلی مرتبہ اس کا جواب دیا جائے گا ۔

حاجی سردار عطا محمد - پوائنٹ آف آرڈر - آج محترمہ بیگم صاحبہ نہیں ہیں - معلوم نہیں تندرست ہیں یا نہیں ان کے لئے دعا مانگنی چاہئیے -

Mr. Speaker: This is not a point of order.

OPENING OF MORE MEDICAL COLLEGES IN WEST PAKISTAN

***13039. Pir Ali Gohar Chishti:** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) the approximate number of qualified doctors in West Pakistan in 1947 and at present alongwith their annual increase in number since 1947 uptil now;

(*b*) the number of Medical Colleges in the Province in 1947 and at present;

(*c*) whether Government intend to increase the number of Medical Colleges in West Pakistan during the year 1968-69; if so, the expected number and location thereof?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): (*a*) The number of qualified doctors in West Pakistan in 1947 is not available due to partition. The present number of doctors is 11,375. The annual increase in number of qualified doctors since 1947 onwards is as follows :—

Year		*Doctors*
1948	...	1,014
1949	...	1,582
1950	...	1,950
1951	...	2,277
1952	...	2,506
1953	...	2,875
1954	...	3,246
1955	...	3,571
1956	...	3,918
1957	...	4,418
1958	...	5,034
1959	...	5,615
1960	...	6,132

Year		*Doctors*
1961	...	6,902
1962	...	7,543
1963	...	8,260
1964	...	9,061
1965	...	9,725
1966	...	10,488
1967	...	11,375

(*b*) There were two Medical Colleges namely, King Edward Medical College, Lahore and Dow Medical College, Karachi in 1947, and at present there are six Medical Colleges in West Pakistan, namely, King Edward Medical College, Lahore, Fatima Jinnah Medical College for Women, Lahore, Nishtar Medical College, Multan, Liaquat Medical College, Jamshoro (Hyderabad), Dow Medical College, Karachi and Khyber Medical College, Peshawar.

(*c*) No, at the present moment, till the financial position and manpower resources improve.

پیر علی گوھر چشتی ۔ جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے لکھا کہ میڈیکل کالجوں کی تعداد میں اس وقت اضافہ کیا جائیگا جب ملک کی مالی حالت اور مسائل بہتر ھو جائیں گے ۔ جناب والا ۔ حکومت کی طرف سے بار بار اعلان کیا جا رھا ہے کہ ملک خود کفیل ہے اور ھماری مالی حالت بہتر ہے ۔ خوراک کا مسئلہ حل ھو چکا ہے ۔ میں ان سے پوچھنا چاھتا ھوں کہ آپ کب مزید میڈیکل کالج کھولیں گے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جہاں تک حکومت کے اس اعلان کا تعلق ہے ممبر صاحبان جانتے ہیں کہ پہلے سے ھماری پوزیشن بہتر ہے لیکن اس حد تک بھی بہتر نہیں ہے کہ ھم اس وقت کوئی میڈیکل کالج شروع کر سکیں ۔ البتہ یہ تجویز زیر غور ہے کہ موجودہ میڈیکل کالجوں میں زیادہ طالب علموں کو داخل کرنے کا انتظام کیا جائے ۔

رائے منصب علی خان کھرل - کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرمائیں گے کہ انہوں نے جواب کے حصہ (ج) میں جو یہ الفاظ استعمال کئے ہیں -

"No, at the present moment till the financial position and manpower resources improve."

"manpower resources" سے ان کی کیا مراد ہے - آبادی میں اضافہ نہیں ہو رہا ہے یا ڈاکٹروں میں؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - یہ ڈاکٹروں کی اصطلاح ہے اس سے مراد ہے teaching staff -

---

CONDITION OF MENTAL HOSPITAL BUILDING PESHAWAR

***13075. Begum Mumtaz Safdar**: Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the condition of Mental Hospital Building, Peshawar is deplorable;

(*b*) whether it is a fact that proper facilities have not been provided to the patients of this hospital;

(*c*) whether it is also a fact that arrangements for the treatment of female patients there are also unsatisfactory;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, the action Government intend to take in the matter?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): (*a*) Yes.

(*b*) Yes. On account of lack of proper accommodation, staff and funds, the facilities are not upto the standard.

(*c*) Yes. As at (*b*).

(*d*) The Government of West Pakistan has accepted in principle the construction of a 550 - bedded Mental Hospital at Peshawar for which necessary rough cost estimates are being prepared by the Regional Health Directorate at Peshawar.

سید یوسف علی شاہ - انہوں نے اس سوال کا جواب نہیں دیا کہ آیا وہ اس کی اصلاح کے لئے کچھ کر رہے ہیں - انہوں نے صرف یہ کہا

ہے کہ یہاں نیا مینٹل ہسپتال بن رہا ہے - اس کی تعمیر میں تو شائد دس سال لگیں گے اس وقت تک وہ موجودہ ہسپتال کے لئے جو اس وقت کسی کام کا نہیں کیا کرنا چاہتے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جہاں تک ہوسکتا ہے موجودہ ہسپتال میں مناسب سہولتیں دی جا رہی ہیں - میرا خیال ہے نیا ہسپتال بننے میں دس سال تو نہیں لگیں گے -اس کے لئے rough cost estimate تیار ہو رہا ہے - عنقریب مزید کاروائی کی جائیگی - موجودہ ہسپتال کی بلڈنگ کی بری حالت ہے - وہاں عورتوں کے لئے علیحدہ انتظام نہیں ہے -

مسٹر سپیکر - جب آپ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ یہ انتظامات نا تسلی بخش ہیں - تو وہ یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ محکمہ نے اس کے متعلق کیا قدم اٹھایا ہے ؟

حاجی سردار عطا محمد - محکمہ دس سالہ جشن منا رہا ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - محکمہ نے یہ محسوس کیا ہے کہ جو سہولتیں ضروری ہیں وہ وہاں پر موجودہ صورت حال میں نہیں دی جا سکتیں - جو ممکن ہیں وہ زیادہ سے زیادہ دے رہے ہیں - اس کا علاج ایک ہی ہے کہ وہاں پر نیا ہسپتال بنایا جائے اور اس کے لئے تجویز ہے -

مسٹر حمزہ - جواب میں یہ کہا گیا ہے کہ ڈائریکٹر محکمہ صحت پشاور نے اس کا سرسری اندازہ لگایا ہے - کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آپ کے محکمہ نے کوئی منصوبہ تیار کیا ہے اور اس کی تکمیل کے لئے کوئی حتمی وقت مقرر کیا ہے - کب ۳۵۰ بستر والا ہسپتال تیار ہو جائے گا -

پارلیمنٹری سیکرٹری - حمزہ صاحب آپ بڑے زیرک اور ہوشیار ممبر ہیں آپ کو پتہ ہے کہ جب کوئی منصوبہ تیار کرنا ہوتا ہے - تو ہمیشہ پہلے اس کا rough cost estimate تیار کرتے ہیں - اس کے بعد accurate cost estimate تیار کیا جاتا ہے - اس کے بعد مالی وسائل پر منحصر ہوتا ہے - جب وہ حاصل ہو جائیں پھر کام شروع کر دیا جاتا ہے-

مسٹر حمزہ - آپ کا کیا خیال ہے - دس سالہ جشن پر جو رقومات خرچ ہو رہی ہیں - اگر اس ہسپتال پر خرچ کی جائیں تو کیا وہ تیار نہیں ہو جائے گا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - آپ کہتے ہیں زراعت کو زیادہ ترقی دینی چاہئے - آپ کہتے ہیں سکول زیادہ کھولیں - آپ کہتے ہیں ہسپتال زیادہ بنائیں - دس سالہ جشن پر اتنی رقم تو خرچ نہیں ہو رہی کہ آپ کی سب demands اس سے پوری ہو جائیں -

بیگم ممتاز صفدر - آپ نے حصہ (ب) کے جواب میں یہ فرمایا ہے کہ وہاں معیاری سہولتیں نہیں دی جاتیں - معیاری تو بلند سہولتیں ہوتی ہیں - وہاں تو آپ کچھ بھی دینے کے لئے تیار نہیں ہیں -

پارلیمنٹری سیکرٹری - موجودہ حالات میں حتی الامکان جتنی سہولتیں دی جا سکتی ہیں وہ دی جا رہی ہیں -

سید یوسف علی شاہ - وہاں بالکل کوئی سہولت نہیں ہے اگر پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب اس ہسپتال کا معائنہ کریں - وہ ایک ہفتہ تک رات کو سو نہیں سکیں گے -

مسٹر سپیکر - یہ تو انہوں نے جواب تسلیم کیا ہے کہ وہاں عورتوں کے لئے کوئی علیحدہ انتظام نہیں ہے -

سید یوسف علی شاہ - وہ کہتے ہیں کہ جو سہولتیں دی جا سکتی ہیں وہ دی جا رہی ہیں مگر وہاں تو آدمیوں کو جانوروں کی طرح رکھا جا رہا ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - سہولتوں کی آپ وضاحت فرمائیں تو ممکن ہے کہ میں کچھ عرض کر سکوں - وہاں ایک Specialist موجود ہے مریضوں کو خوراک دی جا رہی ہے - ضروری دوائی دی جاتی ہے - صرف بلڈنگ بہت ناقص ہے اس کا ایک ہی علاج ہے کہ نئی بلڈنگ بنائی جائے - اگر جناب سید یوسف علی شاہ صاحب کی تسلی نہیں ہوئی تو محکمہ صحت کے سیکرٹری صاحب ان کے ہی علاقے کے ہیں - وہ ان کے ساتھ مل کر غور کر سکتے ہیں کہ مزید سہولت موجودہ حالات میں اس ہسپتال کو کیا دی جا سکتی ہے -

سید یوسف علی شاہ - جناب والا - جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ سیکرٹری صاحب خوش قسمتی سے میرے علاقہ کے ہیں - کیا وہ یہ تسلی دے دیں گے کہ سیکرٹری صاحب خود جا کر اس ہسپتال کا معائنہ کریں اور اگر وہ یہ سمجھتے ہوں کہ سہولتیں کافی ہیں تو میں کبھی کوئی چیز claim نہیں کروں گا - اور کیا اس سلسلہ میں وہ یقین دہانی کرائیں گے کہ اس ہسپتال کا جا کر وہ خود معائنہ کریں جیسے کہ یہ فرما رہے ہیں - وہاں صرف عمارت ہی خراب نہیں بلکہ وہاں حالت یہ ہے کہ اس عمارت کے اندر - - -

مسٹر سپیکر - شاہ صاحب آپ کا خیال ہے کہ یہ بات ان کے نوٹس میں نہیں ہے؟

سید یوسف علی شاہ - جناب والا - یہ بات ان کے نوٹس میں نہیں ہے اگر ہو تو یہ ضرور کچھ کریں -

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) - جناب والا - میں معزز ممبر کو یہ یقین دھانی کرانا چاھتا ھوں کہ سیکرٹری صاحب خود جاکر اس ھسپتال کا معائنہ کریں گے اور اس کے متعلق جتنی سہولتیں ممکن ھو سکتی ہیں وہ ان کو پورا کرنے کی کوشش کریں گے -

حاجی سردار عطا محمد - جناب والا - میں جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب اور قائد ایوان سے سوال پوچھنا چاھتا ھوں (کیونکہ قائد ایوان نے بھی اس سوال کا جواب دیا ہے) کہ اگر ایسے ھسپتال موجود ہیں جن میں ۵۵۰ بستر ھوں اور ان کے لئے کوئی سہولت مہیا نہ ھو تو ان کو چاھئے کہ یہ دس سالہ جشن کی بجائے دس سالہ سوگ منائیں؟

Mr. Speaker: Disallowed.

مسٹر حمزہ - جناب عبدالقیوم صاحب پارلیمنٹری سیکرٹری نے فرمایا ہے کہ محکمہ صحت کے سیکرٹری اس علاقہ سے تعلق رکھتے ہیں - کیا میں ان سے یہ دریافت کر سکتا ھوں کہ آیا آپ اس علاقہ سے تعلق نہیں رکھتے اور آپ نے کراچی میں ھزارہ یونین نہیں بنائی جس کے آپ عہدے دار بھی ہیں؟

Mr. Speaker: Disallowed.

چودھری محمد سرور خان - جناب والا - قائد ایوان نے ابھی پردہ پوشی کے لئے کچھ جملے فرمائے ہیں - سیکرٹری صاحب وھاں جا کر کیا دیکھیں گے یہ تو جواب میں لکھا ھوا ہے کہ اس کی حالت تسلی بخش نہیں ہے اور مریضوں کو وھاں اچھی سہولتیں بہم نہیں پہنچائی جا سکتی ہیں -

عورتوں کا جو علاج کیا جاتا ہے وہ نا تسلی بخش ہے ۔ سیکرٹری صاحب بھی تو یہی رپورٹ لائیں گے ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب راہ فرار اختیار کر رہے ہیں ۔ ان کو یہ جواب دینا چاہئے کہ یہ اس کے لئے کچھ کریں گے یا نہیں کریں گے ؟

وزیر زراعت و خوراک ۔ جناب والا ۔ میں نے آپ کی خدمت میں یہ عرض کیا ہے کہ کیونکہ ان کا مطالبہ تھا کہ سیکرٹری صاحب وہاں تشریف لے جائیں اس کے متعلق میں نے وعدہ کیا ہے کہ سیکرٹری صاحب تشریف لے جائیں گے اور اپنے بجٹ کے مطابق جسقدر ممکن ہو سکا وہ سہولتیں بہم پہچانے کی کوشش کریں گے ۔ مجھے امید ہے کہ سیکرٹری صاحب اس بات کے متعلق جو ہاؤس کا اس وقت تاثر ہے اس کو پیش نظر رکھیں گے اور ہر ممکن کوشش کریں گے کہ صورت حال کی اصلاح ہو جائے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ میں بھی مسٹر حمزہ کی طرح اس پاگل خانے میں دلچسپی رکھتا ہوں ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو آپ ۵۵۰ بستروں کا ہسپتال بنا رہے ہیں اس کے بارے میں فرمایا ہے کہ rough estimate لگایا جا رہا ہے ۔ اس پر آپ نے کتنا estimate لگایا ہے اور کب اسکا فیصلہ کیا ہے ؟

وزیر زراعت و خوراک ۔ انہوں نے یہ کہا ہے rough cost estimate بن رہا ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کب سے estimate بنا رہے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا۔ rough cost estimate بھی بن چکا ہے اور وہ تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپے کا اندازہ ہے اور یہ شائد اسی پنجسالہ منصوبہ میں پورا کر دیں - (ہیئر—ہیئر)

Mr. Hamza : Point of personal explanation.

Mr. Speaker : About which observation?

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر۔ رائے منصب علی خان کھرل صاحب نے میرے بارے میں کچھ فرمایا ہے - وہ فرماتے ہیں کہ حمزہ کی طرح سوال کرنے لگے ہیں - میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ کبھی پشاور گئے ہیں - (قہقہہ)

Mr. Speaker. Order, order.

وزیر زراعت و خوراک - آپ کب تشریف لے گئے تھے ؟

(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Order, order.

CONDITION OF ZENANA HOSPITAL, PESHAWAR

***13077. Begum Mumtaz Safdar :** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the condition of Zenana Hospital, Peshawar is very bad and there is no arrangement for air-conditioning in the Labour Rooms and ceiling fans also have not been provided there;

(*b*) whether it is a fact that patients who intend to take a private room in this hospital are usually asked to get a room white-washed and painted themselves;

(*c*) whether it is also a fact that neccessary medicines and surgical instruments are also not available in the hospital;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, the action Government intend to take in the matter?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) No.

(*b*) No.

(*c*) No. The essential equipment and necessary medicines are provided. However the budget allocation is not adequate to meet the demands in an ideal way.

(*d*) Every attempt is being made to find more funds for this institution.

سید یوسف علی شاہ - جناب والا۔ میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ جب بجٹ میں allocations کرتے ہیں تو ہسپتالوں کی allocation کس basis پر کرتے ہیں - پہلے سوال کے جواب میں فرمایا تھا کہ کسی خاص فارمولا کے basis پر allocation کرتے ہیں - کیا اس فارمولا کو آپ یہاں apply نہیں کرتے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - وہ فارمولا یقیناً apply کرتے ہیں - جب کسی ہسپتال کے لئے بجٹ allocation کی جاتی ہے تو اس میں بستروں کی تعداد ، اندرونی اور بیرونی مریضوں کی تعداد ان سب چیزوں کو ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے -

سید یوسف علی شاہ - جناب والا - اس ہسپتال کو ایک لاکھ روپیہ گرانٹ ملتی ہے - اور اس زنانہ ہسپتال کے لئے ایک لاکھ روپیہ گرانٹ کئی سال سے چلی آ رہی ہے - انہوں نے جواب میں جو کچھ فرمایا میں اس میں سے ایک چیز کے متعلق بھی نہیں کہہ سکتا کہ یہ درست ہے - یہ سوال کو ایک رسمی بات سمجھتے ہیں جیسے ''نشستند و گفتند و برخاستند،، ہم نے ایک سوال کیا اور انہوں نے اس کا جواب دے دیا - میرے کسی دوسرے سوال کا جواب پچھلی مرتبہ انہوں نے دیا تھا جو اسی ہسپتال کے متعلق تھا لیکن بد قسمتی سے میں وہ سوال پوچھ نہ سکا - پشاور جا کر میں نے محکمہ ہیلتھ سے پوچھا کہ آپ نے جو جواب دیا ہے وہ بالکل غلط ہے - انہوں نے فرمایا جواب درست دیا تھا لیکن انہیں لاہور سے ٹیلیفون آیا کہ جو پیسے آپکو ملتے ہیں اس کو justify

کرکے آپ اس جواب کو تبدیل کرکے بھیجیں - یہ سوال بھی اسی طرح کا ہے حالانکہ ہسپتال کی حالت یہ ہے کہ زچہ خانہ میں پنکھے نہیں ہیں - ہر روز جو عورتیں delivery کے لئے جاتی ہیں ان میں سے اکثر cases میرے نوٹس میں آئے ہیں کہ ان عورتوں کو پوری طبی سہولتیں نہیں ملتی ہیں اس لئے ان کا انتقال ہو جاتا ہے - کاش وزیر صاحبہ یہاں ہوتیں - میں ان کو خود ساتھ لیکر وہاں گیا تھا انہوں نے اپنی آنکھوں سے اس ہسپتال کو دیکھا اور جو انچارج لیڈی ڈاکٹر تھی اس نے خود انہیں بتایا کہ یہاں صابن تک نہیں ہے - وہ صابن خود اپنے گھر سے لیکر آتی ہیں - میں حیران ہوں کہ ان باتوں کے باوجود آپ ہمیں ٹرخا دیتے ہیں کہ سب کام ٹھیک ہو جائیں گے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی خدمت میں عرض کر دوں کہ میرے خیال میں یہ الزام بالکل بے بنیاد لگایا گیا ہے - محکمہ سوالوں کے جواب دیتے وقت ٹالنے کی کوشش نہیں کرتا - جب جواب تیار ہوتے ہیں تو سیکرٹری صاحب اس کو دیکھتے ہیں اور پھر بیگم صاحبہ اس کو دیکھتی ہیں - پھر اس کے بعد ان پر باقاعدہ بحث کی جاتی ہے پھر جواب approve ہوتا ہے- ممبر صاحب نے جو سوال کیا ہے مجھے ان کے جذبات کا پورا پورا خیال ہے اور میں محسوس کرتا ہوں کہ ان کی تسلی تب ہی ہو سکتی ہے جب گرانٹ دوگنی یا سہ گنی کی جائے - آپ خود اندازہ فرمائیں کہ جو رقم اس محکمے کے لئے مختص کی گئی ہے ہم نے اس کے اندر ہی رہ کر کام کرنا ہے - جیسا کہ میں نے کل کراچی کے متعلق عرض کیا تھا کہ وہاں رضاکارانہ طور پر بہت سے کام ہو رہے ہیں - میں درخواست

کروں گا کہ پشاور میں بھی کافی حضرات متمول موجود ہیں کہ وہ بھی رضاکارانہ طور پر کوشش کریں کہ کچھ رقم جمع ہو اور ان کی حالت بہتر بن سکے ۔ جہاں تک آپ کے اس اعتراض کا سوال ہے کہ سوالوں کے جوابات ایسے ہی دے دیئے جاتے ہیں میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کے جوابات بڑی اچھی طرح سے غور و خوض کر کے چھاپے جاتے ہیں بلکہ اگر آخری لمحے میں بھی پرنٹنگ کی غلطیاں ہوں یا ہمارا اتفاق رائے نہ ہو تو ہم اس میں تبدیلی کردیتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ ڈائرکٹوریٹ سے تازہ ترین اطلاع مہیا کرکے آپکو بہم پہنچائی جائے ۔

سید یوسف علی شاہ ۔ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ میں نے بے بنیاد الزام لگایا ہے ۔ اس کے ثبوت میں میں یہ عرض کروں گا کہ میں نے اپنے سوال نمبر ۱۱۲۴۰ میں یہ پوچھا تھا کہ پشاور شہر میں تین ڈسپنسریاں تقسیم ملک سے پہلے تھیں ۔ ان میں سے ایک بند ہو گئی تھی ۔ آپ نے آج تک مزید کوئی ڈسپنسری نہیں کھولی ہے ۔ اور جواب کو justify کرنے کے لئے آپ کہتے ہیں کہ ہم مزید ہسپتال قائم کر رہے ہیں ۔ وہاں جتنے بھی ہسپتال ہیں وہ تقسیم ملک سے پہلے کے ہیں ۔ آپ نے اس میں مینٹل ہسپتال کا ذکر بھی کیا ہے ۔ اور اس لئے ڈسپنسریاں نہیں کھولی ہیں کہ وہاں مینٹل ہسپتال بھی ہے ۔ آپ ڈسپنسری اور مینٹل ہسپتال کو at par treat کرتے ہیں پھر فرماتے ہیں کہ میں بے بنیاد الزام لگا رہا ہوں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ فرماتے ہیں کہ سید یوسف علی شاہ صاحب زیادہ گرانٹ مانگتے ہیں ۔ کیا انہوں نے زیادہ گرانٹ مانگی تھی ؟ وہ تو

یہ پوچھتے ہیں کہ جو ایک لاکھ روپیہ آپ دیتے ہیں اس میں آدھا خرچ کرتے ہیں اور آدھا خود کھا جاتے ہیں ۔ آپ بتائیں ان دونوں میں سے وہ کیا پوچھتے ہیں ۔ یا جو خرچ آپ نے دیا ہے وہ صحیح خرچ ہوا ہے یا آپ نے گرانٹ کم دی ہے ۔ ان میں وہ کیا پوچھتے ہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ آپ نے اس کی تفسیر خوب کر دی ہے ۔ انہوں نے ایسا نہیں کہا ہے ۔

سید یوسف علی شاہ ۔ جناب والا ۔ میں قائد ایوان سے استدعا کروں گا جس طرح انہوں نے Mental Hospital کے سلسلے میں یقین دھانی فرمائی تھی اسی طرح اس سلسلے میں بھی وہ ارشاد فرمائیں کہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب جا کر اس ہسپتال کو دیکھیں ۔ ویسے تو وہ مجھ سے بہتر سمجھتے ہیں لیکن جو باتیں ہم نے عرض کی ہیں اگر وہ درست ہوں تو کم از کم ان کی اصلاح کی جائے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب سپیکر ۔ پیشتر اس کے کہ قائد ایوان کچھ ارشاد فرمائیں میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب کبھی کسی جگہ کے لئے طبی سہولت مہیا کرنے کا جائزہ لیا جاتا ہے تو کم از کم علاقائی یا شہری ضرورت کی بنیاد پر ضرور اس کا جائزہ لیا جاتا ہے ۔ اگر ایک ڈسپنسری وہاں پر بند ہو گئی ہے تو سید یوسف علی شاہ صاحب جانتے ہیں کہ ہم نے ڈیڑھ کروڑ کے مصرف سے یونیورسٹی میں پانچ سو بستروں پر مشتمل ایک ہسپتال منظور کر رکھا ہے اور اس کے لئے ہم نے پچاس پچپن لاکھ روپے کی رقم اب تک release بھی کر دی ہے ۔ تو کیا یہ کافی نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں ماہرین کا بھی اضافہ کیا جا رہا

ہے - ایکسرے کا سامان اور عمیق ایکسرے اور ڈایاتھری کی مزید سہولتیں بھی وہاں پر دی جا رہی ہیں - تو ہم صرف تعداد کی طرف ہی نہیں دیکھتے بلکہ ہماری نظر کوالٹی پر بھی ہوتی ہے - تو کیا ان سب چیزوں کے علاوہ پانچ سو بستروں پر مشتمل ایک ہسپتال جو کہ ڈیڑھ کروڑ کی لاگت سے تعمیر کیا جا رہا ہے یہ کافی نہیں ہے -

سید یوسف علی شاہ - جناب والا - انہوں نے جو سخاوت فرمائی ہے میں اس کے لئے ان کا مشکور ہوں - لیکن میں یہ عرض کرونگا کہ یہ جو Teaching Hospital بن رہا ہے یہ خیبر میڈیکل کالج کے لئے بن رہا ہے اور ہر کالج کے ساتھ ایک Teaching Hospital ہوا کرتا ہے اس لئے جس ہسپتال کا وہ ذکر فرما رہے ہیں یہ خیبر میڈیکل کا ایک حصہ ہوگا - اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ پشاور میونسپل کمیٹی آپ کو چار لاکھ روپیہ سالانہ دیتی ہے اور آپ کے جواب کے مطابق آپ تین ڈسپنسریوں پر چالیس ہزار روپیہ خرچ کرتے ہیں - تو ہم آپ کو ہر سال دس گنا زیادہ رقم دیتے ہیں اور اس کے باوجود بھی آپ یہ فرماتے ہیں کہ آپ ہم پر مہربانی فرما رہے ہیں -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - جہاں تک ان کی contribution کا تعلق ہے اس وقت بھی اس محکمے کا بائیس لاکھ روپیہ پشاور میونسپل کمیٹی کے ذمے نکلتا ہے -

وزیر زراعت و خوراک - جناب والا - میں اس مسئلے کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک Fact Finding Committee لاہور سے بھیجی گئی تھی - انہوں نے اپنی رپورٹ مرتب کرلی ہے - سیکرٹری صاحب بھی وہاں جائیں گے اور اس کے متعلق کوشش کریں گے کہ آپ کی شکایات کا ازالہ ہو سکے -

سید یوسف علی شاہ ۔ جناب والا ۔ میں قائد ایوان کا مشکور ہوں ۔ لیکن میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پشاور میں جب یہ Fact Finding Committee بنی تھی اور جس کا میں خود بھی ایک رکن تھا اور ہم لوگوں نے تین چار ماہ کی محنت سے ہی یہ رپورٹ مرتب کرکے محکمے کو بھیج دی ہے اور ہمیں یقین دلایا گیا تھا کہ آئیندہ سال کے بجٹ میں اس رپورٹ کے مطابق رقوم مختص کی جائینگی ۔ لیکن اس کے باوجود بھی اس بجٹ پر اس رپورٹ کا کوئی اثر نہیں پڑا ۔

DOCTORS FROM BAHAWALPUR DIVISION

***13133. Khawaja Jamal Muhammad Koraija:** Will the Minister for Health be pleased to state:—

(*a*) the number of doctors qualifying from the Medical Colleges in the Province during 1962-63, 1963-64, 1964-65, 1965-66 and 1966-67;

(*b*) the number of doctors, out of those mentioned in (*a*) above who belonged to Bahawalpur Division and how many of them have been provided employment?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): (*a*)

1962-63	1963-64	1964-65	1965-66	1966-67
595	660	668	699	585

(*b*) (*i*) The number of doctors out of those who qualified during the years mentioned above and hailed from Bahawalpur Division are as follows:—

1962-63	1963-64	1964-65	1965-66	1966-67
14	18	9	15	

(*ii*) So far as the record of the Government is concerned the number of qualified doctors belonging to Bahawalpur Division who have been provided employment is 50.

خواجہ جمال محمد کوریجہ - کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب مجھے یہ بتائیں گے کہ ۱۹۶۲-۶۳ء میں انہوں نے ڈاکٹروں کی جو تعداد بتائی ہے اور ۱۹۶۶-۶۷ء میں جن ڈاکٹروں کو ملازمت دی گئی جو کہ بہاولپور ڈویژن سے تعلق رکھتے تھے ان کی تعداد آپ نے صرف دو بتائی ہے - تو کیا وہاں سے صرف دو درخواستیں ہی آئی تھیں یا ان کو اس کا اہل ہی نہیں سمجھا گیا - یعنی آپ نے ۱۹۶۶-۶۷ء میں کل پانچ سو پچاس ڈاکٹر ملازم رکھے تھے جن میں سے صرف دو بہاولپور ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں تو کیا آپ اس ڈویژن کی جانب متوجہ نہیں ہیں یا وہ اس کے اہل نہیں ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب جہاں تک ڈاکٹروں کی admission کا تعلق ہے اس کے لئے علاقائی کوٹہ مقرر ہے اور جہاں تک ان کے اس سوال کا تعلق ہے ہم نے یہاں پر صرف دو ڈاکٹروں کا ذکر کیوں کیا ہے تو ظاہر ہے بہاولپور ڈویژن سے صرف دو ڈاکٹر ہی لئے گئے ہوں گے -

خواجہ جمال محمد کوریجہ - کیا اس سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ یہاں پر جو کچھ لکھا گیا ہے وہ غلط ہے کیونکہ جب ہم آپ سے یہ سوال کرتے ہیں کہ بہاولپور ڈویژن کے کتنے ڈاکٹر آپ کے پاس ملازمت کر رہے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ آپ کے پاس ان کا ریکارڈ موجود نہیں ہے - تو جب آپ کے پاس ان کی ملازمت کا ریکارڈ ہی موجود نہیں ہے تو پھر آپ ان کی صحیح تعداد کس طرح بتلا سکتے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جواب کے حصہ (ب) میں میں نے ڈاکٹروں کی تعداد دکھا دی ہے - لیکن انہوں نے اپنے سوال میں یہ پوچھا کہ بہاولپور ڈویژن کے ڈاکٹر زیادہ کیوں نہیں ہیں تو اس کے لئے میں نے عرض کیا ہے کہ ریکارڈ موجود ہوتا تو میں عرض کر دیتا -

خواجہ جمال محمد کوریجہ - جناب والا - جو شخص بھی سرکاری ملازمت اختیار کرتا ہے اس کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے - لیکن وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ ان کے پاس ڈاکٹروں کا ریکارڈ موجود نہیں ہے - تو کیا اس جواب میں جو کچھ کہا گیا ہے یہ جعل سازی نہیں ہے -

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : It is already given in part (*ii*).

مسٹر سپیکر - لیکن جو ڈاکٹر بھی سرکاری ملازمت اختیار کرتا ہے اس کا ریکارڈ تو آپ کے پاس موجود ہوگا - تو پھر بہاولپور کے متعلق آپ کے پاس ریکارڈ کیوں نہیں ہے -

Minister for Law : So many qualified, and so many have been employed.

Mr. Speaker: But in part (*ii*) you say "Government have no record of such doctors who have been provided employment.....

Parliamentary Secretary : Their number is 50 Sir.

Mr. Speaker: ".....as it is not possible to keep such record....."

Minister for Law : Perhaps this is wrong. It should have been "who have not been provided employment..."

Parliamentary Secretary : Sir, the number of doctors from Bahawalpur is 50, who have been given employment.

مسٹر سپیکر - کیا کل پچاس ڈاکٹر ہیں ؟

خواجہ جمال محمد کوریجہ - جناب سپیکر - یہ میں ان کو بتا دیتا ہوں کہ ان کی کل تعداد اٹھاون ہے - لیکن اگر وہ کہتے ہیں کہ پچاس ڈاکٹر ہیں تو ان کا نام بتائیں -

Mr. Speaker : The Member should give a fresh notice for that.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - بہاولپور ڈویژن کی حدود کہاں تک ہیں اور اس میں کون کون سے اضلاع شامل ہیں ؟

مسٹر سپیکر - یہ تو آپ کو بھی معلوم ہونا چاہئے -

چودھری عبدالغنی - جناب والا - انہوں نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ ہر ڈویژن کے لئے کوٹہ مقرر ہے - تو کیا بہاولپور کے لئے بھی مقرر ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب سپیکر - میں نے یہ عرض کیا تھا کہ admission کے لئے ہر علاقے کے لئے کوٹہ مقرر ہے اگر آپ اس کے لئے نیا سوال پوچھیں تو میں بتا دوں گا کہ بہاولپور ڈویژن کے لئے کتنا کوٹہ مقرر ہے -

---

GIRL STUDENTS FROM BAHAWALPUR DIVISION STUDYING IN FATIMA JINNAH MEDICAL COLLEGE FOR WOMEN, LAHORE

*13137. **Khawaja Jamal Muhammad Koraija:** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) the present number of girl students studying in the Fatima Jinnah Medical College for Women, Lahore alongwith the number of girl students who belong to Bahawalpur Division ;

(*b*) the yearwise number of girl students admitted in the said College during the last 5 years who hailed from Bahawalpur Division ;

(*c*) whether any regional quota has been fixed for admission to the said College; if so, details thereof ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): (*a*) (*i*) The present number of students studying 485

(*ii*) The number of students belonging to Bahawalpur Division 15

(*b*) Number of students admitted with year from Bhawalpur Division

1963-64	3
1964-65	3
1965-66	3
1966-67	3
1967-68	3

(*c*) Regional quota has been fixed for admission in F. J. M. C. for Women, Lahore, and the details are given below—

	West Pakistan Government	Central Government	Total
1. Peshawar and Dera Ismail Khan Divisions.	6 seats provided that at least one of the seats should go to a candidate from Dera Ismail Khan Division and one to rural areas.	1 seat for Former N.-W.F.P.	7
2. Lahore and Rawalpindi.	7 seats provided that at least two seats should go to Rawalpindi Division and one to rural area.	2 seats for Former Punjab.	9
3. Multan, Sargodha and Bahawalpur Divisions.	9 seats provided that at least 2 seats should go to candidates from each the 3 Divisions and one to rural area.	1 seat for Former Bahawalpur.	10
4. Khairpur and Hyderabad Divisions.	6 seats one of these should go to rural area.	1 seat for Former Khairpur State and 3 seats for Former Sind.	10
5. Karachi Division	7 seats ...	3 seats ...	10
6. Quetta and Kalat Divisions.	5 seats out of which at least one should be for Kalat Division and one for rural area.	1 seat for former Baluchistan and one seat for Former Baluchistan Union.	7
7. East Pakistan ...	...	15 seats ...	15
8. Tribal Area ...	...	2 seats ...	2
9. Azad Kashmir	...	5 seats ...	5
10. Foreign National	...	5 seats ...	5
Total ...	40 seats ...	40 seats ...	80

	West Pakistan Government		Central Government		Total
11. Doctor's Daughters.	3 seats	...	2 seats	...	5
13. Military personnal.	3 seats	...		...	3
Total ...	46 seats	...	42 seats	...	88 seats

خواجہ جمال محمد کوریجہ - جناب والا - بہاولپور ، ملتان اور سرگودھا ڈویژنوں کو یکجا کر کے نو نشستیں ان کے لئے مقرر کی گئی ہیں اور ان میں سے بقول ان کے انہوں نے ہر ایک ڈویژن کو تین تین نشستیں دینی ہیں تو پھر بہاولپور کے لئے ایک کیوں کہا گیا ہے -

Parliamentary Secretary : Nine seats, provided that at least.....

خواجہ جمال محمد کوریجہ - پہلے آپ اپنی زبان کو اپنائیں اس کے بعد انگریزی میں ارشاد فرمائیں -

Parliamentary Secretary ; Sir, I protest against the attitude of the Member. I am just answering a question and he is trying to correct me.

چودھری محمد نواز - آپ کو کیا حق پہنچتا ہے کہ آپ اس طرح سے threat کریں -

پارلیمنٹری سیکرٹری - میں threat تو نہیں کر رہا ہوں -

مسٹر سپیکر - بہر حال - فاضل ممبر یہ چاہتے ہیں کہ آپ اردو میں جواب دیں -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - جیسا کہ جواب میں عرض کیا گیا ہے کہ ملتان ، بہاولپور اور سرگودھا ڈویژنوں کے لئے نو نشستیں مخصوص ہیں ان میں سے دو نشستیں ہر ڈویژن کو دی جائینگی -

At least two seats should go to candidates from each of the three Divisions.

اور ایک نشست دیہی علاقوں کے لئے مخصوص ہے اور جو باقی نشستیں ہیں وہ merits پر دی جاتی ہیں ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ جناب والا ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ دیہات میں کتنی نشستیں دی گئی ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ کافی نشستیں دی جاتی ہیں ۔ اگر یہ تفصیل سے پوچھنا چاہتے ہیں تو مجھے نوٹس دے دیں تو پھر میں بتا دونگا ۔

DISTRICT HOSPITALS IN BAHAWALPUR DIVISION

***13138. Khawaja Jamal Muhammad Koraija :** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) the present number of district hospitals in Bahawalpur Division alongwith the number of beds provided in each hospital ;

(*b*) the number of hospitals, out of those mentioned in (*a*) above, as were functioning before 14th October 1955 alongwith the number of beds provided therein at that time ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) Four.

(1) B.V. Hospital, Bahawalpur	...	425 beds.
(2) District Headquarter Hospital, Bahawalnagar	...	100 beds.
(3) District Headquarter Hospital, Rahimyar Khan		70 beds.
(4) Jubilee Female Hospital, Bahawalpur	...	10 beds.

(*b*) All the above Hospitals were functioning before 14th October 1955 and their bed strength was as given below :—

(1) B.V. Hospital, Bahawalpur	...	246 beds.
(2) Civil Hospital, Bahawalnagar	...	60 beds.
(3) Civil Hospital, Rahimyar Khan	...	70 beds.
(4) Jubilee Female Hospital, Bahawalpur	...	10 beds.

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ میں نے اس سوال میں یہ پوچھا ہے کہ ڈسٹرکٹ ہسپتالوں کی موجودہ تعداد کتنی ہے نیز ہر ہسپتال میں کتنے بستر مہیا کئے ہوئے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اس کا جواب حصہ (ب) میں دے دیا گیا ہے ۔

صاحبزادہ نور حسن ۔ جناب والا ۔ میں عرض کرتا ہوں ۔ کہ اکتوبر ۱۹۵۵ء سے بی ۔ وی ہسپتال میں کسی ایک بستر کی بھی ایزادی کی ضرورت نہیں سمجھی گئی ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میں فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کروں ۔ کہ وہاں بستروں کی تعداد ۲۴۶ سے ۴۲۵ تک پہنچ گئی ہے ۔

صاحبزادہ نور حسن ۔ جناب والا ۔ یہ صرف زنانہ ہسپتال ہے ۔ اس کے لئے ضروری توجہ دینی چاہئے تھی ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میں یقین سے نہیں کہہ سکتا لیکن زنانہ وارڈ میں ضرور اضافہ ہوا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ جس چیز کا آپ کو یقین نہ ہو وہ اس ہاؤس میں بیان نہ فرمائیں ۔

URBAN AND RURAL HEALTH CENTRES SET UP IN BAHAWALPUR DIVISION

***13140. Khawaja Jamal Muhammad Koraija :** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) the number of (*i*) Urban and (*ii*) Rural Health Centres set up in the Province during the period from 1964-65 to 1967-68;

(*b*) the number of Health Centres, out of those mentioned in (*a*) above, as were set up in the Bahawalpur Division ;

(*c*) whether it is a fact that inadequate medical facilities are available in Hospitals in Bahawalpur Division as compared to other Divisions of the Province ; if so, the steps intended to be taken by the Government to increase the medical facilities in the said Division ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) Twenty-seven. (*b*) Three.

(*c*) No for the first part. However, Government is continuing to develop further facilities already available in Bahawalpur Division as also to establish more facilities in the said Division in places where medical aid facilities are not already available. In this connection the expansion and upgrading of the existing District Headquarter Hospital, Bahawalnagar has been almost completed and that of the District Headquarter Hospital, Rahimyarkhan, is in advanced stage, to be completed next year. The upgrading of the Tehsil Headquarter Hospital, Ahmadpur East and the Town Committee Hospitals, Minchinabad, Hasilpur and Ahmedpur East have also been sanctioned and completed. Bahawalpur is the only Division where Health Department have gone out of its way to sanction funds out of Health Department resources for upgrading the Town Committee Hospitals. Specialist have also been sanctioned for the District Headquarter Hospital, Rahimarykhan where the post of Medical Superintendent has also been separately sanctioned from the current financial year. Dental Clinics have been established in all the District Headquarter Hospitals and also in the Tehsil Headquarter Hospital, Ahmadpur East and will be established in the Tehsil Headquarter Hospital, Khanpur from the next year. The Director, Health Services, Bahawalpur, has already been requested to submit proposal for additional Rural Health Centres in Bahawalpur Division and these will be sanctioned in accordance with the funds appropriated by the Provincial Assembly.

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری یہ بیان فرمائیں گے کہ اس میں تمام جگہوں کے نام دیئے ہیں ۔ لیکن تحصیل علی پور کا نام نہیں ہے جو کہ ایک اہم تحصیل ہے ۔ کیا آپ وہاں پر بھی کوئی ہسپتال بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اس کے لئے مجھے fresh نوٹس دیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا شہری آبادی ، دیہی آبادی سے زیادہ ہے اس لئے دیہی آبادی کی طرف توجہ نہیں دی گئی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اس سے یہ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

Mr. Speaker : In part (*a*) of the question it has been asked —

"(*a*) the number of (*i*) Urban and (*ii*) Rural Health Centres set up in the Province during the period from 1964-65 to 1967-68 ; "

and the Parliamentary Secretary has given the answer —

"(*a*) Twenty-seven.
(*b*) Three."

حاجی صاحب صرف یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ شہری آبادی کتنی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ان کی کل تعداد شہری اور دیہاتی آبادی کو ملا کر ... ...

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے کہا ہے کہ ۲۷ ہے ۔

صاحبزادہ نور حسن ۔ جناب والا ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ بہاولپور ڈویژن کے لئے جو دیہی ہیلتھ سنٹر تجویز کئے گئے تھے کیا وہ تعمیر ہو چکے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ وہ سب تعمیر ہو چکے ہیں ۔

صاحبزادہ نور حسن ۔ چشتیاں میں شہر فرید کے لئے تین سال ہوئے ہیلتھ سنٹر کی تجویز کی گئی تھی ۔ لیکن ابھی تک وہاں کوئی کام نہیں ہوا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ آپ کونسے ہیلتھ سنٹروں کے متعلق کہہ رہے ہیں ۔

صاحبزادہ نور حسن - جن ہیلتھ سنٹروں کے متعلق آپ منظوری دے چکے ہیں - کیا ان کی تعمیر ہو چکی ہے ؟

مسٹر سپیکر - اس کے لئے علیحدہ سوال دے دیں -

RURAL HEALTH CENTRES

*13193. **Syed Muhammad Murad Shah** : Will the Minister for Health be pleased to state the divisionwise number of Rural Health Centres opened in the Province during 1962-63 to 1966-67 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) :

(1) Peshawar Division	...	... Eight
(2) Dera Ismail Khan Division	...	... Four.
(3) Rawalpindi Division	...	... Seven.
(4) Lahore Division	...	... Three.
(5) Sargodha Division	...	... Eight.
(6) Multan Division	...	... Three.
(7) Bahawalpur Division	...	... Four.
(8) Khairpur Division	...	... Four.
(9) Hyderabad Division	...	... Eleven.
(10) Quetta Division	...	... Three.
(11) Kalat Division	...	... Six.

میر خدا بخش تالپور - ہمارے علاقہ میں جو ہیلتھ سنٹر بنے ہوئے ہیں وہ بہت اچھے ہیں لیکن ان میں ڈاکٹروں کا کوئی بندوبست نہیں - کیا آپ ڈائرکٹر ہیلتھ کو کہیں گے کہ وہ کوئی انتظام کریں - لوگوں کو بہت تکلیف اٹھانی پڑتی ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - ہم یقین دلاتے ہیں کہ ہم ڈائرکٹر ہیلتھ کو کہیں گے کہ ان کا خاص خیال رکھا جائے -

چودھری محمد سرور خان - یہ جو division-wise ہیلتھ سنٹروں کی تقسیم کی گئی ہے - پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کو معلوم ہو گا کہ آبادی

کے لحاظ سے ملتان ڈویژن نمبر ۱ پر ہے اور لاہور ڈویژن نمبر ۲ پر ہے لیکن لاہور ڈویژن میں بہت کم ہیلتھ سنٹر بنائے گئے ہیں ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس کی کیا وجوہات ہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ کوئٹہ بھی آپ کے ساتھ ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ تناسب کے لحاظ سے کوئٹہ top پر ہے۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ لاہور میں اور کئی facilities ہیں ۔ گردونواح کے لوگ اس سے استفادہ کرتے ہیں ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ لاہور ایک بڑا شہر ہے لیکن لاہور ڈویژن میں آپ نے صرف تین دیہی ہیلتھ سنٹرز بنائے ہیں ۔ کیا آپ بتائیں گے کہ اس کی کیا وجوہات ہیں یہ facilities تیرہ یا چودہ پیسے فی مریض پڑتی ہیں حالانکہ لاہور سارے ویسٹ پاکستان کا مرکز ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میں عرض کر چکا ہوں ۔

رائے منصب علیخان کھرل ۔ محترم پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ چونکہ یہاں ہسپتالوں کی تعداد زیادہ ہے اس لئے لاہور ڈویژن میں کم رورل ہیلتھ سنٹر بنائے گئے ہیں ۔ دیہاتوں میں یہ facilities نہیں ہیں ۔ جہاں تک دیہات کا تعلق ہے یہ صورت حال نہیں ۔ وہاں بہت کمی ہے ۔ لاہور ڈویژن کو اتنے کم ہیلتھ سنٹر دئے ہیں اس کی کیا وجوہات ہیں جو تفصیل یہاں دی گئی ہے اس میں ایک جگہ آٹھ ہیں ایک جگہ ۱۱ ہیں لیکن لاہور کے لئے صرف ۳ ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جس وقت محکمہ priority fix کرتا ہے تو اس کے سامنے کئی باتیں ہوتی ہیں جن کو دیکھنا پڑتا ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان میں عرض کر دوں کہ سب چیزوں کا خیال

رکھا جاتا ہے ۔ یہ کہ آیا اس کے قریب کوئی medical facilities ہیں یا نہیں یا یہ شہر Provincial seat of Government ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا رورل ہیلتھ سنٹرز کی سکیم drop تو نہیں ہو چکی ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جی نہیں ۔ اس دفعہ ۳۰ لاکھ روپیہ مل سکا ہے ۔ اس سے تقریباً دس ہیلتھ سنٹرز بن سکیں گے ۔ اب دیکھیں وہ کس کس کی قسمت میں ہیں ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ کیا یہ ممکن نہیں کہ ہر یونین کونسل کے ہیڈ کوارٹر میں ایک ہیلتھ سنٹر بنا دیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ چالیس ہزار کی آبادی پر ایک دیہی ہیلتھ سنٹر قائم کیا جاتا ہے ۔ ایک پرائمری ہیلتھ سنٹر ہوتا ہے اور دو یا تین رورل ہیلتھ سنٹر ہوتے ہیں ۔ یعنی آٹھ دس ہزار کی آبادی پر ایک medical unit ضرور ہوتا ہے ۔

رئیس حاجی دریا خان جلبانی ۔ یہ تجویز کب عمل میں آئے گی؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ سکیم دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں شروع ہوئی تھی ۔ پچاس ساٹھ ہیلتھ سنٹر قائم ہوئے تھے اس عرصہ میں بیس اور قائم ہو جائیں گے دراصل اس کا دارومدار مالی وسائل پر ہے ۔ اسمبلی جتنا پیسہ منظور کرتی ہے اس کے مطابق ہیلتھ سنٹر کھولے جا سکتے ہیں ۔

رائے منصب علیخان کھرل ۔ میرے سوال کا جو جواب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے دیا ہے میں نہیں سمجھا ۔ انہوں نے صرف اتنا کہہ دیا ہے کہ لاہور صوبائی حکومت کا دارالحکومت ہے اور بڑا شہر ہے ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا لاہور ڈویژن کے دیہات کے لئے ہیلتھ سنٹروں کی ضرورت نہیں ہے ۔ اس ڈویژن کو اتنے کم ہیلتھ سنٹر کیوں دئے گئے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ لاہور شہر Provincial Government کی seat ہے اور تمام صوبہ کی ضروریات کو cater کرتا ہے ۔ گردونواح کے لوگ اس سے استفادہ کرتے ہیں یا وہ جو قرب و جوار میں ہیں ۔

Mr. Speaker : The Question Hour is over now.

Parliamentary Secretary (Health) : Sir, I place the remaining answers to the questions on the Table of the House.

SHORT NOTICE QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : We will now take up Short Notice Questions. First question is from Syed Yusaf Ali Shah. The Member may please read out his question.

ANNUAL GRANT OF UNIVERSITY OF PESHAWAR, PUNJAB AND SIND, UNIVERSITY OF ENGINEERING AND TECHNOLOGY, LAHORE AND AGRICULTURAL UNIVERSITY, LYALLPUR

***13826. Syed Yusaf Ali Shah :** Will the Minister for Education be pleased to state :—

(*a*) the annual grant given and proposed to be given to the Universities of Peshawar, Punjab and Sind, the University of Engineering and Techonology, Lahore and the Agricultural University, Lyallpur during the years 1967-68 and 1968-69 ;

(*b*) the number of educational institutions being run by the University of Peshawar ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) The annual grants given and proposed to be given to the Universities of Peshawar, Punjab, Sind, Engineering and Agriculture are as under :—

		1967-68	1968-69 (Proposed)
		Rs.	Rs.
1.	University of Peshawar (including Pashto Academy).	46,42,780/-	47,92,780/-
2.	University of the Punjab (including Deptt. of Urdu Encyclopaedia of Islam).	51,20,370/-	53,20,370/-
3.	University of Sind (including Engineering College).	27,45,200/-	28,90,200/-

	1967-68	1968-69 (Proposed)
	Rs.	Rs.
4. University of Engineering and Technology (including Double Shift Programme).	41,74,000/-	45,18,200/-
5. Agricultural University, Lyallpur.	64,01,290/-	65,01,290/-

(*b*) The number of Institutions being run by the University of Peshawar is 15 in addition to 22 Teaching Departments of the University.

سید یوسف علیشاہ ۔ جناب والا۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے جو انفارمیشن دی ہے اس کے مطابق پشاور یونیورسٹی کو last year کی جو allocation تھی وہ ساڑھے چھیالیس لاکھ تھی اور اس سال ۴۷ لاکھ کی allocation ہے اور اس allocation میں یہ institutions شامل ہیں ۔ خیبر میڈیکل کالج پشاور، کالج آف ایگریکلچر ، کالج آف انجینئرنگ ۔ لا کالج ، کمرشل کالج ، کالج آف ایجوکیشن یونیورسٹی کے پبلک سکول اور مڈل سکول اور کچھ دوسرے institutions ہیں ۔ جب کہ دوسری یونیورسٹیوں کی صورت میں ، مثال کے طور پر میں پنجاب یونیورسٹی کے متعلق عرض کروں گا ، پنجاب یونیورسٹی کی اس سال کی proposed allocation ۵۳ لاکھ روپے ہے اور last year کی ۵۱ لاکھ ۲۰ ہزار روپے ہے ۔ لیکن پشاور یونیورسٹی کو اس سال صرف ۴۷ لاکھ روپے ملیں گے ۔ اس میں ایگریکلچر کالج اور ۱۵ دوسرے ادارے بھی شامل ہیں ۔ جب کہ پنجاب یونیورسٹی کو صرف اس کے لئے ۵۳ لاکھ روپے دئے جائیں گے اور ایگریکلچر یونیورسٹی لائل پور کو ۶۵ لاکھ روپے علیحدہ دئے جائیں گے اور ۴۵ لاکھ روپے انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی کے لئے علیحدہ دئے جائیں گے ۔ اس کے علاوہ فاطمہ جناح میڈیکل کالج کو ۲۰ لاکھ کی allocation ہے ۔ تو میں جناب وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ پنجاب یونیورسٹی کو اور دوسرے اداروں کو پشاور

یونیورسٹی سے بہت زیادہ رقم ملے گی - اور صرف ۴۷ لاکھ پشاور یونیورسٹی کو ملے گی - اس طرح پنجاب یونیورسٹی جو ادارے چلاتی ہے اور ان کو جو actual گرانٹ دی جاتی ہے اس سے بھی کم گرانٹ پشاور یونیورسٹی کو دی گئی ہے جبکہ پشاور یونیورسٹی بہت سے ادارے چلاتی ہے -

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علیخان) - جہاں تک constituent units کا تعلق ہے پشاور یونیورسٹی کے پاس کالجز ہیں لیکن وہاں طلباء کی تعداد اتنی زیادہ نہیں ہے جتنی کہ یہاں پر انجینئرنگ یونیورسٹی میں یا ایگریکلچر یونیورسٹی لائل پور میں ہے - یہ سوال پچھلے سال بھی اٹھایا گیا تھا اور پھر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے ایک کمیٹی مقرر کی تھی کہ وہ study group کی شکل میں جا کر وہاں سے حالات معلوم کر کے اپنی سفارش پیش کرے کہ کس طرح ان کے اخراجات میں کمی کی جاسکتی ہے - study group نے اپنی سفارشات پیش کیں اور ان کی سفارشات میں سے ایک یہ سفارش تھی کہ وہ constituent units کو کم کریں - یعنی جیسے کہ خیبر میڈیکل کالج ہے اگر وہ اس کو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو دے دیں تو اس کو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے بجٹ سے حصہ ملے گا - اسی طرح باقی جتنے بھی کالجز ہیں ان کو بھی وہ اپنے سے علیحدہ کر دیں تو ان کو consider کر لیا جائے گا - پھر یونیورسٹی کو کیا ضرورت ہے کہ وہ سکول بھی چلائے - ۱۹۶۳ء تک ان کی پوزیشن بہت اچھی تھی اور ان کے پاس ۲۰ لاکھ کا surplus تھا لیکن ان کی مالی حالت ۶۴-۱۹۶۳ء سے خراب ہونا شروع ہوئی ہے اور آج حالت بہت بری ہے - ۳۰ جون ۱۹۶۵ء میں ان پر ۲۳ لاکھ ۵۳ ہزار کا قرضہ تھا جو بڑھتے بڑھتے ۱۹۶۷ء میں ۴۴ لاکھ ۶۴ ہزار تک پہنچ گیا ہے - اب خدشہ ہے کہ ۳۰ جون ۱۹۶۸ء کو یہ رقم بڑھکر کوئی ۶۹ لاکھ ۷۱ ہزار تک پہنچ جائے گی - وہاں بغیر کسی سے پوچھے

گچھے expansion ہوا ہے کسی ڈیپارٹمنٹ سے اس کے لئے consult نہیں کیا گیا ۔ financial resources کو نہیں دیکھا گیا ۔ اب ان کی پوزیشن خطرناک حد تک گری ہوئی ہے ۔ اب گورنر نے ایک کمیٹی مقرر کی ہے کہ وہ جا کر ان سے بات کرے اور اس ایوان کی اطلاع کے لئے میں عرض کرتا ہوں کہ میں خود بھی گورنر کے حکم پر پشاور گیا اور اس کے متعلق وائس چانسلر سے میٹنگ کی اور ان سے کہا کہ کوئی ایسے طریقے نکالے جائیں کہ فیس بڑھے اور اس طریقہ سے بڑھے کہ طلباء کے والدین پر بوجھ نہ پڑے اور ہم کفایت بھی کر سکیں ۔ اس کے متعلق فیصلہ ہوا لیکن پھر بھی کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا ۔ اب latest پوزیشن یہ ہے کہ گورنر نے ایک کمیٹی مقرر کی ہے ۔ اس ضمن میں یہ بھی عرض کرنا ضروری ہے کہ پشاور کے ایک روز نامہ ''خیبر میل،، نے ایک آرٹیکل لکھا اور اس میں اس نے لکھا ہے کہ یونیورسٹی کی مالی پوزیشن کمزور ہے ۔ انہیں مشکلات کا سامنا ہے حکومت کو چاہئے کہ مزید پیسہ دے دے لیکن اس نے جو یونیورسٹی کے حکام پر تنقید کی ہے وہ بھی قابل غور ہے ۔ تو ہماری کوشش یہ ہے کہ یہ ایک پرانی seat of learning ہے اور وہ اس علاقہ کی خدمت کر رہی ہے جہاں تک ہو سکے گا ہم اس کی مدد کریں گے اور اس کے لئے گورنر نے ایک کمیٹی مقرر کی ہے وہ دیکھیں گے کہ کس حد تک کفایت کر سکیں گے اور ہم انشاءاللہ ان کی مشکلات پر قابو پالیں گے ۔

سید یوسف علیشاہ ۔ جناب والا ۔ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ اس میں دوسرے کالجز اور associated institutions ہیں ان کے ساتھ طلباء کی تعداد کم ہے اور اس کے ساتھ یہ بھی فرمایا ہے اور یہ بھی suggest کیا ہے کہ aided institutions جو ہیں ان کی تعداد وہ کم کریں اور اس یونیورسٹی کا بہت تیزی سے expansion ہوا ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ

expansion کے لئے ایک جامع منصوبہ بنایا گیا تھا اور اس یونیورسٹی کی کارکردگی کے متعلق ہمارے پاکستان کے صدر جناب فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے خراج تحسین پیش کیا ہے انہوں نے کہا کہ جس طرح دوسرے institutions نے خدمات انجام دی ہیں اسی طرح پشاور یونیورسٹی نے بھی بہت خدمات انجام دیں اور انہوں نے دوسرے اداروں سے اس کا تقابل بھی کیا ۔ یہ کہنا کہ اس کا بغیر منصوبہ بنائے ہوئے expansion کیا گیا ہے ٹھیک نہیں ہے ۔ اس یونیورسٹی نے قوم کی بڑی خدمت انجام دی ہے اور یہ یونیورسٹی مشرق وسطیٰ کے طلباء کو بھی تعلیم دے رہی ہے ۔ اور آپ نے خود یہ تسلیم کیا ہے کہ اس کی مالی حالت خراب ہے اس میں مالی بحران ہے اور پھر آپ نے یہ بھی suggest کیا ہے کہ اس میں فیسیں بڑھا دی جائیں ۔ اس سلسلے میں میں عرض کرتا ہوں کہ جب وہاں طلباء داخل ہوتے ہیں تو ان سے دو دو تین تین مہینے کی فیسیں لی جاتی ہیں جس کے باعث وہ پریشان ہو جاتے ہیں اور وہ پہلے ہی مشکلات کا سامنا کرتے ہیں تو اگر آپ مزید فیس بڑھا دیں گے تو وہ اور مشکلات میں پڑ جائیں گے ۔ اس کے بعد آپ کا یہ فرمانا کہ اس یونیورسٹی نے جو expansion کیا ہے وہ درست نہیں ہے ۔ مجھے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ میں اس سے اتفاق نہیں کرتا ہوں ۔ میں عرض کروں گا کہ اگر آپ میڈیکل کالج اور ایگریکلچرکالج کو یہ سمجھتے ہیں کہ ان کا یونیورسٹی سے کوئی تعلق نہ ہونا چاہئے تو آپ ان کو یونیورسٹی سے الگ کر دیں۔ اس کے متعلق آپ علیحدہ گرانٹ دیں لیکن جو دوسرے کالجز ہیں وہ تو اس کے ساتھ رہیں گے ۔ لیکن اسلامیہ کالج اور اسلامیہ سکول جو تھا وہ پاکستان بننے سے قبل تھا ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ صاحبزادہ سر عبدالقیوم نے ایک ٹرسٹ قائم کیا تھا اور اس ٹرسٹ میں جو پراپرٹی تھی وہ ان کو چلا رہی تھی ورنہ یہ ادارے بند ہو جاتے ۔

ان گذارشات کے ساتھ میں عرض کروں گا کہ اس پر دلچسپی سے غور فرمائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے دریافت تو کچھ نہیں کیا بلکہ دلچسپی لینے کو کہا ہے ۔

سید یوسف علیشاہ ۔ جناب والا ۔ میں نے یونیورسٹی کی کارکردگی کے متعلق عرض کیا ہے کہ اس کے پیش نظر یہ دلچسپی سے غور کریں اور اس کو مزید مالی امداد دیں ۔

وزیر تعلیم ۔ اگر کچھ ایسے حالات رہے تو پھر ہمیں بہت خطرناک صورت سے دو چار ہونا پڑے گا ۔ اس لئے گورنر صاحب نے ایک کمیٹی مقرر کی ہے کہ وہ کسی طریقہ سے بچت کے ذرائع نکالے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جیسا کہ فاضل وزیر تعلیم نے فرمایا ہے کہ یونیورسٹی کی مالی حالت بے حد خراب ہے تو اس سلسلے میں میری گذارش یہ ہے کہ گورنر صاحب نے پہلے بھی ایک کمیٹی مقرر کی تھی اور اب پھر مقرر کی ہے ۔ بعض تعلیمی ادارے ہیں جن کی گرانٹ کم کر دی جاتی ہے تو کیا فوری طور پر جناب وزیر تعلیم اس پر غور کریں گے کہ ان کو فوری طور پر علیحدہ کرکے ان کو گرانٹ دیں کیونکہ پایا گیا ہے کہ پرنسپل اور سٹاف کو تنخواہیں نہیں ملتیں ۔ اس دفعہ جو ۵۰ لاکھ روپیہ ریلیز کیا جا رہا ہے ہسپتال کے لئے اس رقم کو بھی ان کی تنخواہوں میں بانٹ دیا ہے تو میں اس صورتحال کے پیش نظر دریافت کرتا ہوں کہ ہسپتال کیسے بنے گا ۔

وزیر تعلیم ۔ چھلنی میں اگر پانی ڈالیں تو وہ نیچے ہی گرے گا ۔ ہم نے کوشش کی ہے جتنی جلد ہو سکے ہم ان کی علیحدہ طور پر امداد کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد - میں وزیر تعلیم سے پوچھتا ہوں کہ یہ تو مانا آپ نے گرانٹ کم دیا لیکن جو گرانٹ مقرر کیا کیا آپ اسے اسی سال میں دیں گے ؟

وزیر تعلیم - اسی سال کے اندر گرانٹ دیجاتی ہے - پچھلے سال جتنی مقرر ہوئی تھی وہ اسی سال کے اندر دی گئی تھی -

مسٹر حمزہ - کیا جناب وزیر تعلیم مجھے بتائیں گے کہ آیا سابقہ پنجاب کے علاقہ میں جو یونیورسٹیاں قائم ہیں ان کو جو گرانٹ دی جاتی ہے وہ فی طالبعلم کے حساب سے دی جاتی ہے اور کیا یہ بھی حقیقت نہیں ہے کہ سابقہ پنجاب کے علاقے میں جو یونیورسٹیاں قائم ہیں وہاں پشاور کے مقابلہ میں طلباء کی تعداد چار گنا ہے ؟

وزیر تعلیم - جہاں تک گرانٹ کا تعلق ہے وہ ضرورت یا ضروریات کو دیکھکر یونیورسٹیوں کو دیتے ہیں - طلباء کی اس میں تعداد آجاتی ہے - تو جہاں تک یونیورسٹیوں اور کالجوں کی گرانٹ کا تعلق ہے اس کا طلباء کی تعداد یا ان کے تناسب سے کوئی واسطہ نہیں - اس ضمن میں میں فاضل ممبر سے اتفاق نہیں کرتا -

Mr. Speaker : Next question, Syed Yusaf Ali Shah.

Syed Yusaf Ali Shah : Sir, I don't want to ask question No. 13827.

Mr. Speaker : Next question by Syed Yusaf Ali Shah, No. 13853.

LADY READING HOSPITAL, PESHAWAR

***13853. Syed Yusaf Ali Shah :** Will the Minister for Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the grant to the Lady Reading Hospital, Peshawar is being given at Rs. 3.50 per bed whereas in the case of Mayo Hospital Lahore, the grant is at Rs. 8.00 per bed ;

(*b*) the number of beds in all the teaching Hospitals in West Pakistan, along with the amount of annual grant for the years 1967-68 and 1968-69 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) Grant to the hospitals is not given for in-patients, but it is also given for the treatment of out-patients. As such for Mayo Hospital and Lady Reading Hospital the grant per bed would amount to be Rs. 9.02 & Rs. 6.64 per bed respectively.

(*b*)

Name of Institution	Bed strength	Annual allocation for 1967-68	Proposed allocation 1968-69	Actual
		Rs.	Rs.	
1. Mayo Hospital, LHR.	867	46,07,300	58,20,800	Allocation for 1967-68 cannot be indicated at this stage, as the budget has not, so far been approved by the Provincial Assembly.
2. Lady Reading Hospital.	640	18,11,080	18,70,900	
3. Ganga Ram Hospital, LHR.	475	21,01,760	21,99,970	
4. Nishtar Hospital, Multan.	527	22,59,680	23,15,740	
5. Liaquat Medical College Hospital, Jamshoro.	770	27,39,120	27,55,130	
6. Civil Hospital, Karachi.	925	49,38,050	51,66,180	

سید یوسف علیشاہ - یہ جو سٹیٹمنٹ دی ہے اس کے مطابق میو ہسپتال میں ۸۶۷ بستر ہیں اور رقم ہے ۵۸ لاکھ ۲۰ ہزار ۸۰۰، لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے بستروں کی تعداد ۶۴۰ اور رقم ۱۸ لاکھ ۷۰ ہزار ۹۰۰ روپیہ - گنگارام ہسپتال لاہور میں بستروں کی تعداد ۵۲۷ اور allocation ہے ۲۱ لاکھ ۹۹ ہزار ۹۷۰ روپیہ - نشتر ہسپتال ملتان میں بستروں کی تعداد ۵۲۷ اور allocation ہے ۲۳ لاکھ ۱۵ ہزار ۷۴۰ روپیہ - لیاقت میڈیکل ہسپتال جام شورو میں بستروں کی تعداد ۷۷۰ اور allocation ہے ۲۷ لاکھ

۵۵ ہزار ۱۳۰ روپیہ اور سول ہسپتال کراچی میں بستروں کی تعداد ۹۲۵ اور allocation ۵۱ لاکھ ۶۶ ہزار ۱۸۰ روپیہ ہے - تو ان اعداد و شمار پیش نظر میں آپ سے یہ دریافت کروں گا کہ آپ نے کس بنیاد پر یہ رقومات مختص کی ہیں اور ان کا جواز کس طرح پیش کر سکتے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - in-door اور out-door مریضوں کی تعداد پر اس چیز کا انحصار ہوتا ہے اور یہی اس چیز کی بنیاد ہوتی ہے -

The department treats ten out-door patients equivalent to one in-door patient.

اس سلسلے میں انکوائری کمیٹی مقرر ہوئی تھی کچھ سفارشات کی گئیں کچھ ان کی سفارشات منظور بھی ہوئیں - مثلاً ایڈیشنل سٹاف کے لئے اور اس کے علاوہ کچھ تھوڑی بہت گرانٹ کے لئے - باقی سفارشات فائننس ڈیپارٹمنٹ کو بھیجی ہوئی ہیں جن کے مطابق میں فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ تقریباً ۱۵ لاکھ روپیہ لیڈی ریڈنگ ہسپتال کو دئے جانے کی تجویز ہے - یہ چیز فائننس ڈیپارٹمنٹ کے زیرغور ہے اور مجھے اُمید ہے کہ وہ اس پر ہمدردی سے غور کریں گے اور جو فاضل ممبر اس ہسپتال کی مشکلات بیان فرما رہے ہیں وہ دور ہو جائینگی -

سید یوسف علیشاہ - یہ تو درست ہے کہ گرانٹ کے متعلق معاملہ زیرغور ہے مگر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ منسٹر صاحب پشاور گئے تھے میٹنگ ہوئی اور پھر لاہور میں میٹنگ ہوئی تو ان کو یہ تمام اعدادوشمار بتائے گئے تو اُنہوں نے اس بات کو تسلیم کیا کہ جو allocation لیڈی ریڈنگ ہسپتال کو دی گئی ہے وہ کم ہے - لاہور کی میٹنگ میں میں بھی موجود تھا - منسٹر فائننس بھی تھے انہوں نے فرمایا کہ ہم گرانٹ اس

لئے کم دیتے ہیں کہ آپ مانگتے نہیں ہیں - ہمارے ہسپتال میں ادویات کی سخت کمی ہے - سارے پشاور ریجن میں سے یہ بڑا ہسپتال ہے - اس میں مریضوں کی تعداد بھی کافی ہوتی ہے - in-door اور out-door دونوں زیادہ آتے ہیں -

جناب والا - جہاں تک میں جانتا ہوں ضلع گوجرانوالہ میں مظفر گڑھ نامی کوئی گاؤں نہیں ہے - نہ جلپانہ نامی گاؤں ہے - میرا خیال ہے - انہوں نے کسی دوسرے اضلاع کے گاؤں راھوالی شوگر مل کے حلقہ میں درج کر دیئے ہیں اور اس طرح راھوالی شوگر مل سے جو cess حاصل کیا گیا ہے - وہ بجائے اس علاقے میں صرف کرنے کے کسی دوسرے علاقے میں صرف کرنا غالباً مقصود ہے - کیونکہ میں سمجھتا ہوں . . . . .

مسٹر سپیکر - آپ درست کہتے ہیں - یہ دونوں گاؤں ہمارے ضلع میں نہیں ہیں -

Not to speak of mill area.

یہ دونوں گاؤں ہمارے ضلع میں نہیں ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ تو میں درخواست کروں گا کہ وزیر مواصلات مہربانی کر کے اس کے متعلق اطلاع حاصل کریں کہ کس طرح یہ دو مواضعات مظفر گڑھ اور جلپانہ ضلع گوجرانوالہ میں تصور فرمائے گئے ہیں یا راھوالی مل کے حلقہ میں ان کو خیال کیا گیا ہے ۔ اس میں یقیناً کوئی غلطی ہے جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے ۔ آپ اس ضلع کے ہر گاؤں سے واقف ہیں ۔ آپ نے ارشاد فرما دیا ہے کہ نہ صرف راھوالی کے علاقہ میں یہ مواضعات نہیں بلکہ یہ تمام ضلع میں ہی نہیں ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ راجہ صاحب تشریف رکھتے ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ کوئی ایسا گاؤں ہمارے ضلع میں نہیں ہے ۔

راجہ محمد عبداللہ خان ۔ کوئی نہیں ہے ۔

(قطع کلامی)

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ محترم وزیر خزانہ اور وزیر مواصلات نے ارشاد فرمایا ہے کہ وہ اس کا پتہ کر کے اس کی اصلاح کریں گے ۔ وہ اصلاح کا طریقہ کونسا ہو گا ۔ وہ کونسی سڑک اس میں شامل کی جائے گی ۔ اب یہی فیصلہ کریں گے ۔ مجھے تو وہ طریقہ معلوم نہیں ہے ۔

Minister for Finance: Might be a misprint ; we are thankful to you for pointing this out.

Khawaja Muhammad Safdar : But, Sir, I don't know how they can correct it now.

Mr. Speaker : It has been laid before the Assembly. This is the project and the resolution is about this project now.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں ۔ اب اس کی اصلاح کیسے ہو گی ۔ جناب والا ۔ میں ایک دوسری بات کے متعلق

وزیر مواصلات اور وزیر خزانہ کی توجہ خصوصیات سے دلانا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ میں بھی ان لوگوں میں سے ہوں جنہیں یہ دلچسپی تھی کہ گوجرانوالہ سیالکوٹ کی سڑک پر جہاں اس وقت ریلوے کراسنگ ہے ایک پل بنایا جائے ۔ اور پچھلے سال بھی اور اس اجلاس کے ابتداء میں میں نے بھی اس بحث میں حصہ لیا تھا ۔ اور وزراء صاحبان کی خدمت میں نہایت ادب سے درخواست کی تھی کہ اس سڑک پر ٹریفک بہت زیادہ ہے اور خصوصیت سے گوجرانوالہ شہر کا جہاں تک تعلق ہے ریلوے لائن نے شہر کو دو حصوں میں تقسیم کردیا ہوا ہے ۔ ایک حصہ پھاٹک کے اس طرف ہے اور دوسرا حصہ پرانا شہر پھاٹک کے مغرب کی طرف ہے ۔ آپ کو جناب والا یاد ہو گا ۔ کہ انصاری صاحب قتل ہو گئے تھے تقریباً دو سال ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ میاں بدرالدین تھے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میاں بدرالدین انصاری کو چاقو کا زخم لگا تھا ۔ اور جب ان کو ہسپتال لے جانے کی کوشش کی گئی تو پھاٹک بند تھا اس لئے تقریباً ۲۵،۲۰ منٹ ان کو رکنا پڑا جس سے انکا اتنا خون بہہ گیا کہ وہ بچ نہ سکے ۔یہ ہمارا تاثر ہے لوگوں کا تاثر ہے ۔ ایسے کئی ایک واقعات ہیں ۔ وہ تو ایک بڑا آدمی تھا جس کے متعلق لوگوں کو علم ہو گیا کہ اس کے ساتھ یہ حادثہ ہوا ہے ۔ کئی غریب آدمیوں کے ساتھ اس قسم کے واقعات ہوتے رہتے ہیں لیکن اس کا عام طور پر چرچا نہیں ہوتا ۔ گوجرانوالہ شہر کے لئے بذات خود بڑا مسئلہ ہے ۔ اس کے علاوہ سیالکوٹ کو جانے والی سڑک کی اہمیت میرے نزدیک بڑی ہے اور ہمیں اکثر لاریوں میں ۲۰،۱۵ منٹ اس پھاٹک پر رکنا پڑتا ہے ۔ ہمیشہ وہ پھاٹک بند ہوتا ہے ۔ بغیر رکے وہاں سے گذر نہیں سکتے لیکن

جو لوگ شہر کے رہنے والے ہیں اور انہیں ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ہوتا ہے تو ہر بار آنے جانے کے لئے ۱۵، ۲۰ منٹ رکنا پڑتا ہے۔ ۔ ۔

Minister for Finance: Sir, with your permission, I share the anxiety of the Leader of the Opposition. If I am not wrong, I am thankful to the Minister for Communications in having pointed out page 13, item No. 28.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا۔ انہوں نے نہایت ہی نوازش کی ہے۔ گوجرانوالہ کے شہریوں پر بھی اور سیالکوٹ میں بسنے والوں پر بھی کہ انہوں نے اس منصوبہ کو ان منصوبہ جات میں شامل کرلیا ہے ۔ لیکن جناب والا انہوں نے وہ صفحہ الٹا ہوا ہے جس میں یہ منصوبہ درج ہے وہ صفحہ میرے سامنے بھی کھلا ہے ۔ جناب والا۔ اس منصوبہ پر کل ۴۹ لاکھ ۳۴ ہزار روپے صرف ہونگے اور ۱۹۷۲-۷۳ء میں اس منصوبہ کا وہ حصہ جو وزیر مواصلات سے تعلق رکھتا ہے مکمل ہوگا ۔ اس منصوبے کا دوسرا حصہ جو کہ ریلوے لائن کے اوپر پل بنانے کا ہے وہ ریلوے ڈیپارٹمنٹ بنائے گی ۔ وہ منصوبہ ۱۹۷۳-۷۴ء میں شروع ہوگا اور ۱۹۷۶ء میں جا کر ختم ہوگا ۔ اب میری درخواست یہ ہے کہ میرے دونوں دوست وزیر صاحبان جو سامنے تشریف فرما ہیں خیال فرمائیں کہ گوجرانوالہ کی حالت کیا ہوگی ۔ لوگ کہاں سے گذرا کریں گے ۔ ان کی تکالیف میں ہزار گنا اضافہ ہو گیا ہے ۔ خدارا اس پہلو پر غور فرمائیں۔ کافی عرصہ تک لاریوں کو وہاں کھڑا رہنا پڑتا ہے ۔ یہ تو عادی ہیں لیکن بعض عام شہریوں کو سودا وغیرہ یا دوسرے کاموں کے لئے کئی بار آنا جانا پڑتا ہے۔ وہ کہاں سے گذرا کریں گے ۔ میں نہایت ادب سے ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ لوگوں کے مفاد کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس طرف فوری توجہ دیں گوجرانوالہ کاروباری شہر ہے ۔ تین چار لاکھ کی آبادی ہے ۔ اتنی بڑی آبادی کیلئے آسائش مہیا کریں آپ تو چھ سال تک اُن کو

عذاب میں ڈال رہے ہیں - ۴۹ لاکھ کوئی بڑی رقم نہیں - یہ ایسی رقم نہیں کہ خزانہ عامرہ سے صرف نہ ہوسکے - ابھی کل ہی یہ ایوان ۱۱ کروڑ کی رقم وزراء صاحبان کی صوابدید پر رکھنے والا ہے کہ جس طرح چاہیں خرچ کریں - اس ۱۱ کروڑ کی رقم میں ۵۰ لاکھ نکال لیں- دونوں اضلاع کی آبادی کے لحاظ سے یہ رقم اتنی بڑی نہیں -گوجرانوالہ اور سیالکوٹ کی آبادی تمام صوبہ کی آبادی کے پندرھویں حصہ سے زیادہ ہوگی -

مسٹر سپیکر -foreign exchange earning کے لحاظ سے ۶۰ فیصد ہے -

خواجہ محمد صفدر - جی ہاں foreign exchange earning کے لحاظ سے دونوں اضلاع سے حاصل شدہ آمدنی ۶۰ فیصد ہے -

Mr. Speaker: I hope the Finance Minister will excuse me for this.

Minister for Finance: Sir, today, we are completely disarmed because Khawaja Sahib has picked up Gujranwala. At one corner there is a representative of Gujranwala, at the other end also is a representative of Gujranwala and your honour too hails from Gujranwala. So, we are in an embarrassing position but the fact remains that we have made a beginning.

Khawaja Muhammsd Safdar: I am not satisfied with this beginning.

آپ نے جو رقم مختص کی ہے - I am not satisfied with this. یہ تو اونٹ کے منہ میں زیرہ والی بات ہے - ۵۰ لاکھ کی رقم کوئی بڑی رقم نہیں - خدا کا خوف کھائیے - آپ ۱۱ کروڑ کی رقم کہاں رکھیں گے - میرا یہ مطالبہ ہے کہ ان دونوں اضلاع کی آبادی کو سامنے رکھتے ہوئے اول تو اسی سال اس کام کو مکمل کیا جاوے - میری یہی خواہش ہے - لیکن اگر وزراء صاحبان کے سامنے کوئی بڑی دشواری ہے تو میں اگلے سال تک جانے کے لئے تیار ہوں - ورنہ ان وزراء کے خلاف میری یہ مستقل شکایت ہو گی- میں بار بار اعادہ کرتا ہوں کہ ضرورت اور اہمیت کے پیش نظر جب آپ

نے ایک منصوبہ منظور کیا ہے اور اگر آپ کو اس کی اہمیت کا بھی احساس ہے تو میں حیران ہوں آپ نے کس طرح ۵۰ ہزار کی رقم مختص کی ہے ۔ بجٹ میں اگر کسی اور جگہ گنجائش نہیں ہو سکتی تو آپ کے پاس ایک بڑی رقم contingency کی ہے ۔ جسے کل ہی اس ایوان میں بڑی اکثریت سے پاس کیا جائے گا ۔ اس ۱۱ کروڑ کی رقم میں سے ۹۰ لاکھ نکال کر اس منصوبہ پر صرف کر لیں اور آئندہ سال کے اندر اسے پایۂ تکمیل تک پہنچائیں ۔ ورنہ ہم تو بار بار کہنے سے باز نہیں رہیں گے آپ اندازہ فرمائیں کہ لوگ چھ سال تک کس طرح مصیبت بھگتیں گے ۔ کون زندہ رہے گا ۔ کون جانتا ہے چھ سالوں میں کیا ہو گا ۔ کیا معلوم ہم چھ دن بھی زندہ رہتے ہیں یا نہیں ۔ مجھے یہ کہنا پڑے گا ۔ ''کون جیتا ہے تیری زلف کے سر ہونے تک،، ۔ وزیر خزانہ وسیع القلبی کا مظاہرہ کریں اور میرے محترم دوست جونیجو صاحب بھی اپنے محکمہ کو gear up کریں تاکہ یہ منصوبہ پایۂ تکمیل تک پہنچ جائے ۔

اس کے بعد ایک اور بات عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اس میں چھوٹی چھوٹی سکیمیں ہیں ۔ میں نے سوچا شاید کوئی بڑی سکیم ہو گی ۔ لیکن میری تلاش کے باوجود نہیں ملی ۔ البتہ قادر آباد کے متعلق عرض کرونگا ۔ جب یہ بیراج بننے لگا تھا تو زمینداروں نے خود کہا تھا کہ یہاں سیم پیدا ہو جائیگی ۔ اس لئے کہ یہاں سطح زمین سے اوپر نہر چلتی ہے ۔ لیکن انجینئر صاحبان نے تسلی دی کہ ایسا نہیں ہو گا ۔ اس کو ایک سال ہوا ہے ۔ اب میرے پاس کچھ احباب آئے ہیں انہوں نے بتایا ہے کہ بعض علاقوں میں چھ چھ فٹ پانی کھڑا ہے ۔ لوگوں کے کھیتوں میں پانی کھڑا رہتا ہے ۔ انہوں نے مزید بتایا ہے کہ ۱۵ مربع میل اراضی میں جو لوگ بستے ہیں وہ نہ تو اپنے جانور باندھ سکتے ہیں نہ کہیں چل پھر سکتے ہیں ۔

اور دوسری ضروریات کے لئے ان کو سڑکوں پر جانا پڑتا ہے ۔ بعض جگہ کھیتوں میں ڈیڑھ دو فٹ پانی ہوتا ہے اور جہاں سطح نیچی ہے وہاں چھ چھ فٹ پانی کھڑا رہتا ہے ۔ وہ علاقہ چاول کی پیداوار کے لئے دنیا بھر میں مشہور ہے ۔ پچھلے تین سال سے چاول پیدا کرنے کے لئے یہ علاقہ نمبر ۱ ہے ۔ اس لحاظ سے یہ علاقہ جس کا میں ذکر کر رہا ہوں اور جو ۱۵ مربع میل میں پھیلا ہے اس وقت پانی میں ڈوب گیا ہے ۔ اس کے لئے ضرورت تھی کہ بیراج کے ساتھ ساتھ ایک سیم نالی کھودنے کا مناسب انتظام کیا جائے جس کی وجہ سے زمینوں میں سیم پیدا نہ ہوتی ۔ سیم کا سدباب کیا جاتا اور مناسب روک تھام کی جاتی اب وہ لوگ برباد ہو چکے ہیں اگر انسداد سیم کے لئے منصوبہ بنایا جائے گا تو اس پر ۱۵ مربع میل کے رقبہ میں ہونے والی پیداوار کا ایک ہزارواں حصہ بھی خرچ نہیں ہو گا اور لوگ بے شمار تکلیفوں سے بچ جائیں گے ۔ ورنہ یہ تو ایک قومی نقصان ہو رہا ہے ۔ میں حیران ہوں آپ نے اس میں اس منصوبہ کا ذکر تک نہیں کیا ۔ اس لئے میری درخواست ہے کہ کوئی صاحب خواہ وزیر خزانہ ہوں یا وزیر برق و آب ہوں یا کوئی اور وزیر صاحب اس علاقہ کی حالت کو خود ملاحظہ فرمائیں پھر اس کی اہمیت کا پتہ چل جائے گا ۔ اس کی نوعیت معلوم ہو جائے گی ۔ اس صورت حال کے پیش نظر میرا یہ مطالبہ بھی ہے کہ ۱۱ کروڑ روپیہ کی رقم سے جو ابھی پاس ہونے والی ہے یہ رقم نکال کر اس منصوبہ کو بنائیں اور اسی سال پایۂ تکمیل تک پہنچائیں ۔ وہ لوگ تباہ و برباد ہو چکے ہیں اب وہ کاروبار چھوڑ جائیں گے۔ حالانکہ یہ وسیع و عریض علاقہ بہت زر مبادلہ کماتا ہے مگر اب برباد ہو گیا ہے ۔

میں وزیر برق و آب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میرا

خیال تھا کہ project statement میں یہ منصوبہ آ جائیگا لیکن نہیں آیا ۔ پچھلے سال سیالکوٹ کے نمائندوں نے جو یہاں بیٹھے ہیں جن میں میں بھی ہوں بتایا تھا کہ چونڈہ کے علاقہ میں پانی نہیں ملتا ۔ لوگ نہ تو کنواں کھود سکتے ہیں نہ ہی ٹیوب ویل زیادہ گہرائی تک لے جا سکتے ہیں ۔ ان کے پاس تو پیسے نہیں کہ ٹیوب ویل ہی لگا سکیں ۔ وہاں کوئی سکیم بنائی جائے ۔ سروے کرایا جائے اور آئندہ سال کے لئے کوئی رقم مختص کی جائے لیکن مجھے افسوس ہے کہ میں اس میں تلاش کرتے کرتے تھک گیا کہ انہوں نے اس میں کوئی سکیم بنائی ہو ۔ یہاں انہوں نے دو سکیمیں بنائی ہیں جن کا نام ''چونڈہ نمبر ۱ اور چونڈہ نمبر ۲،، رکھا ہے لیکن ان کے لئے کوئی سرمایہ مختص نہیں کیا ہے کہ وہ سکیمیں کیسے بروئے کار لائی جائیں گی ۔ تو میں صرف اس قدر درخواست کروں گا کہ از راہ کرم اس علاقہ کے مختلف حصوں میں test-boring کرا دیں کیونکہ یہ ہمارا بارانی علاقہ ہے اگر وہاں بارش ہوتی ہے تو فصل اچھی ہوتی ہے اور اگر بارش نہیں ہوتی ہے تو فصل نہیں ہوتی ۔ لوگ وہاں کھیتوں میں بیج ڈال کر آسمان کی طرف دیکھنے لگتے ہیں کہ جب کوئی قطرہ آسمان سے گرے تو کسی پودے کی شکل نظر آئے ۔ اور میرے خیال میں جب کہ دنیا کی دو بڑی نہریں ہمارے ضلع سے گذرتی ہیں ۔ ایک مرالہ راوی لنک جس کا اب ڈسچارج کم ہو گیا ہے کیونکہ وہ ۲۲ ہزار کیوسک پانی کے لئے ڈیزائن کی گئی تھی لیکن اب اس میں ۱۵ ہزار کیوسک پانی چلتا ہے مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہ ہمارے علاقہ میں سیم تو دیتی ہیں مگر پانی نہیں دیتی ۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہمارے علاقہ کی ڈھلان ایسی ہے کہ ہم اس نہر سے استفادہ نہیں کر سکتے اور وہ بارانی علاقہ ہے جس کا میں ذکر کر رہا

ھوں وھاں یہ پانی مشکل سے پہنچ سکتا ہے ۔ میرا یہ مطالبہ نہیں ہے کہ یہ ھمیں نہری پانی دیں لیکن کوئی متبادل انتظام تو کر دیں ۔

وزیر آبپاشی ۔ یہ آپ کو معلوم ھی ہے کہ وھاں کچھ دشواریاں ہیں اس کے متعلق ھم کچھ کریں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ وہ اس علاقہ کے لئے کچھ کریں گے ۔ میں عرض کروں گا کہ انہوں نے یہ تو پتہ کر لیا ہے کہ زیر زمین پانی موجود ہے اور اس کو صرف اوپر لانا ہے تو اس کے لئے کوئی چھوٹا یا بڑا منصوبہ بنا لیا جائےجس سے پانی اوپر آجائے ۔ ان گذارشات کے بعد میں خصوصیت کے ساتھ بل کے لئے عرض کروں گا کہ اسکے متعلق میں نے جو درخواست کی ہے وہ قبول فرمائی جائے ۔ باقی جو کام ہے وہ تو ھو ھی جائے گا ۔

ملک محمد اختر (لاھور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے پروجیکٹ اسٹیمیٹ جو کہ آرٹیکل ۴۲ کے تحت آئندہ آنے والے سالوں کے لئے پیش کیا گیا ہے اس کو نہایت ھی دقیق نظر سے اور غور سے دیکھا ہے اور اس کا مطالعہ کیا ہے ۔ اس کتاب کے Volume-6 کے پہلے صفحہ پر ٹرانسپورٹ اور کیمونیکیشن کے لئے ۳۸۰۲۳ لاکھ روپیہ مہیا کیا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ یہاں پر دیگر مدات Physical Planning, Housing, Agriculture and Water & Power یعنی چار قسم کی منصوبہ بندی ہے جو ھمیں آئندہ سال میں کرنا ہے ۔ میں ان چاروں قسم کی منصوبہ بندی پر علیحدہ علیحدہ تبصرہ کروں گا ۔ سب سے اول میں اس ۳۸۰۲۳ لاکھ کی رقم کے متعلق عرض کرتا ھوں جو کیمونیکیشن کے لئے مخصوص کی گئی ہے جسمیں سے

اعشاریہ ۹۳ لاکھ روپے ۱۹۶۸-۶۹ء میں خرچ کئے جائیں گے اور ۶۰۷۶ لاکھ روپے اگلے سال ۱۹۶۹-۷۰ء کے لئے ہیں اور ۱۹۷۰-۷۱ء کے لئے ۵۰۶۵ لاکھ روپیہ ہیں اور ۱۹۷۱-۷۲ء کے لئے ۵۰۳۰ لاکھ روپے ہیں اور ۱۹۷۲-۷۳ء میں ۶۰۵۵ لاکھ روپے اور اسی طرح ۱۹۷۳-۷۴ء میں ۸۰۰۱ لاکھ روپے صرف کئے جائیں گے ۔ جناب والا ۔ مجھے اس ضمن میں یہ گذارشات کرنا ہیں کہ میں نے اپنی ریسرچ کے ذریعہ کچھ ایسے سورسز کا انکشاف کیا ہے جس سے ہماری حکومت مستفید نہیں ہو رہی ہے ۔ جناب والا ۔ میری مراد یہ ہے کہ ہمیں کچھ ایسے سورسز سے چند رقومات حاصل کرنا ضروری تھا جو صوبائی حکومت نہیں حاصل کر رہی ہے جو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ صوبائی حکومت کا مرکزی حکومت کے ساتھ ایک معاہدہ ہوا ہے جس کے لئے میں پانچ چھ لائینیں پڑھتا ہوں : —

"Although the construction and maintenance of roads is a provincial responsibility, the Central Government has vital interest in it because of national and international requirements. The assistance to the Provincial and state Government through the Central Road Fund which was established in 1949, by earmarking a portion of the Central Excise & Customs Duty on Motor Spirit other than aviation spirit, the rate of contribution was later enhanced in 1953 from 2½ to 5 annas."

جناب والا ۔ وائٹ پیپر کے صفحہ ۳ پر یہ دیا ہوا ہے لیکن یہ رقومات جو سرچارج ڈیوٹیز پر لگائی گئی ہیں جن کا ۸۵ فیصد ہمیں دیا جانا ہے اس میں سے ہم کو جو ۶۵ فیصد دیا جا رہا ہے وہ . . . .

Tax on income including Corporation tax, sales tax, excise duties on tea, tobacco and betelnuts.

یعنی جناب والا ۔ وہ رقم جو ہمیں روڈ فنڈز سے ۸۵ فیصد لینا ہے اور میرے ہاتھ میں جو دستاویزات ہیں ان کے مطابق ہم سنٹرل روڈ فنڈ سے یہ ۸۵ فیصد رقومات نہیں حاصل کر رہے ہیں اور اگر جناب والا ۔ آپ حاصل کر رہے ہیں تو آپ کے فائننس ڈیپارٹمنٹ کی negligence ہے کہ اس کو انہوں نے mention نہیں کیا ۔ آپ وائٹ پیپر کے صفحہ تین کو دیکھیں اس پر چار items ہیں :-

"(*i*) Taxes on income, including Corporation Tax, but not including taxes on income consisting of remuneration paid out of the Central Consolidated Fund.

(*ii*) Sales Tax.

(*iii*) Excise Duties on tea, tobacco and betelnuts.

(*iv*) Export duties."

جو میں نے refer کئے ہیں اور جن کو میں دوبارہ refer کرتا ہوں ۔ یہ سنٹرل روڈ فنڈ ہے جو ۱۹۳۹ء میں بنایا گیا جو سنٹرل ایکسائز کسٹم ڈیوٹی پر لیا جا رہا ہے ۔ سنٹرل ایکسائز کسٹم ڈیوٹی پر ہم نے سرچارج لگایا ہے اس سرچارج پر ہمیں ان سے ۸۵ فیصد لینا ہے لیکن ہم ایکسائز ڈیوٹی betelnut چائے اور تمباکو سے ۶۵ فیصد حصہ حاصل کر رہے ہیں ۔ یعنی جو روڈ فنڈز ہیں وہ میں آپ کے حوالہ کے لئے عرض کرتا ہوں ۔

Twenty years of Pakistan کے صفحہ نمبر ۳۰۹ کو میں refer کرتا ہوں جس میں کہا گیا ہے کہ ہمیں یہ ۸۵ فیصد لینا ہے روڈ فنڈ کا ۔ جناب والا سنٹرل ایکسائز ڈیوٹی پر other than aviation spirit پر جو ہم نے سر چارج لگایا ہے وہ ہمیں ۸۵ فیصد مرکزی حکومت سے لینا ہے اور اس فنڈ سے ۱۵ فیصد مرکزی حکومت maintain کرے گی تو جناب والا ۔ میں اس رقم کو کہیں نہیں پاتا ۔ اس کا نام سنٹرل روڈ فنڈ ہے ۔ آپ ملاحظہ

فرمائیں کہ سنٹرل روڈ فنڈ کا جو substitute اختیار کیا گیا ہے --- جناب والا - میں عرض کردوں وگرنہ یہ پھر کہیں گے کہ میں irrelevant ہوں - اس پراجیکٹ کا صفحہ نمبر ۱۲ دیکھیں جو کہ روڈز کے متعلق ہے - این ڈبلیو ایف پی کے متعلق روڈز صفحہ ۱۳ پر ہیں اور صفحہ ۱۴ پر بھی سابقہ پنجاب کے متعلق روڈز ہیں اور صفحہ ۱۵ پر کوئٹہ کی روڈز ہیں - تو ہمارے فاضل وزراء حضرات نے ان رقومات کو پورا کرنے کے لئے Toll Act 1917 کا حوالہ دیا ہے - اس کی دفعہ ۲ کے تحت یہ قرار دیا گیا ہے :-

"The Provincial Government may cause such rates of toll as it thinks fit to be levied upon any roads or bridges."

تو جناب والا - یہ سڑکوں اور پلوں سے متعلق پراجیکٹ تخمینہ جات ہیں جہاں انہوں نے سڑکوں کا حوالہ دیا ہے وہاں انہوں نے ریلوں کی بھی مرمت کرنی ہے - پلوں کی جو construction ہے وہ item 30 ہے اور صفحہ ۱۳ ہے :-

"Construction of over-head bridge over Nala"

اس کے بعد صفحہ ۱۴ پر approaches کے متعلق ہے :-

"Projects for high-level bridges at Shershah over river Chenab between Multan and Muzaffargarh."

اس طرح جناب والا - ان پلوں کی تعمیر کے لئے حکومت نے Toll Tax Act 1851 کا سہارا لیا ہے - یہ سنٹرل ایکٹ تھا جس کو ترمیم کر کے انہوں نے پراونشنل گورنمنٹ کو پاورز دیدی ہیں اور یہ ٹیکس یعنی ٹول ٹیکس اس نوٹیفیکیشن کے ذریعے فرنٹیئر کی سڑکوں پر لگایا گیا ہے جو ۱۸۷۴ء کا نوٹیفیکیشن ہے جس کا اطلاق ہزارہ ، کوہاٹ ، بنوں کے علاقہ جات پر ہے - پھر جناب والا ۱۹۰۱ء میں یہ لگایا گیا یعنی اس کو extend کیا

گیا فرنٹیئر میں اور جب اس کی میعاد ختم ہوئی تو پھر جناب والا ۔ اس کو پنجاب کے علاقہ جات میں ۲۴ مارچ ۱۸۶۴ء کو لگایا گیا اور اب اس کو تمام نئی سڑکوں اور پلوں پر لگایا جا رہا ہے ۔ یہ روڈ فنڈ سے اپنا حصہ حاصل نہیں کریں گے ۔ جناب والا ۔ ٹول ٹیکس کا سہارا لینا میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اور اس کے متعلقہ محکمہ کی غفلت ہے ۔ آخر کاموں کی تکمیل کے لئے فنڈز کی ضرورت ہوتی ہے ۔ میں جناب وزیر مواصلات کی statement کا ایک اقتباس پڑھتا ہوں جو انہوں نے راوی کے پل پر دی تھی :-

"Trucks, buses and similar vehicles will pay Rs. 2/- every time they cross the bridge from either side. Motor cars and jeeps would be charged Re. 1/- while motor rickshaw and scooters or motor cycle will pay 25 paisas for each crossing. However, scooter and motor-rickshaws will have the choice to use the old bridge in case they so wish. The old bridge will be closed to all cars, trucks and buses."

Minister for Communications and Works: Point of order, Sir.

Malik Muhammad Akhtar:

"Private car-owners who have legitimate business in Shahdara will be entitled to buy....."

Mr. Speaker: Order, order.

Minister for Communication and Works (Mr. Muhammad Khan Junejo): Sir, he is referring to the statement made by the Minister for Communications. I don't think that is the statement made by me.

Malik Muhammad Akhtar: It is as reported in the press. These may not by your exact words.

Minister for Communications and Works: Is it a hand-out issued by the Department ?

Malik Muhammad Akhtar:

"The West Pakistan Council of Ministers, in a meeting on Monday, fixed the toll rates for all traffic making use of the new Ravi Bridge and decided that in future toll taxes will be levied on all new bridges."

That is a hand-out of the Government. It is the decision of the Cabinet .

Minister for Communications and Works : That is press reporting. We have issued a statement saying that following are the rates and if any one pays once and buys a ticket that would be valid for twenty-four hours. All that he is quoting is wrong.

Malik Muhammad Akhtar : It is a press report. This is a paper from your library. You have not contradicted it.

Now, Sir, if you see the first page of the project estimates you will find that under the Head—Transport and Communications they have provided 38.23 lakhs for the construction of various bridges; widening of various roads and construction of new bridges in the Province of West Pakistan and what I am alleging is that instead of getting the share of the Province from the Central Government Roads Fund they are imposing toll tax and they are not justified in doing so.

Mr. Speaker : That is not part of this project. That may be the policy of the Government. At this stage the Member can discuss the projects.

Malik Muhammad Akhtar : Alright I cannot discuss the Lahore area. But I again make a statement that they are levying this toll tax in the NWFP and various other parts of the Province where the widening of the roads is to be carried out.

Mr. Speaker : The Member is not relevant.

Malik Muhammad Akhtar : Alright I come to the next point.

مجھے conclude کرنے دیجئے ۔

Mr. Speaker : I cannot allow the Member to conclude any irrelevant point.

ملک محمد اختر ۔ تو جناب صدر ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ سابقہ صوبہ سرحد کی سڑکوں کی چوڑائی اور ریلوں کی تعمیر کے لئے انہوں نے جو رقومات فراہم کی ہیں وہ آپ کو معلوم ہی ہیں اور اسی طرح سابقہ پنجاب میں یہ سڑکوں کی تعمیر کے لئے ۳۸ لاکھ کی رقم جو آئندہ ۵ سال میں صرف ہونی ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس سے ہمارے

مواصلات کے مسائل حل نہیں ہو سکتے ۔ جناب صدر ۔ اب اس کے بعد واٹر اینڈ پاور کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں ۔ انہوں نے آئٹم نمبر ۱ پر جو تفصیلات دی ہیں وہ دو heads کے تحت دی ہیں ۔ یعنی واٹر اینڈ پاور ۔ سب سے پہلے انہوں نے صفحہ ۱ سروے اور integration کے آئٹم رکھے ہیں ۔ اور اس میں انہوں نے ٹیوب ویل بھی لگانے ہیں ۔ جناب والا یہ سمال اریگیشن سکیمیں ہیں ۔ انہوں نے ۱۶ ٹیوب ویلز مردان اور صوابی کے علاقہ جات میں لگانے ہیں اور ۲۰ ٹیوب ویلز یہ رسالپور کے نزدیک لگانا چاہتے ہیں ۔ اس کے علاوہ اس ٹیوب ویل سکیم کو انہوں نے آگے جا کر سروے کرنا ہے ۔ کم و بیش آئٹم نمبر ۱۰ پر انہوں نے پھر جا کر ٹیوب ویلز لگانے ہیں ۔ نمبر ۴ پر زیادہ اناج اگاؤ کی مہم کا ذکر ہے ۔ اور اسی طرح ٹیوب ویل اریگیشن سکیم riverain ایریا لاڑکانہ ڈسٹرکٹ میں چلانی ہے ۔ تو جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں اس ٹیوب ویل سکیم لاڑکانہ کے متعلق عرض کروں میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے Small Irrigation Scheme کے تحت ٹیوب ویلز لگانے کے لئے جو پروویژن کی ہے وہ نہایت ہی قلیل ہے ۔ لاڑکانہ ڈسٹرکٹ میں riverain area scheme اور ٹیوب ویل سے آبپاشی کی مجھے سمجھ نہیں آئی ۔ riverain irrigation سے مراد یہ ہے کہ اگر دریا کسی جگہ اپنا کنارہ توڑ کر پانی کا رخ موڑ لے تو پھر دریا کا کچھ حصہ لینڈ کی صورت اختیار کر جائے . . . . . اب آپ خود اندازہ لگائیں کہ ایسی زمین جو دریا کے کنارے پر ہے اور اسے پھر وہاں دریا کا پانی بھی میسر ہے تو وہاں پر ٹیوب ویل لگانا میں سمجھتا ہوں کہ یہ sheer waste of money ہے ایسا منصوبہ جس پر اکتیس کروڑ چھیاسی لاکھ روپیہ کا خرچ ہے ۔ میں اس پر شدید احتجاج کرتا ہوں ۔ یہ

حکومت کی منصوبہ بندی کا فقدان ہے اور irrigation کے معاملہ میں حکومت کی ignorance قرار دیتا ہوں ۔

جناب صدر ۔ اسکے بعد صفحہ تین پر انہوں نے چودہ لاکھ اسی ہزار کی رقم provide کی ہے ۔ اور اس پر سرخی ہے ۔ "Protection of Jhelum Town from floods during 1959-60." جناب والا ۔ اس منصوبہ کی کل لاگت ۱۴۸۰ لاکھ ہے ۔ ۱۰۰۵ ۱۹۶۸-۶۹ء میں ۲۲۵ ۱۹۶۹-۷۰ء میں انہوں نے بچانا ہے اور یہ منصوبہ ۱۹۷۵ء تک ہے .....

جناب والا ۔ اسکا heading تو clear ہونا چاہئے تھا ۔ آخر یہ layman کے لئے ہے ۔

"Protection of Jhelum Town from floods during 1959-60."

جناب والا ۔ یا تو یہاں پر figure ۱۹۶۹-۷۰ء ہونا چاہیئے یا ان کا مطلب یہ ہے کہ ۱۹۵۹-۶۰ء میں flood آئے تھے تو انہوں نے کوئی سکیم بنائی ہے ۔ یہ بجٹ کی framing ہے ایسی غلطیاں برداشت نہیں کی جا سکتیں اس کے بعد جناب والا ۔ اگلا آئٹم اس صفحہ پر جو میں نے عرض کرنا ہے وہ ہے ۔

"Replacement of existing Bridges by R. C. C. bridges for 70 tons."

جناب اسکے لئے پانچ لاکھ کی پرووِیژن کی گئی ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ پرووِیژن "existing girder bridges" کی replacement کے لئے ناکافی ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ستر ٹن کا برج پانچ لاکھ میں نہیں بن سکتا ۔ اب جناب والا ۔ آپ یہ اندازہ فرمائیں آخر بجٹ کو بناتے وقت انہوں نے تمام items کو بغور دیکھا ہے ۔ یہ صفحہ تین پر آئٹم تیس ہے ۔ میں اسے appreciate کرنے سے قاصر ہوں ۔ میں سارے بجٹ میں ان کی

تمام کی تمام غلطیوں کی نشاندھی کر کے اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاھتا تھا اس لئے میں نے انکی نشاندھی نہ کی ۔ آج چونکہ کافی موقع ہے اس لئے میں نے خیال کیا کیوں نہ یہ غلطیاں ان کے گوش گذار کر دوں تا کہ یہ اپنے ان معاملات کو درست کر لیں ۔

اب میں صفحہ چھ پر آتا ھوں ۔ آئٹم نمبر ۵ ہے چھ لاکھ باون ھزار روپے کی رقم رکھی گئی ہے ۔

"Supply of skimmed powdered milk to Karachi Milk Plant"

میں اسے خوش آمدید کہتا ۔ میں انکی تعریف کرتا اگر یہ pure milk کی سپلائی کے لئے فرم پر خرچ کرتے ۔ یہ skimmed milk supply کر کے قوم کی صحت سے کھیل رہے ہیں ۔ یہ ماڈرن رجحانات ۔ یہ تہذیب کے رجحانات صحت کو تباہ کر رہے ہیں ۔ انہیں چاھئے تھا کہ قوم کو pure milk supply کرتے ۔

وزیر خزانہ ۔ pure milk کا دل مریض بنا دیتا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ آج یہ نیا انکشاف ھوا ہے ۔ یہ خود کون سا دودھ پی کے پلے ہیں ۔ skimmed یا pure ۔

وزیر خزانہ ۔ اسی لئے تو میں کمزور ھوں ۔

ملک محمد اختر ۔ میں تو اینگلو انڈین سکیم کی ان باتوں کو پسند نہیں کرتا ۔ اس کے بعد آئٹم گیارہ ہے ۔ United Nations aided establishment of poultry, husbandry research & training اس میں چھتیس لاکھ کی پرووِیژن ہے ۔ کیا یہ گورنمنٹ کا سرکاری ادارہ ہے ۔ اگر یہ سرکاری ادارہ نہیں ہے ۔ یا نیم سرکاری ادارہ نہیں ہے ۔ تو وہ کون سا خوش نصیب ادارہ ہے جسے انہوں نے چھتیس لاکھ کی گرانٹ دینی ہے ۔ اگر گورنمنٹ

خود اس ادارے کو چلا رہی ہے تو پھر مجھے نہایت ہی شدید اختلاف ہے یو ۔ این ۔ او سے اس قسم کی aid کسی شکل میں لینے پر ۔

Minister for Finance : You are a part of the United Nations.

Malik Muhammad Akhtar : That is all U.S.A. The United Nations is controlled by the United States of America.

Mr. Speaker : The Member should not discuss foreign affairs.

ملک محمد اختر ۔ لیکن جناب ہمارا اپنا رہ کیا گیا ہے جو کہ ہم بیرونی معاملات کو discuss نہ کریں ۔ ہم پر حملہ کرواتا ہے تو امریکہ اور پھر قرضہ بھی ہمیں دیتا ہے . . . . .

Mr. Speaker : There is a provision of staff to new hospitals and dispensaries in West Pakistan. You can discuss that.

Malik Muhammad Akhtar : At what page?

Mr. Speaker : The very next item.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس پر تو کل بڑی بحث ہوئی تھی ۔ مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ آبادی کے بڑھنے کے باوجود آپ "Poultry, husbandry production, research and traning project." کے لئے تو ۳۶ لاکھ کی پرووِیژن رکھتے ہیں اور یہاں پر ۹ لاکھ ۲۹ ہزار کی پرووِیژن ہے ۔ I am grateful to you, Sir, for pointing that out. میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہاں پر ۹ لاکھ کی بجائے ۵۰ لاکھ کی پرووِیژن ہوتی تو ہم اسے زیادہ پسند کرتے ۔ "Page 9, Item No. 4, Master Plan Karachi" یہ ۳۳ لاکھ ۵۰ ہزار کی پرووِیژن ہے اور میری اطلاع کے مطابق انہوں نے ضرور اس ماسٹر پلان کے لئے foreign consultants کو engage کیا ہے ۔ اگرچہ میں نہیں سمجھتا کہ یہ کراچی کے لئے کتنی بار ماسٹر پلان بنائیں گے ۔

جناب والا ۔ project estimate کے صفحہ ۱۰ پر ایک نہایت ہی اہم آئٹم ہے اور وہ آئٹم studies and engineering for greater Quetta water

supply scheme. ہے اس کے لئے ۳۷۰۸ لاکھ روپے کی پروویژن ہے - میری اطلاع کے مطابق اس کا ماسٹر پلان بھی بیرونی مشیر ھی بنائیں گے اور اس بارے میں میں یقین سے نہیں کہہ سکتا کہ اس میں جو لوکل فرم کے ٹینڈر تھے وہ lowest تھے اس کے باوجود کوئٹہ کا ماسٹر پلان یعنی واٹر سپلائی سکیم کوئٹہ اس میں بیرونی مشیروں کو گران قدر رقومات دی گئی ہیں - اس کے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ آرٹیکل ۴۲ کے تحت پراجیکٹس estimate آئندہ پانچ سالوں کے لئے جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ان کی grand total provision ۹۳۷۰ لاکھ روپے ہے میں اس ایک کروڑ کے پراجیکٹ میں کوئی ایسی سکیم نہیں پاتا جس سے ہم کسی قسم کی واپسی کی توقع کر سکیں - ٹرانسپورٹ اور مواصلات کے لئے ہم نے ۳۸ لاکھ روپے کی پروویژن کی ہے - یہ ایک amenity کے طور پر کر دی ہے یا اس پر ٹول ٹیکس وصول کر لیں گے - اس کے علاوہ انہوں نے ایگریکلچرل - واٹر اینڈ پاورز پر زیادہ رقم خرچ کی ہے اگر آپ دیکھیں تو واٹر کا heading "survey and investigation" ہے - واٹر اینڈ پاورز کے سروے اور investigation نے معمولی سی construction کی ہے - سب سے بڑی رقم ۷۶۰۰ لاکھ اسکے لئے مختص کی ہے بلکہ اس میں سروے اور investigation پر رقومات صرف ہوتی ہیں - خدا ھی اس منصوبہ بندی کا محافظ ہے - اس کے لئے جو قرضہ جات حاصل کئے جاتے ہیں ان قرضہ جات پر سود در سود دینا ہے - ان قرضہ جات کے ساتھ پولیٹیکل strings بھی ہوتی ہیں - اگر اسکا تجزیہ - - - کیا جائے تو تمام رقومات ۹۳۷۰ لاکھ روپیہ ہیں - اس میں بہت کم رقومات ایسی ہیں جن سے کوئی واپسی ہوتی ہے - اس کے بعد چھ سات اور آئٹمز مجھے عرض کرنے ہیں - اب میں Physical Planning and Housing کے متعلق عرض کرتا

ہوں Physical Planning and Housing کے لئے ۷۶ لاکھ روپے کی پرووِیژن کی ہے - ماسٹر پلان کراچی کیلئے ۳۳۰۵۰ لاکھ روپے کی پرووِیژن کی گئی ہے - Aerial Survey and Topographical Maps کے لئے ۲۹ لاکھ کی پرووِیژن کی ہے یہ گورنمنٹ ہمیں فروخت کرنے پر آگئی ہے - وزیر مالیات صاحب آپ صفحہ ۹ کو نکالیں آپ کے یہ دعوے تھے کہ یہ ملک قرضوں سے نجات حاصل کر لے گا - Physical Planning and Housing کے جنہوں نے الفاظ لکھے ہیں یا تو وہ مجھے قائل کرنے سے قاصر ہیں یا میں انگریزی مضمون صحیح نہیں سمجھتا ہوں Physical Planning and Housing میں Aerial Survey and Topographical Maps کے لئے ۲۹۱۳ لاکھ کی پرووِیژن کی ہے یعنی آئندہ پانچ سالوں میں Housing کے نقشہ جات پرادا کریں گے اسی جگہ پر ماسٹر پلان کراچی پر ۳۳۰۵۰ لاکھ روپے رکھے ہیں اس کے بارے میں میں پہلے ہی عرض کرچکا ہوں - اربن ڈویلپمنٹ پلان کوئٹہ کو چھوڑیئے ابھی یہ نقشہ بازی کے مرحلے پر ہے - ۵۲۶۳ لاکھ روپیہ سے آئندہ پانچ سال میں انہوں نے منصوبہ بندی کے اخراجات ادا کرنے ہیں - میں سمجھتا ہوں شاید ان کی حالت ایسی ہے جیسے (میں ان سے معافی مانگتا ہوں) کسی بڑے زمیندار کے لڑکے کی حالت ہو یا کسی شہزادے کی طرح جس کو وراثت میں جائداد ملی ہو اور وہ عیاشی میں اپنی جائیداد اڑا رہا ہو - آپ اندازہ فرمائیں کہ قرضہ جات ابھی ہم نے واپس کرنے ہیں - دراصل یہ ان کا قصور نہیں بلکہ یہ قصور ان لوگوں کا ہے جو اس منصوبہ کو تیار کرتے ہیں یہ ان لوگوں کا قصور ہے جو انٹرنیشنل بنک سے قرض لیکر آتے ہیں اور وہ قرض کے ساتھ کم و بیش ۷۰ یا ۸۰ فیصد رقم واپس لے جانے کے لئے اپنا پروگرام بنالیتے

ہیں ۔ یہ وہ قرضہ جات ہیں جن کی تائید یا تردید کے لئے مجھے آج تک موقع نہیں ملا ۔ آج جب میں اس document کو دیکھتا ہوں تو میں سمجھتا ہوں کہ نہ صرف عوام کے ساتھ زیادتی کی گئی ہے بلکہ انہوں نے ہمارے ملک کو گروی رکھ دیا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ ایک شہزادے کی طرح ایک بگڑے ہوئے جاگیرزادے کی طرح ان رقومات کو صرف کر رہے ہیں ۔ یہ مجھے جواب دیں صفحہ ۹ پر ماسٹر پلان کراچی کے لئے ۵۲ لاکھ روپے کی پرووِیژن ہے اور Aerial Survey and Topographical Maps کے لئے ۲۹ لاکھ کی پرووِیژن ہے کیا ہم ان اخراجات کے متحمل ہو سکتے ہیں ؟ آپ ان کی واپسی بتائیں کہ کیسے ہو گی ؟ جناب والا ۔ اس کے بعد ایک اور آئٹم پر آتا ہوں ۔

وزیر خزانہ ۔ ۵۲ لاکھ کہاں سے کہہ دیا ہے یہ تو پانی پی پی کر کوستے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ آپکو نہیں کوستا ہوں ۔ یہ واپڈا کا پانی ہے ۔ جناب والا ۔ اب میں ایک نہایت ہی اہم ڈیمانڈ نمبر ۴۹ پر جو contingency سے متعلق ہے بحث کروں گا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ contingency کے متعلق ۱۲ بجے علیحدہ بحث ہوگی ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ قرضہ جات جو ہم نے آئندہ پراجیکٹس کے لئے حاصل کئے ہیں یہ اخراجات جو ہم نے آئندہ چھ سال میں ادا کرنے ہیں ان کی تفصیل نہایت ہی مایوس کن ہے یہ document ان کا منہ چڑا رہا ہے یہ document انکشاف کر رہا ہے کہ تمام کی تمام رقومات جو ہم نے قرضہ جات کی صورت میں وصول کرنی ہیں یہ ایک کروڑ روپیہ کی investment ہے I am sorry ۹۳۰۷۰ لاکھ روپے جو آئندہ

پانچ سال میں خرچ کئے جانے ہیں یعنی یہ ایک کروڑ روپیہ برباد ہو جائے گا ۔ اس میں میٹریل ڈیویلپمنٹ نہیں ہے ۔ ان رقومات کا بیشتر حصہ وہ قرض‌خواہ ممالک واپس لے جائیں گے ۔ جناب والا ۔ ذرا سی اور بات کرنے دیجئے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ہماری ڈیویلپمنٹ کا یہ عالم ہے ۔ ۔ ۔ ۔ اور یہ وہ قرضہ جات ہیں جو ہم نے in cash حاصل کر کے invest کرنے ہیں ۔ foreign aid یا بیرونی قرضہ جات میں سے ہم نے جو construction کے لئے material import کرنا ہے اس کی قیمت ہمیں ۴۰ فیصد زائد ادا کرنی ہوگی ۔ ۔ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ اس قسم کی منصوبہ بندی اور سود در سود اس ملک کو ختم کر کے رکھ دیگا اور اسکے ساتھ جو سیاسی strings ہیں وہ ہمارے ملک کی سالمیت کے لئے تباہ کن ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ نے اپنی تقریر ختم کرلی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جی ہاں ۔

ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی (پی ۔ ڈبلیو ۔ ۱۵۲ ۔ زون ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ میں بڑی دیر سے کچھ عرض کرنا چاہ رہی تھی کیونکہ میں کافی دیر سے بلاوجہ کی نکتہ چینی یہاں بیٹھی سن رہی تھی ۔ آپ کو معلوم ہے کہ کئی علاقائی سکیمیں ایسی ہوتی ہیں کہ جن کے بارے میں مقامی لوگوں کو زیادہ علم ہوتا ہے اور ان کو ہی اس کے مفاد کا علم ہو سکتا ہے ۔ ابھی ایک معزز رکن یہ فرما رہے تھے کہ ضلع لاڑکانہ میں riverain beds میں ٹیوب ویلوں کے ذریعے پانی کی بہم رسانی کی سکیم فضول ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے ایوان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ جنوبی علاقے میں یہ riverain beds وہ ہیں کہ جو بیراجوں کی تعمیر سے پہلے دریا میں جو سیلاب آیا کرتا تھا تو یہ اس کی زد میں آجاتا تھا اور جب سردیوں

میں پانی اتر جاتا تھا تو اس میں گیہوں یا کپاس وغیرہ کاشت کی جاتی تھی ۔ لیکن اب صورت حال یہ ہے کہ گدوبیراج کی تعمیر کے بعد اور تونسہ بیراج جس پر کہ اب کام ہو رہا ہے ان کی وجہ سے پہلے جو دریا کا پانی نیچے جا کر سمندر میں ضائع ہوجایا کرتا تھا وہ اب وہاں تک نہیں پہنچتا اور اب بیراجوں کے ذریعے پانی اوپر چلا جاتا ہے اور کبھی کبھی تو وہاں پر پوری مقدار میں پانی ہوتا ہی نہیں کہ جو lower barrages ہیں ان کی نہروں میں جا سکے ۔ اس لئے اب تو یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ جو پہلے riverain beds ہوا کرتے تھے اب بھی ان کو سیلاب کا پانی مہیا ہو اور ان میں کسی قسم کی کاشت کی جا سکے ۔ اسی وجہ سے کافی عرصہ سے ہماری یہ گذارش تھی کہ وہاں پر بھی ٹیوب ویل سکیم کا اجرأ ہو تاکہ وہاں کی جو اتنی اچھی اراضی ہے اور جن کو بیراجوں کا پانی نہیں پہنچ سکتا اور جن تک پانی پہنچانے کا اور کوئی طریقہ ہی نہیں ہے سوائے اس کے کہ یا تو لفٹ اریگیشن کے ذریعے دریا کا پانی اوپر کھینچیں یا پھر یہ کہ وہاں پر ٹیوب ویل نصب کئے جائیں تو یہ بلاوجہ کا اعتراض تھا اس لئے میں ملک اختر صاحب کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ وہ بلاوجہ نکتہ چینی نہ کریں ۔ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ یہ رقم بھی کم ہے اور اس کے لئے ہمیں مزید رقم کی ضرورت ہے تاکہ اس وقت جو اراضیات وہاں پر فضول پڑی ہوئی ہیں ان کو پانی مل سکے ۔

اس کے علاوہ ایک اور معزز رکن کا یہ اعتراض تھا کہ وہاں پر skimmed milk کیوں سپلائی کیا جاتا ہے تو آپ کو بھی معلوم ہو گا کہ اب زندگی اس قدر پیچیدہ اور پریشانیاں اس قدر بڑھ گئی ہیں کہ جس کی وجہ سے دل کے امراض مثلاً بلڈپریشر، کولسٹرل وغیرہ خون میں

زیادہ ہو گئے ہیں تو اس قسم کے بہت سے امراض ہیں کہ جن کے لئے اس skimmed دودھ کی اشد ضرورت ہے ۔ اس میں اور تو ساری چیزیں موجود ہوتی ہیں لیکن اس میں سے چربی نکال دی جاتی ہے اور پھر اس چربی کو بھی محفوظ کر لیا جاتا ہے جو کہ لوگوں کے کام آتی ہے تو جن لوگوں کو چربی سے مبرا دودھ کی ضرورت ہوتی ہے ان کو یہ دودھ دیا جاتا ہے ۔ آج کل ڈاکٹروں کا یہ خیال ہے کہ یہ ہلکا اور زود ہضم ہونے کی وجہ سے بچوں کے لئے بھی بیحد مفید ہے ۔ اس لئے اس پلانٹ کا لگایا جانا بیحد ضروری ہے ۔

Minister for Communications and Works (Mr. Muhammad Khan Junejo): Sir, during the course of discussion, Khawaja Muhammad Safdar raised two points concerning my department. Firstly, he mentioned that in this project list at page 19, item No. 113, construction of link road from Muzaffargarh to Jalpana, as it has been shown, falls into the area of Co-operative Sugar Mill. Rahwali. What he expressed is, that to his knowledge this road does not exist in the district of Gujranwala. Sir, if you refer to the A.D.P. page 200, in which the same project has been mentioned; specifically the districts have also been mentioned and according to this, this project belongs to Muzaffargarh and Sargodha—Mianwali District.

Mr. Speaker: Even in that ADP, heading is 'Co-operative Sugar Mill, Rahwali' but the district is shown as Mianwali and Sargodha.

Minister for Communications and Works: Exactly Sir. Now Sir, the point is how this scheme is being financed. Sir, as you will please observe, in the ADP it is an unapproved scheme. All the schemes are referred to the Divisional Committees where representatives of the growers and local administration discuss and sort out and approve the schemes. Regarding the approval of this scheme, that will be had from the Divisional Committee concerned as they will be able to determine whether it should be financed or not. If not, it will be turned down otherwise implemented. Actually this road belongs to that area.

Mr. Speaker: Are not these schemes included in the ADP, after they are cleared by the Zonal Committees?

Minister for Communications and Works: No Sir. Most of the schemes which are being financed from the Sugar-Cane Cess, they are unapproved,

because lately we took a decision to include them in the A.D.P. and therefore, they are to be pursued hereafter. We have referred them to the respective Committees for approval. So this information I wanted to extend to the House and to the Leader of the Opposition.

Khawaja Muhammad Safdar : My position is correct.

Minister for Communications and Works : No, it is not in Gujranwala District and we have mentioned it in the A.D.P. and it is clear.

Mr. Speaker : Is the road from Muzaffargarh to Jalpana ?

Minister for Communications and Works : That is the name of the road and we have mentioned it in the ADP., so far as the name is concerned, otherwise it will take off from the Muzaffargarh road ; that is near in that area.

Mr. Speaker : And will go to Jalpana ?

Minister for Communications and Works : Yes Sir.

Mr. Speaker : Or Jalalpur ?

Minister for Communications and Works : Jalpana, I think.

Mr. Speaker : But here it is from Muzaffargarh to Jalalpur ?

Minister for Communications and Works : Sir, that must be some different scheme because there were 2 schemes.

Mr. Speaker : It is written that the actual name of the work is Construction of Link Road from Muzaffargarh-Mianwali Road to Jalalpur.

Minister for Communications and Works : May be Sir. That may be another project coming up but I can assure you so far as this project is concerned, it will be referred to the Committee.

Mr. Speaker : Would this be a project from Muzaffargarh to Jalpana, are you sure ?

Minister for Communications and Works : Yes Sir, this must be a definite scheme which you have referred to.

Mr. Speaker : No, this is the information which was passed on to me. In the ADP, it is Jalpana alright, but even there it may be incorrect.

Minister for Communications and Works : We will look after that what we have provided in the ADP that should be done.

Mr. Speaker : But everything which has to be looked after, should be looked after before budget is passed ; it is to be presented to the Assembly.

Minister for Communications and Works : Sir, actually these are unapproved schemes. We have provided them in the Budget. But subsequently approval to these formalities has to be given. Naturally, they will go to the Committee and then they will go up to the Provincial level. They have to be processed.

Mr. Speaker : But after this project statement is approved would you be able to convert this amount to another project ?

Minister for Communications and Works : No Sir. We have no intention of conversion actually but the point is that there are subsequent formalities. In the ADP, you will find many schemes which are not approved. They are to be processed through a normal course and they are to be approved by the appropriate authorities. Then they are approved and then only the Finance Department will release the funds.

Mr. Speaker : But in this project statement it is mentioned at No. 113 in the Adamji Sugar Mills at Darya Khan whereas it should have been item 95 if it was a scheme of the Kohinoor Sugar Mills. The schemes which are to be financed by the Kohinoor Sugar Mills are upto Item No. 94 and if it is a scheme for the Kohinoor Sugar Mills it should have been Item 95 and not 113 as shown in the Adamji Zone area.

Minister for Communications and Works : This is what I have submitted that these schemes should be referred to the Divisional Committees and they will sort it out amongst themselves because there is a feeling that sometimes sugar does come from far off and then they have to fix priorities whether.....

Mr. Speaker : This is a question of preparation of this document and probably the Minister is not concerned with that.

Minister for Communications and Works : I am not concerned with that but it has been given to us. We have passed it on to the Finance Department and they have incorporated it in the ADP. But the fear which Khawaja Sahib.....

Khawaja Muhammad Safdar : Will this be spent on this road ?

Minister for Communications and Works : It will be spent on this road.

Mr. Speaker : If this is a road ?

Minister for Communications and Works : That is a road.

Mr. Speaker : Muzaffargarh to Jalpana.

Minister for Communications and Works : Exactly Sir. The name given to this scheme is Muzaffargarh to Jalpana.

Mr. Speaker : In this information it is Muzaffargarh to Jalalpur, and that is understandable and where it is written Muzaffargarh to Jalpana my observations are that it is not correct. As it has been misprinted here, now I think you are taking a stand that it is Muzaffargarh to Jalpana.

Minister for Communications and Works : Sir, it is mentioned "construction of link road from Muzaffagarh to Jalpana". It is not necessary that it should take off from Muzaffargarh Sir.

Mr. Speaker : That is alright. But Jalpana is incorrect. It should be Jalalpur instead of Jalpana. (*interruptions*)

I don't know. But he has written in this information which has been passed on to me.

Minister for Communications and Works : What I have been told actually and it also occurs in the project statement it is Jalpana.

Mr. Speaker : In the ADP it is Jalpana.

Minister for Communications and Works : Actually it is Jalpana. It is mentioned here.

Regarding point No : 2, raised by Khawaja Muhammad Safdar to provide sufficient funds so that the over-head bridge at Gujranwala is completed, his fear was that as it has been provided in this project list the share of Communications and Works Department is staggered to 73 and he further mentioned that the Railway Department may come thereafter and the project may go upto 76. For the information of this House I must say that we have every intention of completing this project within the shortest possible time.

Khawaja Muhammad Safdar : What is that period?

Minister for Communications and Works : That period will depend on the Project because the Speaker knows it very well, he has also taken personal interest in that project, we have processed, we have given top priority to this project, we have provided money in the Budget for a preliminary survey and so on. We will see if we can spend the money because I have been assured by the Finance Minister that if we can spend the money he will release the funds to us.

Mr. Speaker : May I know from the Finance Minister if it is correct position.

Minister for Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : Yes Sir, if the situation arises that we have to spend more money than what is authorised we would not hesitate spending the money from the.....

Mr. Speaker: Rest assured he will be needing more than fifty thousand.

Minister for Communications and Works: As the scheme stands today it is forty-nine point something. If it is to be revised later on then we will see what amount we require.

Minister for Finance: Even if the need exceeds the limit of forty-nine thousand I assure you that.....

Mr. Speaker: What about forty-nine lakhs? Upto forty-nine lakhs?

Minister for Finance: If the arrangements are such that more money is needed than what has been prescribed for this particular year we will provide that money.

Mr. Speaker: More money would be required for the next year. (*laughter*).

Khawaja Muhammad Safdar: Certainly. (*interruptions*).

Mr. Speaker: For the satisfaction of Khawaja Sahib.

Khawaja Muhammad Safdar: I am grateful to you, Sir.

Minister for Communications and Works: Khawaja Sahib we will do our best. It is not only the Communications & Works Department but we have to ask the Railway people also so that they should sit together and design this entire project and start construction on it because, you know, so far as the Railway side is concerned we have not been able to make a provision. I can assure you that the moment we start on the project the Railway will also come forward to pay its cost even if it does not provide now. We will be able to do that.

Sir, as mentioned by the Finance Minister, they are very cooperative with us and I hope Khawaja Muhammad Safdar will be satisfied that this project will definitely get priority.

Mr. Speaker: But how much would it be possible to spend next year. The Minister has not replied to my question.

Minister for Communications and Works: Sir, this question I would have replied.....

مسٹر حمزہ - جناب والا - وزیر تعمیرات، وزیر ریلوے نے بھی اور جناب وزیر مالیات نے بھی ہمیں یقین دھانی کرا دی ہے میرے

خیال میں اس کے پیش نظر اب ان کا پل بن جائیگا آپ کو یقینی طور پر اس بات کا علم ہوگا ۔ کہ اس محکمہ کا ہاضمہ بہت مضبوط ہے ۔ آپ جتنی بھی رقم دے دیں اگر وہ صرف نہیں ہو گی تو کم از کم ہضم ضرور ہو جائیگی ۔

Minister for Communications and Works: Sir actually this is an unapproved scheme. If you see it in the ADP we have to process through this scheme and see if the appropriate authority gives its approval. After that we will be able to start construction. It may take a few months to complete the formalities to get the scheme approved. The day the scheme is approved we will be requesting the Finance Department to allocate more funds and as mentioned by the Finance Minister, I am sure he will come forward to finance whatever amount is required by me.

Sir, during the discussion Malik Muhammad Akhtar had raised a very important issue. He said, thirty eight lakhs have been provided for the strengthening and improvement of the roads for the next five years and this amount is very small, how are we going to look after the projects, so on and so forth. Actually, Sir, this amount which we have provided relates to these schemes specifically mentioned here. There is much more amount provided during the last two years and hereafter will also be provided. We are only looking after the schemes which have been provided in this list and for that we will be able to give thirty-eight lakhs during the next five years. This should not frighten Malik Sahib that we are not giving priority. If you see, Sir, for the last so many years particularly the last ten years we have done our best to see that the condition of the roads improves and we are giving much more priority to it in the coming years. I hope you will be able to see better roads in the coming years. Thank you very much, Sir.

Minister for Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani): Sir as a matter of fact the observations made by the Members sitting on the other side relating to the Department of Water and Power Development will be dealt with at length by the Minister for Water and Power Development. In the meantime I would like to refer to the point raised by Malik Muhammad Akhtar.

Most of the points that he has raised have been ably met by my learned friend, the Minister for Communications, and Dr. Mrs. Ashraf

Abbasi one point which requires reply and a befitting reply is the one which he raised regarding the share of the Provincial Government from the Central Roads Fund. Now Sir, with regard to that I submit that he is confusing this Fund with our independent sources of income. This Fund has nothing to do with our independent sources of income. This Fund is given to us by the Central Government against the special roads that are being nominated by the Central Government for construction. Now, Sir, special roads have to be constructed in view of the defence requirements and my friend has confused that Fund with that of the independent sources of income of the Provincial Government. I think that this short and sweet reply on my part will satisfy the learned Member.

Now Sir, referring in the meantime, till the time the Minister comes I would like to deal with what has been said by my learned friend, Mr. Hamza. Sir, let me assure him with all the emphasis at my command that this has never been the policy of the Government to ignore a particular area for the reason that a representative from that area is not with the Government party. Sir, whether the representative from Lyallpur is sitting on the treasury benches or on the Opposition benches, it is absolutely irrelevant for the Government.

Mr. Hamza: Point of personal explanation Sir.

Mr. Speaker: The Member may please take his seat. He cannot give personal explanation during the speech of the Minister.

Minister for Finance: We are wedded and wedded firmly to the objective of serving the people of the whole province irrespective of their political affiliations. Sir, it is true that SCARP No. 5 has been dropped.

Mr. Hamza: SCARP has been scrapped.

Minister for Finance: SCARP has been scrapped, I think that is a better way to put it. Now, Sir, that was dropped for the simple reason that the World Bank authorities did not favour it and did not approve it for the reason that it was primarily an area relating to private sector. But, Sir, my learned friend now will give details that steps and measures are being taken to combat successfully the menace of salinity and waterlogging in the area. We are conscious of the fact that Lyallpur is a very important district. This is the one district, which has the largest number of modern farmers. In the past it has been solely responsible for producing wheat and other commodities in large quantities, and thus this district was instrumental in coming to the rescue of the deficit districts in the past. But, Sir, to say that we will sleep over the matter and to say that the menace is so alarming that if no step is taken immediately, it will cause irreparable loss, is far from the truth. Government is

seized of this; the Government is aware of the sentiments of the people of this menace. I assure him through you Sir, that no efforts will be spared to see that this menace is brought under effective control, and to provide effective relief to the people of that area.

Sir, with these observations I conclude my speech.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں point of personal explanation پیش کرنا چاہتا ہوں - وزیر مالیات کو غلط فہمی ہوئی ہے - میں نے اپنی معروضات میں کبھی یہ نہیں کہا تھا کہ SCARP-5 میں جو علاقہ ہے اس پر جو عمل درآمد ہونا تھا نہیں ہوا - اس میں میرا حلقہ انتخاب شامل نہیں ہے - اس کے باوجود میں یقین دلاتا ہوں کہ یہ حقیقت ہے کہ SCARP-5 کا کام اپنی نوعیت کے لحاظ سے اشد ضروری ہے - اس علاقہ کے جو معزز ارکان اس اسمبلی میں ہیں یا نیشنل اسمبلی میں ہیں وہ سب گورنمنٹ پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں ان ممبران کو کسی نہ کسی طریقہ سے کارخانہ لگانے کے لائسنس اور کسی کو روٹ پرمٹ دئے گئے ہیں - آپ مجھے روٹ پرمٹ وغیرہ نہ دیں لیکن اس کی بجائے SCARP-5 کے لئے رقومات مختص کردیں -

Mr. Speaker : No comments about Members.

وزیر خزانہ - اگر آپ کا روٹ پرمٹ کا حق بنے گا تو آپ کو ضرور دیا جائے گا -

Mr. Speaker : Minister for Irrigation and Power now.

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمیدالدین) - جناب سپیکر - قطع نظر اس کے کہ یہ فرد واحد کا علاقہ ہے یا حمزہ صاحب کا ہے یا کسی کا ہے معزز ایوان کو اس بات کا علم ہے کہ یہ salinity کا مسئلہ ایک بڑا عظیم مسئلہ ہے - جو اس ملک کو درپیش ہے اسکے خلاف جنگ کیلئے صوبائی حکومت اور مرکزی حکومت اپنے پورے resources صرف کررہی ہے اور ہر علاقہ میں بلاامتیاز اس بات کو پیش نظر رکھا گیا ہے - چونکہ مغربی پاکستان زرعی

ملک ہے اس لئے اس مہم کے خلاف اگر خاطر خواہ انتظام نہ ہو گا تو میں سمجھتا ہوں اس سے زراعت کار لوگوں کو سخت مضرت اور نقصان پہنچے گا ۔ اس کے پیش نظر ہم مختلف علاقوں میں salinity اور water logging کے خلاف کام کر رہے ہیں ۔ جہاں تک SCARP-5 کا تعلق ہے محترم وزیر خزانہ نے اس پر روشنی ڈالی ہے ۔ یہ صحیح ہے کہ چونکہ ایسے بڑے وسیع منصوبہ جات کو loans سے finance کیا جاتا ہے ۔ اپنے وسائل سے نہیں کیا جاتا تو اس کے لئے جس شخص نے finance کرنا ہوتا ہے اس کو بھی convince ہونا ہوتا ہے یا اس کو convince کرنا پڑتا ہے کہ واقعی یہ economic project ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ ہم SCARP-5 کی بات کر رہے ہیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جی ہاں ۔ I stand corrected اس کے متعلق خاص controversary ہے ۔ بہر حال ہم نے اس وقت تک اس کے کچھ حصہ پر operation کے لئے World Bank کو سنوا لیا ہے ۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ اس علاقہ میں ہم finance کرنے کو تیار ہیں آپ یہاں کام کریں اور جو دوسرا علاقہ ہے اس میں یہ نہیں ہو سکتا کیونکہ اس میں یہ بات ہے وہ ہے وغیرہ وغیرہ ۔ بہر حال کچھ حصہ پر کام کرنا شروع کر دیا ہے ۔ مزید کوشش جاری ہے تاکہ ہم finance حاصل کر لیں ۔ اس کو چھوڑ نہیں دیا گیا اور کام بھی جاری ہے ۔ انشاءاللہ اس کی تکمیل بھی ضرور ہو گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ کتنی رقم مخصوص کی گئی ہے ۔

(b) whether it is a fact that the said train is not scheduled to stop at Mirpurkhas, which is situated on the broad guage line and is a district headquarter having a population of, 90,000 ;

(c) if answer to (b) above be in the affirmative, the reasons therefor and whether Railway Administration intends to make arrangements for the stoppage of the said train at Mirpurkhas also ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Yes. It is a fact that 'Exhibition on Wheels' is being run by the Railway Administration in pursuance of the Jecision taken by the Provincial Government to that effect. The train will touch important towns as shown in the itinirary attached herewith.

(b) So far as the names of the Members and Area to which they belong, it is stated that no such Committee has been constituted. The Director of Industries & Commerce, West Pakistan Lahore however has been appointed Chairman of the 'Exhibition on Wheels Committee' to organise this Exhibition Special, as he is associated with the public as well the Private Sector for participation in successful running of the train.

(c) Yes, it is a fact that the train is not stopping at Mirpurkhas. The itinirary of the train was prepared keeping in view the importance of the towns of the Province. Mirpurkhas is situated on a branch line at a distance of about 35 miles from Hyderabad where Exhibition Special is scheduled to stop for 2 days. The inhabitants of Mirpurkhas can conveniently come to Hyderabad to see the Exhibition Special. Keeping this in view Mirpurkhas has been omitted from the itinirary of the train, as the special is not covering that section of the railway.

TENTATIVE PROGRAMME FOR EXHIBITION SPECIAL TRAIN IN CONNECTION WITH 10TH ANNIVERSARY OF CELEBRATION

Date	Section	Station	Proposed timings	No. of days
15.9.68	LHR–LYP	Lahore	LHR Dep : 0.30	4 days
		Lyallpur	LYP Arr : 5.40	2 days
17.9.68	LYP–SRQ	Sargodha	LYP Dep : 1.00	1 day
			SRQ Arr : 5.00	
18.9.68	SRQ–LLM	Lalamusa	SRQ Dep : 1.20	1 day
			LLM Arr : 7.45	
19.9.68	LLM–JMR	Jhelum	LLM Dep : 1.10	1 day
			JMR Arr : 3.00	
19/20.9.68	JMR–RWP	Rawalpindi	JMR Arr : 23.55	3 days
			RWP Dep : 6.00	
22.9.68	RWP–CBG	Campbell-pur.	RWP Dep : 0.50	½ day
			CBG Arr : 3.50	
22.9.68	CBG–NSR	Nowshera	CBG Dep : 23.20	½ day
			NSR Arr : 15.15	
23.9.68	NSR–PSC	Peshawar	NSR Dep : 1.30	1 day
			Arr : 3.00	
24.9.68	PSC–KHCT	Kohat	PSC Dep : 1.00	1 day
			KHCT Arr : 9.30	
25.9.68	KHCT–DKL	Daudkhel	KHCT Dep : 1.10	½ day
			DKL Arr : 8.00	
25.9.68	DKL–MWI	Mianwali	DKL Dep : 16.00	½ day
			MWI Arr : 17.30	

26.9.68	MWI—MZJ	Muzaffar-garh.	MZJ Dep : MUL Arr :	1.00 14 30	½ day
27.9.68	MZJ—MUL	Multan	MZJ Dep : MUL Arr :	2.40 3.15	½ day
29.9.68	MUL—BWPR	Bahawal-pur	MUL Dep : BWPR Arr :	2.40 6 00	½ day
30.9.68	BWPR—RYK	Rahimyar-Khan	BWPR Dep : RYK Arr :	1.00 5.30	½ day
30.9.68 1.10.68	RYK—SUK	Sukkur	RYK Dep : SUK Arr :	23 00 4.40	1 day
2.10.68	SUK—NWS	Nawabshah	SUK Dep : NWS Arr :	0.30 5.00	½ day
3.10 68	NWS—TDM	Tandoa-dam	NWS Dep : TDN Arr :	2.00 3.30	½ day
4.10.68	TDM—HDR	Hyderabad	TDM Dep : HDR Arr :	16.00 17.15	2 days
6/7.10 1968	HDR—KC	Karachi	HDR Dep : KC Arr :	23 30 4.30	4 days
11.10.68	KC—SHP	Shikarpur	KC Dep : SHP Arr :	0.30 22.30	½ day
12.10.68	SHP—JCD	Jacobabad	SHP Dep : JCD Arr :	12.25 13.30	½ day
13.10.68	JCD—SIB	Sibi	JCD Dep : SIB Arr :	3.15 8.00	½ day
*13.10.68	SIB—QTA	Quetta	SIB Dep :	16.30 23.50	1 day
*14/16.10 1968	QTA—LHR		QTA Dep : LHR Arr :	22.40 23.55	

RESTRICTIONS ON DISPLAY OF OFFICIAL DESIGNATION ON VEHICLES

*13422. **Haji Sardar Atta Muhammad** : Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state : —

(a) whether it is a fact that recently the Provincial Government has issued instructions to the effect that no Officer should mention his designation on the number plate of his official or private vehicle ;

(b) whether it is a fact that checking arties have been appointed by Government to see that the said instructions are fully complied with ; if so, the nature of the staff so appointed in each such district ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes.

(b) No. only a copy of the circular instructions issued by Government in this behalf has been endorsed to Assistant Inspector General of Police (Traffic) West Pakistan for information and necessary action. The latter has in turn forwarded copies of these instructions to all Deputy Inspectors General of Police Senior Superintendents of Police/Superintendents of Police, Motor Mobile Patrol Inspectors and Traffic Sub-Inspectors for information and necessary action vide his endst. No. 3109-74/EB dated 29-5-1968.

TENURE POSTS

*13426. **Mr. Hamza** : Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the posts of Commissioners, Deputy Commissioners, Superintendents of Police and the Officers in the West Pakistan Civil Secretariat are tenure posts ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, what is the tenure and

the names of Officers of the said categories who are overstaying and reasons for their overstay ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) The posts of Commissioners, Deputy Commissioners and Superintendents of Police are not tenure posts. The following posts in the West Pakistan Civil Secretariat are tenure posts :—

1. Chief Secretary and Additional Chief Secretary.

2. Secretaries, Additional Secretaries, Joint Secretaries and Deputy Secretaries.

3. Advisors.

4. Section Officers who are not members of the Secretariat Service.

(b) The tenure of the above mentioned posts is as under :—

1. C S. and A.C.S.	...	4 years
2. Secretaries, Additional Secretaries, Joint Secretaries and Deputy Secretaries	...	3 years
3. Advisors.	...	4 years
4. Section Officers who are not members of the Secretariat Service.	...	3 years

The following Officers are overstaying beyond their periods of tenure. Reasons for overstay have been indicated against each :—

1. Mr. Z.A. Chana, PCS Joint Secretary, Law Department.	He belongs to the P.C.S. (Judicial) and has been allowed to stay beyond the tenure period because of his special skill in legal drafting.

2.	Mian Muhamı ad Saadullah, TQA, PCS, Deputy Secretary (Estt :), S & GAD.	Allowed to overstay in the interest of administration.
3.	Mr. Bashir Ahmad Khan, T.Pk, PCS, Deputy Secretary (Regulations), S. & GA Department.	-do-
4.	Lt. Col. Abdul Haye Khan, GAR, Deputy Secretary, Irrigation and Power Department.	-do-
5.	Ch. Sher Muhammad, Canal Collector.	He is working as Technical Section Officer. No other Canal Collector of adequate experience is available. Steps are, however, being taken to transfer him out of the Secretariat.
6.	Mr. S.M. Sirajuz Zaman	He is working as Technical Section Officer and will be transferred out of the Secretariat very shortly.
7.	Khalifa Allauddin	He is due to retire from service on 27.9.68. Since he is nearing retirement, he has been permitted to stay in the Secretariat.
8.	Kh. Altaf Hussain	He is a Technical Section Officer and is working for the revision of Science Text Books and their moderanization. No suitable substitute is available.
9.	Begum Mumtaz Bashir	She is working as Section Officer (Tech :) Her husband is working at

		Lahore and in accordance with the Government policy that husband and wife may be allowed to work at one station so far as possible, she has been allowed to stay in the Secretariat.
10.	Mr. Sadiq Ali Shah	He is working as Technical Section Officer. No suitable substitute is available.
11.	Mr. Muhammad Latif Abbas	He has received training in planning from abroad and is doing technical work. No equivalent post in the field is available for him.
12.	Mr. Sher Muhammad Malik	He is working as Technical Section Officer. He is being transferred to the field.
13.	Mr. S.H. Zaidi	He will retire from service on 21.4.1969, and has, therefore, been allowed to stay in the Secretariat.
14.	Mr. Bashir Amad Khan, PCS.	He hails from former NWFP and is dealing with matters relating to tribal affairs which is a specialized job. Efforts were made to have PCS Officers belonging to former NWFP but without success as officers from that Region are not willing to serve at Lahore.
15.	Dr. (Mrs) N.H.A. Khan	She is working as Technical Section Officer. No equivalent post is available for her in the field.

16.	Dr. G.M. Junejo	He is working as Section Officer (Technical . There is no equivalent post in the field.
17.	Mian Mahmud Ahmad	-do-
18.	Dr. Faiz Ali Shah	He has specialized in the field of planning. The question of selecting a suitable substitute is under consideration.
19.	Dr. M.A. Shakoor	He is due for retirement this year.

Inter se SENIORITY OF P.C.S. (E. B) OFFICERS

*13430. **Chaudhri Muhammad Sarwar Khan** : Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the *inter se* seniority of the P.C.S. (E.B.) Officers of 1948 batch to 1952 batch in former Punjab area is still undetermined and their further promotions continue to be made according to the ad-hoc seniority last prepared from time to time ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether Government intend to fix *inter se* seniority of the said Officers and a complete list of these Officers be placed on the Table of the House ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) No.

(b) Does not arise.

INTEGRATED GRADATION LIST OF P.C.S. (E. B.) OFFICERS

*13431. **Chaudhri Muhammad Sarwar Khan :** Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the total number of P.C.S. (E. B.) Officers of all the integrating units entered in the integrated gradation list of P.C.S. (E. B.) is more than their total cadre strength ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, what was the sanctioned strength of the P.C.S. (E.B.) cadre of each integrating unit at the time of Integration and what is the excess number of Officers in the said cadre brought on the said gradation list ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes.

(b)	Pre-integration sanctioned strength	Excess number of officers included in the Gradation List.
(i) Former Baluchistan & Baluchistan State Union.	24	9
(ii) Former Khairpur State Sind and Karachi	37	6
(iii) Former Punjab and Bahawalpur State	249	6
(iv) Former North-West Frontier Province	55	26

OFFICERS REFUSED EXTENSION IN SERVICE IN INDUSTRIES DEPARTMENT

*13546. **Haji Sardar Atta Muhammad**: Will the Parliamentary Secretary Industries and Commerce be pleased to state the names and designations of Officers in the Industries Department who were not granted extension in service after attatning the age of retirement during 1967 alongwith reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Mr. Bashir Muhammad, Assistant Director of Industries, Hyderabad, is the only officer who was not granted extension in service after attaining the age of retirement because his record of service was not considered satisfactory by the concerned Committee.

PROMOTION OF CLERKS AS ASSISTANTS IN THE WEST PAKISTAN CIVIL SECRETARIAT

*13588. **Mr. Nisar Muhammad Khan** : Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state whether it is a fact that large number of clerks belonging to Integrating Units in the West Pakistan Civil Secretariat are suffering a considerable financial loss due to the non-implementation of the decision given by the West Pakistan High Court in Writ Petition No. 446 of 1962 in respect of their promotions as Assistants, if so, the names of the said clerks alongwith the dates on which their promotions as Assistants fell due in view of the aforesaid decision of the High Court and the financial loss so far sustained by each of them ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): Yes. In implementing the decision given by the High Court in Writ Petition No. 446 of 1962 a difficulty first arose how the qualified and unqualified Junior Assistants of the former Baluchistan and the former Baluchistan States Union should be integrated. When this had been solved, differences of

opinion arose between the Services and General Administration Department and the Law Department in respect of the question how the Selectee and Non-Selectee Clerks of the former Sind should be integrated. Upon the advice of the Advocate General, which was obtained under the Rules of Business, the Law Department has since withdrawn its original advice and the Services & General Administration Department has now issued the final seniority list of Senior Clerks. All the Clerks have already been promoted as Assistants, but on the basis of the fresh seniority list now issued the date from which each of them should have been promoted on the basis of his seniority and performance, will be worked out, proforma promotion given from the due date and his salary re-fixed. The names of the Clerks, who could not be promoted, and whose dates of promotion as Assistants could not worked out earlier, is given in Annexure 'A'. The dates from which the promotion to the rank of Assistant actually fell due to them on the basis of their final seniority and performance will take the Services and General Administration Department sometime to work out. It is not, therefore, passible, at this stage, either to give the due dates of their promotion or to state the financial loss incurred by each. The orders will now be issued expeditiously giving *proforma* promotion to the Clerks concerned from earlier dates on the basis of their seniority and performance.

ANNEXURE 'A'

List showing names of Clerks who could not be promoted and whose dates of promotion as Assistants could not be worked out earlier.

S. No.	Name	S. No. in the Gradation List of 1967	Unit of Origin.
1	Mr. Ghulam Qadir	272	(B)
2	Mr. Faqir Muhammad	288	(B)
3	Mr. Maqbool Amanat Kazi	289	(B)
4	Mr. Anwar Hussain	290	(B)

5	Mr. Muhammad Ilyas	291	(B)
6	Mr. Muhammad Bashir	292	(B)
7	Mr. Rasool Bakhsh	293	(B)
8	Mr. Mian Muhammad	294	(B)
9	Mr. Meraj Uddin	295	(B)
10	Mr. Khurshid Anwar	1 (among Senior Clerks)	(BSU)
11	Mr. Muhammad Ismail	296	(BWP)
12	Mr. Muhammad Ayyaz Khalil	298	(F)
13	Mr. Mahfooz Ahmad	299	(F)
14	Mr. Muhammad Anwar	300	(BWP)
15	Mr. S.M.H. Zaidi	302	(S)
16	Syed Shafiqul Abbas Rizvi	303	(S)
17	Mr. Mahfooz Jan Durrani	307	(F)
18	Mr. Abdul Qayyum Kakazai	311	(F)
19	Mr. Najam Uddin	3 (among Senior Clerks)	(F)
20	Mr. Muzaffar Hussain Rizvi	314	(BWP)
21	Mr. Muhammad Shafi Moghal	315	(S)
22	Mr. Shafi Ullah	326	(F)
23	Mr. Sharaf Uddin	4(among Senior Clerks)	(F)

24	Mr. Noor Ahmad	329	(F)
25	Mr. Abdul Qayyum	330	(F)
26	Mr. Nisar Ahmad Baig	331	(BWP)
27	Mr. Lal Bakhsh	332	(BWP)
28	Mr. Mushir Ahmad	334	(S)
29	Mr. Hafeez Ahmad Munawar	336	(BWP)
30	Mt. Abdul Saleem	337	(BWP)
31	Mr. Muhammad Ramzan	338	(BWP)
32	Mr. N.A. Abbasi	339	(S)
33	Mr. Abdul Rehman Qazi	6 (among Senior Clerks)	(S)
34	Mr. Ghulam Rabbani	341	(F)
35	Mr. Sardar Muhammad	342	(F)
36	Mr. Athar Ali Khan	350	(S)
37	Mr. Ghulam Rabbani Baig	351	(BWP)
38	Mr. Muhammad Ayyub	352	(F)
39	Mr. Muhammad Shafique	353	(BWP)
40	Mr. Taj Muhammad Baloach	8 (among Senior Clerks)	(S)
41	Mr. Iqbal Muhammad	354	(B)
42	Mr. Rafiq Ahmed Qureshi	358	(BWP)
43	Mr. Ashraf Ali Qureshi	9 (among Senior Clerks)	(S)

44	Mr. Hamza Khan Jalbani	337	(S)
45	Mr. Muhammad Saeed Khan	379	(BWP)
46	Mr. Maqbool Ahmad Khan Eusoofzai	10 (among Senior Clerks)	(S)
47	Mr. Ghulam Haider	382	(BWP)
48	Mr. Mushtaq Ahmad	11 (among Senior Clerks)	(BWP)
49	Mr. S. A. Pakistani	393	(S)
50	Mr. Muhammad Iqtidar Ali Khan	13 (among Senior Clerks)	(S)

FIXATION OF SENIORITY OF CLERKS OF FORMER SIND SECRETARIAT

*13590. **Mr. Nisar Muhammad Khan:** Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration please refer to the answer to my starred question No. 9799 given on the Floor of the House, on 1st November 1967 and state :—

(a) whether the question regarding fixation of seniority of selectee and non-selectee clerks of the former Sind Secretariat has been decided by the Council of Ministers ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether the provisional seniority list of senior and junior clerks prepared in pursuance of the High Court decision has been made final ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) The matter was to be referred to the Council of Ministers to resolve the difference opinion between the Law Department and the Services and General Administration Department, It has, howevr, since been resolved in accor-

dance with the prescribed procedure and it is no longer necessary to refer the matter to the Council of Ministers.

(b) A revised seniority list has been prepared and issued.

ARREST OF MR. ABDUL KARIM, PATWARI BY ANTI-CORRUPTION ESTABLISHMENT FOR ACCEPTING BRIBE

*13613. **Mian Muhammad Shafi** : Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that some time ago Mr. Abdul Karim, Patwari of Chak No. 68/10-R, Tehsil Khanewal, District Multan, was arrested by the Anti-Corruption Establishment for accepting bribe from a resident of of the said Chak ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, (i) the names of Government Officials who are stated to have been present at the time of his arrest, and (ii) the names and designations of Officers who arrested him and the present stage of the case ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes.

(b) (i) The following officers were present at the time of the arrest of Mr. Abdul Karim, Patwari :—

1. Mr. Moeen Afzal, C.S.P., S.D.M., Khanewal.

2. Inspector Niamat Ullah, Circle Officer, Anti-Corruption Establishment, Multan.

3. Foot Constable Muhammad Ali No. 281.

(ii) Mr. Moeen Afzal, C.S.P., S.D.M., Khanewal, ordered the arrest of the accused official. He was taken into custody by Inspector Niamat Ullah, Circle Officer, Anti-Corruption Establishment, Multan.

(iii) The case is pending trial in the court of the Special Judge-cum-Enquiry Officer, Anti-Corruption, Multan.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEE REPORTS.

Mr. Speaker : There is a motion for extension of time by Chaudhri Muhammad Idrees ; yes please.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :

> That time for presentation of the Report of the Standing Committee on Revenue on the West Pakistan Land Revenue (Amendment) Bill, 1968, (Bill No. 20 of 1968) be extended upto 31st December, 1968.

Mr. Speaker : The question is :

> That time for presentation of the Report of the Standing Committee on Revenue on the West Pakistan Land Revenue (Amendment) Bill, 1968, (Bill No. 20 of 1968) be extended upto 31st December, 1968.

The motion was carried.

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON PUBLIC ACCOUNTS FOR THE YEAR 1961-62. (*presentation*)

Mr. Speaker : We will now take up the Orders of the Day. Mr. Zain Noorani.

Mr. Zain Noorani : Sir, I beg to present the Report of the Standing

Committee on Public Accounts on the Appropriation, Commercial and Finance Accounts of the Government of West Pakistan for the year 1961-62 and the Audit Reports thereon.

Mr. Speaker : The Report of the Standing Committee on Public Accounts on the Appropriation, Commercial and Finance Accounts of the Government of West Pakistan for the year 1961-62 and the Audit Reports thereon, stands presented to the House.

SCHEDULE OF AUTHORISED EXPENDITURE FOR THE YEAR 1968-69 (RAILWAY) (*laying on the Table*)

Mr. Speaker : Next item please, the Minister for Railway.

Minister for Railway (Mr. Muhammad Khan Junejo): Sir, I beg to lay on the Table the Schedule of Authorised Expenditure for the year 1968-69 (Railway).

SCHEDULE OF AUTHORISED EXPENDITURE FOR THE YEAR 1968-69 (GENERAL) (*laying on the Table*)

Mr. Speaker : Next item, the Minister for Finance.

Minister for Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : Sir, as required under Article 43 (3) read with Article 89, I lay on the Table of the House the Schedule of Authorised Expenditure for the year 1968-69, authenticated by the Governor.

WAPDA AUDIT REPORT, BALANCE SHEET, REVENUE ACCOUNTS AND APPROPRIATION ACCOUNTS FOR THE YEARS 1958-59, 1959-60, 1960-61 AND 1961-62 (*laying on the Table*)

Mr. Speaker : Next item please.

Minister for Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : Sir, I beg to lay on the Table.

(i) WAPDA Audit Report 1963 ;

(ii) Balance-Sheets of Water and Power Wings, Revenue Accounts of Power Wing and the Appropriation Accounts for the years 1958-59, 1959-60, 1960-61, and 1961-62.

THE WEST PAKISTAN FINANCE BILL, 1968.

Mr. Speaker : Next motion please.

Minister for Finance : Sir, I beg to move :

> That the West Pakistan Finance Bill, 1968 be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That the West Pakistan Finance Bill, 1968 be taken into consideration at once.

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ Opposed ۔ جناب سپیکر ۔ آج مغربی پاکستان کی حکومت کے فنانس بل پر پہلا موقع مہیا کیا گیا ہے کہ جنرل ایڈمنسٹریشن یعنی صوبائی نظم و نسق اور ہمارے مالیات کو مکمل طور پر زیر بحث لا سکیں ۔

جناب سپیکر ۔ فنانس بل میں چند ایسے taxes کو continue کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جن کو موجودہ اسمبلی ۱۹۶۲ء سے پاس کرتی چلی آ رہی ہے اور جناب والا ۔ یہ چھ ٹیکس یہ ہیں :۔

Land Revenue Tax

Motor Vehicle Levy

Stamp Act

Provincial Excise

Entertainment Tax and

Property Tax

جناب والا ۔ ذرا سی repitition ہو گی لیکن مجھے پھر اس ہاؤس کو یاد دلانا پڑتا ہے کہ ان کے علاوہ بھی ۳۸ دوسرے ٹیکسز اور cess ڈیوٹیز اس صوبے کے عوام سے حاصل کئے جاتے ہیں ۔ جناب والا ۔ ہماری حکومت نے ان چھ ٹیکسوں کہ جو کہ ۱۹۵۸ء سے inforce تھے continue رکھا ہے بلکہ ان میں گراں قدر اضافہ کیا ہے۔ جناب والا۔ میں صرف دو منٹ میں ہاؤس کو یاد دلاؤں گا کہ یہ Provincial Taxes receipts جو ہیں یہ ۱۹۶۰-۶۱ء میں ۷۹ء۳۴ کروڑ تھیں اور ۱۹۶۷-۶۸ء میں ۷۹ء۳۴ کروڑ سے ۳۶ء۵۶ کروڑ revised estimate میں ہو گئیں ہیں ۔ جناب والا ۔ اسی طرح سے یہ مجھے گذارش کرنا ہے کہ انہوں نے بدستور ان چھ کے چھ ٹیکسوں میں اضافہ کیا ہے ۔ مثلاً ایکسائز فیس میں ۱۹۶۲ء میں انہوں نے سالانہ ایک کروڑ کا اضافہ کیا ہے ۔ اور اسی طرح سے ریلوے کے کرایوں کو ۱۹۶۲ء میں revise کیا اور ۴۴ لاکھ سالانہ ان کو ملتے رہے ۔ اور اسی طرح سے ڈیولپمنٹ cess میں ۲۵ فیصد سے ۳۵ فیصد کا اضافہ ہوا اور اس طرح ۶۴ لاکھ سالانہ کا اضافہ ہوا اور یہ اضافہ تا حال ۳۲۰ لاکھ روپے کا ہے ۔ اسی طرح واٹر ریٹ میں ۱۰ فیصد کا ۱۹۶۳ء سے اضافہ کیا گیا اور ۵ سال میں ۵۷۵ لاکھ روپے کا

اضافہ ہوا ۔ شوگر کین ڈیولپمنٹ cess میں انہوں نے ٦٦ لاکھ روپے سالانہ ١٩٦٤ء سے اضافہ کیا ہے اور اس طرح ٢٦٤ لاکھ کا اضافہ ہوا اور اسی طرح بجلی کی ڈیوٹی پر ١٩٦٤ء میں ایک پیسہ فی یونٹ residential consumption پر اضافہ ہوا اور چار پیسے فی یونٹ industrial units consumption میں اضافہ ہوا جناب والا ۔ اس اضافہ سے ٨٦ لاکھ تا حال وصول ہوئے ہیں اور اس میں ٣٢٤ لاکھ کا اضافہ ہو چکا ہے واٹر ریٹ کو ١٠ فیصد سے بڑھا کر ١٩٦٥ء سے ١٨٧ لاکھ سالانہ کے حساب سے تین سال میں ٥٦١ لاکھ کا اضافہ ہوا ہے اور ہوٹل ٹیکس میں گذشتہ تین سال میں ١٠ لاکھ کا اضافہ ہوا ہے اور ٹوٹل اضافہ ٣٠ لاکھ روپے روپے کا ہوا ۔ ایڈیشنل اسٹامپ ڈیوٹی میں گذشتہ تین سال میں ٤٠ لاکھ کا اضافہ ہوا ہے اور ٹوٹل اضافہ ١٢٠ لاکھ روپے ہوا ہے ۔ موٹر وہیکل میں ٦٨ لاکھ کا اضافہ ہوا ہے اور تین سال میں ٢٠٤ لاکھ کا اضافہ ہوا ہے بہر حال ان کے اپنے دستاویزات کے مطابق اور قرطاس ابیض کے صفحہ ٥ کے مطابق اور ان کے اعداد و شمار کے مطابق کل ٣٥٠٤ لاکھ روپے کا اضافہ ہوا۔ یعنی ٣٣ کروڑ کا اضافہ گذشتہ ٨ سال میں کیا گیا ہے اور یہ سب اضافہ پراونشل ٹیکسز میں ہوا ہے ۔

جناب والا ۔ اس تصویر کی عکاسی کرتے ہوئے میں اب اگلے نکتہ پر آتا ہوں اور میں اس پر شدید احتجاج کرتا ہوں کہ انہوں نے عوام کے ذریعہ معاش کے لئے اور عوام کی آمدنی بڑھانے کے لئے کسی قسم کی کارروائی نہیں کی لیکن انہوں نے ان کو ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبا دیا ہے ۔ یعنی جناب والا ۔

جن کی آمدنی ۱۰۰ روپے سے کم ہے ان کے ٹیکسوں میں آپ نے ۳۰۵ فیصد کا اضافہ کیا ہے ۔ اس سے صوبے کے عوام کی آپ نے کمر توڑ کر رکھ دی ہے اب جناب والا ۔ دوسرا نکتہ جس کا جواب دینا میرا اخلاقی فرض ہے یہ ہے اگر چہ اس سے حکومت کی ستائش ہو گی مگر مجھے یہ اعداد و شمار پیش کرنا ہوں گے تا کہ غلط فہمی کا ازالہ ہو جائے جناب والا ۔ مجھے اور خواجہ صاحب کو مطعون کیا گیا کہ ہم لوگوں نے کچھ ایسی باتیں کہی ہیں جن سے regionalism کی بو آتی ہے لیکن وہ بات اس طرح سے نہیں تھی جناب والا ۔ میں اس بات کو دہراتا نہیں ہوں بلکہ صرف اس بات کی وضاحت کرتا ہوں کہ جو انہوں نے allocations کی ہیں اور ان پر region-wise تبصرہ کروں گا ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ صفحہ ۴۷ اگر آپ ملاحظہ فرمائیں حالانکہ مجھے اس پر اعتراض نہیں ہے میں کہتا ہوں کہ آپ اس سے زیادہ allocations کریں ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ regional developmental allocation پر نظر ڈالیں تو ۱۹۵۴-۵۵ء کے اعداد و شمار یہ ہیں جیسا کہ میں نے کہا کہ اس سے گورنمنٹ کی تحسین ہو گی لیکن اسکو میں اس ہاؤس میں پیش کروں گا ۔ جناب والا ۔ انہوں نے فرنٹیئر کو ۵۵ - ۱۹۵۴ء میں capital receipts ۲۶۹۸ لاکھ دیں ۔ اور revised receipts ۵۶۹۵ لاکھ اس طرح ٹوٹل ۸۶۹ لاکھ تھا ۔ ان میں سے جو ڈیولپمنٹ کے اخراجات ہو رہے تھے وہ ۲۶۲۷ لاکھ تھے ۔ ہیلتھ اور ایجوکیشن پر ۸ کروڑ ۹ لاکھ کے بجٹ میں سے ۵ کروڑ ۶۲ لاکھ فرنٹیئر پر خرچ ہوئے تھے لیکن اب فرنٹیئر کو گذشتہ تین سال میں ڈیولپمنٹ کے لئے ۳۵ لاکھ دئے گئے ۔

وزیر خزانہ (سید احمد سعید کرمانی) ۔ ہم آپ کے شکر گذار ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ خود آپ اپنے دام میں صیاد آگیا ۔

ملک محمد اختر ۔ میں دام میں نہیں آیا ۔ میں تو صرف allocations بتا رہا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ون یونٹ کے قیام سے کیا کسی ریجن کو نقصان ہوا ہے ۔ ون یونٹ کے قیام سے میں یہ ثابت کروں گا کہ اگر ون یونٹ نہ ہوتا تو ریجنل ڈیولپمنٹ کا امکان ہی نہ ہوتا ۔ ہمیں یہ کہا گیا ہے کہ ہم نے جو کوئٹہ شہر کے واقعات بتائے ہیں تو ہم نے گویا کوئی disservice کی ہے ۔ اب جناب والا ۔ آپ سندھ کی capital receipts کو دیکھیں کہ ۱۳ کروڑ ۶۷ لاکھ تھیں اور revenue receipts نو کروڑ ستر لاکھ تھیں اور ان کی total receipts ۲۳ کروڑ ۳۷ لاکھ تھیں اور اسی طرح جو ڈیولپمنٹ پر اخراجات ہوئے ہیں وہ ۱۶ کروڑ ۲۰ لاکھ تھے اور ایجوکیشن اور ہیلتھ پر ۱۴۹۰ لاکھ روپے تھے یعنی ۱۸ کروڑ ۱۰ لاکھ روپے ڈیولپمنٹ کی بجائے ہم نے گذشتہ تین سال میں سندھ کو ۸۴ ۔ کروڑ روپے دئیے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں بلوچستان کی فیگرز پر کچھ عرض کرتا ہوں کہ ان کی capital receipts صفر تھیں لیکن revenue receipts ۵۲ لاکھ تھیں ۔ ان کی development پر ۵۲ لاکھ کی بجائے ۹ لاکھ روپیہ خرچ ہوتا تھا اور ون یونٹ کے قیام کے باعث کوئٹہ کو ۲۴۷ کروڑ یہ ۶۸ ۔ ۱۹۶۷ء میں اور ۶۹ ۔ ۱۹۶۸ء میں ۸۶۸ کروڑ ۔ یعنی دو سالوں میں

۱۵ کروڑ - - - اور اگر تیسرے سال کو بھی آپ شامل کر لیں تو رقم ۸۵ کروڑ ہو گی یعنی جناب والا - ایک صوبہ جو ۸۲ لاکھ revenue yield کر رہا ہے جس کے تین سال کا revenue اڑھائی کروڑ یا ۳ کروڑ سمجھ لیں تو ہم نے اس صوبے کی ڈیویلپمنٹ کے لئے خصوصاً ون یونٹ کے قیام کے بعد taxes resources میں سے ۲۵ کروڑ دیا ہے - جناب والا - اس کے بعد میں بہاول پور کی فیگرز پر آتا ہوں - اس کی capital receipts ۲ کروڑ ۳ لاکھ تھیں اور revenue receipts ۶ کروڑ ۶ لاکھ - اور ٹوٹل ۸ کروڑ ۱۰ لاکھ - اور جو اخراجات ترقیاتی کاموں پر ہوئے وہ ۸۷ لاکھ تھے - یعنی جناب والا - میں سمجھتا ہوں کہ ایک کروڑ ۵۱ لاکھ روپے بجٹ کے اخراجات ہوتے تھے اور ۶ کروڑ والئے ریاست کی جیب میں جاتا تھا - جناب والا - میں نے اندازہ لگایا ہے کہ ہمیں گذشتہ تین سالوں میں ۱۲ کروڑ ترقیاتی کاموں کے لئے ملا ہے - جناب والا - ۵۵-۱۹۵۴ء کے ضمنی بجٹ میں ایسی ریاستوں کے تمام ریجنوں کے اخراجات دیئے ہوئے ہیں اور اس کے متعلق چھپی ہوئی سٹیٹمنٹ موجود ہیں - جناب والا - میں نے اعداد و شمار کے حاصل کرنے میں کافی وقت صرف کیا ہے تقریباً ۸ گھنٹے صرف ہوئے ہیں - اس کے بعد جناب والا - خیرپور ریجن کا ملاحظہ فرمائیں - اس کی capital receipts جو ہیں جناب والا - وہ صفر ہیں اور revenue receipts ایک کروڑ ۵۱ لاکھ اور اخراجات ۳۲ لاکھ کے ہیں جو انہوں نے تعلیم پر کئے ہیں اور میرے پاس پچھلے سال کی اور اس سال کی فگرز خیرپور کی ہیں جو کہ وقت کی کمی کے باعث میں شاید پیش نہ کر سکوں -

ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی - پنجاب کا بھی بتا دیتے تو بہتر تھا -

ملک محمد اختر ۔ لیکن انہوں نے انکم ٹیکس سے زیادہ خرچ نہیں کیا ہے ۔

میں دراصل عرض کر رہا تھا کہ یہ سب کچھ ون یونٹ کے قیام کی وجہ سے ہے ۔ سر آرچی بلڈ رونلڈ جو ماہر اقتصادیات تھے ان کے تعاون سے یہ سب کام عمل میں لایا گیا ۔ میرے پاس اسمبلی کی ۱۹۴۸ء کی debates ہیں جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے :۔

"It had been suggested to the Quaid-e-Azam in 1948 by Sir Archibald Rowland, the adviser on economic affairs, but somehow the idea could not be put into practice. The idea of integration began to take shape when the "Muhammad Ali Formula" provided four units in West Pakistan instead of so many recommended by the Basic Principles Committee during Khawaja Nazim-ud-Din's regime. But important sections of the politicians in West Pakistan saw in the existence of four units there a constitutional stronghold of regionalism and provincialism, and, from the point of view of constitution-framing, the question of representation of all these units was also defying all solutions ; they therefore began to sponsor the One Unit scheme for West Pakistan. The first official announcement in this regard was made in 1934, but no agreed solution could be found. However, the second Constituent Assembly, on October 3, 1955, passed the Establishment of West Pakistan Act, and thereby abolished the autonomous provincial sub-division of West Pakistan and established One Unit instead. It was enforced from October 14, 1955.

This is a signal piece of administrative genius of the sponsors of the scheme and it was almost a necessity as a prerequisite to the framing of the

Constitution, as it was only in this way that the task of constitution-making could be adequately and satisfactorily tackled.

On the administrative side, with the abolition of Provinces, various Governors, Cabinets and Assemblies were replaced by a unified administrative system, with one Governor, one Cabinet and one Assembly. That would guarantee a smoother administration. From the economic point of view, various parts of West Pakistan are complementary to each other and the integration of their economy would be achieved more easily with administrative unification of all these parts. At the same time the country would economise in salaries and other administrative expenses. The entire Province would develop on a uniform basis and no part would be left to its own resources in relation to development activities in that area."

تو جناب والا ۔ یہ بات متعلقہ ہے جس کے لئے میں نے یہ پیراگراف پڑھا ہے ۔ اس کے بعد اس نوٹ میں یہ بھی دیا گیا ہے کہ یہ دراصل انگریزوں نے اس صوبے کے مختلف جغرافیائی حصے بنائے ہوئے تھے اگرچہ یہ جغرافیائی تقسیم نہ تھی ۔ انگریزوں نے اپنی سہولت کے لئے اپنی سہولت کے پیش نظر سابق صوبہ سرحد کو جو کہ پنجاب کا حصہ تھا ۱۸۴۹ء سے ۱۹۰۱ء تک سیاسی وجوہات کی بناء پر پنجاب سے علیحدہ کیا ہوا تھا ۔ اسی طرح سندھ کا صوبہ تھا تو جناب صدر یہ تھا پس منظر جس کے لئے ون یونٹ قائم ہوا اور اس کے بعد جو ترقیاتی کام ہوئے وہ بھی اسی دور میں ہوئے یعنی جناب والا ۔ میری مراد developmental achievements سے ہے ۔ میرے دوستوں کو فراخ دلی سے یہ قبول کر لینا چاہئے کہ ون یونٹ کے قیام کا سہرا سیاست دانوں کے سر پر ہے ۔ انہوں نے ایک سکیم کا آغاز کیا آپ نے اس کو اقتصادی

طور پر سنبھالا اور اس پر عمل درآمد کیا اور جو کچھ منصوبہ آپ کے پیش نظر تھا اس کے مطابق آپ نے کام کیا اور اس کام کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج جو پسماندہ ریجن ہیں ان کو ہم اپنے برابر یعنی جناب والا ۔ ہم ان کو at par لانے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ مجھے اس سلسلے میں بتانا ہے کہ یہ developmental expenditure ہوتے کہاں سے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں نہیں کہتا کہ یہ ریجن ہم پر انحصار کرتے ہیں ۔ ہمیں کسی قسم کی ایسی بات نہیں کرنی چاہئے جس سے ملک میں انتشار پیدا ہو ۔ ہم کہتے ہیں کہ ہم تو ایک خاندان ہیں یہ ون یونٹ کا ہی نتیجہ تھا جو ملک میں اس قدر ترقی ہوئی ۔ جناب والا ۔ میں صرف اپنے دوستوں کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اگر یہ تمام resources pool نہ کئے جاتے تو آئندہ ۲۰۰ سالوں میں بھی ان تمام ریجنوں میں ترقی نہیں ہو سکتی تھی ۔ جناب والا ۔ اب مجھے ایک حرف شکایت موجودہ حکومت کے ساتھ ہے اگر اجازت ہو تو عرض کروں ۔ جناب والا ۔ کسی دوست نے جو کہ نہایت ہی حب الوطن ہیں اور میرے بڑے عزیز دوست ہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ حکومتی پارٹی سے بھی زیادہ میرے قریب ہیں لاہور کے دوستوں کے علاوہ ۔ انہوں نے مجھ سے اور خواجہ صاحب سے یہ کہا کہ ہم regionalism کو ہوا دے رہے ہیں ۔ میں جناب والا ۔ ان کی خدمت میں ۱۳ جون ۱۹۶۸ء کے مشرق سے ایک تراشہ پیش کرتا ہوں جو بنیاد تھا میری اس تقریر کا اور جس کی اساس پر میں نے تقریر کی ہے :۔

"بعض قبائلی سردار عوام کو حکومت سے
تعاون نہ کرنے پر اکسا رہے ہیں ۔

گورنر مغربی پاکستان کے مشیر خان آف قلات میر احمد یار خان نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ترقیاتی منصوبوں کو مؤثر بنانے کے لئے اپنے وسائل کو بروئے کار لائیں ۔

انہوں نے آج یہاں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ کہا کہ صوبائی اور مرکزی حکومتوں نے گذشتہ دس سالوں میں سابق بلوچستان کے عوام کی بہتری اور علاقہ کی ترقی کی طرف پوری توجہ دی ہے ۔ جسے اس سے قبل کی حکومتیں نظر انداز کرتی رہیں ۔

خان آف قلات نے کہا ہے کہ مقامی طور پر ترقیاتی کاموں میں صرف اس لئے دلچسپی نہیں لی جا رہی کہ بعض قبائلی سردار عوام کو اس بات پر ابھار رہے ہیں کہ وہ حکومت کے ساتھ تعاون نہ کریں ۔"

جناب والا ۔ یہ نوٹ فرمائیں کہ "مقامی طور پر ترقیاتی کاموں میں صرف اس لئے دلچسپی نہیں لی جا رہی کہ بعض قبائلی سردار عوام کو ابھار رہے ہیں کہ وہ حکومت کے ساتھ تعاون نہ کریں ۔" یہ وہ الفاظ تھے جن کی بنیاد اور اساس پر ہم نے کوئٹہ کے ۲۷ اور ۲۶ مئی کے واقعات کو اس ہاؤس میں دھرایا ۔ آج کے اخبارات میں یہ خبر ہے کہ کوئٹہ کے علاقہ میں مزید ایک ماہ کے لئے کرفیو کا نفاذ کیا گیا ہے ۔

اب میں گورنر مغربی پاکستان کی ایک سٹیٹمنٹ اس ہاؤس میں پیش کرتا ہوں ۔ یہ دو تھیں لیکن ایک مجھے مل نہیں سکی ۔ وہ بھی ۶ مارچ ۱۹۶۸ء کو یہ کہتے ہیں :-

"Discussing the internal affairs the Governor called upon the lawyers to fight against parochialism and regionalism.

He said that certain elements in order to build themselves up were apt to indulge in parochialism to create chaos and confusion, which, if not checked in time, could tear the country apart sooner or later.

Giving the example of India, he stressed that such tendencies would destroy Pakistan internally and would thus weaken her militarily.

He stressed that both the Provinces and Regions within the two Wings must work as a solid, inseparable block and stand up against those who for their selfish motives encourage secessionist tendencies.

As far as the Government was concerned, the Governor told his audience it would go to any length to crush such tendencies."

جناب والا ۔ اگر میں اس ہاؤس میں کھڑا ہو کر ان رجحانات کو crush کرنے کا مطالبہ کرتا ہوں تو کہا جاتا ہے کہ یہ regionalism کا ارتکاب کرتا ہے ۔ ان تمام باتوں کے کہنے کے بعد میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ آپ یہ غور فرمائیں کہ ہم regionalism کو ختم کرنا چاہتے ہیں ۔ ہم نہیں چاہتے کہ لسانی باتوں پر تفریق پیدا کی جائے ۔ مگر وہاں کے حالات کے پیش نظر میں دو اور امور پر بھی بات کرنا چاہتا ہوں ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا

ہوں کہ کوئٹہ کے علاقہ میں بعض قبائل محمد زئی ۔ گل زئی سلیمان خیل اور ہزاروی وغیرہ ہیں ۔ یہ ہزاروی قبیلہ جو ہے یہ جناب گورنر صاحب کا قبیلہ ہے ۔ پھر وہاں لوکل ۔ نان لوکل ۔ اور domicile کی تفریق بھی ہے ۔ جن قبائل کا میں نے ذکر کیا ہے انہیں ۱۹۶۴ء میں لوکلز کے حقوق دیئے گئے ہیں ۔ یہ قبائل جو ہیں یہ وہ اشخاص ہیں جو افغانستان سے آتے ہیں ۔ مگر وہ اپنی شکل و شباہت کی بناء پر پہچانے نہیں جا سکتے ۔ اگرچہ وہ عارضی پرمٹ پر یہاں داخل ہوتے ہیں مگر انہیں لوکلز کے حقوق دے دیئے جاتے ہیں ۔ اب اگر جناب والا ۔ میں یہ شکایت کروں کہ ہندوستان سے آنے والے افراد کو یا اس صوبہ کے دیگر حصہ جات مثلاً پنجاب وغیرہ سے جا کر وہاں بسے ہوئے افراد کو تاحال لوکلز کے حقوق نہیں دیئے گئے اگرچہ وہ ایک سو سال سے وہاں رہ رہے ہیں ۔ تو جناب والا ۔ اس بڑی قربانی کے پیش نظر جو ہم اپنے اپنے فرنٹیئر اور کوئٹہ کے بھائیوں کیلئے کر رہے ہیں میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ لوگ اس شکایت میں حق بجانب ہوں گے ۔ ان لوگوں کو لوکلز کے حقوق نہ دینے کے باعث نہ تو ان کے بچوں کو وہ سہولتیں میسر ہیں ۔ جب بچے سکول میں داخل ہوتے ہیں تو ان سے پوچھا جاتا ہے کہ آپ کا کیا درجہ ہے ۔ آپ کس درجہ کے شہری ہیں ۔ مجھے یہ بالکل مستند ذرائع سے معلوم ہوا ہے ۔ ان کی فیس میں بھی فرق ہے ۔ وظائف میں بھی فرق ہے ۔ وہاں دس لاکھ روپے کے وظائف ہیں جن میں ان نان لوکلز کو شامل نہیں کیا کیا جاتا ۔ اور آگے اگر دیکھیں تو وہ زرعی زمین وہاں پر نہیں خرید سکتے ۔ اس کے بعد ان سرداروں کو ۔ جن میں سے اکثر محب وطن ہیں مگر چند ایسے ہیں جن کے متعلق میں کہوں گا کہ وہ غدار ہیں ۔ ان سرداروں کو ٹرانسپورٹ

چلانے کی تمام کی تمام سہولتیں اور امپورٹ لائسینس دیئے جاتے ہیں اور ان کو زمین خریدنے کی بھی سہولتیں ہیں ۔ اور متروکہ جائیداد بھی تمام کی تمام ان کو الاٹ کر دی گئی ہے ۔ موجودہ حکومت اپنے سیاسی مقصد براری کے لئے ایسا کر رہی ہے ۔ جناب والا ۔ انہوں نے یہ تفریق اس لئے وہاں رکھی ہے کہ وہ ان قبائلیوں کے ذریعے سے وہاں پر اپنی حکومت رکھنا چاہتے ہیں ۔ اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ اس میں حق بجانب نہیں ہیں ۔ اب جناب والا ۔ میں دوسرے نقطہ کے متعلق چند الفاظ جلدی سے کہہ دوں ۔

Mr. Speaker : The Member may please try to conclude.

Malik Muhammad Akhtar : We are three persons and we will be having three hours.

Mr. Speaker : The Member had to consume half an hour and that is practically over.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, give me ten minutes more because I will not speak for the second time.

Mr. Speaker : Nobody is going to speak for the second time.

Malik Muhammad Akhtar : I would request for ten minutes.

Khawaja Muhammad Safdar : The Chair may kindly give him ten minutes from my time.

Mr. Speaker : Yes, five minutes more.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, ten minutes more.

جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج اخبارات میں کورپشن

کے بارہ میں ایک بہت اہم سٹیٹمنٹ مسٹر رنگون والا کی آئی ہے۔ ہماری حکومت جو ٹیکس عوام سے وصول کرتی ہے اس میں سے ڈیڑھ سو کروڑ روپیہ پرائیویٹ بنکوں میں invest کیا ہوا ہے۔ اس کے متعلق مسٹر رنگون والا کا ایک بیان ہے :-

"The manner in which bank deposits have been and are still being secured is not only a slur on the entire banking business in the country but has also led to catch-as-catch-can competition with no holds barred."

جناب والا ۔ اس سے بڑا سرٹیفکیٹ آپ کے محکمہ کے سربراہوں کو کرپشن کا کیا مل سکتا ہے ۔ یہ ایک ذمہ دار شخص نے سٹیٹمنٹ دی ہے bank deposit کے طور پر جو رقومات دیتے ہیں اس پر دو فیصد سے تین فیصد تک یہ رشوت حاصل کرتے ہیں ۔ اب میں صرف ایک حوالہ دینا چاہتا ہوں میرے پاس مکمل لسٹ ہے جن میں ۸۰ اشخاص کے نام درج ہیں جن میں سے ۱۰ اشخاص اس سے متعلق ہیں ۔ میں ان ۱۰ کا بھی نام نہیں لونگا ۔ وہ ۱۰ اشخاص یا تو ڈپٹی کمشنرز ہیں یا کمشنر ہیں یا autonomous bodies کے چیئرمین ہیں ۔ وہ ذمہ دار افراد ہیں جنہوں نے کم و بیش ۷۲ لاکھ روپے نیشنل کمرشل بنک کی لاہور کی برانچ میں deposit کرایا جو آج ضائع ہو گیا ہے ۔ ان میں کچھ پولیٹیکل لوگوں کے نام بھی ہیں لیکن پولیٹیکل لوگوں نے آخر کاروبار کرنا ہوتا ہے اگر کسی پولیٹیکل شخص نے abuse of powers کی ہیں یا اپنا ذاتی اثر و رسوخ استعمال کیا ہے تو میں سمجھتا ہوں وہ بھی قابل مواخذہ ہیں ۔ اس میں ۱۰ بڑے افسران کی لسٹ ہے جو ڈپٹی کمشنر سے اعلیٰ درجے کے افسران ہیں جن کے نام بھی میرے پاس

موجود ہیں - میں حکومت سے اور وزیر مالیات سے مطالبہ کرتا ہوں کہ کم از کم اس حد تک جس حد تک ان افسران کے advances ہیں اس کے متعلق بتائیں کیونکہ وہ اپنی باڈیز کے سربراہ تھے - جو روپیہ وہاں پر invest کیا اس کی فہرست اس ایوان میں پیش کریں - پھر کچھ لوگ ایسے ہیں جو بعض autonomous bodies کے ممبر تھے ان کے ذمہ بھی لاکھوں روپیہ کی رقم ہے - ۷۲ لاکھ روپیہ کی جو رقم ہے اس کے چھ سات حصہ دار ہیں ان میں سے دس یا پندرہ لاکھ روپیہ کے قریب پولیٹیکل لوگوں کے پاس ہے اس کے علاوہ آٹھ یا دس لاکھ روپیہ ایسے افسران کے پاس ہے جنہوں نے ۲ یا ۳ فیصد رشوت کے علاوہ ان رقومات کو حاصل کیا - جناب والا - ۷۲ لاکھ ۸۲ ہزار ۶ سو ۷۳ روپیہ اس بنک کا ان آفیسرز اور پولیٹیکل لوگوں کے پاس ہے - جناب والا - تین کروڑ روپیہ ان دو کلاسسز یعنی پولیٹیکل لوگوں اور گورنمنٹ افسران جو کراچی میں محکموں کے سربراہ ہیں میں ان کا نام بھی نہیں لینا چاہتا ان کے پاس ہے - آپ اندازہ لگائیں کہ یہ ۶ کروڑ ۴۷ لاکھ روپیہ کی رقم عوام کی صرف ایک بنک میں ڈوب گئی ہے جس کے لئے رنگون والا کا ایک document پیش کروں گا - یہ آج کی سٹیٹمنٹ ہے - انہوں نے یہ رقم دو سے تین فیصد رشوت دے کر حاصل کی ہے - ۶ کروڑ کی رقم اگر ۳ فیصد رشوت سے حاصل کی گئی ہو تو اس کے متعلق آپ اندازہ لگائیں اس پر ۲۰ لاکھ روپیہ پہلے ہی رشوت بن جاتی ہے یعنی بنک نے ۲۰ لاکھ روپیہ رشوت دے کر deposits حاصل کئے ہیں - اس کے بعد اپنے آپ کو continue کرنے کے لئے غیر مستحق افراد کو قرضہ جات دیئے یعنی ان کو غیر محفوظ قرضہ دے دیا - یہ اس حکومت پر سب سے بڑا

slur ہے ۔ جناب والا ۔ ہم نے تاریخ اسلام دیکھی ہے ۔ جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ تھے ان پر یہ اعتراض ہوا کہ جو کپڑا آپ کے حصہ میں آیا تھا اس سے یہ قمیض نہیں بنتی تھی مزید کپڑا آپ نے کہاں سے حاصل کیا ہے ۔ جناب والا ۔ آج میں گورنر مغربی پاکستان کو اس ایوان میں کھڑا ہو کہتا ہوں کہ اگرچہ ہماری constitutional powers کم ہیں لیکن آپ صوبہ کے ایگزیکٹو ہیڈ ہیں ۔ اگر وہ پورے طور پر اس رشوت کا سدباب نہیں کریں گے تو حشر کے دن ہمارا ہاتھ ان کے گریبان پر ہو گا ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Don't be sentimental, Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں ان سے التجا کرتا ہوں کہ وہ صرف اس سیکنڈل کو ختم کر دیں ۔ باقی بینکوں کو چھوڑیئے ۔ ان bureaucrats میں سے چند سادہ لوح انسان بھی قابو آ جاتے ہیں ۔ ابھی امپروومنٹ ٹرسٹ نے چند سادہ انسانوں کو پھانس لیا ہے جن کے کندھوں پر بندوق رکھ کر وہ اپنے deposits دینا چاہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ سارے بینکوں کو چھوڑیئے ۔ ان تمام ۱۵۰ کروڑ کے deposits کو چھوڑیئے ۔ صرف نیشنل کمرشل بنک کے متعلق جناب وزیر مالیات صاحب انکوائری کریں ۔ اگرچہ یہ مرکزی subject ہے لیکن جہاں تک autonomous bodies کا تعلق ہے autonomous bodies بیسک ڈیموکریسی کے نیچے آتی ہیں ۔ autonomous bodies بیسک ڈیموکریسی کے علاوہ پارلیمنٹری سیکرٹری کے ماتحت ہیں ۔ صوبہ کے فنانسسز کی ذمہ داری براہ راست وزیر مالیات صاحب پر ہے ۔ میں نہیں کہتا کہ پولیٹیکل لوگ اپنا کاروبار نہ کریں لیکن آپ پتہ لگائیں کہ misuse of power کس نے کی ہے وہ اس کا تو analysis کر سکتے ہیں ۔ اگر کسی

کی حیثیت ایک لاکھ کی ہے اس نے پانچ لاکھ روپیہ قرض لے لیا تو یہ بھی misuse ہے ۔ اگر کسی کی آمدنی پانچ صد ماہوار تھی اس نے دو صد قرض لے لیا تو وہ justified ہے ۔ لیکن دیکھیں کہ انہوں نے misuse تو نہیں کیا ۔ abuse تو نہیں کیا ۔ جناب وزیر مالیات صاحب میں آپ کی خدمت اقدس میں پر زور گذارش کرتا ہوں کہ خدارا آپ لوکل باڈیز کے رولز میں ترمیم کریں اور رولز کو جلد از جلد frame کریں ۔ آپ نے مرکزی حکومت کے ساتھ مل کر جو بھی فیصلہ جات کرنے ہیں آپ ان قرضہ جات کا جو ضیاع ہو رہا ہے اس کے لئے کوئی مؤثر قدم اٹھائیں ۔

سید رحیم شاہ (پشاور ایجنسی - ۹) ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ریاستوں اور قبائلی علاقوں کی حالت ایسی نہیں ہے جیسے حمزہ صاحب سمجھتے ہیں اس کے متعلق ہمارے قبائلی محکمہ کے وزیر جناب غلام سرور خان صاحب نے بھی وضاحت کی ہے میں بھی جناب کی وساطت سے اسی سلسلہ میں کچھ عرض کروں گا ۔

جناب والا ۔ قیام پاکستان کے وقت جب مسلمانوں پر ہندوستان میں ظلم و تشدد ہو رہے تھے تو میں حمزہ صاحب سے پوچھتا ہوں کہ آپ اس وقت کہاں تھے شاید آپ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سکھوں کے فراق میں آنسو بہانے میں مصروف تھے جبکہ ریاست کے حکمرانوں نے کافی تعداد میں بسیں اور دوسری امداد بھیج کر اپنے مظلوم مسلمان بھائیوں ۔ بہنوں اور بچوں کو ہندوؤں اور سکھوں کے پنجہ تشدد سے آزاد کرا کر پاکستان پہنچایا ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس لئے نواب کے حوالے کر دیا ۔

سید رحیم شاہ ۔ آپ جب کچھ کہتے ہیں ہم خاموش رہتے ہیں اور آپ کی باتیں سنتے رہتے ہیں ہم کبھی بیچ میں بولے نہیں ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ بول کیا سکتے ہیں آپ تو پڑھ رہے ہیں ۔

سید رحیم شاہ ۔ اب ہمیں بھی بولنے دیجئے ۔ اس واقعہ کا اس ایوان کا ایک معزز رکن چودھری وحید اللہ میرا اچھا گواہ ہے ۔ میں حمزہ صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ۱۹۴۸ء میں جب کشمیر کی جنگ چھڑ گئی آپ اس وقت کہاں تھے ۔ (شاید ہندوؤں اور سکھوں کی کامیابی کے لئے دعا مانگنے میں مشغول تھے ۔) جبکہ ریاستوں کی فوجیں اور قبائلی عوام سربکف ہو کر کشمیری بھائیوں کے لئے دشمن کے ساتھ لڑے ۔ اور خاص طور پر سوات کی فوج نے اس میں کافی فتوحات حاصل کی تھیں اور جب ۱۹۶۵ء میں دشمن کے ساتھ جنگ ہوئی تو اس وقت بھی ہماری ریاست کی فوج چھمب اور جوڑیاں کے علاقے میں دشمن کے ساتھ بر سر پیکار رہی ۔ علاوہ ازیں ہم نے دفاعی فنڈ میں بھی پاکستان کو کافی رقوم چندے کے طور پر دیں ۔ یہ اسی لئے کہ ہم اپنے آپ کو پاکستان ہی کا جزو سمجھتے ہیں اور خدا کے فضل و کرم سے ہم ابتداء ہی سے پاکستان کے لئے مالی اور جانی قربانی دینے والوں میں صف اول ہی میں رہے ہیں ۔ میں جناب کی وساطت سے جناب حمزہ صاحب کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ وہ ہر وقت عوام میں انتشار نہ پھیلائیں اور ریاستوں اور قبائیلی عوام کا پیچھا چھوڑ دیں اور ان کے جذبات کو بلا وجہ ٹھیس نہ پہنچائیں ۔ کیونکہ حمزہ صاحب نے ممبران کے ہوسٹل جسے پیل ہاؤس کہتے ہیں اس کے grassy ground میں خود اس بات کا

اعتراف کیا ہے کہ چونکہ وہ حزب مخالف سے تعلق رکھتے ہیں اس لئے وہ ہر بات کی مخالفت کرتے رہتے ہیں اور یہ کہ ان کے دماغ خراب ہو چکے ہیں اور ان کو سیدھی بات بھی الٹی ہی لگتی ہے ۔ ہمارے ذہنوں میں یہ چیز اس طرح جاگزین ہو چکی ہے کہ اب یہ نکالے نہیں نکل سکتی . . . .

مسٹر حمزہ ۔ یہ محض بہتان ہے ۔

سید رحیم شاہ ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان کے کہنے کے مطابق اگر وہ ان باتوں کو اپنے ذہن سے نکالنا بھی چاہیں تو بھی نہیں نکال سکتے۔ انہیں کے کہنے کے مطابق ہم لوگ ان کی ان باتوں کو جو کہ وہ یہاں پر کرتے رہتے ہیں کیونکر صحیح تسلیم کریں ۔ کیونکہ یہ تو ان کی عادت بن گئی ہے کہ ان کی زبان سے ہر وقت الٹی باتیں ہی نکلتی رہتی ہیں ۔

جناب والا ۔ اب میں آپ کے سامنے ریاست سوات کی مختصر سی کیفیت بیان کرنا چاہتا ہوں ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ریاست سوات پاکستان کا خوبصورت ترین حصہ ہے اور دل کش مناظر سے مالا مال ہے ۔ ہر سال بیرونی ممالک کے سیاح اور پاکستانی بھائی معہ اپنے اہل و عیال کے وہاں پر سیر و تفریح کی غرض سے جاتے ہیں اور یہ لوگ چاہے ریاست سوات کے کسی حصے میں بھی جائیں ہم لوگ ان کو اپنا مہمان سمجھ کر ان کی ہر ممکن امداد کرتے رہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ خداوند تعالیٰ کے کرم سے آج تک وہاں پر کوئی بھی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہماری مہمان نوازی ، انسانی خدمت اور انسانی ہمدردی کا یہ صلہ دے رہے ہیں ۔ حالانکہ دنیا کے مختلف خطوں سے جس قسم کی وارداتوں کی خبریں سننے میں آتی ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں لیکن کیا حمزہ صاحب

کوئی ایک مثال بھی ایسی پیش کر سکتے ہیں کہ ریاست سوات میں کسی ایک سیاح کو بھی کوئی اس قسم کا ناخوشگوار واقعہ پیش آیا ہو کہ جس طرح کے واقعات آئے دن دنیا میں باقی حصوں میں سیاحوں کے ساتھ رونما ہوتے رہتے ہیں۔ یہ سب ریاست سوات کے حکمران کی حسن کارکردگی، حسن انتظام اور عوام کے ساتھ پرخلوص رابطہ رکھنے کی ایک عدیم المثال حقیقت ہے . . .

مسٹر حمزہ - تو پھر ہمیں بھی ان کے حوالے کر دیں -

سید رحیم شاہ - جناب والا - ریاست سوات کی آبادی تقریباً ساڑھے چھ لاکھ نفوس پر مشتمل ہے - ریاست سوات کے حکمران کے حسن ساوک اور حسن کارکردگی کی بدولت ریاست نے زندگی کے ہر شعبے میں معتدبہ ترقی کی ہے - وہاں پر عوام کو مفت تعلیم دی جاتی ہے اور اس ریاست نے تعلیمی میدان میں جس قدر ترقی کی ہے اس کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ ریاست میں اس وقت سکولوں کی کل تعداد چار سو تیس ہے - جس میں سے تیس ہائی سکول ہیں چھیالیس مڈل سکول ایک سو چوبیس لوئر مڈل ، ایک سو چھبیس پرائمری سکول اور ایک سو چار لوئر پرائمری سکول ہیں - ایک ڈگری کالج ، دو انٹرمیڈیٹ کالج اور اس کے علاوہ طالبات کے لئے ایک ہائی سکول ایک مڈل سکول اور ایک لوئر مڈل سکول بھی موجود ہے - علاوہ ازیں دینی تعلیم کو بھی فراموش نہیں کیا گیا اور اس مقصد کے لئے دو مذہبی دارالعلوم بھی ہیں جن میں ریاست کے مقامی طلباء کے علاوہ بیرونجات کے طلباء کافی تعداد میں تعلیم حاصل کرتے ہیں - میں نے جن سکولوں اور کالجوں کا ذکر کیا ہے وہ اس قدر صاف ستھرے بنائے گئے ہیں کہ ہر راہگیر کے لئے کشش اور جنت نگاہ کا سامان مہیا کرتے ہیں -

جناب والا ۔ اپنے محدود وسائل کے باوجود بھی ریاست سوات کے حکمران نے ریاست میں نہایت عمدہ ہسپتال اور ڈسپنسریاں قائم کر رکھی ہیں جہاں پر مریضوں کی دیکھ بھال اور علاج معالجہ مفت ہی نہیں ہوتا بلکہ ان کو ہر ممکن دیگر سہولتیں بھی بہم پہنچائی جاتی ہیں اور ان کی رہائش کا اعلیٰ انتظام ہونے کے علاوہ بڑی ہمدردی سے ان کی تیمار داری کی جاتی ہے ۔ اس وقت ریاست میں کل سترہ ہسپتال ہیں جن میں چھ سو دس بستروں کا مکمل طور پر انتظام کیا گیا ہے ۔ علاوہ ازیں تقریباً ہر ہسپتال میں پرائیویٹ وارڈز بھی موجود ہیں علاوہ ازیں وہاں پر چوالیس شفاخانے بھی عوام کو طبی سہولتیں پہنچانے کی غرض سے شب و روز سر گرم عمل ہیں ۔ ان ہسپتالوں میں ماہر ڈاکٹر تعینات ہیں اور آپ کو یہ سن کر خوشی ہو گی کہ وہ ریاست کے مقامی باشندے ہوتے ہوئے بھی اعلیٰ ڈگریاں حاصل کئے ہوئے ہیں ۔ مزید بر آں یہ حقیقت معلوم کرکے بھی آپ کو یقیناً خوشی ہو گی کہ ریاست سوات کے ڈاکٹر آپ کے لاہور کے میو ہسپتال میں اور صوبے کے دیگر ہسپتالوں میں اپنا کام احسن طریق پر انجام دے رہے ہیں ۔ میں اس امر کا انکشاف کرتے ہوئے بھی مسرت محسوس کرتا ہوں کہ ریاست کے کئی ہسپتالوں میں ایکسرے اور لیبارٹریوں کا نہایت اعلیٰ انتظام ہے جن سے ریاست کے مقامی عوام کے علاوہ پاکستان کے دیگر شہروں کے عوام بھی استفادہ کرتے ہیں ۔

جناب والا ۔ ریاست کے کونے کونے کو ایک دوسرے سے مربوط کیا گیا ہے اور آمد و رفت کا نہایت ہی تسلی بخش انتظام وہاں پر موجود ہے ۔

جناب والا ۔ ریاست سوات کا نظم و نسق اس درجہ بہتر ہے کہ بیرونی

ممالک کے لوگ اور ہمارے اپنے پاکستانی بھائی، جو کہ سیاحت کی غرض سے وہاں پر جاتے ہیں وہ ریاست کا نظم و نسق دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں کیونکہ دیگر باتوں کے علاوہ وہاں پر مقدمات کا فیصلہ بہت عجلت سے کیا جاتا ہے اور رشوت اور مقدمات کی کھینچا تانی کا سلسلہ وہاں پر بالکل ہی محدوم ہے۔ اس سلسلے میں اس معزز ایوان کے بیشتر اراکین میرے گواہ ہیں کیونکہ جنہوں نے ریاست سوات کو بچشم خود دیکھا ہے وہ اس حقیقت سے اچھی طرح آگاہ ہیں۔ جناب والا۔ اگر میں اسی طرح سے ریاست کے دیگر امور کے متعلق عرض کروں تو اس کے لئے مجھے بہت سا وقت درکار ہوگا۔ لیکن وقت کی تنگی کا احساس کرتے ہوئے میں مختصر طور پر ہی اپنے خیالات کا اظہار کرنے پر اکتفاء کرتا ہوں تا کہ حمزہ صاحب کی کچھ اصلاح ہو سکے۔

جناب والا۔ خداوند تعالیٰ کے اس حکم پر عمل کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے کہ

یا یھا الذین آمنو اطیعو اللہ و اطیعو الرسول و اولی الامر منکم

یعنی خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے ایمان والو (مسلمانو) اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور جو تم میں صاحب حکومت و اختیار ہیں انکی بھی اطاعت کرو تو میں یہ گذارش کروں گا کہ ہم سب نے ہی اپنے عمل اور کردار سے بہترین پاکستانی بننا ہے تا کہ ہم پاکستان پر اور پاکستان ہم پر فخر کر سکے۔

جناب والا۔ یہ تو آپ بھی جانتے ہیں کہ

ان الحکم الا اللہ

یعنی حکومت تو صرف اللہ ھی کی ہے اور اسی کا حکم سارے عالم میں نافذ ہے ۔ وہ فرماتا ہے کہ جب حکومت مضبوط ہو تو ملک میں امن و امان قائم رہتا ہے جس کی وجہ سے حکومت عوام کی بہتری اور فلاح و بہبود کے لئے بہتر کام کر سکتی ہے جو کہ عوام کی خوشحالی کا باعث بنتا ہے ۔ اس لئے اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے کہ

لا تفسدو فی الارض بعد اصلاحھا ۔

یعنی ملک میں امن و امان اور اصلاح ہو جانے کے بعد فساد اور انتشار مت پھیلاؤ اسلئے میں آپ کی وساطت سے حمزہ صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ عوام میں انتشار پھیلا کر ان میں بے چینی پیدا کرنے سے احتراز کریں ۔ اور عوام کے ساتھ متحد ہو کر اور حکومت کے ساتھ مل جل کر پاکستان کے ھلالی پرچم تلے متحد و متفق ہو کر پاکستان کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے کی کوشش کریں ۔ اور اس بات کا تو اللہ گواہ ہے کہ صدر مملکت نے اپنے دس سالہ دور حکومت میں عوام کے مفادات کے لئے بے پناہ کام کئے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آج ساری دنیا نے پاکستان کو مثالی ترقی کرنے پر خراج تحسین پیش کیا ہے ۔ لہذا ہم ایسے محسن ملک و ملت محترم فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کی قیادت پر مکمل اعتماد کرتے ہیں اور ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے ہمیں اس نازک دور میں ایک ایسا قائد عطا فرمایا ہے ۔ اس کے علاوہ ہم جناب محمد موسیٰ گورنر مغربی پاکستان کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کہ جو صدر مملکت کے احکامات کی پوری پوری تعمیل کرتے ہوئے ملک و ملت کی بہتری

اور بہبودی کے لئے شبانہ روز کوشاں رہتے ہیں ۔ ہم اہلیان سوات ایک بار پھر حکومت کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم حسب سابق حکومت پاکستان کی ہر طرح امداد و تعاون کے لئے تیار ہیں اور اگر اس سلسلے میں کسی جانی یا مالی قربانی کی بھی ضرورت پڑی تو ہم سب کے سب اپنے خون کا آخری قطرہ بہانے سے بھی دریغ نہیں کریں گے ۔ پاکستان پائندہ باد ۔

میر خدا بخش تالپور (تھرپارکر ۔ ۳) ۔ جناب سپیکر۔ میں جناب وزیر خزانہ کرمانی صاحب سے مخاطب ہو کر بات کرتا ہوں کہ اول تو ۱۹۶۷ء کے بجٹ پر بحث کے دوران اسمبلی میں اپنے حلقے کے لئے جو بھی کسی ممبر نے کہا ہے ۔ جناب گورنر صاحب نے اسے منظور کر لیا ہے ۔ جو سکیمیں بھی ممبروں نے دی ہیں وہ منظور کر لی گئی ہیں۔ میں نے بھی کرمانی صاحب کو لکھ کر دیا تھا کہ انٹرمیڈیٹ کالج ٹنڈو جام کی عمارت کے لئے خان محمد علی خان صاحب کو ہم نے بار بار کہا ہے لیکن ابھی میں نے بجٹ میں دیکھا ہے تو کوئی بات اس ضمن میں نظر نہیں آئی ۔ دوسرے ٹنڈو جان محمد میں گرلز سکول جس کے لئے خان محمد علی خان کو بار بار کہا ہے کیونکہ میں سوائے جائز بات کے اور بات نہیں کرتا کہ لڑکیوں کو تکلیف ہے آپ مہربانی کرکے اس کو ہائی سکول منظور فرمائیں اور یہ سب باتیں گورنر صاحب کو بھی میں نے لکھ کر دی ہوئی ہیں ۔ اب میں وزیر تعمیرات سے گذارش کروں گا کہ جھڈو اور ڈگری کی جو سڑک ہے ۔ اس کو پختہ بنانے کے لئے کمشنر صاحب نے بھی لکھا ہے حیدر آباد میں اول نمبر یہ سڑک ہے مسٹر محمد خان جونیجو اور خان غلام سرور خان

جب ڈگری میں آئے تو انہوں نے اعلان کیا کہ ڈھلو سڑک ابھی ہم لینے والے ہیں اور جلدی پکی ہو جائے گی ابھی میں نے بجٹ دیکھا ہے تو اس میں لکھا ہے کہ یہ سڑک ۱۹۸۰ء تک بھی تیار نہیں ہوسکے گی میں نے مسٹر محمد خان جونیجو کو کہا کہ آپ نے یہ کیا کیا ہے انہوں نے پھر وعدہ کیا ہے کہ ہم ضرور پختہ کریں گے میں کرمانی صاحب کو یاد دلاتا ہوں کہ کتنی دفعہ اس سڑک کے لئے ہم نے کہا ہے ۔ جس طرح کل خواجہ صاحب نے کہا تھا ۔ پتہ نہیں کہ ہماری زندگی کتنی ہے ۔ کرمانی صاحب کی زندگی کتنی ہے اس سڑک کو پختہ کرنے کا آپ نے ہمارے ساتھ وعدہ کیا ہوا ہے آپ اگر بجٹ دیکھیں گے تو خود آپ کو بھی افسوس ہوگا میں گذارش کروں گا کہ جو گورنر صاحب نے سکیم اس سڑک کے بارے میں منظور کی ہے کہ ۱۹۷۰ء کے دوران میں اس کو عملی جامہ پہنایا جائے گا اس پر عملدرآمد کرانے کی کوشش کریں ۔ محترم جناب صدر محمد ایوب خان کا جو منشور ہے اس کو آپ ضرور پورا کریں اور خاص طور پر اسمبلی میں الفاظ کو کاغذی کارروائی نہیں بنانا چاہئے ۔ عملی جامہ پہنانے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ لہری پانی کے لئے میں عرض کروں گا کہ ہم مانتے ہیں کہ جمراؤ میں ترقی ہوئی ہے۔ مگر ابھی بھی جمراؤ میں جو ضرورت ہے وہ پوری ہونی چاہئے اگر نہیں ہو گی تو تمام لوگوں کو تکلیف ہو گی جس طرح کہ جمراؤ میں ہوئی ہے اس کو عملی جامہ پہنانا چاہئے کل منسٹر صاحبہ ہاؤس میں موجود نہ تھیں میں صحیح بات کہہ رہا ہوں کہ جھڈو اور ڈگری میں عالیشان ہیلتھ سینٹر بنا ہوا ہے لیکن ڈاکٹر اور لیڈی ڈاکٹر کا مکمل بندوبست نہیں ہے لوگوں کو دور دور جانا پڑتا ہے ہیلتھ سینٹر بھی بنا گورنمنٹ

کا کافی خرچ ہوا اور عوام کو کوئی فائدہ نہیں ہوا وہ ٹھیک نہیں ہے اس لئے ڈائریکٹر ہیلتھ ریجن کو آپ سختی سے تاکید کریں کہ ڈاکٹروں کا انتظام کرے تاکہ لوگوں کو کچھ سہولت ہو ۔ اب ہم امید کرتے ہیں کہ جو ہمارا جائز حق ہے وہ دیا جائے گا نگرپارکر ، چھاچھرو ، میٹھی ڈیزرٹ اچھی تحصیل ہے وہاں واٹر سپلائی کا کوئی بندوبست نہیں ہے یہاں پانی کی بہت ضرورت ہے اب وہاں واٹر سپلائی کا جلدی انتظام ہونا چاہئے میں امید کرتا ہوں کہ ابھی ہاؤس میں وزیر صاحب مکمل جواب دیں گے تاکہ لوگ بھی سنیں اور کام ہونے لگے اور اس کو عملی جامہ پہنانا چاہئے ان معروضات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ۶) جناب سپیکر ۔ حکومت نے ایک بہت ہی اچھا پولٹری فارم تیار کیا ہے اس کو اردو میں مرغی خانہ کہتے ہیں ۔ جناب سپیکر۔ اس میں مختلف نسلوں کی مختلف عمروں کی اور مختلف رنگوں کی مرغیاں ہیں اور اس پولٹری فارم کو تازہ ترین سائنسی اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا ہے مرغیوں کو پالا ہے اور یہ انڈے بھی دیتی ہیں ۔

Mr. Speaker : There should be no ironical expression.

Mr. Hamza : Not at all Sir.

جناب سپیکر ۔ افسوس کا مقام یہ ہے کہ یہ مرغیاں جن کو عوام کے سرمایہ سے یا ان کے دئیے ہوئے ٹیکسوں سے پالا جاتا ہے جب یہ بولتی ہیں تو عام طور عوام کا نام لیتی ہیں جمہوریت کا نام لیتی ہیں اور کاشت کار بھائیوں کا نام لیتی ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میرا روئے سخن.....

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب جو کچھ فرما رہے ہیں ۔ میں عرض کروں گا کہ یہ کس قسم کا مرغی خانہ ہے اور کہاں ہے اور جناب والا ۔ انہوں نے جو آواز نکالی ہے مجھے تو پہاڑی کوے کی آواز لگتی ہے اس میں کوئی انسانی آواز شامل نہیں ہے میں یہ عرض کروں گا کہ اس قسم کی باتیں نہ کریں جو بات وہ کہنا چاہتے ہیں وہ صاف کہیں اور کھل کر کہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میرا روئے سخن کسی خاص فرد اور خصوصی طور پر قابل صد احترام معزز رکن خواتین یا دوسرے معزز اراکین کی جانب نہیں ہے ۔ میں انتہائی ادب سے معافی کا خواستگار ہوں کہیں ان کو یہ احساس نہ ہو کہ مرغی خانہ کی مثال خواتین سے متعلق ہے آپ کی جانب میرا روئے سخن قطعاً نہیں ہے معزز خواتین اس ایوان میں شاذ و نادر ہی تقریر کرنے کی زحمت گوارا کرتی ہیں یہ دراصل ایوان کے متعلق بھی نہیں یہ تو ملکی حکومت کے بارے میں ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس مرغی خانہ کی جو مرغیاں ہیں وہ عام طور پر جمہوریت اور کاشت کار برادری کا نام اپنی ہیں اور ان کو پالنے والے یقینی طور پر ہمارے ملک کے کروڑوں عوام ہیں جو کہ حکومت کو تمام کے تمام وسائل مہیا کرتے ہیں لیکن ان کی ایک خاصیت جو انتہائی تکلیف دہ ہے حالانکہ انکو پالنے والے عوام ہیں جو کہ کچے مکانوں میں رہتے ہیں جھونپڑیوں میں رہتے ہیں ان کے کپڑے پھٹے پرانے ہوتے ہیں ۔ لیکن جب اس مرغی خانہ کی مرغی نے انڈا دینا ہوتا ہے تو یہ ایک جھونپڑی میں یا کچے مکان میں انڈا دینا پسند نہیں کرتی بلکہ اونچی اور پختہ عمارت میں جا کر انڈا دیتی ہے ۔

Mr. Speaker: So far I have not been able to make anything from the Member's speech. After all, it should be intelligible.

مسٹر حمزہ ۔ ویسے یہ میرا کام نہیں ۔ میں نے اشارہ کر دیا ہے ۔ اگر میں اس کی مزید وضاحت کروں تو مجھے ڈر ہے کہ آپ فوراً مجھے ڈالٹ دیں گے جناب سپیکر عرض یہ ہے کہ مجھ پر اس ایوان میں الزام لگایا جاتا رہا ہے ۔ حالانکہ اس سال گندم کی فصل بہت اچھی ہوئی ہے میں نے کاشت کاروں کو خراج تحسین پیش نہیں کیا ۔ کاشت کار برادری کی تحسین کے نغمے اس ایوان میں نہیں گائے ۔ میں ان معزز اراکین سے یا اپنے بزرگ سے جو کاشت کاروں کے بہت بہی خواہ ہیں پوچھتا ہوں کہ آپ ان کو خراج تحسین تو بہت پیش کرتے ہیں لیکن جب زمین کی تقسیم کا وقت آتا ہے تو وہ زمین افسران کو بہت ہی رعائیتی نرخوں پر دی جاتی ہیں یا بڑے بڑے کارخانہ داروں کو نیلامی کی صورت میں تحفے کے طور پر پیش کر دی جاتی ہے ہمیں یہ بتایا جاتا ہے ۔

"دب کے واہ نے رج کے کھا"

جناب سپیکر ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کیا "دب کے واہنے" کیلئے بازو میں طاقت کی ضرورت نہیں ؟ کیا یہ ضروری نہیں ہے کہ جو کاشت کار ہل کو چلاتا ہو ۔ اس کے جسم میں طاقت ہو ؟

جناب سپیکر ۔ حقیقت حال یہ ہے کہ صوبہ کے بیشتر کاشت کار اس قسم کی زندگی گذار رہے ہیں یا انہیں گذارنے پر مجبور کیا جا رہا ہے کہ ان کو دو وقت پیٹ بھر کر کھانا بھی نصیب نہیں ہوتا ۔ میں قائد ایوان

اور وزیر خوراک سے پوچھتا ہوں کہ کیا یہ بات آپ کے علم میں نہیں کہ پنجابی کاشت کار محنت و مشقت کے لئے مشہور ہے - آج سے چند سال پہلے اسے اپنی جسمانی طاقت برقرار رکھنے کے لئے دودھ کا کٹورا میسر آتا تھا - اور آج اسے لسی بھی میسر نہیں آتی - اس ایوان میں جلسوں میں اور ریڈیو پر تو یہ بتایا جاتا ہے کہ "دب کے واہ تے رج کے کھا" وہ کاشت کار جس کو لسی بھی نصیب نہ ہو آپ اس سے کیسے توقع رکھ سکتے ہیں کہ وہ زمین کے سینے کو اپنی طاقت سے ہل کے ذریعہ چیر دے - دوسروں کو تو آپ یہ نصیحت کرتے ہیں - کہ رج کے کھا - وہ کاشت کار جس کا قطعہ زمین ایک یا دو بیگھہ ہے یا جس کاشت کار کی اپنی زمین ہی نہیں اور اس کو کسی وقت بھی زمین سے علیحدہ کیا جا سکتا ہے اور جس کو اس کی محنت کا پورا معاوضہ بھی میسر نہیں آتا وہ کہاں سے رج کے کھائے گا - آپ نصیحت تو کر سکتے ہیں لیکن ان کے لئے وسائل اور ضروریات زندگی مہیا کرنا کیا آپ کی ذمہ داری نہیں - میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ موجودہ حکومت سے منسلک ہونے سے پہلے بھی بڑے اہم عہدوں پر سرفراز رہے ہیں- آپ نے جو زمین زرعی اصلاحات کے بعد حاصل کی ہے اس کا صرف ۱۷ یا ۱۸ فیصد حصہ مزارعین میں تقسیم کیا گیا ہے - باقی زمین مختلف محکموں کو دے دی ہے یا نیلام کی گئی ہے - اور ابھی تک ۸ لاکھ ۶۵ ہزار ایکڑ زمین تقسیم ہی نہیں کی گئی - جو زمین مزارعین کو دی گئی تھی اس میں سے ۹۴ ہزار ایکڑ آپ نے واپس لے لی ہے -

جناب سپیکر - ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ ہم کاشت کاروں کے بڑے ہی

خواہ ہیں ۔ آج سے چند دن پہلے خواجہ محمد صفدر صاحب نے وزیر مال سے ایک سوال کیا تھا جس کے جواب میں ہمیں یہ بتایا گیا تھا کہ صوبائی حکومت کے سرکاری ملازمین کو جو زمین دی گئی ہے اس کے لئے ۹۹ روپیہ تک تنخواہ پانے والے اہل کاروں کو تقریباً ۱۳۰۰ ایکڑ زمین دی گئی تھی اس کے مقابلہ میں افسران جو دو ہزار روپیہ تک تنخواہ لیتے ہیں کو تیرہ ہزار ایکڑ سے کچھ زیادہ زمین دی گئی جو کہ چھوٹے ملازمین سے تقریباً دس گنا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ افسوس کا مقام تو یہ ہے کہ جب اس ملک میں اللہ کے فضل سے اچھی فصل ہو جاتی ہے تو حکومت کی بدانتظامی کی وجہ سے کاشت کار برادری پریشان ہوتی ہے ۔ اگر فصل کم ہو تو بھی اس کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑتا ہے ۔ آج سے تقریباً ڈیڑھ سال پہلے لائل پور میں ۳۰ روپیہ من کے حساب سے گندم فروخت ہوتی تھی ۔ وزیر خوراک جب وہاں تشریف لے گئے تو انہوں نے کاشت کاروں کو مشورہ دیا کہ آٹا مہنگا ہے گنا چوسا کرو ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ میں نے کبھی نہیں کہا ۔ کیا آپ وہاں تھے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے اخبار میں پڑھا تھا ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ میں نے بالکل نہیں کہا ۔ یہ اپنی طرف سے کہہ رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ ایک شخص نے عرض کیا کہ میرے دانت نہیں ہیں ۔

تو اس کو یہ مشورہ دیا کہ گڑ کھاؤ ۔ صدر صاحب نے بھی مکی کھانے کا نسخہ تجویز کیا تھا ۔ مکی کی غذائیت تو مسلمہ ہے ۔ اس کے لئے بڑی بڑی دلیلیں پیش کی گئی تھیں ۔ میں وزیر خوراک سے دریافت کرتا ہوں کہ آپ گڑ کھانے کی عادت تو ڈالنا چاہتے ہیں لیکن گڑ چینی یا کھانڈ کہاں سے لائیں گے ۔ کسی کاشت کار اور مزدور کو اپنے جسم کو طاقتور رکھنے کے لئے چینی کھانڈ کہاں سے میسر ہو گی ۔ کسی کاشت کار اور مزدور کو اپنے جسم کو طاقتور رکھنے کے لئے چینی کھانڈ کی اشد ضرورت ہوتی ہے یہ چیز ضروریات زندگی میں سے ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ بے شک ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس وقت گڑ کی قیمت ۴۵ روپیہ سے ۵۰ روپیہ من تک ہے ۔ آپ نے مشورہ تو دے دیا کہ "دب کے کھاؤ" مگر وہ کہاں سے کھائے ؟

وزیر زراعت و خوراک ۔ دب کے نہیں رج کے کھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ وہ دب کے بھی کھا سکتا ہے ۔ یہ پنجابی زبان ذو معنی ہوتی ہے ۔ کئی معانی نکل آتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ فائد ایوان اور ہمارے وزیر خوراک کوشش تو کرتے ہیں اس میں شک نہیں لیکن افسوس کا مقام ہے کہ کاشت کاروں اور مزارعین کے ساتھ صرف زبانی ہمدردی ہوتی ہے عملاً سرمایہ داروں اور کارخانہ داروں کا ساتھ دیتے ہیں یا پھر ان کی ہمدردی افسران اور جاگیرداروں کے ساتھ ہوتی ہے ۔

Minister for Food & Agriculture : I deny it.

مسٹر حمزہ ۔ یہ تو آپ کے عمل سے ثابت ہوتا ہے ۔ آپ کی پالیسی سے ظاہر ہوتا ہے ۔ زمینوں کی تقسیم کی پالیسی سے ظاہر ہوتا ہے ۔ اب میں وزیر خوراک کی دوسری کارروائیوں کی طرف آتا ہوں ۔ اس سال فصل اچھی ہوئی اور آپ نے بتایا ہے کہ گندم خریدنے کے لئے ۴۰ کروڑ روپیہ کی رقم مختص کی گئی ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ نہیں ۔ ۶۰ کروڑ روپیہ ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس سے حکومت نے ۱۳ لاکھ ٹن گندم خریدنے کا انتظام کیا ہے ۔ کیا یہ حقیقت نہیں کہ اس وقت آپ کے پاس محض ۳۳۴۷۹۰ ٹن گندم یا دوسری اجناس کو ذخیرہ کرنے کا انتظام ہے ۔ کیا یہ حقیقت نہیں کہ وہ مکانات یا Sheds یا Housetype Godowns بھی اس میں شامل ہیں جو پچھلے ۵ سالہ منصوبہ میں تیار کئے گئے تھے اور وہ تقریباً تمام کے تمام برآمد شدہ گندم سے بھرے پڑے ہیں ۔ آپ یہ بتائیں کہ آیا گوداموں کی مکانیت کافی ہے ۔ میں ایوان میں یہ عرض کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ آپ نے جتنے Godown بنائے ہیں ان میں ۲۳۱۶۴۰ ٹن گندم رکھنے کے لئے Bins ہیں ۔ باقی تمام ایسے Godowns ہیں جن میں گندم کے ضائع ہونے کا احتمال ہے ۔ اگر آپ نے ۱۲ یا ۱۳ لاکھ ٹن گندم خریدنے کا انتظام کیا ہے ۔ تو آپ اسے کہاں store کریں گے ؟ اگر آپ کی کوششوں سے اور اللہ کے فضل سے اتنی اچھی فصل ہوئی ہے تو آپ نے اسے store کرنے کا کیوں انتظام نہیں کیا ؟ آپ ایوان میں برملا اس بات کا اعتراف کریں ۔ گندم کی خرید میں سب سے بڑی رکاوٹ یہی ہے کہ آپ کے پاس مناسب گودام نہیں

ہیں جن میں گندم کو خرید کر رکھا جا سکے اور آج آپ مجبور ہیں کہ مل مالکان کو بھی چھٹی دے دیں کہ وہ تمام کی تمام ملکی گندم بازار سے خرید کر اس کی milling کریں اور جو غیر ممالک سے زرمبادلہ صرف کرکے گندم آپ نے منگوائی ہے وہ سڑتی رہے ۔ میں آپ پر یہ الزام لگاتا ہوں کہ آپ نے ۱۷ روپے من گندم کی جو ضمانت کاشتکاروں کو دی تھی اور وہ وعدہ جو آپ نے کاشتکاروں سے کیا تھا وہ پورا نہیں ہوا بلکہ اس کے برعکس کاشتکاروں کو گندم کے محض ۱۵ روپے فی من وصول ہو رہے ہیں اور اس طرح آپ نے اس قوم کا اور غریب کاشتکاروں کا جن کے ساتھ آپ کو بڑی ہمدردی ہے کم سے کم ۷ کروڑ روپے کا نقصان کیا ہے اور محض کاشتکاروں کا نہیں بلکہ ۷ کروڑ روپے آپ اس غریب قوم کے مزید ضائع کریں گے جس کے روپے سے آپ گندم خرید کر گوداموں میں رکھیں گے جس کے ذخیرہ کرنے کے سائینٹفک انتظامات نہیں کئے گئے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ یہ تو ان کی حسن کارکردگی ہے ۔ مجھے آج ہی اس ایوان میں یہ بتایا گیا ہے کہ ڈبلیو ۔ پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی نے ۱۹۶۳ء میں نمک تقسیم کرنے کے انتظامات اپنے ہاتھ میں لے لئے تھے یا حکومت نے اس کے ذمہ لگائے تھے اور یہ بھی کہا گیا کہ ۱۹۶۳ء میں نمک کی قیمت ۵ سے ۶ روپے فی من تھی اور آپ کی ڈبلیو ۔ پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی کے حسن کارکردگی سے اور حکومت کی برکت سے اسی حکومت نے سوال کے جواب میں بتایا ہے کہ ۱۹۶۸ء میں نمک کی قیمت ۱۰ روپے فی من تک بڑھ گئی یعنی نمک کی قیمت میں ۱۰۰ فی صد اضافہ ہوگیا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب

نے پورا سوال نہیں پڑھا یہ قیمت صرف ایک مہینے کے لئے بڑھی تھی اور اس وقت بھی ۵ - ۶ روپے من قیمت ہے - لیکن حمزہ صاحب فرما رہے ہیں کہ قیمت ۱۰ روپے فی من ہو گئی تھی -

مسٹر حمزہ - خدا کا شکر ہے کہ یہ کہہ رہے ہیں کہ صرف ایک ماہ کے لئے قیمت بڑھی تھی مگر مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ اس کی قیمت کافی لمبے عرصہ تک بڑھی رہی بلکہ آج بھی نمک کی قیمت ۸ روپے فی من ہے - جناب سپیکر - آپ جانتے ہیں کہ نمک انسانی استعمال کی اشد ضروری چیز ہے اور مغربی پاکستان میں اللہ کے فضل و کرم سے نمک کے پہاڑ موجود ہیں لیکن ان کی نااہلی کا اندازہ لگائیے کہ نمک بھی مغربی پاکستان کے لوگوں کو دس روپے فی من مہیا کرتے ہیں اور اس پر یہ نازاں ہیں کہ یہ قوم ترقی کر رہی ہے آپ کو یہ پتہ ہو گا کہ متحدہ ہندوستان میں جب انگریزوں نے اسی نمک پر ٹیکس لگایا تو اس غلامی کے دور میں اس ٹیکس کے خلاف انتہائی احتجاج کیا گیا تھا آج اس قوم کو اس حد تک جگڑ دیا گیا ہے کہ نمک جو ۱۹۶۳ء میں دو آنے سیر بکتا تھا اس کو اب یہ دگنے داموں پر مہیا کرتے ہیں لیکن اس پر کوئی احتجاج نہیں ہوتا -

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) - آپ احتجاج کر تو رہے ہیں-

مسٹر حمزہ - سید رحیم شاہ ناراض نہ ہوں تو میں عرض کروں کہ جہاں تک قبائلی علاقوں کی ریاستوں اور فرنٹیئر کی ریاستوں کا تعلق ہے اللہ

کے پیغمبر کا حکم ہے کہ جب کوئی چیز آپ اپنے لئے پسند نہ کریں تو وہی چیز دوسروں کے لئے بھی پسند نہ کی جائے ۔ میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ اس ایوان میں بیٹھ کر جب قانون سازی میں حصہ لیتے ہیں ۔ ووٹیں دیتے ہیں قانون بناتے ہیں اگر یہ قانون اتنے دقیانوسی ہیں بیکار ہیں بے معنی ہیں لغو ہیں کہ آپ ان کو اپنے علاقوں میں نافذ نہیں کرتے تو آپ انہیں صوبوں کی دیگر آبادی کے لئے کیوں پسند کرتے ہیں اور آپ کو کیا اخلاقی حق ہے کہ آپ ایسے قانون بنانے میں شریک ہوں اور اس ایوان میں بیٹھ کر ان کے حق میں ووٹ دیں ۔ یہ ان کی دوعملی ہے یہ تضاد ہے اور اس کے باوجود ایوانوں میں کھڑے ہو کر میرے جیسے حقیر انسان پر بعض الزامات لگانا انہوں نے پسند کیا ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ وہ جانفشانی سے تقریر کرتے یہ کیا کہ کسی نے لکھ کر تقریر دیدی اور اسکو یہاں آ کر پڑھ دیا ۔ مجھے علم ہے میں نے اس آئین کا حلف اٹھایا ہے میں اسکے بیشتر حصوں کو نہیں مانتا ان میں نقائص ہیں میں چاہتا ہوں کہ جدوجہد کرکے اس کے نقائص کو رفع کیا جائے لیکن ایک جانب ہم اس آئین کا حلف اٹھاتے ہیں اور دوسری جانب جناب وزیر مال اور قبائلی امور نے ہمیں بتایا تھا کہ والئی سوات بادشاہ نہیں ۔ یہ ایک لقب ہے جس طرح عبدالغفار خان کو باچہ خان کہتے ہیں مجھے یہ بتایا جائے کہ پشاور میں اس قسم کی خبریں بھی اخبارات میں چھپی ہیں ۔

یہ تاجپوشی جس کا ذکر کیا گیا ہے کس کی تھی اس ملک میں

تاجپوشی کا حقدار کون ہے۔ ہم تاجپوشی کرنے والوں کو ملک کا غدار سمجھتے ہیں ۔ تاجپوشی کے لئے جن اخبارات میں یہ خبر چھاپی جاتی ہے میرا بس چلے تو میں ایک منٹ کے لئے اس کو برداشت نہ کروں ۔

Mr. Speaker : Don't be emotional.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ افسوس کا مقام ہے کہ ایک طرف یہ کہا جاتا ہے کہ ہمارا ملک اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے اور دوسری جانب یہ تاجپوشی کا سلسلہ جاری ہے اور پھر بات یہیں ختم نہیں ہو جاتی ۔ اس قوم کے جسم پر ایک زخم نہیں دو زخم نہیں ہیں اس کے جسم پر ہزاروں زخم ہیں اور بہت گہرے زخم ہیں جیسا کہ کسی نے کہا ہے

پنبہ کجا کجا نہم تن ہمہ داغدار شد

تھوڑے دن ہوئے مولانا کوثر نیازی ریاست سوات میں، تشریف لے گئے اور وہاں انہوں نے یہ تاویل پیش کی کہ قرآن میں کسی جگہ بادشاہت کی نفی نہیں کی گئی ۔ آپ لوگوں کو ایک طرف بادشاہت کی جانب لے جاتے ہیں اور دوسری جانب آپ کہتے ہیں کہ یہ اسلامیہ جمہوریہ پاکستان ہے ۔ آج ایک سرکاری عالم سرکاری مولوی سرکاری ملا جس کو آپ نے لائسنس دئے ہیں وہ سوات میں اس قسم کے بیانات دیتا ہے جو کچھ آپ اس کو سکھا دیتے ہیں وہ آپ کی خوشنودی کے لئے کہہ دیتا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر عبدالقیوم) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ جب ایک صاحب یہاں موجود نہیں ہیں جو اپنے آپ کو defend کر

سکیں ۔ ان کے متعلق یہ کہنا کہ کوثر نیازی سرکاری مولوی ہیں ۔ ان کو لائسنس ملے ہیں یہ میرے خیال میں زیادتی ہے ۔

Minister for Finance : Sir we are not discussing the budget of Swat State .....

میں جناب والا عرض کروں گا کہ یہ بالکل irrelevant ہیں

and the Member was introducing heat unncessarily.

میں ان سے آپ کی وساطت سے عرض کرونگا ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ جب سید رحیم شاہ تقریر کر رہے تھے تب آپ نے ان کو کیوں منع نہیں کیا ؟

Mr. Speaker : Next point, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب ریاستوں کا نظام اتنا اچھا ہے تو میں ان سے پوچھتا ہوں کہ ریاست قلات ۔ مکران ۔ ریاست خیر پور ۔ ریاست بہاولپور خاران اور ریاست دیر ختم کرنے کی وجہ جواز کیا تھی کیا آپ کو علم نہیں کہ ہندوستان کی آبادی ہم سے کم سے کم ۴ گنا زیادہ ہے ہندوستان میں جو قومیں بستی ہیں ان کے مذاہب مختلف ہیں ان کے رسم و رواج ان کی زبانیں مختلف ہیں ۔ اسی ہندوستان میں ۶۷۰ ریاستیں تھیں ۔ وہاں قبائلی ریاستیں بھی ہونگی وہاں غیر قبائلی ریاستیں بھی موجود تھیں میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ ہمیں یکسالیت کا سبق پڑھاتے ہیں آپ ان ریاستوں کو ختم کیوں نہیں کرتے ۔

ہمیں بتایا جاتا ہے کہ ان ریاستوں کے عوام پاکستان کے لئے ہر قسم کی قربانیاں دینے کے لئے تیار ہیں - یقیناً وہ ہمارے بھائی ہیں لیکن خدارا ہمیں بتاؤ کہ آپ نے ان ریاستوں کے حکمرانوں کو عوام کے سر پر کس گناہ کی پاداش میں مسلط کر دیا اور ان کو یہ کس گناہ کی سزا دی گئی ہے -

جناب سپیکر - یہ بڑے بڑے نواب یہ بادشاہ انگریزوں کے پیدا کردہ ہیں - انگریزوں نے اپنے مخصوص مفادات کے پیش نظر ان لوگوں کو بادشاہتیں بخشی تھیں - یہ عوام کے نمائندے نہیں ہیں - اور بادشاہ کبھی بھی عوام کے نمائندے نہیں ہو سکتے اور نہ یہ بادشاہ کہلا سکتے ہیں یہ عوام کی توہین ہے بیسویں صدی کے اس حصہ میں بادشاہت کا نام لینا مناسب نہیں - میں کسی بادشاہ کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں - اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر میں ریاست میں جاؤں تو میں اس بادشاہ کی تابعداری کروں اور اس سے کہوں کہ میں تیرا تابعدار ہوں اور اس کو جھک کر سلام کروں لیکن حکمرانی اللہ کی ہے جس نے ہمیں پیدا کیا - آپ مجھے یہ سبق دیتے ہیں کہ اللہ حاکم ہے - تمام حکمرانوں کا حاکم اللہ ہے - کیا ان کو یہ پتہ ہے کہ حکمران اللہ ہی ہے اور اسی کی آسمان اور زمین پر حکمرانی ہے - آپ اس کے حکم کے خلاف حکم دیتے ہیں تو اس کے یہ معنی ہیں کہ آپ کلمہ حق کو ٹھکراتے ہیں عوام محض غلامی میں جکڑے ہوئے انسان ہیں وہ غلام در غلام ہو چکے ہوئے ہیں - آج یہ ہمیں بھی غلامی کی دعوت دیتے ہیں کہ تم بھی غلامی اختیار کرو - آپ کے سفید

چہرے ہوں گے آپ کے پاس دولت ہو گی ۔ غربت میں زندگی بسر کرنے والوں کا مقابلہ ان سے کیسے ہو سکتا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ آپ کیسے حکمران ہیں ۔ کیا آپ پر کوئی قانون لاگو نہیں ہوتا ۔ اگر نہیں تو مجھے بتائیے کہ اس قسم کے قانون کو ہم کیسے مان سکتے ہیں ۔ آپ کی جتنی مرضی من مانی کرتے رہئیے لیکن میں یہ بتا دوں کہ ہم آپ کی کوئی بات سننے کو تیار نہیں ۔ آپ ایوان میں ہی ایسی باتیں کر لیتے ہیں ۔ باہر جا کر آپ اس قسم کی باتیں نہیں کر سکتے ۔ چاہے آپ کو لکھ کر ہی کیوں نہ تقریر دیدیں وہ بھی آپ نہیں پڑھ سکیں گے ۔

جناب سپیکر ۔ پہلے تو میں نے کاشت کار برادری کے بارے میں عرض کیا تھا اب میں چاہتا ہوں کہ ان کے ساتھ ہی ساتھ میں دوسرے محنت کش طبقے کے بارے میں بھی عرض کر دوں جو کہ اس ملک کی آبادی کا بہت بڑا حصہ ہیں ۔ وہ محنت کش مزدور جو کہ کارخانوں میں کام کرتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کہاں کام کرتے ہیں حمزہ صاحب ؟

مسٹر حمزہ ۔ کارخانوں میں کام کرتے ہیں ۔ آپ نے ان کو حقوق تو کیا دلوانے ہیں ۔ میں عرض کر چکا ہوں کہ حکومت اور صنعت کار اور کارخانہ دار یہ سب ایک ہی ہو گئے ہیں ۔ وہ ایک دوسرے سے ایسے مل گئے ہیں کہ ان کو اب پہچانا نہیں جا سکتا کہ حکومت کون ہے یا جاگیردار کون ہے یا افسر کون ہے ۔ وہ محنت کش کو اس کا حق نہیں

دلوا سکتے - آپ برا نہ مانیے - ہم اس چیز کو سمجھتے ہیں اور ہماری یہ سوچی سمجھی رائے ہے اور یہ ہمارا تجربہ ہے کہ آپ مزدور کو کارخانہ دار سے اس کا حق نہیں دلوا سکتے - اگر محنت کش اپنے حقوق کی حفاظت کر سکتے ہیں تو وہ محض انجمن سازی ہی سے کر سکتے ہیں لیکن ان کے راستہ میں آپ کی حکومت اس قسم کی روکاوٹیں ڈالے ہوئے ہے کہ مزدور اکٹھے ہو کر اپنے حقوق کی حفاظت نہیں کر سکتے اور اگر انجمن سازی کسی شکل میں اس صوبہ میں موجود ہے تو وہ اپنے حقوق اور اپنے مطالبات منوانے کے لئے ہڑتال پر نہیں جا سکتے - جہاں ہڑتال کا حق بھی ایسا بہانہ تراش کر ان سے سلب کر لیا گیا ہو اور ہڑتال تقریباً ناممکن العمل ہو گئی ہو وہاں پھر بھی اگر یہ کہا جائے کہ اس ملک میں عوام خوش حال ہیں تو یہ بات کس قدر بے بنیاد ہے - میں اپنے قابل صد احترام اور شریف النفس وزیر جناب محمد علیخان سے ایک گلہ کرتا ہوں آپ تبلیغ کیا کرتے ہیں کہ طلباء کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال نہ کیا جائے - میں یہ کہتا ہوں کہ آپ کی حکومت طلباء کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کر رہی ہے اور کرنا چاہتی ہے - آپ نے تقریر بہت خوبصورت فرمائی لیکن یہ حقیقت ہے کہ آپ کے محکمہ نے سکولوں اور کالجوں کے ہیڈ ماسٹروں اور پرنسپلوں کے نام چٹھی جاری کی ہے جس میں خاص اخبارات کے نام بتائے گئے ہیں کہ وہ محض وہی اخبارات پڑھ سکتے ہیں اور وہی اخبارات ان کی لائبریریوں کے لئے خریدے جا سکتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس

طریق سے بچوں کو تصویر کا ایک ہی رخ دکھلانا چاہتے ہیں اور آپ چاہتے ہیں کہ وہ آپ کے ہمنوا بنیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ "نوائے وقت"، جو کہ آزاد پالیسی کا مالک ہے اس کی تمام تر پالیسی ملک اور قوم کے خلاف ہے کیا آپ کو یہ علم نہیں بلکہ میں وزیر اطلاعات سے پوچھتا ہوں کہ جب وہ بچے گھروں میں ہوتے ہیں بازاروں میں چلتے ہیں وہ اس اخبار کو پڑھ سکتے ہیں تو پھر اس اخبار کو آپ نے اس صوبہ میں شائع ہونے کی اجازت کیوں دی ۔ آپ ایک ظلم کرتے ہیں ۔ دوسرا ظلم کرتے ہیں اور آپ کے دل اتنے سخت ہیں کہ آپ کو رحم نہیں آتا ۔ میں یہ کہوں گا کہ آپ کے اس طرز عمل سے صورتحال کی اصلاح ہونی ممکن نہیں ہے ۔ آپ نے ہماری معروضات پیش کرنے کے باوجود اس بات کا کوئی جواب نہیں دیا میں تو یہی سمجھتا ہوں کہ آپ میں جواب دینے کی جرات ہی نہیں ہوتی ۔ کوئٹہ ، حیدرآباد ، لاہور ، پشاور میں جو علاقائی تعصب پیدا ہوا ہے اس کی تمام تر ذمہ داری آپ پر ہے ۔ طلباء ایک ایسی طاقت ہیں جو حکومت کے خلاف اور اس کی بدعنوانیوں کے خلاف آواز بلند کرتے رہے ہیں ۔ آپ نے ان میں انتشار ڈالا تاکہ لڑکے آپس میں لڑتے رہیں ۔ یہ چٹھی کیسے جاری ہو گئی یہ چٹھی کسی طریقہ سے ہمارے ہاتھ میں آ گئی ۔ آپ یہ کبھی ماننے کے لئے تیار نہیں ۔ میں اپنے قابل صد احترام اور حزب اختلاف کے سابقہ بہت مشہور رکن جناب احمد سعید کرمانی کی

خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ ریڈیو بھی حکومت کا نہیں یہ عوام کا ہے۔

Mr. Speaker : Is the Member discussing something about the Radio.

مسٹر حمزہ۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ یہ ادارے قوم کی امانت ہیں۔ یہ آپ کی ذاتی ملکیت نہیں۔ جو حکومت سے اختلاف رکھتے ہیں وہ بھی ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ آسٹریلیا ایک ایسا ملک ہے جہاں کہ قانون ساز ادارے کی تمام تقاریر ریڈیو پر نشر کر دی جاتی ہیں قوم کے سامنے براڈ کاسٹ کر دی جاتی ہیں۔

Mr. Speaker : The Member cannot refer to Radio programmes.

مسٹر حمزہ۔ قوم نے ہمیں منتخب کیا۔ وہ روپیہ مہیا کرتی ہے۔ وہی منصف ہے تو وہی جج ہے اور وہی بہترین عدالت ہے وہی فیصلہ کریگی کہ کون آدمی قوم کے مفاد کے لئے کام کرتا ہے آپ کون ہیں جو آپ قوم سے روپیہ بھی لیں اور قوم پر پابندیاں بھی لگائے جائیں۔ آپ نے کیوں ان سے ووٹ دینے کا حق سلب کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ غلط طریقہ ہے۔ آپ اپنے اختیارات کو غلط اور ناجائز طور پر استعمال کرتے ہیں اور عوام الناس میں بددلی پیدا کرنے کے موجب بنتے ہیں اور ان کو غلط کام کرنے پر آمادہ کرتے ہیں۔ آپ چاہتے ہیں کہ وہ اس طرح سوچیں جس طرح کہ آپ سوچتے ہیں۔ آپ کہیں گے کہ حمزہ تو روز انہی مسائل کو دہراتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ میں اپنی باتوں کا جواب چاہتا ہوں۔ آپ

ایک جانب تو اخبارات پر پابندی لگاتے ہیں اور دوسری طرف مجھے خدا کے واسطے بتائیے کہ لائلپور کے اخبار نویسوں کو روٹ پرمٹ آپ نے کس خدمت کے صلہ میں دئیے ہیں ؟ آپ کی حکومت نے ہی دئیے ہیں ۔ اخبار کے مالکوں نے بس کمپنی بنائی ہے اور کمپنی کا نام حق ٹرانسپورٹ رکھ دیا گیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں تو کہتا ہوں کہ اس ملک میں حق اور ناحق کا معیار ہی بدل گیا ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ اخبار نویس حق پر مبنی اپنا کاروبار کرتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ یہ انہی کا کاروبار ہے جو آپ کی تعریف کریں روٹ پرمٹ لے کر وہ کسی کارخانہ دار یا کسی کمپنی کے سپرد کر دیتے ہیں اور گھر بیٹھے بٹھائے ان کو روپیہ آ جاتا ہے ۔ آپ اتنے خوبصورت وزیر ہیں آپ روٹ پرمٹ کیوں نہیں لیتے ؟ کیا آپ کو روپیہ کی ضرورت نہیں ۔

وزیر خزانہ ۔ خدا مجھے بچائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ مگر اخبار نویس تو اتنے بدنام لوگ ہیں کہ ان کو دینا آپ پسند کرتے ہیں ۔

وزیر خزانہ ۔ جو پسند کرتا ہے اس کو کیسے روکا جا سکتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ ذرا مجھے اس کا جواب دیں ۔

وزیر خزانہ ۔ جو لینا چاہیں انہیں محروم نہیں کرنا چاہئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس ملک میں کسی شخص کو باضمیر نہیں رہنا چاہئیے ۔ آپ نے تنبیہ کیا ہوا ہے کہ باضمیر کو دبالیں گے X X X X X* کو اس قسم کے لالچ دے کر نوازیں گے ۔

Mr. Speaker : The words used by Mr. Hamza are unparliamentary. The word 'Be ghairat' is expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر حمزہ ۔ اس ملک کی آزادی کی کیفیت بتاتا ہوں کہ کیا ہے ۔ اگلے دن کوئٹہ قلات کے علاقہ کے لئے ایک ہنگامی قانون پیش تھا ۔ اس میں خواجہ صاحب نے ترمیم پیش کی کہ جب کوئی مقدمہ جرگہ کے روبرو پیش ہو تو ملزم کو وکیل کی خدمات سے استفادہ کرنے کی اجازت دی جائے ۔ حکومت نے بڑی فیاضی کے ساتھ اس بات کو مان لیا ۔ خواجہ صاحب بڑے خوش ہوئے ۔ پھولے نہیں سماتے تھے ۔ میں انہیں دیکھ رہا تھا ۔ میں ہمیشہ کہا کرتا ہوں کہ یہ بہت بھولے اور سیدھے سادھے آدمی ہیں ۔ انتہائی تجربہ کار ہونے کے باوجود وہ یہ نہیں سمجھ سکے کہ حکومت کے اسلحہ خانے میں کس کس قسم کے ہتھیار ہیں ۔ اگلے دن آپ نے خبر پڑھی ہو گی کوئٹہ میں مسٹر غوث بخش بزنجو جو نیشنل اسمبلی کے ممبر تھے ۔ انہیں جرگہ نے چودہ سال کی سزا دی اور ساتھ ہی یہ سفارش کی کہ انہیں سی کلاس میں رکھا جائے ۔ آپ جرگہ کے ممبران کی جرات اور طاقت دیکھیں اور اس ملک کی بے حمیتی دیکھیں ۔ وہ فرماتے کیا ہیں کہ جو وکیل ہمارے روبرو پیش ہوا تھا اس کا لب و لہجہ ٹھیک نہیں تھا وہ حمزہ کی

*Expunged as ordered by the Speaker.

طرح باتیں کرتا ہے۔ اس کا وکالت کا لائسنس منسوخ کر دیا جائے۔

مسٹر سپیکر۔ ہم نے اخبار میں یہ تو نہیں پڑھا۔

مسٹر حمزہ۔ انہوں نے مجھے دیکھا نہیں ورنہ یقیناً یہی کہتے۔ باتیں تو ٹھیک کہتا ہے لیکن لب و لہجہ ٹھیک نہیں ہے۔

وزیر خزانہ۔ جو باتیں آپ یہاں کرتے ہیں یہ کورٹ میں allowed نہیں ہوتیں۔

مسٹر حمزہ۔ آپ یہ کیفیت دیکھیں اور اندازہ لگائیں کہ قانون کا وقار کس حد تک گر گیا ہے۔ یہ آزاد مملکت ہے جرگہ کے ممبر جو بیشتر ان پڑھ ہوتے ہیں ان کا یہ فیصلہ ہے۔ اب جناب وزیر امور داخلہ جنہیں خواہ مخواہ پڑھا لکھا میں وزیر بنا دیا گیا ہے۔

Mr. Speaker : No personal remarks.

مسٹر حمزہ۔ آپ یقین کیجئے وہ میری طرح بہت دکھی ہیں۔

Mr. Speaker : No personal remarks. The Member should conclude his speech now.

مسٹر حمزہ۔ جناب سپیکر۔ یہ سارے لوگ خوش ہو رہے ہیں ان کا بھی جی چاہتا ہو گا اگرچہ منہ سے نہ کہیں لیکن ان کا جی چاہتا ہو گا کہ میں تقریر جاری رکھوں۔

مسٹر سپیکر۔ ابھی ہم نے خواجہ صاحب کی تقریر سننی ہے۔

Minister for Finance : Sir, the Leader of the Opposition must speak. That would be an important speech.

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر امور داخلہ نے فرمایا کہ چونکہ آبادی بڑھ رہی ہے ۔ اس لئے جرائم بڑھ رہے ہیں اب کیفیت تو یہ ہے کہ لاہور میں غنڈے تھانیدار کو بر سر عام قتل کر دیتے ہیں ۔ کچہری میں لوگوں کے سامنے ایک شخص کو قتل کر دیا جاتا ہے ۔ اے ۔ آئی ۔ جی کی کار چوری ہو جاتی ہے (قطع کلامی) میری تو کار نہیں ۔ سائیکل چوری کر سکتے ہیں ۔ پیپلز میں سے ٹیلی ویژن چوری کر لیا گیا ۔ بد اخلاقی کی یہ کیفیت ہے ۔ قوم کا کردار کتنی تیزی سے گر رہا ہے ۔ میں انتہائی دکھ کے ساتھ کہتا ہوں کہ ایک لڑکے اور لڑکی نے والٹن کے قریب خود کشی کی ۔ تھوڑی دیر کے بعد جب لاشیں اٹھائی گئیں تو ان کی گھڑی اور پستول ناپید تھے ۔ آپ کہیں گے اس میں حکومت کا کیا ہاتھ ہے ۔ حکومت کی یہ سوچی سمجھی پالیسی ہے جس پر وہ سختی سے عمل پیرا ہے کہ اس ملک میں با غیرت لوگ نہ رہیں ۔ روٹ پرمٹ اخبار نویسوں کو دیتے ہیں ۔ جس ملک میں یہ کیفیت ہو جائے اس کا پھر خدا حافظ ۔ میں اپنے علاقے کا ایک واقعہ بیان کرتا ہوں تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کمالیہ کا ایک تھانہ ہے وہاں چوری ہوتی ہے چور اسلحہ خانہ توڑ کر اسلحہ لے جاتے ہیں ۔ ریذیڈنٹ میجسٹریٹ کی عدالت سے تمام مثلیں اٹھا کر لے جاتے ہیں ۔ اگلے روز آپ نے اخبار میں دیکھا ہو گا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ایس ڈی ۔ ایم کے اہلکار پستول اور بندوق کے لائجائز لائسنس جاری کرتے رہے ۔ اب ان میں

سے ایک آدمی پکڑا ہوا ہے -

خواجہ محمد صفدر - وہ پانچ ہزار لائسنس جاری کر چکے ہیں -

مسٹر حمزہ - یہ تو کیفیت ہے ہمارے نظم و نسق اور امن عامہ کی اور عوام کے مال و جان اور عزت کی حفاظت کی - میرے ایک سوال کے جواب میں یہ بتایا گیا تھا کہ ۱۹۵۶ء میں ۲۳۱۳ قتل ہوئے تھے - ۱۹۶۷ء کے آخر تک ۳۴۴۳ قتل ہوئے - اور ان میں وہ قتل شامل نہیں ہیں جو قبائلی علاقے میں ہوئے -

وزیر قبائلی امور (خان غلام سرور خان) - وہاں قتل نہیں ہوئے -

مسٹر حمزہ - آپ نے اس ایوان میں تسلیم کیا تھا کہ درہ آدم خیل کے ایک واقعہ میں ۶ آدمی مارے گئے تھے - بنوں میں جو قبائلیوں کی متواتر تین دن جنگ ہوئی اس میں کم از کم پچیس تیس آدمی مارے گئے اور ۷۰ زخمی ہوئے - آپ کو شاید علم نہیں کہ پولیس کو یہ ہدایات ہیں کہ وہ چوری کا پرچہ درج نہ کریں - خصوصی طور پر ان چوروں کے خلاف جو حکمرانوں کے ساتھ اور تھانیداروں کے ساتھ مل کر چوری کرتے ہیں - کیوں کہ وہ بھگا وصول کرکے بڑی مہربانی سے مال واپس کر دیتے ہیں - جواب کسقدر آسان ہے کہ چونکہ آبادی بڑھ رہی ہے اس لئے قتلوں میں اضافہ ہو رہا ہے یہ ان کی ناکامی ، نااہلی اور بے تدبیری کا منہ بولتا ثبوت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس پولیس کی نفری اتنی نہیں ہے کہ ہر

آدمی کے پیچھے ایک سپاہی مقرر کریں ۔

جناب سپیکر ۔ خدا وہ دن نہ لائے جب ایک آدمی کے ساتھ ایک سپاہی ہو کیونکہ اس صورت میں سب آدمی بھوکے مر جائیں گے اور آبادی محض سپاہیوں کی رہ جائیگی ۔ آپ نے محکموں کے بیشتر اہلکاروں کو درندے بنا دیا ہے اور انہیں رشوت کی چاٹ لگا دی ہے ۔ بددیانتی اتنی عام ہے جس کی انتہا نہیں جتنا کوئی افسر بد دیانت ہوتا ہے حکومت اس کی اتنی ہی حوصلہ افزائی کرتی ہے اور اسے ملازمت میں توسیع دیتی ہے اور اسے لاہور میں خصوصی طور پر تعینات کیا جاتا ہے جہاں وہ مخلوق خدا کو لوٹتا ہے اور اسے کامیاب افسروں میں شمار کیا جاتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس ایوان میں یہ بتایا گیا کہ رشوت ستانی کی روک تھام کے لئے ایک کمیٹی یا کمیشن مقرر کیا گیا ہے ۔ جس کے چیئرمین ایک بوڑھے سی ایس ۔ پی مسٹر فدا حسن ہیں ۔ آپ مجھے بتائیں کہ اس سے کیا فائدہ ہوگا ۔ جتنے افسران کے خلاف رشوت ستانی کے الزامات لگے ان میں سے صرف ایک دو کو سزا ہوئی باقی سب کو چھوڑ دیا گیا ۔ کیونکہ آپ ان افسران کی عزت و احترام کرتے ہیں آپ ان سے اتنا ڈرتے ہیں ۔ آپ ان کی اتنی عزت و احترام کرتے ہیں مگر نیکوں کی عزت نہیں ۔ شریفوں کی عزت نہیں ۔ محنت کشوں کی عزت نہیں ۔ کاشتکاروں کی عزت نہیں کرتے ۔ صرف افسروں کی عزت اور وہ کن افسروں کی عزت جو رشوت کھاتے ہیں ۔ یا جو رشوت خوری کے مقدمات میں ملوث ہیں ۔ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب

نے اس ایوان میں ان کے نام بتلانے سے گریز کیا۔ ہم دست بستہ عرض کرتے ہیں وہ بچارے ہمارا کہنا تو مانتے ہیں لیکن حکمران اس قدر طاقت ور ہیں کہ کہا جاتا ہے کہ افسران کے نام شائع نہ کئے جائیں ان کی بے حرمتی ہو جائے گی۔ یہ رشوت خوروں کی عزت کے محافظ ہیں لیکن یہ اس قوم کی عزت کو محفوظ نہیں کر سکتے۔ آپکے طرز عمل سے یہ ثابت ہے کہ تمام برائیاں آپ نے ہی پیدا کی ہیں۔ حکومت ان کو پالتی پوستی ہے اور پھر ان بھیڑیوں کو انسانوں پر چھوڑتی ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ آبادی بڑھتی ہے اس طرح آبادی کم ہو جائے گی فکر نہ کیجئے۔ میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ نے اس ایوان میں آج سے تقریباً پانچ سال پہلے جرگے کا قانون پاس کیا تھا جس کے بارے میں ہمیں بتایا تھا کہ آپ اس قانون کے ذریعہ رشوت خور افسران کو پکڑیں گے آپ کو اس چیز کا اچھی طرح سے علم ہے کہ رشوت خور افسران کے شائد ایک یا دو کیس جرگہ کے سامنے پیش کئے گئے ہیں لیکن اسکے نتائج ہمارے سامنے نہیں آئے۔ میں انتہائی افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ میرے سامنے بیٹھنے والے بعض معزز حضرات بہت نیک دل ہیں۔ شریف النفس ہیں۔ قانون کے پابند ہیں اور وہ اس ملک اور قوم کے بہی خواہ ہیں۔ جناب منظور احمد صاحب قیصرانی نے ایک مسودہ قانون اس ایوان میں پیش کیا تھا اور کہا تھا کہ جو رشوت خور پکڑا جائے اس کو بر سر عام گولی مار دی جائے اور اس کی جائیداد ضبط کو لی جائے۔ میں نے ان سے کہا آپ پرانے زمانے کی یاد ہیں۔ آپ بہت نیک سیرت واقع ہوئے ہیں آپ اس حکومت کے ساتھ یا اس حکومتی پارٹی میں شامل ہو کر

اس قسم کی لیک خواہشات رکھنے یا تمنائیں رکھنے پر مبارک باد کے مستحق ہیں ۔ میں ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں لیکن میں نے ان سے کہا کہ اگر آپ اس حکومت سے یہ قانون پاس کروا لیں تو میں آپکو مان جاؤں گا ۔ بلکہ آپ کو ولی اللہ مانوں گا ۔ لیکن ان بیچاروں کی مانتا یا سنتا کون ہے ۔ میں نے اس دن بھی یہ کہا تھا کہ رشوت کو ختم کرنے کا ایک ہی طریقہ ہے رشوت اس قدر عام ہو چکی ہے اس لئے کسی کو گولی نہیں ماری جا سکتی ۔ آپ ایسا کیجئے چند ایک افسران جو رشوت نہیں لیتے ان کو گولی مار دیں تاکہ حمام میں سارے ننگے ہو جائیں اور رشوت کا طعنہ دینے والا کوئی نہ رہے ۔

جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

وزیر مال (خان غلام سرور خان) ۔ جناب صدر ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس روز بھی چند باتیں کہی گئی تھیں ۔ جناب والا ۔ میرا روئے سخن جناب حمزہ صاحب کی طرف ہے ۔ لیکن میں آپ کی وساطت سے عرض کروں گا کہ اس روز بھی حمزہ صاحب نے بہت سی باتیں قبائلی علاقوں کے متعلق کیں یا قبائلیوں کے متعلق کیں ۔ ان کے متعلق میں نے اس روز بھی عرض کیا تھا کہ اس سے پہلے کہ حمزہ صاحب قبائلی علاقوں سے متعلق کچھ فرمائیں ان کو اس علاقے کے متعلق علم ہونا چاہئے ۔ علم کے بغیر باتیں کہہ دینا کوئی مناسب معلوم نہیں ہوتا ۔ وہ باتیں غلط ہوتی ہیں۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں اور پر زور الفاظ میں اسکی تردید کرتا ہوں کہ

حمزہ صاحب جو کچھ فرماتے ہیں وہ سو فیصد غلط ہوتا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ اس حکومت کی وجہ سے ہر ایک انسان کے بدن سے خون بہہ رہا ہے ۔ میرا اپنا خیال یہ ہے کہ موجودہ وقت میں اگر کسی انسان کے بدن سے پسینہ بہہ رہا ہو تو حمزہ صاحب کو وہ بھی خون نظر آتا ہے ۔ ان کو ہر چیز دوسرے رنگ میں نظر آتی ہے اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ حمزہ صاحب کے خیالات ان کی لا علمی کی وجہ سے درست نہیں ہیں ۔

جناب والا ۔ میرے دونوں محکموں کے متعلق حمزہ صاحب نے فرمایا ہے ۔ ریونیو کے متعلق فرمایا ہے کہ سرکاری زمینیں لوگوں کو نہیں دی جا رہی ہیں ۔ میں ریونیو کے متعلق اس قدر عرض کرتا ہوں کہ بہت سے لوگوں کو بلکہ ہزاروں لوگوں کو حکومت نے زمینیں دی ہیں ۔ دو کنال کے بدلے میں سو کنال ۔ چار کنال کے بدلے سو کنال اور ۱۰ کنال غیر آباد زمین کے بدلے میں بھی سو کنال پنجاب کالونی میں زمینیں ملی ہیں ۔ اگر یہ رعایت نہیں ہے یا یہ غریب کاشتکاروں کے ساتھ رعایت نہیں ہے تو میں نہیں سمجھ سکتا کہ حمزہ صاحب اور کیا چاہتے ہیں ۔ اگر دو چار کنال کے بدلے میں سو کنال زمین پنجاب کے علاقے میں دی جائے تو کیا یہ کاشتکاروں کے ساتھ رعایت نہیں ہے ۔ کیا یہ کاشتکاروں کی امداد نہیں ہے ۔ میں حمزہ صاحب کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ مجھے ایک مثال ہی بتائیں کہ کبھی پہلے ایسا ہوا ہے ۔ اگر ایسے ہوا ہے تو میری بات غلط ہو گی ۔ اگر حکومت نے کبھی

کاشتکار سے جو اس کا مالک ہو اس سے بغیر کسی قانونی جواز کے زمین لے لی ہو اور اس کو معاوضہ نہ دیا گیا ہو تو بھی حمزہ صاحب کی بات ٹھیک ہے ۔ اگر حمزہ صاحب کو پسینہ بھی خون نظر آئے تو اس کا میرے پاس علاج نہیں ہے اور نہ ہی اسکا علاج جناب کے پاس ہے ۔

جناب والا ۔ قبائلیوں کے متعلق میں نے اس روز بھی عرض کیا تھا کہ حمزہ صاحب کو ہرگز اس علاقے کے متعلق علم نہیں ہے ۔ پشاور میں ایک دفعہ چلے جانے کے بعد یہ دعویٰ کرنا کہ میں قبائلستان کے متعلق ایکسپرٹ بن گیا ہوں یہ بالکل غلط دعویٰ ہے ۔ ان کو پہلے آزاد قبائل کہا جاتا تھا۔ "آزاد" لفظ کوunder lineکرانا چاہتا ہوں ۔ ان کو آزاد قبائلی علاقے کہا جاتا تھا جب انگریز آیا تو انگریز نے ان علاقوں میں قدم قدم پر لڑائیاں لڑیں پھر انگریز کے ساتھ ان لوگوں نے معاہدے کئے اور وہ تحریری معاہدے تھے ۔ ان پر وہ لوگ کار بند رہے یا نہ رہے یہ الگ بات ہے لیکن یہ لوگ انگریز سے ہمیشہ بر سرپیکار رہے ۔ ہمیشہ ان کے ساتھ لڑائیاں ہوتی رہیں ۔ انہوں نے ایک دن بھی انگریز کو چین سے نہ بیٹھنے دیا ۔ اب وہ وقت بھی گذر گیا ہے ۔ اگر اور قصے سناؤں تو بہت وقت صرف ہو گا یہ ایک ذرا سا قصہ ہے ۔

جناب والا ۔ آپ نے سنا ہو گا کہ خان برادرز پنڈت جواہر لال نہرو کو ۱۹۳۶ء میں قبائلی علاقے کے دورے پر لے گئے ۔ اسکی تفصیل تو مجھے معلوم ہے اگر میں اسکی پوری تفصیل میں جاؤں تو وقت زیادہ لگے گا ۔

خان برادرز جواہر لال نہرو کو ہر ایک ایجنسی میں لے گئے ۔ مالاکنڈ ایجنسی میں بھی لے گئے ۔ خیبر ایجنسی شمالی وزیرستان اور جنوبی وزیرستان میں بھی لے گئے ۔ پنڈت جواہر لال نہرو کی جو گت بنی وہ ہر ایک کو معلوم ہے ۔ یہاں لیڈی ممبرز صاحبہ بھی بیٹھی ہوئی ہیں ان کے حیاء کی وجہ سے مناسب نہ ہوگا کہ میں عرض کروں کہ انہوں نے ان کے ساتھ کیا کیا کیا ۔ یہ پاکستان بننے سے پہلے کی بات ہے میں اس لئے ذرا زور سے کہنا چاہتا ہوں کہ قبائلی میرے خیال میں بہت اچھے پاکستانی ہیں (خوب ۔ خوب) جس طرح سید رحیم شاہ صاحب نے چیلنج کیا ہے کہ جب یہ لوگ پاکستان کے لئے لڑ رہے تھے تو خدا جانے حمزہ صاحب کہاں تھے ۔ رحیم شاہ صاحب کے سوال کا جواب حمزہ صاحب نے نہیں دیا ہے ۔ انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ وہ اس وقت کہاں تھے ۔ ان کا سوال اپنی جگہ پر قائم ہے ۔ حمزہ صاحب کو اس کا جواب دینا چاہئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں اس وقت طالب علم تھا اور پڑھتا تھا۔

وزیر مال ۔ بہر حال یہ ان قبائلیوں کی ہمت ہے کہ انہوں نے پنڈت جواہر لال کی گت بنائی ۔ وہ ہندوستان کے وزیر اعظم تھے ۔ جس غرض کے لئے وہ گئے تھے یا جس غرض کے لئے ان کو لے جایا گیا تھا اس کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ پاکستان کے بنتے ہی کشمیر کا قصہ شروع ہوا ۔ مجھے اس بات کا ذاتی طور پر علم اس لئے ہے کہ مجھے ایبٹ آباد میں ڈپٹی کمشنر بنا کر بھیجا گیا۔ میں نے ۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو چارج لیا

۲۲ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو یہ قصہ شروع ہوا۔ یہ سب کچھ میرے سامنے ہوا۔

جناب والا۔ جو کردار ریاست سوات نے ادا کیا اس کا بھی مجھے علم ہے۔ ریاست سوات کے ایک ہزار نوجوان تھے۔ ان کا اپنا کمانڈر تھا۔ ٹرانسپورٹ خوراک اور اسلحہ سب کچھ ان کا اپنا تھا۔ یہ لوگ شروع سے لیکر آخیر تک لڑتے رہے (خوب۔ خوب) ان کے کئی لوگ مارے گئے۔ انہوں نے ایک کوڑی بھی پاکستان کی حکومت سے نہیں لی۔ اور میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ یہ لوگ خود ہی گئے تھے۔ میں نے اس روز بھی عرض کیا تھا اور آج پھر اس کا اعادہ کرتا ہوں کہ ہزاروں کی تعداد میں قبائلی خود گئے تھے اور آپ نے یہ بھی سنا ہو گا انہوں نے تلواریں اور بندوقیں ہاتھ میں لے کر ان کی توپوں پر حملے کئے تھے جس کی وجہ سے وہ مکھیوں کی طرح ہزاروں کی تعداد میں مارے گئے۔ اب اگر حمزہ صاحب ان باتوں کو تسلیم نہیں کرتے تو یہ ان کی مرضی ہے۔ اسی طرح سے ہر علاقے سے وہاں پر لوگ گئے ہیں اور ہر علاقے کے لوگ وہاں پر مرے ہیں اور پھر وہ اپنی ہی بندوقیں لے کر گئے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ ایک روز خواجہ صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ حکومت کو چاہئے کہ وہ ہر پاکستانی کو سپاہی بنائے اور ہر پاکستانی کو اسلحہ فراہم کرے تاکہ وہ تیار سپاہی ہوں اور بوقت ضرورت کام آئیں۔ تو میں آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ لوگ تو پہلے سے ہی آپ کے

سپاہی ہیں جو کہ میرے خیال میں حمزہ صاحب کو پسند نہ ہو گا ۔ میں آج یہاں پر حمزہ صاحب کی اور ان کی لیت کی پر زور مخالفت کرتا ہوں ۔ میں کہتا ہوں کہ وہ طلباء کا مسئلہ بار بار چھیڑ کر ان میں انتشار پھیلانا چاہتے ہیں اور میرے پاس اس بات کا ثبوت موجود ہے اور بار بار قبائلی علاقوں کی باتیں کرکے وہ وہاں پر بھی انتشار پھیلانا چاہتے ہیں وہ جو جی میں آئے زبانی باتیں کرتے رہیں اور بظاہر اگر وہ یہ کہیں کہ وہ پاکستان کے غم میں گھلے جا رہے ہیں تو حقیقت یہ نہیں ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ میں اپنی حدود سے تجاوز کر رہا ہوں جس کے لئے میں معافی کا خواستگار ہوں لیکن چونکہ یہ مضمون ہی کچھ ایسا ہے کہ میں یہ سب کچھ عرض کرنے پر مجبور ہوں کیونکہ حمزہ صاحب بار بار اس بات کو یہاں پر چھیڑتے ہیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس بات کو بار بار چھیڑنے کا اور کوئی جواز نہیں ہے سوائے اس کے کہ ان لوگوں کے دلوں میں بھی شکوک و شبہات پیدا کئے جائیں اور ان کے درمیان بھی انتشار پھیلایا جائے ۔ ورنہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو پاکستانی ہیں ۔ جنہوں نے آپ کی خاطر اپنا خون بہایا ہے جنہوں نے آپ کی خاطر ہر وہ کام کر دکھایا ہے جس کی کہ پاکستان کو ضرورت تھی ۔

جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے پھر بنوں کا قصہ چھیڑا ہے ۔ حالانکہ میں نے اس روز بھی عرض کیا تھا کہ اب ان لوگوں کی وہ حالت نہیں ہے جو کہ پاکستان کے قیام سے پیشتر تھی ۔ یہ لوگ آپ کے سامنے اس

معزز ایوان میں بیٹھے ہوئے ہیں ۔ آپ ان کو دیکھ رہے ہیں آپ ان سے باتیں کر لیجئے آپ کو ہر گز بھی یہ احساس نہ ہو گا کہ وہ کسی لحاظ سے بھی آپ سے کم مہذب ہیں ۔ آپ نے سنا ہوگا کہ کسی زمانے میں انگریزوں نے ان علاقہ جات پر قابو پانے کی غرض سے کئی ایک پالیسیاں مرتب کی تھیں اور آپ نے اس سلسلے میں فارورڈ پالیسی اور کاوز بارڈر پالیسی کے نام بھی سنے ہوں گے ۔ اس طرح آپ نے اور پالیسیوں کے نام بھی سنے ہوں گے ۔ لیکن انگریز ان علاقوں میں اپنی ہر قسم کی پالیسی چلا کر بھی ناکام ہی رہا اور وہ وہاں پر کچھ بھی نہ کر سکے اور نہ ہی اپنی مرضی کے مطابق وہاں پر اپنا اثر و نفوذ قائم کر سکے ۔ موجودہ حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ ان علاقہ جات کو ترقی دیکر ہی اپنے ساتھ ملایا جائے تاکہ ان کا معیار زندگی بھی اس قدر بلند ہو جائے کہ جس کی بناء پر وہ آپ کے ساتھ مل بیٹھ کر کام کر سکیں ۔ لیکن شاید حمزہ صاحب نہیں چاہتے ہیں بلکہ وہ الٹی سیدھی باتیں کرکے ان کے دلوں میں شکوک و شبہات پیدا کرنا چاہتے ہیں اور ان کے درمیان انتشار پھیلانا چاہتے ہیں تاکہ حکومت اور ان کے مابین شکوک و شبہات کو جگہ دی جا سکے اور حکومت کے لئے ان کے دل میں شکوک جاگزین کئے جائیں ۔ میرے خیال میں اس کے سوا ہر گز کوئی دوسرا مقصد نہیں ہو سکتا ۔ جناب والا ۔ تو حکومت کی یہ پالیسی ہے اور آپ دیکھ رہے ہیں کہ جو جرائم ان علاقوں میں ہوا کرتے تھے اور جس کے سلسلے میں میں نے آپ کو اس روز ایک واقعہ بھی سنایا تھا جس کا حوالہ آج

انہوں نے پھر دیا ہے ۔ آج پھر انہوں نے اسی واقعہ کو دھرایا ہے ۔ اور یہ میرے سامنے کی بات ہے کہ آدھ گھنٹے کے اندر اندر بیس آدمی مارے گئے تھے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ بنوں کے حق میں دلیل دی جا رہی ہے ۔

وزیر مال ۔ یہ پرانی بات ہے ۔ اور یہ اس بات کے ثبوت میں عرض کر رہا ہوں کہ جب ہزاروں آدمی بیٹھے ہوں اور کوئی جا کر اس طرح سے لوگوں کو بند کرکے ختم کرتے ہوں تو کیا یہ حکومت کا کارنامہ نہیں ہے کہ اب وہاں پر ایسا نہیں ہوتا ۔ اگر حمزہ صاحب کو یہ کارنامہ نظر نہیں آتا تو نہ سہی ۔ میں نے تو عرض کیا ہے کہ حمزہ صاحب کو پسینہ خون نظر آتا ہے اور ان کو سفید پسینے کا رنگ بھی کالا ہی نظر آتا ہے ۔ اب اس کا کیا علاج کیا جائے کہ جب آنکھوں کے سامنے اس قدر اندھیرا چھایا ہو کہ کسی کو روشنی بھی نظر نہ آئے تو اس میں کسی کا کیا قصور ہے ۔ تو میں نے یہ عرض کیا ہے کہ ہماری حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ ان لوگوں کو ترقی دیں اور ان کا معیار زندگی بلند کریں اور اسی لئے ان لوگوں کو آپ کے صوبے میں اراضی دی گئی ہے کہ ہمارا اس سے محض یہی مقصد ہے کہ یہ لوگ یہاں کی فضاء اور یہاں کے ماحول سے مانوس ہوں اور یہاں پر رہ کر آپ کا رنگ اور آپ کا اثر ان پر پڑے تاکہ ان کے ذہنوں پر پہاڑوں اور جنگلوں کے جو خیالات چھائے ہوئے ہیں ان کے اثرات زائل ہوں ۔ حکومت کی یہی منشاء ہے اور اسی غرض سے حکومت نے ان کو

آپ کے دوش بہ دوش اس معزز ایوان میں بھی لا بٹھایا ہے تاکہ آپ کا رنگ ان پر آہستہ آہستہ چڑھے اور جس ماحول اور جس فضا میں وہ رہ رہے ہیں اس کا اثر زائل ہو سکے ۔

مسٹر حمزہ ۔ ہم پر تو کسی کا رنگ نہیں چڑھا ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ وہ اس قدر سیاہ واقع ہوئے ہیں کہ ان پر کسی کا رنگ چڑھ ہی نہیں سکتا ۔ وہ بالکل jet black میں اس لئے ان کے رنگ پر کوئی اور رنگ چڑھ ہی نہیں سکتا ۔ لیکن ان لوگوں پر آپ لوگوں کا رنگ ضرور چڑھ گیا ہے جس کی میں نے مثالیں بھی عرض کر دی ہیں اور اگر حکومت کی یہی پالیسی رہی جو کہ اس وقت ہے تو یہ رنگ مزید چڑھتا رہے گا اور حمزہ صاحب کی انتشار پھیلانے کی جو کوشش ہے وہ انشاءاللہ اس میں ناکام رہیں گے ۔

Mr. Hamza : Question !

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ میں اپنی تقریر شروع کرنے سے پیشتر حکومت کی نظم و نسق کی پالیسی کے متعلق چند گذارشات اس ایوان کے سامنے کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک اخباری اطلاع کے مطابق تھل ضلع جیکب آباد میں ایک باپ کی آنکھوں کے سامنے اس کے فرزند کو کلہاڑیوں سے ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا لیکن باپ پدری محبت سے تڑپتا رہا اور اپنے بچے کو قتل ہوتے دیکھتا رہا اور وہ لوگ کلہاڑیوں سے اس کے بچے پر وار پر وار کرکے اس کو قتل کر گئے ۔ یکم

مئی کو یہ واقعہ تھل شہر میں پیش آیا ۔ مقتول کا نام امیر بخش تھا اور وہ ایک قومی رضا کار تھا ۔ وہ اپنے باپ کے ساتھ راستے پر سے گذر رہا تھا کہ اچانک اس پر کلہاڑیوں کی لگاتار ضربات سے اسے قتل کیا گیا اور قاتل فرار ہو گئے۔ میں نے اس سلسلے میں ایک تحریک التواء بھی پیش کی تھی لیکن وزیر داخلہ نے اس بات کو چھپانے کی غرض سے محض اس کا جواب دیکر ہی اسے ٹالنے پر اکتفاء کیا ۔ دوسری گذارش یہ ہے کہ تھلے شہر کے قریب الہٰی بخش نامی ایک شخص کو دن دھاڑے قتل کیا گیا ۔ وہ ایک چرواہا تھا اور اپنے مال مویشی کو چراگاہ میں چرا رہا تھا کہ اچانک اس پر حملہ کیا گیا ۔ تیسری گذارش یہ ہے کہ تھانہ شادی پلی میں یہ رپورٹ درج کرائی گئی کہ وہاں پر ایک شخص کو اغواء کرکے اس کو قتل کیا گیا ہے ۔ اور یہ قتل بھی دن دھاڑے بر سر عام ہوا ۔

جناب والا ۔ ایک سو سولہ ڈاکو بندوقوں سے مسلح ہو کر اڑتیس بیل گاڑیوں کو جن میں کہ اناج بھرا ہوا تھانے کر چلتے بنے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر سید یوسف علی شاہ کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

یہ کہاں ہوا ہے ؟ جیکب آباد میں ۔ ہمارے محترم دوست حمزہ صاحب نے ہر چیز وضاحت سے بیان کی ہے اس لئے میں اس ہاؤس کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ۔ ورنہ اس ملک کے عوام کی تمام زندگی خطرے سے

بھری ہوئی ہے ۔ جناب والا ۔ میں اس سے پہلے گذارش کروں گا کہ یہ بھی میرے فرض منصبی میں ہے کیونکہ یہ جیکب آباد ہمارے ڈویژن خیرپور میں ہے ۔ تو اس قانون کی کمزوری کی وجہ سے ایسے حالات نمودار ہوتے ہیں ۔ ورنہ وہاں خیرپور ڈویژن کے D.I.G مسٹر عارف انیس رحمان ایک بڑے مخلص ، باہمت ، ایماندار اور ہر فرقہ پرستی سے پاک افسر وہاں ڈویژن کے انچارج ہیں ۔ وہ اس لئے بے بس ہو جاتے ہیں کہ قلات اور کوئٹہ میں گورنمنٹ کا کوئی انتظام نہیں ہے ۔ وہاں کے لوگ یہاں سے لوٹ مار کرکے لے جاتے ہیں ۔ اور وہاں ان کی داد رسی نہیں ہوتی ہے ۔ وہ وہاں جا نہیں سکتے ۔ میں سمجھتا ہوں اس افسر نے ایسے کارنامے دکھائے ہیں جن کو پوشیدہ رکھنا ناانصافی ہے جیسا کہ خرکاروں کو انہوں نے گرفت میں لیا ہے اور ان کو ۷۷ برس کی سزا ہوئی ہے ۔ تھانہ گوٹکی کے نزدیک ۱۸ لڑکوں کو خرکاروں کے ہاتھوں سے آزاد کروایا گیا اور ۹۵ خرکاروں کو اپنے ہاتھ میں لیا ۔ مسٹر خالق سلیمان سپرنٹنڈنٹ پولیس ہیں ۔ میں ان کی بھی تعریف کرتا ہوں اور حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ ایسے لوگوں کو منتخب کرتی ہے اب وہ انہیں کتنا وقت چلنے دیتے ہیں یہ تو حکومت کی مرضی پر ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ کم از کم ان کے آلہ کار نہیں بنیں گے اور ان کی مرضی کے مطابق لوگوں کو سیاسی گرفت میں لینے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے اس ہاؤس میں آئے ہوئے تین برس ہوئے ہیں اور

مجھے شرم آتی ہے کہ میں صرف اپنے حلقہ کے متعلق گذارشات کروں ۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے یہاں بھیجا ہے پورے ویسٹ پاکستان کی خدمت کرنے کے لئے ۔ اور ان کی ضروریات یہاں بیان کرلے کے لئے ۔ تعجب اور افسوس کا مقام یہ ہے کہ پاکستان کو بنے ہوئے ۲۱ برس ہو گئے ہیں اور جس کے لئے مسلمانوں نے قربانیاں دیں اور اس پاکستان کی دیوار کو کھڑا کیا ہے لیکن افسوس کہ وہ خیالات خواب کی طرح مٹ گئے ہیں جن کو عملی جامہ پہنانے کے لئے یہ ملک بنایا تھا ۔ اس پاکستان کو صحیح پاکستان بنانے کے لئے ایک دفعہ پھر چیلنج کرنا پڑے گا تب کہیں جا کر یہ صحیح پاکستان بنے گا ۔ ورنہ میں اس کو پاگستان سمجھتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ پاکستان بنانے کا مقصد تو یہ تھا کہ یہاں قرآنی قانون نافذ ہو گا ۔ آئین خدا اور اس کے رسول کی سنت کے مطابق ہو گا خلفائے راشدین کے عمل پر یہ حکومت چلائی جائیگی مگر پاکستان بننے کے بعد انگریز تو چلے گئے ۔ لیکن افسوس کہ ہمارے مسلمان بھائی جو اس وقت سروس والے تھے پاکستان کو آزاد کرانے کے بعد بھی لوگوں کو زد و کوب کرتے تھے اور جیل میں ڈالتے تھے اور دوسرے ہمارے اوپر حکمران ہو گئے ہیں اور جن لوگوں نے قربانی دی ہے جیل میں پڑے اور بڑی مصیبتیں کاٹیں ان میں سے ایک بھی مجھے نظر نہیں آتا ہے سوائے اس حکمران طبقے کے جو اس حکومت میں تھا اور اب بھی حکومت چلا رہا

ہے گو تب وہ کسی اور طریقہ سے حاکم تھے کوئی ملٹری میں تھے کوئی سول سروس میں تھے کوئی پولیس میں تھے لیکن دوسری صورت میں وہ پھر ہمارے اوپر مسلط ہو گئے ہیں میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں جو انہوں نے وعدے کئے تھے کہ قرآن اور سنت کے خلاف کوئی قانون رائج نہیں کیا جائے گا تو اب تک انہوں نے قرآن اور سنت کے مطابق کون سا قانون رائج کیا ہے ؟ ابھی تک وہ انگریزوں کے قوانین چل رہے ہیں اور قران اور سنت کا نام لینے والے کو جیل کے اندر ٹھونس دیتے ہیں ان کے اوپر یہ الزام لگاتے ہیں کہ یہ سوشلسٹ ہیں کیمونسٹ ہیں ۔ میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ بتائیے کہ کیمونزم کس کو کہتے ہیں ؟ کیا یہ مسلمان کمیونسٹ ہیں ؟ کمیونزم کا نام غلط لینا میرے خیال میں ان لوگوں کو زیب نہیں دیتا اسلام اور چیز ہے میں نیچے والے اہل کاروں کو اس کا ذمہ دار نہیں بناتا میں برسر اقتدار جو ہیں ان کو ذمہ دار ٹھہراتا ہوں ۔ وہ مجھے اس کا جواب دیں یہ تمام رقوم جس کے اوپر آج ہم بحث کر رہے ہیں یہ بیت المال ہے اگر ہمارا حکومتی ٹولا اس کو بیت المال نہیں سمجھتا تو وہ خود اس کو سمجھنے کی کوشش کرے میں ان سے زیادہ گذارش نہیں کروں گا لیکن وہ کوشش کریں کہ اس کو یہ بیت المال سمجھیں ۔ نہ صرف یہ جو ہمارے حکمران ہیں وہ سمجھیں بلکہ ہم بھی اس کو بیت المال سمجھیں ہمیں خیال رکھنا چاہئے کہ ہم یہاں ان کی چوکیداری کرنے کے لئے آئے ہوئے ہیں اور ان کو ایک ایک کوڑی کی

جواب دھی کرنی پڑے گی اگر ایسی بات نہیں ہے تو ہمارے لئے قیامت کے دن بھی وہاں جواب دھی کرنی ہو گی ۔

جناب والا ۔ میں خلفائے راشدین کے فرمودات کے چند اقتباسات پیش کرتا ہوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی تقریر میں بیان کرتے ہیں کہ بیت المال میں خلیفہ کا کیا حق ہے ۔ "میرے لئے اللہ کے مال میں سے اس کے سوا کچھ حلال نہیں ہے کہ ایک جوڑا کپڑے کا گرمی کے لئے اور ایک جوڑا سردی کے لئے اور قریش کے ایک اوسط آدمی کے برابر محض اپنے گھر والوں کے لئے لے لوں پھر میں بس مسلمانوں میں سے ایک آدمی ہوں " آپ اندازہ لگائیے ۔ ایک جوڑا کپڑے گرمی کے لئے اور ایک جوڑا سردی کے لئے ۔ اور پھر ہماری رہائش کو دیکھئے ۔ ہمارا لباس دیکھئے ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک اور تقریر میں فرماتے ہیں ۔

"میں اس مال کے معاملہ میں تین باتوں کے سوا کسی چیز کو صحیح نہیں سمجھتا ۔ حق کے ساتھ لیا جائے ۔ حق کے ساتھ دیا جائے ۔ اور باطل سے اس کو روکا جائے ۔ میرا تعلق تمہارے اس مال کے ساتھ وہی ہے ۔ جو یتیم کے ولی کا تعلق یتیم کے مال کے ساتھ ہوتا ہے ۔ اگر میں محتاج نہ ہوں تو اس میں سے کچھ نہ لوں گا ۔ اگر محتاج ہوں۔ تو معروف طریقہ پر کھاؤں گا ۔"

اب آپ دیکھیں ۔ کہ آیا آپ نے جو روپیہ جمع کیا ہے ۔ حق کے ساتھ خرچ کرتے ہیں ۔ اور کیا حق کے ساتھ یہ آمدنی حاصل کی ہے اس میں شراب اور جواء بھی آ جاتا ہے ۔ یہ غلط ٹیکس لگاتے ہیں ۔ اس کے بعد عرض کروں گا ۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنی تنخواہ کا معیار وہی رکھا ۔ جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تنخواہوں کا تھا ۔ آدھی آدھی پنڈلیوں تک اونچا تہمد پہنے رہتے تھے اور وہ بھی اکثر پیوند لگا ہوا ہوتا عمر بھر کبھی اینٹ پر اینٹ رکھنے کی نوبت نہ آئی ایک مرتبہ ایک صاحب ان سے ملنے گئے تو دیکھا کہ ایک بوسیدہ چادر پہنے بیٹھے ہیں اور سردی سے کانپ رہے ہیں شہادت کے بعد آپ کے ترکہ کا جائزہ لیا گیا تو صرف سات سو درھم نکلے جو آپ نے ایک غلام خریدنے کے لئے پیسہ پیسہ جوڑ کر جمع کئے تھے ۔

اب دیکھئے خلفائے راشدین کا انصاف کیا تھا ۔ جب وہ گورنر بنا کر بھیجتے تھے تو ان کو کیا تبلیغ کرتے تھے ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جن لوگوں کو عامل بنا کر کہیں بھیجتے تھے ۔ تو ان کو خطاب کرکے کہتے تھے ۔

میں تم لوگوں کو امت محمد رسول صلی اللہ

علیہ وسلم پر اس لئے عامل مقرر نہیں کر رہا ہوں
کہ تم ان کے بالوں اور ان کی کھالوں کے مالک
بن جاؤ ۔ بلکہ میں اس لئے تمہیں مقرر کرتا ہوں
کہ تم نماز قائم کرو لوگوں کے درمیان حق کے
ساتھ فیصلے کرو اور عدل کے ساتھ ان کے حقوق
تقسیم کرو ۔

ایک گورنر کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے لکھا ۔

اپنے اور رعیت کے درمیان لمبے چوڑے پردے
حائل نہ کرو ۔ حکام کو رعیت سے پردہ کرنا
نظر کی تنگی اور علم کی کمی کا ایک شاخسانہ
ہے ۔ اس پردے کی وجہ سے ان کو صحیح
حالات معلوم نہیں ہوتے ۔ چھوٹی چھوٹی باتیں
ان کے لئے بڑی بن جاتی ہیں ۔ اور بڑی باتیں
چھوٹی ہو جاتی ہیں اچھائی ان کے سامنے
برائی بن کر آتی ہے ۔ اور برائی اچھائی
کی شکل اختیار کر لیتی ہے ۔ اور حق باطل کے
ساتھ خلط ملط ہو جاتا ہے ۔

اب آپ اندازہ لگائیں ۔ کہ ہم کس ملک کے نمائندے ہیں ۔ ایک موقع پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے تمام گورنروں کو حج میں طلب کیا اور مجمع عام میں کھڑے ہو کر کہا ۔ کہ "ان لوگوں کے خلاف جس شخص کو

کسی ظلم کی شکایت ہو وہ پیش کرے ۔ پورے مجمع میں سے صرف ایک شخص اٹھا اور اس نے حضرت عمروبن العاص کی شکایت کی کہ انہوں نے ناروا طور پر مجھے سو کوڑے لگوائے تھے ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اٹھو اور اس سے اپنا بدلہ لو ۔ عمروبن العاص نے احتجاج کیا کہ آپ گورنروں پر یہ دروازہ نہ کھولیں مگر انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خود اپنے آپ سے بدلہ دیتے ہوئے دیکھا ہے ۔ اے شخص اٹھ اور بدلہ لے ۔ آخرکار عمروبن العاص کو ہر کوڑے کے بدلے میں دو اشرفیاں دے کر اپنی پیٹھ بچانی پڑی ۔"

اب آپ اس سے اندازہ لگائیں کہ کیا آپ کسی تھانیدار کو کسی عام آدمی کے سامنے طعنے دے سکتے ہیں ۔ آپ کہتے ہیں اس نے وردی پہنی ہوئی ہے اور اس کو طعنے دینے سے انتظام خراب ہو جائے گا دوسری طرف ان لوگوں کا انصاف دیکھیں جن کا ڈنکا مشرق سے مغرب تک بجتا تھا وہ خدا سے ڈرتے تھے کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ وہ خدا کے سامنے جواب دہ ہیں بتائیے کیا آپ بھی ان کی طرح تنخواہیں لیتے ہیں وہ تو ایک جوڑا گرمی کیلئے ایک جوڑا سردی کے لئے اور اوسط درجہ آدمی کے برابر معاش حاصل کرتے تھے سارے وقت کا کھانا بھی نہیں ملتا تھا اب یہاں اپنے غریب ملازمین کو دیکھیں ان کا مشکل سے گذارہ ہوتا ہے اور آپ عیش کی زندگی بسر کرتے ہیں بڑی بڑی دعوتوں میں شامل ہوتے ہیں وہ پیسہ کہاں سے آتا ہے ان غریب لوگوں کے خون اور پسینہ سے کمائی

ہوئی آمدنی سے آتا ہے اب آپ کو اس ملک یا قوم سے کیا محبت ہو گی آپ کو کیا الجھن ہو گی اس کا اندازہ خود لگائیں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو بھی اور آپ کی وساطت سے اس ہاؤس کو اور تمام حکمرانوں کو گذارش کرتا ہوں کہ یہ دنیا عارضی ہے اس لئے ہر آدمی کو اچھا نمونہ پیش کرنا چاہئے آپ نے اپنا نمونہ پیش کرکے چلے جانا ہے خدارا اپنے اوپر رحم کھائیں اپنی اولاد پر رحم کھائیں اور اولاد کو اس بات پر آمادہ نہ کریں کہ وہ روٹ پرمٹوں کے پیچھے بھاگتے پھریں جو لوگ ان کی سرپرستی کرتے ہیں مجھے حق ہے کہ میں ان کا نام لوں لیکن اس وقت اخلاق اجازت نہیں دیتا کہ میں نام لوں مجھے کسی کا ڈر نہیں ڈر صرف خدا کا ہے میں یہ چاہتا ہوں کہ اخلاق سے باہر نہ جاؤں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کہاں شکار کھیلتے تھے لیکن ہمارے یہاں وزیر صاحبان جب شکار کھیلنے کے لئے جاتے ہیں تو تین چار آدمی مارے جاتے ہیں ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں پھر بھی آپ کہتے ہیں کہ ہم عوامی نمائندے ہیں اور عوام سے محبت ہے مجھے اس کا جواب دیں نارا تعلقہ تھرپارکر میں تین آدمی زخمی ہوئے کسی نے نہیں پوچھا کہ کیا ہوا ۔ کسی کو کوئی عوضانہ نہیں دیا گیا قیامت کے دن آپ کے پاس اس کا کیا جواب ہے یا اس غریب قوم کے لئے آپ کے پاس کیا جواب ہے شکار کھیلنے کے لئے کئی زمینداروں کو ۲۰ ہزار ایکڑ زمین دی ہے جہاں

وہ جا کر عیاشی کرتے ہیں اپنی انکم بڑھاتے ہیں ۔ شکار کھیلتے ہیں کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہاں کوئی شخص ایک انچ زمین کا مالک نہیں قوم مالک ہے میں یہ بات کہہ کر اپنا فرض اتارتا ہوں اور آپ کے کندھوں پر ڈال دیتا ہوں ۔ خدا آپ سے ایک ایک انچ کا حساب لے گا کسی کو ۲۰ ہزار ایکڑ زمین دیتے ہیں کسی Highness کو دس یا پندرہ لاکھ روپیہ سالانہ وظیفہ دیتے ہیں ۔ لیکن لوگوں کے پاس ایک دن کا کھانا نہیں ان لوگوں نے پاکستان بنایا تھا ۔ یہ ملک ان غریبوں نے بنایا تھا ۔ ہم نے نہیں بنایا تھا ۔

ایک ممبر ۔ آپ بھی تو لاکھ سوا لاکھ روپیہ لے کر چلے جائیں گے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ آپ اپنی buildings دیکھئے ۔ اپنے محلات دیکھئے ۔ ایئر کنڈیشنگ دیکھئے ۔ فرنیچر اور آسائش و آرائش کا سامان دیکھئے ان غریبوں کے پاس کیا ہے ۔ چھوٹی چھوٹی کوٹھریاں ہیں ۔ وہاں نہ پانی ہے ۔ نہ روشنی ہے ۔ نہ ہوا ہے ۔ وہ انتہائی مشکلات میں ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میرے پاس کتنے خطوط آتے ہیں ۔ ہر روز کتنے لوگ آتے ہیں ۔ کوئی قرآن اٹھا کر کہتا ہے ۔ میرا بیل چوری ہو گیا ہے ۔ کسی کو تھانیدار نے لوٹ لیا ہے ۔ میں ان سے کہتا ہوں ۔ اس حکومت کو چھوڑو ۔ خدا سے مانگو ۔ اور دعا کرو ۔ خدا صدر صاحب کے دل میں رحم ڈالے گورنر صاحب کے دل میں رحم ڈالے ۔ اور

اللہ تبارک و تعالیٰ اپنی حکومت قائم کرے ۔ میری خود داری مجھ کو اجازت نہیں دیتی کہ میں کسی کے لئے آپ سے مانگوں آپ کو خود اس طرف آنا چاہئے ۔ آپ نے خود وعدہ کیا تھا آپ نے اس قوم سے وعدہ کرکے اس قوم کو یونٹ بنانے کیلئے اکٹھا کیا تھا آپ اس قوم کو دکھ نہ دیجئے ۔ ہمارے مہاجر آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں لیکن آپ عیاشی میں پڑے ہوئے ہیں آپ ان کو بھول گئے ہیں ۔ ایسے حالات میں آپ کو کیا حق پہنچتا ہے کہ آپ دس سالہ جشن منائیں اور اب آخر میں اللہ تعالیٰ کا آپ کو حکم سناتا ہوں :

وما اتکم الرسول فخذوہ وما نھکم عنہ
فانتھو واتقو اللہ ان اللہ شدید العقاب

جو کچھ رسول تمہیں دے اسے لے لو اور جس
چیز سے روک دے اس سے باز رہو اور اللہ سے ڈرو
اللہ سخت سزا دینے والا ہے ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب اب آپ تقریر ختم کیجئے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ آپ مساوات کی باتیں کرتے ہیں لیکن میں آپکو اللہ کے کلام سے سناتا ہوں ۔ اور تین آیات پڑھوں گا ۔

و من لم یحکم بما انزل اللہ فا و لئک ھم
الکافرون

جو اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ نہ کریں وہ کافر ہیں۔

و من لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الظالمون

اور جو اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ نہ کریں وہ ظالم ہیں۔

و من لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الفاسقون

اور جو اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ نہ کریں وہ فاسق ہیں۔

اس سے زیادہ میں آپ سے کچھ نہیں کہنا چاہتا مجھے شرم آتی ہے کہ میں آپ سے اس کے بعد کچھ کہوں اور اپنے مطالبات پیش کروں۔ آپ اس لائق ہی نہیں ہیں کہ آپ سے مطالبات کئے جائیں۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

Dr. Mrs Ashraf Abbasi (P. W. 152 - Zone - II) : Mr. Speaker, thank you very much for giving me some time to make my humble submission. Sir, when the discussion on the Finance Bill started I had no intention of taking part in it because I believe speech is silver but silence is gold. It is no use uttering words which neither carry sense nor weight. While sitting over here, I was listening to the speech of one of the Members on the other side and I thought it will be ignorance on my part if I did not say a few words as to what I feel about it. You

know it very well, Sir, that recently things have taken a turn when, under the inspiring leadership of Field Marshal Muhammad Ayub Khan and the untiring efforts of General Muhammad Musa, the differences which were in the minds of the people of different integrating units have been narrowed. So, I can't understand what intentions the Member, who I know is in favour of One Unit, had behind his mind to express those facts and figures which carry no meaning. He gave facts and figures about certain units only. What I feel is that when he was just mentioning the expenditure of two hundred crores of rupees why did'nt he give the account of hundreds and hundreds or crores of rupees that are being spent on development. I am afraid the intentions of the Members were very mischevious because I know the wrong impression that would be created by those facts and figures, which the Member on the other side has given, in the mind of the common man of the Central Region; that is, that the representatives of the Central Region on this side are not taking steps to safe-guard their interests. Sir, as you know it very well, elections are very near and, I think, there is no other intention except that the people of Central Region, I mean the common man, should go against the representatives of this side. Therefore, with your permission, I want to make one or two submissions.

Sir, it would have been very well appreciated if the Member would have made reference to all those facts, if he is in favour of One Unit, which would have helped in narrowing the minor differences which occur at this stage. I know that all the intelligent people and all the people at the higher level know it very well that due share is being given to all Regions. Recently when people have started thinking that this is the time that every one in the integrating units should know what is what and what are the rights of every person, of course I appreciate that steps are being taken to bring all the integrating units at par, at this time he should have given a statement which would have been useful in this direction so that this wrong impression should not be carried in the mind of the common man. With your permission I just want to ask one question from the Member on that side. When the capital of the Province is in Lahore doesn't he know that the economic situation of the people living

in Lahore will be improved ? Doesn't he know that class III officials, clerks and stenotypists won't come from the integratiug units and serve over here ? When we are building so many buildings of WAPDA, which are provincial schemes. doesn't he know that the 'mazdoors' will be coming from this region ? By making these submissions I wanted to make it clear that there should be no wrong impression left in the mind of common man of the Central Region. I will now take my seat with these words--

عاقلاں را اشارہ کافی است

ورنہ ہم بھی منہہ میں زبان رکھتے ہیں ۔

خان ملنگ خان (ہزارہ ۔ ۵) ۔ جناب سپیکر ۔ ایک دو روز میں بجٹ کو آخری منظوری دے دی جائے گی اور گورنر صاحب اس پر دستخط کر دیں گے اگرچہ ہمارے علاقوں کے لئے کوئی خاص رقومات نہیں رکھی گئیں اور ان پسماندہ علاقوں کی طرف کچھ زیادہ توجہ نہیں دی گئی ۔ وقت گذر گیا ہے لیکن مجھے ایک گذارش جناب فائننس منسٹر کی خدمت میں کرنی ہے وہ یہ کہ جو تھوڑی بہت رقومات ان علاقہ جات کے لئے اس بجٹ میں رکھی گئی ہیں خدارا ان کی ریلیز کے متعلق جلد احکامات صادر فرمائیں تاکہ وہ خرچ ہو جائیں اور وہ اگلے سال کے لئے surrender نہ ہوں ۔ ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ سکیم بجٹ میں شامل کر دیجاتی ہے لیکن اس کو یعنی اس رقم کو جو سکیم کے لئے ہوتی ہے خرچ نہیں کیا جاتا اور رقومات دیر سے دی جاتی ہیں کیوں کہ وہ ریلیز وقت پر نہیں ہوتیں ۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ رقم خرچ نہیں ہوتی اور پھر اگلے سال کے لئے دوسری سکیم کے ساتھ شامل کر دی

جاتی ہے - تو اس پیر پھیر سے ہمیں بچائیں اور رقومات کی ریلیز کے لئے جلد از جلد احکامات صادر فرمائیں۔ جناب والا۔ کم از کم چھ ماہ کے لئے تو ان علاقوں میں کام بھی نہیں ہو سکتا کیوں کہ وہاں برفباری اور برسات کیوجہ سے کام نہیں ہوتا تو انہی چار پانچ مہینوں میں وہاں کام ہوتا ہے یعنی اکتوبر تک ۔ اگر اس بجٹ کے پاس ہونے کے بعد اور اس پر گورنر صاحب کے دستخط ہونے کے بعد رقومات ریلیز نہ کی گئیں تو پھر یہ رقومات اپنے ٹائم پر خرچ نہیں ہوں گی ۔ دوسری عرض یہ کروں گا کہ ٹرائیبل ایریاز کے ممبران پر حمزہ صاحب نے چند ایک اعتراضات کئے ان کی نوعیت تو اپنی جگہ ہے اصل پوزیشن جو ہے وہ یہ ہے کہ ان کے علم میں کئی باتیں نہیں ہیں ۔ انٹیگریشن کیوقت سے ٹرائیبل ایریاز کو نمائندگی دی گئی تھی اور وہاں کے لوگ اسمبلی میں آئے یعنی ۱۹۵۵ء کے بعد اور ۱۹۵۶ء کا آئین چودھری محمد علی صاحب کے عہد وزارت میں بنا اور ٹرائیبل ایریاز کی نمائندگی کے لئے یہ بات تھی کہ جو قانون اس ہاؤس میں بنائیں وہ ان علاقوں پر لاگو نہیں ہو گا ۔ آج چودھری محمد علی صاحب پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے ایک بہت بڑے کارکن ہیں اور جناب حمزہ صاحب بھی اس پی ۔ ڈی ۔ ایم کے کارکنوں میں سے ایک ہیں ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ ان کے علم میں یہ بات ہوتی کہ وہ چودھری محمد علی صاحب کے منہ پر کہتے کہ جس چیز کو یہ نا پسند کرتے ہیں جیسے کہ وہ کہتے ہیں کہ جس چیز کو وہ اپنے لئے پسند نہیں کرتے وہ دوسروں کے لئے بھی پسند

نہ کریں ۔ تو ان کا حق تھا کہ وہ چودھری محمد علی صاحب کو کہتے کہ ٹرائیبل ایریاز کو نمائندگی آپ نے کیوں دی اس لئے میں آپ کے ساتھ چلنا نہیں چاہتا ۔ یہ تو پہلی بات ہوئی دوسری بات یہ ہے کہ آج کل جمہوریت کا زمانہ ہے اور شعر بھی ہے کہ

سلطانئ جمہور کا آیا ہے زمانہ جو نقش کہن تم کو نظر آئے مٹا دو ۔

بات یہ نہیں ہے کہ میں ان کو کوستا ہوں ۔ میں آپ کے متعلق یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ کو ان کے ساتھ نہیں چلنا چاہئے اور نہ جانا چاہئے ۔

باقی رقبے کے لحاظ سے میری کنسٹی ٹیونسی سے سوات تھوڑا سا بڑا ہے اور آبادی کے لحاظ سے معمولی ہے لیکن میری کنسٹی ٹیونسی ہزارہ میں میں سمجھتا ہوں کہ ایک یا دو ہائی سکولوں کے سوا کچھ نہیں ہے اور چھوٹی سی ۲۵ میل کی جیپ چلانے کی روڈ ہے ۔ بارش میں اگر جیپ پر کوئی وہاں چلا جائے اور صحیح سلامت پہنچ جائے تو میں ایک ہزار روپیہ جرمانہ دینے کے لئے تیار ہوں ۔ تو مجھے ریاست سوات اور ہزارہ کے متعلق اچھی معلومات ہیں لیکن اپنے حلقہ نیابت کے مقابلہ میں جب میں سوات کو دیکھتا ہوں تو کافی فرق پاتا ہوں ۔ خدا کی قسم ۱۹۵۲ء میں جب ہم الحاق کر رہے تھے تو میں نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ ہمیں ہزارہ کی بجائے سوات میں شامل کر دیا جائے اس لئے کہ وہ سٹیٹ ترقی یافتہ ہے ۔ وہاں کی انڈسٹریشن کی میں ایک مثال دیتا ہوں ۔ منگورا ایک گاؤں ہے جو کہ سوات سے یعنی سیدو شریف سے پانچ چھ میل کے فاصلہ پر واقع ہے وہاں دو بڑے بڑے

خوانین کا آپس میں جھگڑا ہو گیا ۔ ایک کا لڑکا جو ہے وہ والئے سوات کے باڈی گارڈ میں کیپٹن ہے اور دوسرا جو ہے وہ کسی کالج کا لیکچرار ہے ۔ تو دونوں کا آپس میں ٹکراؤ ہو گیا ۔ سینکڑوں ہزاروں لوگ رائفلیں لے کر باہر کھڑے ہو گئے ۔ فائرنگ شروع ہوگئی اور ایک خان قتل ہو گیا ۔ اب اگر ہمارے علاقے کی طرح ہوتا کہ خان قتل ہوگیا اور خان کو پھانسی ہونی ہے تو پھر خان چھوٹ جاتا لیکن ہوا یہ ہے کہ وہاں خان کو قصاص کے طور پر کھڑا کر دیا گیا اور اس کے بیٹے کو رائفل دے دی گئی کہ تم اپنے باپ کا بدلہ لے لو ۔ تو وہاں کے ایڈمنسٹریشن کی یہ حالت ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس چھوٹی سی ریاست کی کم از کم ہمارے علاقے کی ایڈمنسٹریشن کے مقابلہ میں حالت بدرجہا بہتر ہے ۔ یہ کہنا کہ اس ریاست میں یہ ہے وہ ہے یہ غلط ہے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ترقی کے لحاظ سے ڈیویلپمنٹ کے لحاظ سے بھی ہمارے علاقے سے سوات زیادہ ترقی یافتہ ہے ۔ وہاں اچھی قسم کی تعمیرات ہیں ۔ اچھی سڑکیں ہیں ۔ تعلیمی لحاظ سے بھی وہ ہم سے بدرجہا اچھا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب صدر ایوب کا ضلع ہزارہ ہے اور دوسری جگہہ ریاست سوات ہے یعنی صدر صاحب کے مقابلہ میں سوات کے جو بادشاہ ہیں وہ زیادہ اچھے منتظم ہیں ۔ کیا اس کا یہ مطلب ہے ؟

خان ملنگ خان ۔ میں تو خود کہتا ہوں کہ ہماری ایڈمنسٹریشن سے ان کی انتظامیہ مشینری بدرجہا بہتر ہے ۔ میں سچ بات کہتا ہوں میں کوئی

غلط بات نہیں کہتا کہ آپ سمجھیں میں کسی کو کوستا ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ سوات کا ایڈمنسٹریشن ہمارے علاقے سے بہتر ہے۔ یہ میری رائے ہے ۔ میں اپنے علاقے کی بات کرتا ہوں بہ نسبت ہمارے علاقے کے ان کے علاقے کی انتظامیہ مشینری بہتر ہے اور ہمارے علاقے میں یہ انتظامیہ مشینری اچھا کام نہیں کر رہی ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا وہ بہتر منتظم ہیں ؟

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ کیا آپ اپنی تقریر ختم کر چکے ہیں ۔

خان ملنگ خان ۔ ایک دو منٹ اور دے دیجئے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ وقت کم ہے بہتر ہو گا اب اگر لاسی صاحب تقریر فرمائیں ۔

مسٹر محمد هاشم لاسی (لس بیلہ قلات) ۔ جناب والا ۔ ہمارے محترم دوست حمزہ صاحب نے چند باتیں یہاں بیان کیں ۔ میں اپنے محترم دوست حمزہ صاحب کو ہمیشہ یہ گذارش کرتا رہتا ہوں کہ ہم آپ کی باتیں سنتے ہیں خدارا کبھی ہماری بھی باتیں سن لیا کرو ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم تو کبھی کبھی بولتے ہیں لیکن جب وہ بولتے ہیں تو وہ ہمیشہ جذبات میں بہہ جاتے ہیں ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ اپنی تقریر پانچ منٹ میں ختم کیجئے ۔

مسٹر محمد هاشم لاسی ۔ اس سے میرا مقصد پورا نہیں ہو گا ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ۔ نہیں ۵ منٹ میں ختم کیجئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ سارے میرے ممنون ہیں کہ انہیں کارگذاری ڈالنے کا موقع ملا ہے ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ میں آپ کا شکر گذار ہوں ۔ تو جناب والا ۔ میں گذارش کر رہا تھا کہ ہمارے ایک محترم دوست جو قبائلی علاقہ جات سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے اپنے کچھ حالات کے مطابق یہاں کچھ گذارشات پیش کیں جو حمزہ صاحب کو نہایت ہی ناخوش گوار معلوم ہوئیں اور انہوں نے مرغ بالی کے سلسلہ میں وہاں سے اپنی تقریر کا سلسلہ شروع کیا ۔ محترم حمزہ صاحب اس قدر جذبات میں آ گئے تھے کہ وہ کچھ نہیں سمجھ رہے تھے کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں ۔ اور جتنے سننے والے تھے انہوں نے بھی ان کی تقریر سے کوئی مطلب یا فائدہ حاصل نہ کیا ۔ ان کو معلوم نہ ہوا کہ وہ کیا کہنا چاہتے ہیں ۔ بہر حال انہوں نے ایک بات کہی کہ قبائلی علاقہ جات کے لئے اس ہاؤس میں جو قوانین نافذ کئے جاتے ہیں ان میں حمزہ صاحب بھی شامل ہوتے ہیں خواہ وہ مخالف ہوتے ہیں یا موافق ۔

Mr. Hamza : On a point of personal explanation.

Mr. Senior Deputy Speaker : No interruptions please.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ انہوں نے کہا ہے کہ وہ مجھے سمجھ ہی نہیں سکتے ۔ پھر میرے خلاف اعتراضات کیوں پیش کرتے ہیں ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ میں نے آپ کی باتیں نوٹ کی تھیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ مجھ سے مخاطب ہوں ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ قبائلی علاقہ کے رسم و رواج وہاں کا ماحول رہنے سہنے کا طریقہ اس میں بالکل فرق ہوتا ہے بہ نسبت بڑے شہروں کے ۔ اس حکومت نے اور اس حکومت کے نمائندوں نے اور اس ہاؤس کے ممبروں نے ان قبائلی علاقہ جات میں جو قوانین نافذ کئے ہیں وہ ان کے رسم و رواج اور ماحول کے مطابق ہیں ۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ جس وقت بھی قبائلی علاقہ جات کے متعلق قانون سازی ہوئی وہ ان کی مرضی اور خوشی کے مطابق ہوئی ۔ اور اس لئے کی گئی تاکہ انہیں زیادہ سے زیادہ اچھے طریقے سے قانون مہیا کیا جائے ۔ تاکہ انہیں زیادہ سے زیادہ انصاف مہیا کیا جائے ۔ ان کے حالات کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے یہ قانون سازی کی گئی ہے اور اس ہاؤس کے ممبران نے بڑے غور و خوض سے اس میں حصہ لیا ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میرا ارادہ اس بحث میں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ خواجہ صاحب نے بھی تقریر کرنی ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The Leader of the House now.

(At this stage the Leader of the House and Khan Ajoon Khan Jadoon both rose to speak.)

Minister for Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : Sir, this is the practice that the Leader of the House has always precedence over other Members. I can concede that if he has something novel to say he can avail the chance, if you allow him, after the Leader of the House has spoken.

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میرا اس بحث میں حصہ لینے کا کوئی ارادہ نہ تھا ۔ مگر حاجی صاحب کے ارشادات اور حمزہ صاحب کے ارشادات کے پیش نظر میرے لئے اور کوئی چارہ کار نہیں سوائے اس کے کہ میں آپ کی خدمت میں اور آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی خدمت میں چند گذارشات پیش کروں ۔ حاجی صاحب نے بڑے جوش و خروش سے اور بڑے جذبہ کے ساتھ یہ فرمایا ہے کہ ہم دس سالہ جشن منا رہے ہیں اور یہاں صورت حال اس طرح سے دگرگوں ہے ۔ حاجی صاحب اس ساری چیز کے متعلق سمجھ نہیں سکے ۔ ہم کوئی جشن نہیں منا رہے بلکہ جمہوریت کا یہ تقاضا ہے کہ حکومت اپنی کارگذاری عوام اور قوم کے سامنے پیش کرے تاکہ انہیں اس بات کا اندازہ ہو کہ کیا ہماری حکومت نے جو وعدے کئے تھے وہ پورے ہو رہے ہیں یا نہیں ۔ ہم تو اپنے محاسبے کے لئے اپنی کارگذاری کو قوم کے سامنے پیش کر رہے ہیں اور بعض اعداد و شمار اور چند ان امور کی طرف نشاندھی کر رہے ہیں جو موجودہ حکومت نے گذشتہ دس سال کے عرصہ میں سر انجام دیئے ۔

حاجی صاحب کو جشن کے لفظ سے خواہ مخواہ غلط فہمی ہو گئی ہے ۔ ہمارے جشن کا مقصد یہ نہیں ہے کہ ہم اپنی اس کارروائی سے مطمئن ہیں ہم تو اسے قوم کے سامنے پیش کرنے کا شرف حاصل کر رہے ہیں تاکہ قوم اسے دیکھنے کے بعد یہ اندازہ لگائے کہ جو ذمہ داری اور جو فرض قوم نے اس حکومت کے سپرد کئے تھے وہ ہم نے بطریق احسن سرانجام دیئے ہیں یا نہیں ۔

نمبر ۲ ۔ حاجی صاحب نے ارشاد فرمایا کہ ہم حکومت کرتے ہیں اور حکومت کے متعلق انہوں نے بہت سے ارشادات فرمائے ہیں ۔ جناب والا ۔ ہمارے قائد فیلڈ مارشل محمد ایوب خان اور جناب گورنر محمد موسیٰ صاحب اور وزراء کرام تمام لوگوں نے اس بات کا ذکر کیا ہے کہ ہم خدمت کے لئے حاضر ہیں ۔ ہم حکومت کی خاطر کام نہیں کر رہے ہم تو قوم کی خدمت کی خاطر اپنا فرض ادا کر رہے ہیں اور اس میں حکمرانی کا کوئی جذبہ کارفرما نہیں ۔ نہ انہیں اس کے متعلق شک ہونا چاہئیے ۔ اگر ہم حکمرانی کرتے تو ہمیں کیا ضرورت تھی کہ ہم عوام کے سامنے جواب دہ ہوتے ۔ اگر ہم میں بادشاہت یا حکمرانی کا جذبہ ہوتا تو ہمیں کیا ضرورت تھی کہ ہم اس ایوان کے روبرو اور قوم کے روبرو اپنے آپ کو محاسبہ کے لئے پیش کرتے ۔ (تالیاں) لہذا حاجی صاحب کو کچھ سمجھنے سمجھانے میں غلط فہمی ہوئی ۔ انہوں نے از راہ نوازش جو آیات کریمہ یہاں پڑھی ہیں ۔ ان کے متعلق یہ عرض ہے کہ ہماری حکومت ان پر عمل پیرا ہونے کے لئے ہو ممکن انسانی کوشش کر رہی

ہے اور اس سلسلہ میں ہم ان سے بھی تعاون کی تمنا رکھتے ہیں حاجی صاحب جس وقت لابی میں بیٹھے ہوتے ہیں یا باہر ملتے ہیں تو وہ ہموار اور متوازن طبیعت سے بات کر رہے ہوتے ہیں ۔ لیکن جس وقت وہ یہاں تقریر کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو ان پر جذبات اس طرح غالب آ جاتے ہیں کہ وہ حقائق اور اعداد و شمار سے بھی چشم پوشی کر جاتے ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ راز کی بات نہیں ۔ ابھی چند دن ہوئے انہوں نے فرمایا تھا کہ میں فلاں فلاں افسران اور فلاں فلاں حکام کے شعبوں کی تعریف کرنا چاہتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ انہوں نے کی ہے ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ اگر انہوں نے کی ہے تو قابل قدر کام کیا ہے ۔ اور اس لحاظ سے میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے متوان چیز تو رکھی ۔ مجھے امید ہے کہ خواجہ صاحب بھی ان کی تقلید فرمائیں گے ۔ حاجی صاحب نے جو ارشادات فرمائے ہیں میں ان کے متعلق یہ گذارشات پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ہم کوئی جشن نہیں منا رہے ۔ ہم تو اپنے آپ کو محاسبہ کے لئے پیش کر رہے ہیں ۔ ہم اپنی کارگذاری اور اعداد و شمار پیش کرتے ہیں تاکہ آپ ہماری خامیوں کی طرف اور ہماری فروگذاشتوں کی طرف توجہ دلائیں ۔ یہ ہونا بھی چاہئیے کیوں کہ یہ جمہوریت کا تقاضا ہے ۔

اب میں اپنے نہایت محترم دوست حمزہ صاحب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں وہ نہایت جذبہ سے تقریر فرما رہے تھے ۔ میں ایوان میں داخل ہوا اور ان کا

نشانہ بن گیا ۔ میں یہ عرض کر دوں کہ تمام بیراجوں پر پچاس فیصد سے زیادہ اراضیات چھوٹے کاشتکاروں کے لئے مختص کی جاتی ہیں وہ نیلام نہیں کی جاتیں ۔ انہیں غلط اطلاعات ملی ہیں ۔ دوسرے انہیں یہ خیال نہیں ہوا کہ اس سے پہلے کسی حکومت نے بھی پندرہ کروڑ روپے رورل ورکس پروگرام کے لئے نہیں رکھے تھے ۔ یہ رقم دیہی سہولتوں کو بہتر بنانے کے لئے یا وہاں پر جو لوگ مزدور رہتے ہیں ان کے لئے مزدوری کا بندوبست کرنے کے لئے ہے تاکہ پندرہ کروڑ کی اس رقم سے دیہات کے لوگوں کی اقتصادی حالت کو ۔ جو وہاں کا مزدور یا کاشتکار طبقہ ہے ، ان کی حالت کو بہتر بنانے کی کوشش کی جائے ۔ اس کے علاوہ ان کو معلوم ہے اور مجھے بھی معلوم ہے ۔ یہ جو سب سڈی کا طریق ہے اس کے تحت ہم فرٹیلائزرز اور جراثیم کش دوائیاں وغیرہ دیتے ہیں ۔ اس مد کے لئے بھی تقریباً ۱۳ کروڑ کی ایک رقم اور تین کروڑ روپے کی ایک رقم اور دو کروڑ روپے کی ایک رقم یعنی کل سولہ سترہ کروڑ روپے رکھا گیا ہے اور اس سے فائدہ اٹھانے والے لوگوں میں بھی زیادہ تعداد چھوٹے کاشتکاروں کی ہے ۔ انہی کو اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچتا ہے ۔ اس لئے ان کا یہ گلہ بالکل ناواجب ہے ۔

علاوہ ازیں انہوں نے خوراک کے متعلق فرمایا ہے ۔ میں نے کئی مرتبہ عرض کیا ہے کہ ہم نے اس کے لئے ہر ممکن کوشش کی ہے اور کر رہے ہیں اور کرتے رہیں گے ۔ گندم اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور کاشتکاروں کی جانفشاں کوششوں سے بہت پیدا ہوئی ہے مگر اب انہیں مناسب نرخوں کے لئے

مشکل پیش آ رہی ہے ۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ نرخ گرنے نہ پائیں ۔ میرے بھائی کا کہنا ہے کہ میں کاشتکاروں کے متعلق صرف زبان سے کہتا ہوں ۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ میں زبان سے نہیں ایمان سے کہتا ہوں ۔ (تالیاں) میری یہ خواہش ہے کہ میں ان کی خدمت کو اپنی عاقبت سنوارنے کا ذریعہ بناؤں میرا یہ نظریہ ہے کہ میں اسے ذریعہ نجات بناؤں ۔ ان کی معلومات بڑی وسیع ہیں وہ سب اونچی نیچی باتیں جانتے ہیں ان کے پاس سب طرف سے اطلاعات آتی ہیں شاید انہیں معلوم نہیں کہ میں خود ایک چھوٹا سا کاشتکار ہوں اور تھوڑی زمین رکھتا ہوں ۔ میں ایک متوسط نچلے درجہ کے گھرانے میں پیدا ہوا ہوں ۔ مجھے یہ شرف حاصل ہے کہ میں چھوٹے کاشتکاروں سے تعلق رکھتا ہوں ۔ مجھے اس بات کی خوشی ہوگی کہ میں ان کی خدمت کر سکوں ۔ میرے متعلق تو کہا بھی جاتا ہے کہ دین اس کا اسلام ہے ۔ زراعت اس کا مذہب ہے اس لحاظ سے جس شخص کے متعلق یہ کہا جائے (میں خود کہا کرتا ہوں) اس پر کسی طریقے سے الزام لگ سکتا ہے ۔ آپ نے فرمایا تھا اور میں اس الزام کی خدا کو حاضر ناظر جان کر پوری ذمہ داری کے ساتھ تردید کرتا ہوں ۔ (پیٹر ۔ پیٹر) حکومت یا حکومت کا کوئی فرد ایسی کوشش نہیں کرتا ہے کہ چھوٹے کاشتکاروں کے مفادات کو نظر انداز کیا جائے ۔ میں ساتھ ہی یہ بھی بتلا دوں کہ کوئی حکومت بھی اس ملک میں اس وقت تک نہیں پنپ سکتی جب تک وہ چھوٹے کاشتکاروں کے مفادات کو درخوراعتناء نہیں سمجھے گی ۔ کیونکہ وہ ہماری معیشت کی

اساس ہیں ۔ اصل میں حمزہ صاحب کچھ مفروضات بنا لیتے ہیں پھر ان مفروضات پر یہاں آ کر محلات تعمیر کر لیتے ہیں ۔ میں ان کے لئے بڑی دعا مانگتا رہتا ہوں کہ اے اللہ میرے دوست حمزہ صاحب کو اس مایوسی کے چکر سے نکال قوم میں اس وقت خود اعتمادی کا جذبہ ابھر رہا ہے تو اس میں اس کو حصہ دار بنا ۔ اس کارخانے میں اس کو حصہ دار بنا ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ کرمانی صاحب کو تو دعا لگ گئی ہے ۔ (قہقہہ)

وزیر زراعت و خوراک ۔ تاکہ یہ بھی قوم کے ساتھ جو اس وقت خود اعتمادی کا جذبہ ابھر رہا ہے اس میں شریک ہوں۔ میں ان کے لئے دعا ہی کر سکتا ہوں وہ تو اپنے خیالات بدلتے نہیں ہیں ۔ خبر نہیں وہ کیوں مایوس اور مضطرب رہتے ہیں ۔

جناب والا ۔ انہوں نے خوراک کے متعلق بھی کہا تھا کہ ان کے پاس کوئی انتظام نہیں ہے ۔ بلکہ انہوں نے صحیح فرمایا ہے ۔ ہمارے پاس چھ لاکھ ٹن گندم کو سٹور کرنے کی گنجائش ہے مگر ہم نے انتظام کیا ہے چاہے وہ انتظام اتنا تسلی بخش نہیں ہے جتنا کہ ہونا چاہئے ۔ اب ہم نے ۱۰ لاکھ ٹن کا انتظام کر دیا ہے ۔ بفضل تعالیٰ اس وقت تک ساڑھے چار لاکھ ٹن گندم خرید کی جا چکی ہے اور ہر روز گندم خریدی جا رہی ہے ۔ ۶۰ لاکھ روپے کے قریب اس وقت حکومت نے گندم کی خرید کے لئے رکھے ہیں ۔ میرے خیال میں یہ مثال کبھی نہیں پیش کر سکتے کہ ۶۰ لاکھ روپیہ اس گندم

کی فصل کو اٹھالے کے لئے حکومت نے علیحدہ رکھا ہے جو ہر روز اس پر صرف ہو رہا ہے ۔ بات یہ ہے کہ صرف یہ کہہ دینا کہ نہیں ہو رہا ہے وہ درست ہوتا ہے اور آسان ہوتا ہے مگر میں بڑی توجہ اور احترام سے سنتا رہا ہوں کہ کسی طور پر میری نشاندھی کر دیں اور ساتھ ہی ساتھ اس بات کی بھی نشاندہی کر دیں کہ اس طرح کیا جائے تو کام ہو سکتا ہے تو میں اس بات کو بڑی خوشی سے قبول کر لیتا ۔ مگر ان کا منفی انداز ہوتا ہے اس لحاظ سے وہ کبھی اس طور پر سوچتے نہیں ہیں ۔ انہوں نے ارادہ کیا ہوا ہے کیونکہ وہ نمائندے ہیں ۔ میں کسی روز ان کے حلقہ انتخاب میں جانے کی کوشش کروں گا اور میں ان سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں ان سے پوچھوں گا کہ آپ نے حمزہ صاحب کو محض اسی خاطر بھیجا ہے کہ ہمیں جا کر چار گالیاں سنا آئیں ۔ کیا ان کو یہ بھی کہہ کر بھیجا ہے کہ آپ کسی وقت ان کی بہتری یا اپنی بہتری کے لئے ہمیں کوئی بات سمجھائیں ۔ ان کا اعلیٰ دماغ ہے ۔ زرخیز دماغ ہے ۔ روشن دماغ ہے ۔ ان کا ضمیر روشن ہے ۔ سارے جہاں کی صفات اللہ تعالیٰ نے ان کے سپرد کر دی ہیں ۔ ہم تو سب جہاں کے گناہ گار انسان ادہر بیٹھے ہوئے ہیں ۔ سارے جہاں کی خوبیاں میرے دوست میں موجود ہیں ۔ جب اتنی خوبیاں موجود ہیں ۔ لیاقت ہے ۔ فراست ہے دیانت ہے ۔ درد ہے پھر اس کے مطابق میری راہنمائی بھی کیجئے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ باوجود آپ جتنی بھی مایوسی کی باتیں کریں ہم مایوس ہونے والے نہیں ہیں ۔ ہم انشاءاللہ خود اعتمادی کے راستے پر چلنے کی

کوشش کریں گے ۔ ہم آپ سے بھی استدعا کرتے ہیں کہ آپ ہماری راہنمائی کیجئے جیسے ہمارے ادھر کے دوست ہماری راہنمائی کرتے ہیں . . .

مسٹر حمزہ ۔ میں تو اکثر حاضر ہوتا رہتا ہوں اور تجاویز بھی پیش کی ہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ مجھے افسوس ہے کہ باہر تو آپ اچھے بھلے ہوتے ہیں ۔ خیر نہیں حاجی عطا محمد صاحب اور حمزہ صاحب دو انسانوں کو دیکھتا ہوں کہ باہر یہ میرے دوست بھی ہیں ۔ یہ اچھی بھلی باتیں کرتے ہیں اور تجاویز بھی پیش کرتے ہیں لیکن یہاں کیوں نہیں تجاویز پیش کرتے ۔ وہاں تو مجھے بڑے مشورے دیتے ہیں ۔ اور میں ان کی قدر کرتا ہوں ۔ وہ صحیح فرماتے ہیں لیکن اس چھت کے نیچے آ کر ان کا کچھ ایسا ماحول ہو جاتا ہے ان کو سوائے اس کے کچھ اور نظر نہیں آتا کہ تمام برائیاں ادھر ہی ہیں ۔

جناب والا ۔ میرا بولنے کا ارادہ نہیں تھا میرے دوست جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے بھی تقریر کرنی ہے ۔ میں اس لحاظ سے ان کا مشکور ہوں کہ خواجہ صاحب نے مجھے اپنے وقت میں سے موقع دیا کہ میں پانچ دس منٹ میں کچھ گذارشات پیش کر سکوں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب نے بیان کیا ہے کہ . . . .

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ خان لجون خان صاحب آپ پانچ منٹ میں اپنی تقریر ختم کیجئے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں کچھ اعتراف کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ پہلے تقریر کر چکے ہیں ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

وزیر خزانہ ۔ جناب والا ۔ وہ پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہوئے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں جشن کے لفظ سے بھولا ہوں ۔ میں ساتھ ہی ملک صاحب سے گذارش کروں گا کہ جو چھوٹے ملازم ہیں ان کی طرح چھوٹی کوٹھی میں رہیں ۔ موٹے کپڑے پہنیں ۔ ایک وقت کا کھانا کھائیں ۔ اس عمل سے جشن منائیں ۔ ابھی یہ فرما رہے تھے کہ تجویز ہم پیش کریں لہذا میں یہ تجویز پیش کئے دیتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

خان اجون خان جدون (مردان ۔ ۳) ۔ جناب صدر ۔ قبائلیوں کے متعلق بہت کچھ باتیں ہو چکی ہیں ۔ حمزہ صاحب نے کئی دفعہ اس ایوان میں ذکر کیا ہے میں ان کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ قبائلی علاقے اور ریاستیں پاکستان بننے کے وقت جس حالت میں تھیں وہ protection ان کو ۱۹۵۶ء کے آئین میں دی گئی تھی کیونکہ وہاں کے حالات ہی ایسے تھے ۔ کیونکہ انگریز کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت تھے بلکہ انگریز ان کو

ہمیشہ منتشر رکھتے تھے وہ آپس میں لڑاتا تھا ۔ پاکستان بننے کے بعد انہوں نے پاکستان کی وفاداری کے لئے جو کام کئے ۔ پاکستان کے استحکام کے لئے جو کام کئے اس کے تحت ان کو آئین میں protection دی گئی ۔ یہ ایک آئینی مسئلہ ہے ۔ ان کے نمائندے اس ایوان میں بیٹھے ہوئے ہیں اور یہ قوانین ان پر لاگو نہیں ہوتے ۔ یہ مرکزی حکومت کا مسئلہ ہے یہ مسئلہ ہمارا مسئلہ نہیں ہے ۔ ہم نے صرف یہ دیکھنا ہے کہ ہماری حکومت ان علاقوں میں امن و امان کے سلسلہ میں کیا کر رہی ہے ان علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلہ میں کیا کر رہی ہے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ قبائلی علاقے اور ریاست سوات میں بہترین امن و امان ہے ۔ لوگ وہاں بڑے امن و امان کی زندگی گذار رہے ہیں ۔ یہ ایک علیحدہ سوال ہے کہ یہ قوانین وہاں نافذ نہیں ہوتے لیکن ان کے اپنے قانون اور رسم و رواج کے تحت جو وہ زندگی گذار رہے ہیں وہ بہت امن و امان کی زندگی ہے ۔ جو منصوبے انہوں نے بنائے ہیں ان میں حکومت ان کی ترقی کا خیال رکھے اس لئے انہوں نے اپنے نمائندے اس ایوان میں بھیجے ہیں تا کہ قبائلی علاقے کے لوگوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر مناسب حد تک لایا جائے ۔ یہ جناب والا ۔ قبائلی علاقوں کے متعلق گذارشات تھیں ۔

جناب والا ۔ اب میں وزیر زراعت صاحب کی توجہ ایک مسئلہ کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں اور وہ تمباکو گروور کا مسئلہ ہے ۔ وزیر زراعت صاحب کو علم ہو گا کہ تقریباً پچھلے چند سالوں سے تمباکو گروور کو اپنے

فصل کی مناسب قیمت نہیں ملتی تھی اس کی وجہ یہ تھی کہ اس کے لئے کوئی خاص قانون نہ تھا ۔ اس کے لئے کوئی انتظام نہ تھا ۔ میں نے اس ایوان میں پچھلے سال ایک بل پیش کیا تھا کہ حکومت اس بات کا اہتمام کرے کہ تمباکو گروور کو اپنی فصل کی مناسب قیمت ملے ۔ اس سلسلہ میں میرا بل ابھی زیر غور تھا کہ مرکزی حکومت نے ایک تمباکو بورڈ آرڈیننس نافذ کر دیا ۔ یہ بڑی اچھی بات ہے اگر یہ مسئلہ وہ حل کر سکیں ۔ میں عرض کروں گا کہ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ اس سال تمباکو گروور نے ہڑتال کر رکھی تھی وہ تقریباً تین چار ہفتے رہی وہ ہڑتال اس لئے تھی کہ کارخانے داروں نے تمباکو خرید کرنے کے لئے مناسب قیمت offer نہیں کی تھی اسکے علاوہ ملکی تمباکو جو گریڈ ۵ اور ۶ کا تمباکو تھا اس کو خرید کرنے سے انہوں نے انکار کر دیا ۔ ان کا مقصد یہ ہے کہ جو تمباکو رہ جائے گا وہ اسے بہت ہی سستے داموں خرید لیں گے جس سے ہمیں یہ احساس ہوتا ہے کہ شاید ہماری صوبائی حکومت یہ سمجھتی ہے کہ مرکزی حکومت نے ایک تمباکو بورڈ آرڈیننس نافذ کیا ہوا ہے تو وہی اس مسئلے کو کنٹرول کرنے کی مجاز ہے حالانکہ یہ مسئلہ ہمارا اپنا مسئلہ ہے اور ہمیں خود ہی اسکو حل کرنا چاہئیے ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ پچھلے دنوں تمباکو اگانے والے حضرات راولپنڈی بھی گئے تھے اور انہوں نے جناب گورنر صاحب کی خدمت میں ایک عرضداشت بھی پیش کی تھی اور جس پر کارروائی بھی ہوئی تھی جس کے لئے ہم گورنر صاحب

کے مشکور ہیں ۔ لیکن جب وہ اس بات کی ضمانت دیتے ہیں کہ وہ اعلیٰ درجے کا تمباکو خریدیں گے لیکن جس قیمت پر وہ چاہیں گے وہ نچلے درجے کا تمباکو خریدیں گے تو اس بات کی بھی بیحد ضرورت ہے کہ تمباکو اگانے والوں کے مفادات کا تحفظ بھی صوبائی حکومت کرے اور جو ملکی تمباکو ہے اس کی فروخت کا بھی انتظام کرے ۔ میں حکومت کو اس طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ تمباکو پیدا کرنے والوں کو ان کی جنس کی مناسب قیمت نہیں ملتی ہے ۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کو تمباکو برآمد کرنے کی اجازت نہیں ہے ۔ صرف ایک پارٹی کو ہی اس کی اجازت ہے اس لئے وہ جس قیمت پر بھی چاہتے ہیں تمباکو خرید کرتے ہیں ۔ اس لئے میں یہ گذارش کروں گا کہ ایک سے زیادہ پارٹیوں کو اس کی برآمد کی اجازت دیں تاکہ تمباکو پیدا کرنے والوں کو زیادہ سے زیادہ مناسب قیمت موصول ہو سکے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ آج صبح جب میں حاضر ہوا تھا تو میرا ارادہ تھا کہ میں اپنی تیار کردہ تقریر ایوان میں کروں گا لیکن اب میں نے اپنا ارادہ بدل لیا ہے ۔ اب تیار کردہ تقریر نہیں کروں گا ۔ لیکن جو باتیں ابھی ابھی اس معزز ایوان میں کہی گئی ہیں میں ان کے متعلق اپنے خیال اور اپنے ذہن کے مطابق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ چونکہ میں نے یہاں پر بہت سی تقریریں کی ہیں اس لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ میں آج بھی اس ایوان میں تقریر کروں میرے معزز دوستوں اور معزز اراکین نے جو تقاریر آج کی ہیں میں نے انہیں بڑے غور سے سنا ہے ۔ تو اس

وجہ سے میں نے اپنی تیار کردہ تقریر آج ترک کر دی ہے اور دو ایک باتیں مختصر سے وقت میں اس معزز ایوان کی خدمت میں کروں گا ۔

جناب والا ۔ میرے چند معزز دوستوں نے اس بات پر بڑا زور دیا ہے کہ حمزہ صاحب نے قبائلی علاقے کے متعلق جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ درست نہیں ہیں ۔ ۔ ۔

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ صبح خواجہ صاحب کا ارادہ تھا کہ وہ ایک گھنٹہ تقریر فرمائیں گے لیکن اب وہ فرما رہے ہیں کہ انہوں نے اپنا ارادہ بدل لیا ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں التماس کروں گا کہ وہ ضرور ایک گھنٹہ تقریر فرمائیں اور اس مقصد کے لئے آپ سے استدعا کروں گا آپ ایوان کا وقت ایک گھنٹے کے لئے بڑھا دیں تو اس ایک گھنٹےمیں سے نصف گھنٹہ وزیر خزانہ صاحب کو دے دیں تاکہ ہم خواجہ صاحب کی تقریر سے استفادہ کر سکیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ لیکن ریاستوں کا نام نہ لیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بہت بہت شکریہ ۔ لیکن میں نے جیسا کہ عرض کیا ہے میں اب تقریر کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا ہوں ۔

زندگی ہوئی تو پھر کبھی سہی ۔

یار زندہ ، صحبت باقی ۔

تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کچھ اس قسم کا تاثر یہاں

پر پیدا ہوا ہے یا کم از کم مجھے یہ خیال پیدا ہوا ہے کہ جیسے ہماری جانب سے کچھ اس قسم کے خیالات کا اظہار کیا گیا ہو کہ جو کہ میرے بعض دوستوں کو ناگوار خاطر گذرے ہیں یا کچھ ایسی باتیں کی گئی ہیں کہ جو ان علاقوں کے مفاد کے خلاف یا ان کے لئے مضر رساں ہوں ۔ تو حقیقت یہ ہے کہ میرے رفیق کار میرے دوست اور بھائی حمزہ صاحب نے جو کچھ بھی ارشاد فرمایا ہے وہ نہایت دلسوزی کے ساتھ اور اپنے ان بھائیوں کی ہمدردی اور ان کے مفادات کی غرض سے کہے ہیں جو کہ ان علاقوں میں بستے ہیں ۔ ہو سکتا ہے کہ ایک دوست ایک مسئلے کے متعلق ایک رائے رکھتے ہوں اور دوسرا دوست دیانتداری کے ساتھ دوسری رائے رکھتا ہو ۔ اس میں تو کوئی حرج نہیں ہے ۔ کیونکہ اختلاف رائے اکثر اوقات رحمت کا سبب ہوتا ہے ۔ اس طرف سے جو کچھ کہا گیا ہے ۔ اس کی غرض و غایت اگر اختصار کے ساتھ عرض کی جائے تو وہ صرف اور صرف یہ ہے کہ ان علاقوں کی بہتری ہو ۔ ان علاقوں کی ترقی ہو ۔ اگر ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے ہاں بہتر صورت حال ہے اور حکومت کا یہ دعویٰ ہے کہ پاکستان میں صورت حال بہتر ہے تو پھر ہم یہ چاہتے ہیں کہ وہی صورت حال ان علاقوں میں ہمارے ان بھائیوں کی بھی ہو جو کہ قبائلی علاقوں میں زندگی بسر کر رہے ہیں یا جو وہاں پر رہے ہیں یا ریاستوں میں وہ رہے ہیں ۔ اس لئے جو کچھ بھی کہا گیا ہے وہ محض نیک نیتی پر مبنی ہے ۔ وہ کسی کا دل دکھانے یا دل آزاری کی غرض سے نہیں کہا گیا ۔ یہ محض

ایک مسئلہ ہے کہ جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ہے اس کے متعلق دو رائیں قائم ہیں اور کوئی مہربان دوست بھی یہ نہیں کہہ سکتا کہ اسکے متعلق ۱۹۴۸ء میں دو رائیں نہیں تھیں یا ۱۹۵۶ء، ۱۹۵۸ء یا ۱۹۶۸ء میں اس کے متعلق دو رائیں نہیں تھیں یا نہیں ہیں ۔ سیدھی سی بات ہے کہ ہمارے کچھ علاقے ایسے ہیں جن کے متعلق کم از کم میں یہ سمجھتا ہوں ان کو قبائلی علاقہ کہنا نہ صرف یہ کہ اس علاقے کی توہین ہے بلکہ پاکستان کی بھی توہین ہے ۔ انہیں بھی اتنا ہی ترقی پذیر ہونا چاہئیے جتنا کہ اس سر زمین کا چپہ چپہ ترقی پذیر ہے ۔ اگر ہم پسماندہ ہوں تو وہ ہمارے ساتھ ہوں اگر ہم ترقی یافتہ ہیں تو بھی وہ ہمارے ساتھ ہیں ۔ ہماری صرف یہی خواہش ہے اور اس کے علاوہ اور کوئی خواہش نہیں ہے ۔ بعض دوستوں نے اعتراض کے طور پر یہ ارشاد فرمایا ہے کہ ۱۹۵۶ء کے آئین کے تحت بھی اس آئین یا مرکزی اسمبلی کا نافذ کیا ہوا قانون قبائلی علاقوں یا ریاستوں پر عائد نہیں ہوتا تھا ۔ یہ بالکل درست ہے ۔ اسی لئے ہم نے عرض کیا ہے کہ یہ مسئلہ بیس سال سے چلا آ رہا ہے کہ ہم نے قبائلی علاقوں کے ساتھ کیا سلوک کرنا ہے ۔ یہ رائے پہلے بھی موجود تھی اور اب بھی موجود ہے ۔ میں آپ کو یاد دلاؤں کہ ۱۹۵۶ء سے پہلے یا مجھے یہ کہنا چاہئے کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے اس زمانے کی حکومت کی یہ پالیسی تھی کہ ان قبائلی علاقوں کو آہستہ آہستہ settled districts کی سطح پر لایا جائے ۔ یعنی تدریجاً افہام و تفہیم کے بعد اور حسن سلوک کے بعد ان علاقوں

کو settled districts کے ساتھ ملحق کیا جائے ۔ ان کو بھی اس سطح پر لایا جائے جیسے ہمارے دیگر اضلاع مثلاً لاہور ، حیدر آباد ، پشاور وغیرہ ہیں ۔ تو اس پالیسی پر عمل کرتے ہوئے اس زمانے کے حکمرانوں نے بعض علاقوں کو settled districts میں شامل کر لیا ۔ اگرچہ ان کو قطعی طور پر تو شامل نہیں کیا گیا لیکن ایک حد تک ان کی قبائلی حیثیت کو ختم کرکے ان کو merged areas قرار دیا ۔ اگر ان لوگوں کو موقع ملتا تو شاید ایسے اور علاقے بھی merged areas بن جاتے اور صرف جدون کا علاقہ یا ضلع ہزارہ کا قبائلی علاقہ بھی merged areas نہ ہوتے بلکہ دوسرے علاقے بھی merged areas بن جاتے اور آہستہ آہستہ تدریجاً یہ علاقے دوسرے اضلاع کے ساتھ مساوی سطح پر آ جاتے لیکن وہ دور ختم ہوا ۔ ایک نیا دور شروع ہوا ۔ جو کہ موجودہ دور ہے ۔ اب جناب والا ۔ اس دور میں شکایت ہمیں صرف یہ ہے کہ جو پالیسی پہلی حکومتوں نے روا رکھی تھی یا جاری رکھی تھی ۔ کہ آہستہ آہستہ تدریجاً افہام و تفہیم کے حسن سلوک کے بعد اپنے بھائیوں کو اس سطح پر لایا جائے ۔ جس سطح پر دوسرے علاقے میں وہ ترک کر دی گئی یا کم از کم اس پر عمل درآمد بند ہو گیا ۔ ایک بات تو میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا ۔ اب دوسری بات قبائلی ریاست کے متعلق ہے یہاں میرے معزز بھائیوں نے اور دوستوں نے اور اس ایوان کے معزز ارکان نے اس بات پر بڑا زور دیا ہے کہ ہمارے ہاں ایک ریاست ہے وہاں نظم و نسق بڑا اچھا ہے ۔ وہاں تعلیم زیادہ ہے ۔ وہاں صحت بہت عمدہ ہے ۔ سبھی کچھ ہے ۔ اور وہ ترقی یافتہ ریاست ہے ۔ اس لئے اس کے متعلق کیوں ذکر کیا جاتا ہے ۔ دوسرے

لفظوں میں یہ کیوں کہا جاتا ہے ۔ کہ اس کو بھی پاکستان کے دوسرے حصوں کے ساتھ سیاسی طور پر معاشرتی طور پر ثقافتی طور پر ایک سطح پر لے آیا جائے ۔ تو میں اس کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ مغربی پاکستان میں ایک ریاست ہوا کرتی تھی ۔ جسے بہاول پور کہتے تھے ۔ آج بھی وہاں کے رہنے والے یہ دعوی کرتے ہیں ۔ وہ علاقہ خاصا ترقی یافتہ ہے ۔ تعلیم مفت تھی ۔ جس قدر بھی تھی ۔ میرے خیال میں تھوڑی تھی ۔ صحت کا نظام وہ کہتے ہیں بڑا عمدہ تھا اسمبلیاں وہاں بنی ہوئی تھیں ۔ اور اس ریاست کے حکمران آئینی طور پر ایک آئین کے تحت حکومت کرتے تھے ۔ وہاں ہائی کورٹ بھی تھی ۔ سبھی کچھ تھا ۔ تمام قوانین جو کہ ہم اپنے آپ کو اگر متمدن کہتے ہیں ۔ تہذیب یافتہ کہتے ہیں ۔ تو ہمارے تقریباً تقریباً تمام قوانین وہاں نافذ تھے ۔ وہاں گورنمنٹ پارٹی تھی ۔ حزب اختلاف تھی ۔ سب کچھ تھا ۔ لیکن پھر بھی اسے ناکافی سمجھا گیا ۔ اور اس ریاست کا الحاق صوبہ مغربی پاکستان سے ضروری سمجھا گیا ۔ اب اگر کوئی صاحب یہ کہیں کہ چونکہ فلاں ریاست تہذیب یافتہ ہے ۔ مہذب ہے ۔ ترقی یافتہ ہے ۔ اس لئے اس کو صوبے کے ساتھ شامل نہیں کرنا چاہئے ۔ تو یہ فلسفہ کم از کم میری سمجھ سے بالاتر ہے ۔ میں اپنے عجز کا اپنی limitation کا اظہار کرتا ہوں ۔ کہ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی ۔ پھر بہاول پور کے امیر کو ان کی ریاست کیوں نہ لٹا دی جائے ۔ ابھی حال ہی میں خان آف قلات کو کوئٹہ اور بلوچستان ڈویژن کے لئے گورنر صاحب نے اپنا مشیر مقرر فرمایا ہے ۔ ایک اچھا قدم ہے ۔ میں اسے پسند کرتا ہوں ۔ لیکن کیا اس فلسفہ یا اسی منطق کے تحت خان آف قلات کے دوست یا بہی خواہ یہ نہیں کہہ سکتے

کہ ہماری ریاست پر کیوں قبضہ کر رکھا ہے ہمیں بھی واپس دلا دو اور جناب والا ۔ اس ایوان کے رکن ایک ریاست کے ولی عہد ہیں وہ پہلی ریاست تھی قلات status میں سے جس نے قائداعظم کے اس اعلان پر کہ ریاستیں پاکستان میں شامل ہوں سب سے پہلے قائداعظم کی آواز پر لبیک کہا تھا ۔ اور پاکستان کے ساتھ اپنا الحاق کیا تھا میں حد درجہ اپنے پاکستانی قبائلی بھائیوں کی خدمات کا معترف ہوں کہ انہوں نے ہر موقع پر جب کبھی بھی کوئی کٹھن موقع آیا ہے اس قوم پر اس ملت پر انہوں نے پوری طرح بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ دوسرے علاقوں سے کہیں بڑھ چڑھ کر پاکستان کی خدمت کی ہے اس کے لئے قربانیاں پیش کی ہیں میں اعتراف کرتا ہوں اعتراف ہی نہیں کرتا بلکہ تحسین کہتا ہوں لیکن ان قربانیوں کا عرض ان کے لئے انعام ہونا چاہئیے اکرام ہونا چاہئیے کہ قربانیوں کے عوض انہیں سزا نہیں ملنی چاہیئے کونسا علاقہ ہے کونسا ملک ہے جو اپنے کسی خطہ کی قبائلیت پر ناز کرتا ہو دنیا میں کتنے ملک ہیں بتا دیجئے جو کہتے ہوں کہ ہم نے ازمنہ وسطے کی ایک یاد گار اپنے ملک کے اندر قائم کر رکھی ہے ۔ ایک عجائب گھر کھول رکھا ہے کونسا ملک ہے کیا ہم اس پر فخر کریں کہ ہمارے بھائی جو ہم پر اپنی جانیں قربان کرتے ہیں ان کی حالت زار یہ ہے کہ تن پر چیتھڑے ہیں ان کی سنگلاخ پہاڑیوں میں روٹی نہیں پیدا ہوتی ۔ اور وہاں آبپاشی کا کوئی انتظام نہیں کیا ہم اس بات پر گھمنڈ کریں کیا اس بات پر ہم ناز کریں کہ وہ جب کبھی جوش میں آتے ہیں تو قانون کو اپنے ہاتھ میں لے لیتے ہیں یہ تو کوئی فخر کرنے والی بات نہیں ہے ان کو ووٹ کا حق نہیں ہے آخر شہریت کا ابتدائی حق ووٹ ہے کئی لاکھ ہمارے بھائی ان علاقوں میں بستے ہیں ان میں سے کتنوں کو ووٹ کا حق حاصل ہے ان میں کتنوں کو بنیادی حقوق حاصل ہیں

میں سے کتنوں کو زندگی کی آسائشیں مہیا کی گئی ہیں مگر ہم نے ان کو اسی طرح رکھنا ہے جس طرح آج سے کئی سال پہلے تھے تو وہ انگریز بھی ایسا کرتے رہے کیا ہم انگریزوں کی پیروی کریں انگریز تو ان کے بھائی نہیں تھے وہ ہمارے بھائی ہیں ہمیں ان کے ساتھ کوئی بہتر سلوک کرنا چاہئیے ہم جب کبھی یہاں اپنے ان بھائیوں کے متعلق گذارش کرتے ہیں تو تمام ان احسانات کا اعتراف کرتے ہوئے جو کہ ان کے ہمارے سر پر ہیں بات کرتے ہیں در اصل ہمیں ان احسانات کا بدلہ دینا چاہئیے تھا ۔ جناب والا ۔ اگر میں اپنے بھائیوں کی یہ دلیل قبول کر لوں کہ مغربی پاکستان سے جس ریاست کا میں ذکر کر رہا تھا کہ سوات کے حالات بہتر ہیں تو کیا اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ یہ سارے صوبے کا نظام والئی سوات کو کیوں نہ دے دیا جائے ۔ تا کہ وہ بہتر انتظام کر سکے کیونکہ ہم تو نہیں کر سکتے میرا خیال ہے کہ کسی logic کے ذریعہ دیکھ لیجئے آپ ایک ہی نتیجہ نکالیں گے اگر والئی سوات اپنے علاقے میں مغربی پاکستان کے دوسرے علاقوں سے بہتر انتظام قائم کئے ہوئے ہے نظم و نسق ان کا بہتر ہے ہم سے محکمہ صحت کی کارگذاری بہتر ہے تعلیم ہم سے بہتر ہے وہ ہر لحاظ سے ہم سے ترقی یافتہ ہیں تو پھر یہ نتیجہ نکلنا چاہئیے کہ سارے مغربی پاکستان کو والئی سوات کی نذر کر دینا چاہئیے کہ صاحب ہمارا بھی یہ جو نظام بگڑا ہوا ہے اس کو ذرا سنوار دیجئیے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر عبدالقیوم) ۔ آپ سارا انتظام امریکہ کو دے دیجئیے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں تو اس حق میں ہوں پاکستان ایک جمہوری ملک ہے آئین یہ کہتا ہے کہ جمہوری ملک ہے اگر یہ جمہوری ملک ہے تو یہاں کے باشندے یہاں کے حاکم ہوں گے نہ کوئی والئی ریاست ہو گا ۔ نہ کوئی شہنشاہ ہو گا نہ کوئی بادشاہ ہو گا ۔ نہ کوئی ولی عہد ہو گا ۔ نہ کوئی اور ۔ میری صرف دلیل یہ ہے میں نے تو جناب والا ۔ اپنے دوستوں کی دلیل ان کی خدمت میں پیش کی ہے کہ اس کا نتیجہ یہ بر آمد ہو سکتا ہے یہ نتیجہ برآمد کرنا عین عقل کے مطابق ہے ۔ اس لئے میں زیادہ اس موضوع پر بات نہیں کرنا چاہتا صرف یہ عرض کرنے کی میری خواہش تھی ۔ جو کچھ بھی یہاں عرض کیا گیا ہے وہ اپنے بھائیوں کی دل آزاری کے لئے نہیں کیا گیا ۔ اگر کسی دوست کی دل آزاری ہوئی ہو تو میں نہایت صمیم قلب سے ان سے معافی چاہتا ہوں غرض نیک نیتی کی بناء پر اصلاح احوال تھی اس موضوع کو بند کرتا ہوں ۔ ابھی میں نے نوٹ کیا تھا میرے محترم بزرگ قائد ایوان نے مزارعین کا ذکر کیا تھا وہ یہاں سے تشریف لے گئے ہیں لیکن پھر بھی میں عرض کئے دیتا ہوں مجھے معلوم ہے کہ وقت قلیل ہے ان کو بار بار گلہ ہے کہ ہم کوئی تجویز ان کے سامنے نہیں رکھتے ۔

Minister for Finance (Mr Ahmed Saeed Kirmani): I hope, not an embarrassing one.

Khawaja Muhammad Safdar: Not an embarrassing one.

یہ تجویز اس ایوان میں پیش کی جا چکی ہے ۔ کہ ۱۹۵۶-۵۷ء میں سابقہ پنجاب میں ہو سکتا ہے دوسرے regions میں بھی

ہو بعض لوگوں کو بعض سکیموں کے تحت مثلاً بے دخل مزارعین کو یا grow more food کی سکیم کے تحت کچھ اراضیات دی گئی تھیں ۔ کسی کو ۸ کسی کو ساڑھے سترہ کسی کو ۶ اور کسی کو ۱۰ ایکڑ اراضی کے رقبہ جات دئیے گئے تھے ۔ یہ رقبہ جات مختلف اضلاع میں پھیلے ہوئے ہیں ان کے متعلق جہاں تک میری اطلاع ہے یہ اطلاع ریونیو بورڈ سے حاصل کردہ ہے ان میں سے ۸ ہزار خاندانوں کوگذشتہ سال سے بےدخل کیا جا رہا ہے۔ اور گورنمنٹ نے حکم جاری کیا ہے کہ میونسپل کمیٹی درجہ اول سے ۵ میل کے radius اور درجہ دوم کی میونسپل کمیٹی سے تین میل کے radius کے اندر جو ایسی اراضیات ہیں وہاں سے یہ لوگ بے دخل ہو جائیں خیال فرمائیں کہ ۸ ہزار خاندانوں کو بے دخل کیا جا رہا ہے ۔ حکومت کو خود ان زمینوں کی ضرورت نہیں ۔ ان زمینوں کو صرف نیلام کیا جا رہا ہے ۔ ۲۵ ایکڑ یا ۲ یا ۴ مربع کے قطعات بنا کر انہیں نیلام کیا جا رہا ہے ۔ حکومت کو یا تو ان اراضیات کی فوری طور پر ضرورت ہوتی شہروں کو بڑھانے کے لئے یا کارخانوں کو نصب کرنے یا کسی دوسرے قومی مفاد کے پیش نظر تو ان مزارعین کو بے دخل کیا جاتا تو شاید ٹھیک ہوتا ۔ کیونکہ قومی مفاد سب سے پہلے ہے لیکن غریب مزارعین جو کہ ۸ ہزار خاندان ہیں ان سے یہ زمینیں لے کر بڑے بڑے زمینداروں کو ٹھیکہ پر نیلام کے ذریعہ حکومت دے رہی ہے ۔ ان غریبوں نے کیا قصور کیا تھا جن کو آپ نے پہلے ٹھیکہ پر زمین دی ہوئی ہے اور وہ غریب زمیندار چار چار آٹھ آٹھ ایکڑ زمین کاشت کر کے خود محنت کرتے ہیں اور اپنے بچوں کی مدد سے زمین کا سینہ چیر کر اناج پیدا کرتے ہیں۔ مگر گورنمنٹ ان سے اراضی چھین کر دوسرے کاشتکاروں کو جو نیلام میں

زیادہ قیمت پر خریدیں گے یا وہ امیر آدمی یا کارخانہ دار یا وہ زمیندار جن کے پاس پہلے ھی سینکڑوں ایکڑ زمین ہے ان کو یہ اراضی دے رھی ھے ۔ میری یہ تجویز ہے اور بار بار اس کا اعادہ کیا گیا ہے کہ ان مزارعین کو اس زمین سے بے دخل نہ کریں ۔ جس ٹکڑہ زمین کی قوم کو ضرورت ھے وہ حاصل کر لی جاوے۔ باقی اراضیات پر ان غریب مزارعین کو بیٹھا رھنے دیا جاوے۔ خواہ وہ مزارعین کی حیثیت سے ھی رہیں مگر اس اراضی کو کسی صورت میں نیلام نہ کیا جاوے یہ ایک مثبت تجویز ہے ۔ آپ کی نئی تجویز سے بڑے بڑے زمیندار پیدا ہوں گے ۔ قائد ایوان نے فرمایا تھا کہ وہ غریب برادری کی خدمت کرنا اپنا مذھب سمجھتے ہیں اور فرمایا تھا کہ ایمان سے میں ان کی خدمت کرنا چاھتا ھوں اور کر رھا ھوں ۔ میں ان کی خدمت میں نہایت دردمندانہ درخواست کروں گا کہ وہ چھوٹے کاشتکاروں سے زمین چھین کر بڑے زمینداروں کو نہ دیں ۔ اگر وہ میری تجویز پسند کرتے ہیں تو اس پر عمل درآمد کیا جائے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ نواب زادہ صاحب آپ ۵ منٹ تقریر فرما لیں ۔

نواب زادہ چودھری اصغر علی (گجرات ۔ ۱) حضور والا ۔ میں کوشش کروں گا کہ اپنی تقریر کو جلدی ختم کروں ۔ آپ کی عنایت ھے کہ آپ نے مجھے تقریر کا وقت دیا ہے ۔

حضور والا ۔ میں صرف حمزہ صاحب کے ایک ارشاد کے سلسلہ میں کچھ عرض کروں گا اور ان کی باقی تقریر کا جواب حکومت دے گی ۔ یا اور کوئی صاحب دیں گے ۔ کیونکہ میرا حکومت کی مشینری سے کوئی تعلق نہیں میں

بھی اسی طرح کا ممبر ہوں جس طرح کے حمزہ صاحب ہیں ۔ اور میں بھی یہ خیال کرتا ہوں ۔ میں بھی اپنی قوم اور اپنے بچوں کا اسی طرح خیر خواہ ہوں جس طرح حمزہ صاحب ہیں حمزہ صاحب نے اپنے ارشادات میں فرمایا تھا کہ کالجوں کے بچوں پر کچھ پابندی لگا دیں ۔ بچوں کا والد ہونے اور ایک کالج سے تعلق ہونے کی وجہ سے میں بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

حضور والا ۔ کالج سے میرا اس زمانہ سے تعلق ہے جس وقت میں بھی آپوزیشن میں شمار کیا جاتا تھا ۔ جس وقت تمام کالجوں کے طلباء نے agitation کی تھی لیکن ہم نے کوشش کی تھی کہ گجرات کالج کے طلباء agitation میں حصہ نہ لیں ۔ یہ قوم کے بچے ہیں ۔ ان کو سکولوں اور کالجوں میں تعلیم کے لئے داخل کیا جاتا ہے ۔ ان کو کسی کارخانہ میں ملازم نہیں کرایا جاتا ۔ تا کہ ان بچوں کی تربیت اچھی ہو ۔ والدین اپنا روپیہ خرچ کر کے ان کو تعلیم کے لئے بھیجتے ہیں اس لئے نہیں بھیجتے کہ وہاں کالجوں میں جا کر agitation کا حق حاصل کریں ۔ میں تعلیم سے تعلق رکھنے والے شخص کی حیثیت سے اور اس وجہ سے بھی کہ میں بچوں کا باپ ہوں جو تعلیم حاصل کرتے ہیں اور طالب علم ہیں ۔ یہ عرض کروں گا کہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بچوں پر جس قدر پابندی رکھ سکیں ضرور رکھیں ۔ کیونکہ یہ نہایت ہی اچھا ہو گا ۔ پچھلے سالوں میں آپ کو یاد ہو گا کہ دو دو ماہ تک کالج بند رہے ۔ اور اس کی وجہ سے والدین کا روپیہ ضائع ہوا اور بچوں کی تعلیم کا حرج ہوا ۔ اس کا یہ نتیجہ ہوا کہ بعد میں یہ سوال پیدا ہو گیا ۔ کہ سب امتحانات کو دو مہینہ تک التواء میں ڈال دیا جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ نے اخبارات میں ایک اشتہار پڑھا ہو گا ۔ "اس کے پڑھنے سے بہتوں بھلا ہو گا،، ۔ میری گذارشات سے بعض ممبران کا بھلا ہوا ہے اور ان کو تقریر کے لئے قیمتی موقع ہاتھ آیا ہے جو سال بھر نہیں آ سکا ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ اس لئے کہ آپ کا خطبہ فکر انگیز اور خیال افروز تھا ۔

نوابزادہ چودھری اصغر علی ۔ میں نے آپ کو کوئی جواب دینے کی کوشش نہیں کی ہے بلکہ حقیقتاً مجھے یہ تکلیف ہوئی ہے کہ اگر بچوں کو ایجیٹیشن کا حق دیا جائے گا تو سوائے تباہی کے اور کچھ نہیں ہو گا یعنی بچے جو ابھی ڈگریاں حاصل کر رہے ہیں جو ابھی اپنے دماغ کو پوری طرح تیار کر رہے ہیں ان کے لئے ایجیٹیشن کا حق خواہ حکومت کے خلاف ہو یا نہ ہو مناسب نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ گورنمنٹ تو کہتی ہے کہ بچے پیدا ہی نہ کرو تو پڑھانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ گورنمنٹ کہتی ہے کہ تھوڑے بچے پیدا کرو ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ تو بچوں کو پکڑ پکڑ کر آپریشن کر دیتے ہیں ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ آپ اپنے آپ کو محفوظ رکھئے (قہقہہ)

نوابزادہ چودھری اصغر علی ۔ جہاں تک بچوں کے پیدا کرنے کا

سوال ہے گورنمنٹ کہتی ہے کہ اولاد پیدا کرو بچے نہ پیدا کرو ۔ حضور عالی ۔ زیادہ بچے پیدا ہوئے ہیں تو دیکھا ہے کہ وہ سڑکوں پر پھرتے رہتے ہیں کوئی ان کو پوچھتا تک نہیں ہے ۔ اگر زیادہ بچے ہوں گے تو اگر سائیکل کے نیچے آ جائیں گے تو ان کو کوئی نہیں پوچھتا اور ان کو راستے سے ہٹانے والا کوئی نہیں ہوتا اگر وہ ٹانگے کے نیچے آ جائیں تو ان کو کوئی ہٹانے والا نہیں ہوتا اس لئے گورنمنٹ کہتی ہے کہ اولاد پیدا کرو فالتو بچے پیدا نہ کرو ۔

مسٹر حمزہ ۔ غریبوں سے کہا جاتا ہے کہ وہ آپریشن کرا لیں اور دولتمندوں سے کہا جاتا ہے کہ تم بچے پیدا کرو ۔

